الفِعلُ: هو الهيئةُ العارضةُ للمؤثِّرِ في غيرِه بسببِ التأثيرِ أوّلًا، كالهيئةِ الحاصلةِ للقاطعِ بسببِ كونه قاطعاً. (كتاب التعريفات: ١١٩ب)

فِعل: دوسرے میں اثر انداز کو اثر اندازی کے سبب پیش آنے والی ہیئت ہے، جیسے: کاٹتے وقت کاٹنے والے کی ہیئت۔

الاِنفِعال: هو الهيئةُ الحاصلةُ للمتأثِّرِ عن غيرِه بسبب التأثيرِ

أوّلًا، كالهيئةِ الحاصلةِ للمنقطع مادامَ منقطعاً. (كتاب التعريفات: ٣٠ب)

انفعال: دوسرے سے اثر پذیر ہونے والے کو اَثر اندازی کے سبب سے حاصل ہونے والی ہیئت، جیسے: کاٹتے وقت کٹنے والی چیز کی ہیئت۔

الوَضْعُ : هو الهيئةُ العارضةُ للشيءِ بسببِ نسبتين: نسبةُ أجزاءِ بعضِها إلىٰ بعضٍ، ونسبةُ أجزائه إلى الأمورِ الخارجيّةِ عنه، كالقيامِ والقعودِ. (كتاب التعريفات: ١٧٦ب)

وضع: چیز کو اپنے اَجزاء اور دیگر اُمورِ خارجیہ کی نسبت (یعنی اس چیز کے کسی دوسری چیز سے نزدیک یا دور ہونے) سے پیش آنے والی ہیئت، جیسے: اُٹھتے بیٹھتے وقت کسی شخص کی ہیئت، مثلاً: قعدہ کی حالت میں گھٹنے، ہاتھ اور زمین سے ملے ہوئے ہوتے ہیں، اور قیام کی حالت میں گھٹنے دونوں سے دُور ہوتے ہیں۔

الاحتِمال: مَا لايَكُونُ تَصوُّرُ طَرفَيهِ كافِياً؛ بلْ يَترَدَّدُ الذِهنُ فيُ النِّسبَةِ بينَهُمَا. وَيرادُ بهِ الإِمكانُ الذِّهنيُّ. (كتاب التعريفات: ١٤)

احتمال: اُس نسبت کو کہا جاتا ہے جس میں طرفین (موضوع ومحمول) کا تصوُّر کرنا کافی نہ ہو؛ بلکہ ذہن طرفین کے درمیان نسبت کے بارے میں متردِّد ہو، اُس کو امکانِ ذہنی بھی کہا جاتا ہے۔ (یعنی شک، شبہ، وَہم اور گمان؛ مثلاً: زید کے مدرسے میں آنے نہ آنے کے بابت شک ہو تو ایسے موقع پر کہا جاتا ہے کہ: زید کے آنے کا احتمال ہے۔)

الاحتِياط: حفظُ النَّفسِ عنُ الوُقوعِ فيُ المَأْثمِ.

قالَ الرَّاغِبُ: وَالاحتياطُ: اِستِعمَالُ مَافيهِ الحِياطَةُ، أيُ:

الحِفظُ. (التعريفات الفقهيه: ۱۸)

احتیاط: گناہ میں پھنسنے سے نفس کی حفاظت کرنا (دُور اندیشی)۔

احتیاط: (بہ قول امام راغب:) ایسی چیز (سبب) کو کام میں لانا جس میں (نفس کی شیطان سے) حفاظت ہو۔(۱)

الاختِصار: تَقلِيلُ اللَّفُظِ مَعَ كَثرةِ المَعُنىٰ. (دستور العلماء ۱/۵۷)

اختصار: معانی کے زیادہ ہونے کے باوجود مختصر کلام کرنا، یعنی خلاصہ بیان کرنا۔

الاختِلافُ: لغةً: ضِدُّ الإتفاقِ، قال بعض العلماءِ: إنَّ الاختلاف يستعملُ في قوُلٍ بُنيَ على الدليلِ.

الخِلافُ: (يستعملُ) فيما لادليلَ عليهِ. (كشاف اصطلاحات الفنون ۲/۵۷)

اختلاف بہ معنیٰ: ناموافقت، اتّفاق- بہ معنیٰ: موافقت- کی ضد ہے۔

اصطلاحی معنیٰ: (بہ قول بعض عُلَما) لفظِ اختلاف کا استعمال ایسے قول پر ہوتا ہے جس کی بنیاد (معقول یا منقول) دلیل پر ہو۔

خلاف: اِس کا استعمال ایسے قول پر ہوتا ہے جس کی کوئی بنیاد نہ ہو۔

ملحوظہ: الحاصل! عامةً لفظِ ’’خلاف‘‘ کے اطلاق سے مذہبِ مخالِف کے ضُعف کو واضح کرنا مقصود ہوتا ہے، جب کہ لفظِ اختلاف سے مذہبِ مخالِف کے عدمِ ضعف کی طرف اشارہ ہوتا ہے۔

الخِلاف: (عند أهلِ المناظرة) منازعةٌ تجري بين المعارِضَينِ

---

(۱) فائدہ: (فُقَہا کے نزدیک) کسی مسئلے میں اُس رائے اور طریقے کو ترجیح دینے کا نام ہے جس میں شک وشبہ اور احتمال کم ہو۔ (قاموس الفقہ ۲/۴۱)

لتحقيقِ حقٍ، أوْ لإبطالِ باطلٍ. (كتاب التعريفات:۷۳ب)

خلاف: وہ بحث وتکرار جو خصمین کے درمیان حق کے اثبات اور ناحق کے ابطال کے لیے ہو۔

الاختِيار: لغةً الإِيثارُ. وَيُعرَّفُ بأنَّهٗ تَرجيحُ الشَّيءِ وَتَخصيصُهٗ وَتَقديمُهٗ عَلىٰ غَيرِہِ، وَ هوَ أخصُّ مِن الإِرادَةِ. (التعريفات الفقهيه:۲۰)

اِختیار: لغوی معنیٰ: الشيء علىٰ غيره صلہ سے ایک چیز کو دوسری پر تعلق وغیرہ میں ترجیح دینا۔ عرف میں: ایک چیز کو دوسری چیز پر فوقیت دینا، مخصوص کرنا اور مقدم کرنا۔ پس لفظِ اختیار، ارادہ (چاہت جس میں ایک کو دوسرے پر فوقیت دینا ہو یا نہ ہو) کے بہ نسبت خاص ہے، (پس اختیار خاص ہے اور ارادہ عام)۔

الأخصّ: قَدْ يُرادُ بِهِ المَعنَى التَّفضِيليُّ، كَما يُقالُ: هٰذا الأَمرُ أَخصُّ مِن ذلكَ الأَمرِ مَعَ اِشتِراكِهِما فيْ الخُصوصِ، وقدْ يُرادُ بِهِ الخَاصُّ؛ وَقِسْ عَلَيهِ الأَعَمَّ. (دستور العلماء۱/۶۵)

اخص: دو معنوں میں مستعمل ہے: بہ معنیٰ اسم تفضیل، بہ معنیٰ اسمِ فاعل۔

اخص: (بہ معنیٰ اسم تفضیل) اِس لفظ سے دوسرے پر فوقیت کے معنیٰ مراد لیے جاتے ہے، جیسے: هٰذا الأمرُ أخصُّ من ذٰلك الأمرِ، یعنی یہ دونوں امور خصوصیت میں شریک ہونے کے باوجود اِن میں سے ایک امر دوسرے کی بہ نسبت خاص (فائق) ہے۔

ملحوظہ: اسم تفضیل جس طرح مفضل میں افضلیت کو ثابت کرتا ہے، اِسی طرح مفضل علیہ کی بھی فضیلت ثابت کرتا ہے؛ لہٰذا ”زيد أعلم من عمرو“ کہنا

اُسی وقت صحیح ہوگا جب کہ عمرو بھی عالم ہو۔

اَخص (بہ معنیٰ اسم فاعل) اِس لفظ سے (مطلقاً) خاص کے معنیٰ مراد ہوتے ہے، (جس میں دوسرے پر فوقیت دینا مقصود نہیں ہوتا)؛ یہی حال لفظِ أعمُّ کا ہے(۱)۔

الإخلال: بُلَغاء کی اصطلاح ہے، تفصیل باب الألف میں ''ایجاز'' کے حاشیے میں ملاحظہ فرمائیں۔

الأدَب: عبارةٌ عنْ معرفةِ ما يحترزُ بهِ عن جميعِ أنواعِ الخطأ. (كتاب التعريفات: ١٦ ب)

ادب: اُن چیزوں کا جاننا جن سے انسان ہر قسم کی ناشائستہ باتوں سے محفوظ رہے(۲)۔

الادراکُ: اس کی صورِ اربعہ باب التاء کے تحت ''تخییل'' کے حاشیے میں ملاحظہ فرمائیں۔

الأُستَاذ: يُطلقُ علىٰ مَنْ يُتلمَّذُ عَلَيهِ وَيُؤخُذُ عنهُ العلومُ. (حاشية شرح وقايه: ٤٨)

استاذ: وہ شخص کہلاتا ہے جس کے سامنے زانوئے تلمُّذ تہ کیے جائیں (یعنی جس کا شاگرد ہوا جائے) اور اُس سے علوم حاصل کیے جائیں۔

---

(۱) **اخذ المحدود فی الحد**: معرَّف کو تعریف میں شامل کرنا، جیسے: مثلاً یوں کہے کہ: اسم وہ اسم ہے جو مستقل معنیٰ پر دلالت کرے، اور ''أخذ المحدود في الحد'' درست نہیں ہے۔

(۲) فائدہ: ادب (مقابلِ سوءِ ادب) بہ قول حضرت تھانویؒ: اِس کا مدار عرف پر ہے، یعنی کوئی فعل جو فی نفسہٖ مباح ہو اگر عرفاً بے ادبی سمجھا جائے گا تو شرعاً بھی وہ فعل بے ادبی میں شمار ہوگا۔ (تحفۃ العلماء ۲/ ۱۱۹)

الاستِحسانُ: ''باب القاف'' کے تحت ''قِیاس'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الاسْتِخْدامُ: هوَ أن يُذكرَ لفظٌ لهٗ معنيانِ: فيرادُ بهِ أحدهما، ثمّ يرادُ بالضميرِ الراجعِ إلىٰ ذلك اللفظِ معناه الآخرُ، (كقوله تعالىٰ: ﴿فمَنْ شهِدَ منكمُ الشَّهرَ -أي هلال رمضان- فَلْيَصُمْهُ﴾ أي رمضان)؛ أوْ يراد بأحدِ ضميرَيه أحدُ معنييهِ، ثُمّ بالآخرِ معناه الآخر (كقول الشاعرِ: "العينُ" قرّت بهِمُ، لمّا بـ"ها" سمَحُوا☆ واستخدمو"ها" مع الأعداء فلمْ تنمْ). (كتاب التعريفات بزيادة الأمثلة:١٧ب)

استخدام: (بُلَغا کے نزدیک) صَنعتِ استخدام کی دو صورتیں ہیں:

اول: ذوالمعنیین لفظ (خواہ اس کے دونوں معانی حقیقی ہوں یا مجازی) کو کوئی ایک معنیٰ مراد لیتے ہوئے ذکر کرنا، پھر اُس کی طرف لوٹنے والی ضمیر سے دوسرا معنیٰ مراد لینا، (جیسے: باری تعالیٰ کے فرمان: ﴿فمَنْ شهِدَ منكمُ الشَّهرَ فَلْيَصُمْهُ﴾ سو جو شخص اس ماہ میں موجود ہو اس کو ضرور اس میں روزہ رکھنا چاہیے۔ اِس آیت میں ''شہر'' سے مراد ''ہلال'' ہے، اور اُس کی جانب راجع ضمیر سے ''ماہِ رمضان'' مراد ہے)۔

دوم: لفظ کی جانب لوٹنے والی دو ضمیروں میں سے اوّل سے ایک معنیٰ اور دوم سے دوسرا معنیٰ مراد لینا، جیسے شاعر کا شعر: آنکھ اُن (ممدوحین) کی وجہ سے ٹھنڈی ہوگئی جب کہ اُنھوں نے اُس (سونے) کی فیاضی کی؛ اور جب دشمنوں کے مقابلے میں اُس (جاسوس) سے خدمت لی تو وہ (آنکھ) نہ سوئی۔ اِس میں

شاعر نے العین سے آنکھ مراد لی ہے، پھر اُس کی طرف دو ضمیریں راجع کی ہیں: اول بہ معنیٰ: ذھب، اور ثانی بہ معنیٰ: جاسوس کے لحاظ سے ہیں۔

الاستدلال: (مناطقہ کے نزدیک) باب الدال کے تحت "دلیل" کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الاستِدلال: (في عرف الأصوليين) يُطلَق عَلىٰ إقامَة الدَّليل مُطلَقاً مِنْ نَصٍّ أوْ إجْمَاعٍ أو غَيرِهِمَا. (كشاف:٢،١٣٤)

استدلال: (اہلِ اصول کے یہاں) قرآن وحدیث، اجماعِ امت یا اُن کے عِلاوہ سے دلیل قائم کرنا۔

الاستِدرَاک: رفعُ توهُّمٍ تولّد من كلامٍ سابقٍ. (كتاب التعريفات: ١٨ب)

استدراک: کلامِ سابق سے پیدا ہونے والے وَہم کو دُور کرنا۔

الاستِصحاب: عبارةٌ عنْ إبقاءِ ما كانَ علىٰ ما كانَ عليهِ لانعدامِ المُغيِّرِ. (كتاب التعريفات:١٨ب)

استصحاب: حکم کو بدلنے والی دلیل کے نہ پائے جانے کی وجہ سے حالتِ موجودہ کو حالتِ سابقہ پر برقرار رکھنا۔

الاستِطاعةُ: "باب القاف" کے تحت "قدرت" کے ضِمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الاستِطراد: باب الطاء کے تحت "طرداً للباب" کے ضِمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الاستِعارۃُ: باب التاء کے تحت ’’تشبیہ‘‘ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الاستِعْداد: كَونُ الشَّيءِ بِالقُوَّةِ القَريبةِ أَو البَعيدَةِ إِلَى الفِعْلِ. (دستور العلماء ۱/۱۲۵)

استعداد: کسی معدوم چیز کا قوتِ قریبہ یا قوتِ بعیدہ کے ذریعے وجود میں آنا۔ (مثلاً: پانی میں -آگ کے واسطے سے- گرم ہونے کی استعداد ہے۔)

الاستِقراء: باب القاف کے تحت ’’قِیاس‘‘ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الاستِلزَام: باب اللام کے تحت ’’لزوم‘‘ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الاِستِيناف: هُوَ مَاوَقعَ جواباً لِسُؤالٍ مُقدَّرٍ مَعنىً، كما قالَ المُتكلمُ: جاءَنِي القومُ، -فكأنَّ قائلاً قالَ: مَافعلتَ بهِمُ؟ فَقالَ المُتكلِّمُ مُجيباً عنهُ:- أمَّا زيدٌ فأكرمتُهُ، وَأَمَّا بِشرٌ فأهنتُهُ، وأمَّابَكرٌ فقدْ أَعرَضتُ عنهُ. (كتاب التعريفات: ۲۰)

استیناف: وہ کلام ہے جو معنوی طور پر سوالِ مقدّر کا جواب بنتا ہو، جیسے: متکلم نے کہا: ’’جَاءَنِيْ الْقَوْمُ‘‘ قوم میرے پاس آئی -اب گویا کسی سائل نے پوچھا کہ: تُو نے اُن کے ساتھ کیا معاملہ کیا؟ تو متکلم اُس کو جواب دیتے ہوئے کہتا ہے کہ:- اُن میں سے زید کا تو مَیں نے اکرام کیا، بشر کی توہین کی، اور رہا بکر تو مَیں نے اُس سے بے رُخی کی۔

ملحوظہ: نحات کے استیناف کی تعریف کتبِ نحو میں ملاحظہ فرمائیں۔

الإشارۃ: باب التاء کے تحت ’’تعریض‘‘ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الاشتراكُ اللفظي: عبارةٌ عن كونِ اللفظِ موضوعاً لكلِّ واحدٍ من المعاني ابتداءً. (حاشيه نورالأنوار: ۳۱)

اشتراکِ لفظی: لفظ کو ابتداء ہی سے متعدّد معانی کے لیے وضع کرنا، (جیسے: لفظ عین آنکھ، سونا، ذات، پانی کا چشمہ وغیرہ بہت سے معانی کے لیے موضوع ہے)۔

الاشتِراک المَعْنَوي: عبارةٌ عنْ کونِ اللفظِ مَوضوعاً لمعنیً واحدٍ کليٍ لهٗ أفرادٌ. (حاشیه نورالأنوار: ۳۱)

اشتراکِ معنوی: لفظ کا ایک ایسے کلّی معنیٰ کے لیے موضوع ہونا جس کے تحت بہت سے اَفراد ہوں، (مثلاً: لفظِ قلم آلۂ کتابت کے لیے وضع کیا گیا ہے اور اُس کے کئی اَفراد ہیں)۔

الاصُطِلاح: عِبارةٌ عنْ اتِّفاقِ قَومٍ عَلیٰ تَسمِیَةِ شَيءٍ باسمٍ بَعدَ نَقلِه عنْ مَوضُوعِه الأوَّلِ. (کشاف ۳/ ۲۳)

اصطلاح: مخصوص (علمی یا فنی) گروہ کا کسی لفظ کو۔ معنیٰ موضوع لہٗ کے عِلاوہ۔ دوسرے معنیٰ (معنیٰ منقول الیہ) کے ساتھ خاص کرنے پر متفق ہوجانا، (جیسے: اہلِ شرع لفظ ''صلاۃ'' (بہ معنیٰ دعا) کے بارے میں مخصوص رکن کا نام رکھنے پر متفق ہوگئے ہیں)۔

وقیل: تَخصِیصُ اللَّفظِ اللُّغَوِيِّ بِمعنَی غیرِ اللُّغوِي. **یعنی** لفظِ لغوی کو معنیٰ غیر لغوی کے ساتھ خاص کردینا۔

الأصْغَر: باب القاف کے تحت ''قِیاس'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الأصلُ: هوما يَبتنى عليه غيرُه. (كتاب التعريفات: ۳۰)

اصل: وہ ضابطہ ودستور جس پر دوسرے کی بنیاد ہو۔

الفَرْع: باب التاء کے تحت ''تفریع'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الإضمار قبلَ الذكر: مرجع کو ذکر کرنے سے پہلے ضمیر کو لانا۔

اِس کے ضابطے کو سمجھنے سے پہلے ضمیر کی تعریف معلوم کرلیں۔

المُضْمَر : اسمٌ وُضعَ ليدُلَّ علىٰ متكلِّمٍ، أوْ مخاطَبٍ؛ أوْ غائبٍ تقدَّم ذكرُه: لفظاً أو معنىً أوْ حكماً. (هدايت النحو)

ضمیر: وہ اسم ہے جو متکلم، مخاطب یا ایسے غائب پر دلالت کرے جس کا ذکر ضمیر سے پہلے گزر گیا ہو، لفظاً:- چاہے حقیقتاً ہو، جیسے: ضربَ زيدٌ غلامَهٗ؛ خواہ تقدیراً، جیسے: ضربَ غلامَهٗ زيدٌ -یا معنیً: بہ ایں طور پر کہ مرجع کے معنیٰ پر مشتمل لفظ گزر چکا ہو، جیسے: باری تعالیٰ کا فرمان: ﴿اعدِلُوا هُوَ (أيْ: العَدْلُ) أَقرَبُ لِلتَّقوىٰ﴾، یا حکماً: بہ ایں طور پر کہ ضمیر موجود فی الذہن کی طرف راجع ہو، جیسے: باری تعالیٰ کا فرمان: ﴿قُلْ هُوَ (أي الشأن) اللّٰهُ أحَدٌ﴾۔

الضابطةُ: المُضمَرُ والمُظهرُ منْ جِهةِ التَّقدِيمِ وَالتَّأخِيرِ عَلىٰ أرْبعَةِ أقْسَامٍ:

أحَدُها: أنْ يَكونَ الظَّاهِرُ مُقدَّماً عَلَى المُضمَرِ لفُظاً ورُتبَةً، نَحوُ: ضَرَبَ زَيْدٌ غُلامَهٗ.

الثانيْ: أنْ يكونَ الظَّاهِرُ مُقدَّماً عَلَى المُضمَرِ لفُظاً دونَ رُتبَةٍ، نحوُ: ضَرَبَ زَيداً غُلامُهٗ.

الثالثُ: أنْ يَكونَ الظاهرُ مُقدَّماً عَلىٰ المُضمَرِ رُتبةً دُونَ لفُظٍ، نحوُ: ضَرَبَ غُلامَهٗ زَيْدٌ. فهٰذه الثلاثةُ تجوزُ بالإجماعِ.

الرابع: أنْ يَكونَ الظاهِرُ مُؤَخَّراً لفُظاً ورُتبةً، نَحوُ: ضَرَبَ غُلامُهٗ زَيداً. فهٰذا أكثرُ النُّحاتِ لايُجيزُهٗ لمُخالفتِهِ بابَ المُضمَرِ، ومنهُم منْ أجَازَهُ. (الاشباه والنظائر ٢/٦٨)

ضمیر اور مَرجع کی تقدیم تاخیر کو دیکھتے ہوئے کُل چار شکلیں متصوَّر رہوتی ہیں:

(۱) ضمیر کا مرجع لفظاً اور رتبۃً مقدَّم ہو، مثلاً: ضَرَبَ زَیْدٌ غُلامَهٗ. کہ اِس مثال میں ''ہ'' ضمیر کا مرجع: ''زید'' لفظوں میں بھی مقدَّم ہے اور مرتبے میں بھی مقدم ہے؛ اِس لیے کہ ''زید'' ترکیب میں فاعل ہے، اور ''غلام'' مفعول ہے، اِن دونوں میں فاعل کا مرتبہ پہلے ہوتا ہے۔

(۲) ضمیر کا مرجع لفظاً مقدَّم ہو، رتبۃً مقدَّم نہ ہو، مثلاً: ضَرَبَ زیداً غُلامُهٗ. کہ ''ہ'' ضمیر فاعل سے متصل ہے، جو زید کی طرف راجع ہے، اور زید اگرچہ لفظوں میں مقدم ہے؛ لیکن ترکیب میں مفعول ہونے کی وجہ سے مؤخر ہے۔

(۳) ضمیر کا مرجع لفظاً مقدَّم نہ ہو؛ لیکن رتبۃً مقدَّم ہو، مثلاً: ضَرَبَ غُلامَهٗ زیدٌ.

ملاحظہ: یہ تین صورتیں بالاتفاق جائز ہیں۔

(۴) ضمیر کا مرجع نہ لفظاً مقدَّم ہو نہ ہی رتبۃً، مثلاً: ضَرَبَ غُلامُهٗ زَیداً.

چوتھی شکل والا اضمار قبل الذکر اکثر نحات کے نزدیک جائز نہیں ہے؛ کیوں کہ وہ ضمیر کے اصول کے خلاف ہے۔

الاطّرَاد: باب الجیم کے تحت ''جامع مانع'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الإطْنَاب: باب الالف کے تحت ''ایجاز'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الإعادَة: باب التاء کے تحت ''تکرار'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الاعتِبَاراتُ الثلاثُ: للمَاهياتِ ثلاثُ اِعتِباراتٍ:

الأوّلُ: بِشرطِ شَيءٍ أيْ معَ العَوارضِ فَتُسمَّى مَخلوطَةً، وَهيَ فائزةٌ بالوُجودِ قطعاً.

حقیقت و ماہیت کے تین اعتبارات ہیں:

(۱) بشرطِ شئ: جب کوئی ماہیت عوارض کے ساتھ مل کر پائی جائے تو اُس کا نام ''ماہیتِ مخلوطہ'' ہے (اسی کو ''محل'' بھی کہتے ہیں)۔

ملحوظہ: یہ ماہیت یقینی طور پر پائی جاتی ہے۔

والثانيُ: بِشرطِ لا شَيء فَتسمَّى مُجرَّدةً ولمْ تُوجدُ قطُّ؛ لتَجرُّدِهَا حَتَّى نَفَوا وُجودَها الذِّهنيَّ، وَالحَقُّ إِثباتُه إِذْ لا حَجْرَ فيْ التَّصوُّرِ.

(۲) بشرطِ لا شئ: جب کوئی ماہیت لاشئ (عدمِ عوارض) کی شرط سے مشروط ہو تو اُس کا نام ''ماہیتِ مجرَّدہ'' ہے (وہی جوہر کا مقابل یعنی ''عرض'' ہے)۔

ملحوظہ: یہ ماہیت تنہا بالکل نہیں پائی جاتی؛ کیوں کہ عرض محل کے بغیر نہیں پایا جاسکتا، حتی کہ بعض علما نے اُس کے وجودِ ذہنی کا بھی انکار کیا ہے؛ لیکن حق اُس کا اِثبات ہے؛ اِس لیے کے تصوُّر کرنے سے کوئی چیز مانع نہیں ہے۔

والثَّالثُ: لا بِشَرطِ شَيء، فَتسمَّى مُطلَقَةً، وَهيَ فيْ نَفسِها لا مَوجودَةً وَلا مَعدومَةً، وَلا كُليَّةً وَلا جُزئيَّةً. (دستور ۳/ ۲۲۳)

(۳) لا بشرط شئ: وہ ماہیت جو عوارض وعدمِ عوارض دونوں شرطوں سے خالی ہو اُس کا نام ”ماہیتِ مطلقہ“ ہے (اس کو عرضی بھی کہتے ہیں)(۱)۔

ملحوظہ: ماہیت مطلقہ بذاتِ خود نہ تو موجود ہے نہ معدوم، اور نہ کلی ہے نہ جزئی۔

---

(۱) مناطقہ کلی عرضی مثلاً اسود، ابیض اور کاتب وغیرہ میں تین چیزیں بیان کرتے ہیں: عرض، عرضی اور محل۔ اور کیا یہ تینوں چیزیں الگ الگ ہے یا نہیں؟ جمہور کا مذہب ہے کہ ان میں تغایر ذاتی ہے اور بعضے حضرات کے نزدیک یہ تینوں چیزیں بالذات متحد ہیں اور فرق صرف اعتباری ہے، ان میں فرق سمجھنے کے لیے تینوں کی تعریفات ملاحظہ فرمالیں۔

عرض: وہ موجود ہے جو اپنے وجود میں کسی محل کا محتاج ہو، جیسے: سیاہی، سفیدی وغیرہ یہ چیزیں جب بھی پائی جائے گی کسی نہ کسی محل میں پائی جائے گی۔

عرضی: وہ مفہوم ہے جو کسی عرض سے مشتق کیا جائے، جیسے: اسود، ابیض، کاتب وغیرہ سواد، بیاض اور کتابت سے مشتق ہے۔

محل: وہ چیز ہے جس کے ساتھ کوئی عرض قائم ہو، جیسے: کپڑا، کہ اس کے ساتھ سیاہی وسفیدی وغیرہ قائم ہوتی ہے۔

ان تینوں کی جامع مثال: ذات واجب الوجود ہے، اس میں ذات محل ہے، وجود عرض ہے، اور موجود عرضی ہے۔

اب معلوم ہونا چاہیے کہ: اعتبارات دو طرح کے ہیں: ایک: درجہ مطلق ہونے کا ہے اور دوسرا: مقید ہونے کا، پھر مقید کی دو صورتیں ہیں: (۱) ثبوت سے مقید ہونے کی، (۲) نفی کے ساتھ مقید ہونے کی۔ اطلاق کے درجہ کو لا بشرط شئ کہا جاتا ہے، تقیید کے درجہ میں اگر قید وجودی ہے تو اس کو بشرط شئ اور قید سلبی ہے تو بشرط لا شئ کہا جاتا ہے۔ (تفصیل کے لیے ملاحظہ فرمائیں: ارشاد الفہوم شرح سلم العلوم: ۱۷۳)

بہ قول حضرت مفتی سعید صاحب: ایک مثال سے یہ تینوں اعتبارات سمجھ سکتے ہیں کہ: اگر آپ اپنے ساتھی کی ناشتہ کی دعوت کریں، اور یہ نہ ذکر کریں کہ آپ ناشتہ میں کیا کھلائیں گے؟ تو یہ دعوت ”لا بشرط شئ“ ہے۔ اور اگر آپ بتادیں کہ ناشتہ میں سوجی کا حلوہ بھی ہوگا تو یہ دعوت ”بشرط شئ“ ہے۔ اور اگر واضح کردیں کہ ناشتہ میں سوجی کا حلوہ نہیں ہوگا تو یہ دعوت ”بشرط لا شئ“ ہے۔ (معین الفلسفہ: ۱۶۱)

الأفاعِيل: افاعیل کے لیے دوسرا لفظ ''تفاعیل'' استعمال ہوتا ہے۔ تفصیل باب الباء کے تحت ''بحور'' اور باب الواو کے تحت ''وزن شعری'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الإفْرَاط: الإفراطُ يستعملُ في تجاوُزِ الحدِّ من جانبِ الزيادةِ. (كتاب التعريفات: ٣٤)

اِفراط: اِس کا استعمال زیادتی میں حد سے بڑھنے پر ہوتا ہے۔

التَّفْرِيط : يُستعملُ في تجاوزِ الحدِّ من جانبِ النُّقصانِ وَالتقصيرِ. (كتاب التعريفات: ٣٤)

تفریط: اِس کا استعمال کمی وکوتاہی میں حد سے بڑھنے پر ہوتا ہے۔

الاقتِباس: (عندَ النُظّار) هوَ الإتيانُ بِقَولِ الغَيرِ علىٰ وَجهٍ لايَظهرُ أنَّهُ قَولُ الغَيرِ، لا صَريحاً، ولا ضِمناً، وَلا كِنايَةً، وَلا إشارَةً.

اقتباس: غیر کے قول کو اِس طور پر بیان کرنا جس سے بالکل معلوم نہ ہوسکے کہ یہ دوسرے کا قول ہے، نہ صراحتاً واشارۃً اور نہ ہی ضِمناً وکنایۃً۔

النَقلُ : هوَ الإتيانُ بِقولِ الغَيرِ عَلىٰ مَا هوَ عَليهِ بِحسبِ المَعنىٰ، مُظهِراً أَنهُ قَولُ الغَيرِ، نَحو: قَال أبُوحَنيفة: اَلنِّيَّةُ فِي الوُضُوءِ لَيسَ بِفَرضٍ. (رشيديه)

نقل: غیر کے قول کو اُس کے قائل کی طرف منسوب کرتے ہوئے بجنسہٖ (لفظی ومعنوی ترمیم کیے بغیر) بیان کرنا، جیسے امام ابوحنیفہؒ کا فرمان ہے: اَلنِّيَّةُ فِي الوُضُوءِ لَيسَ بِفَرضٍ۔

الاقتِباس: (عـنـد البلغاء) هو أن يُضمِّن الكلامَ نثراً كانَ أو نـظُـمـاً شيًـا مـنَ القرآنِ أو الحديثِ، كقولِ ابنِ شمعونَ في وعظةٍ: يا قـوم! اصبِـروا عَـلـي الـمُـحرَّماتِ، وصابِروا علي المُفترِضاتِ، وَراقِبوا بـالـمُـراقَبـاتِ، واتَّـقـوا اللّٰه فيُ الخلَواتِ؛ تُرفعُ لكم الدرجاتُ. (كتاب التعريفات: ٣٥؛ وَ دروس البلاغة) (ا)

اِقتباس: قرآن یا حدیث کے کسی حصے کو کلامِ نثر یا شعر کا جزو بنا لینا، جیسا کہ ابن شمعون کا قول کسی وعظ میں: اے قوم! حرام کردہ چیزوں پر صبر کرو (رُکے رہو)، اور فرض کردہ چیزوں پر جمے رہو، اور نگہبانی کے لائق چیزوں کی نگہبانی کرو، اور تنہائیوں میں اللہ سے ڈرو، تمھارے درجات بلند کیے جائیں گے۔

الأكبر: باب القاف کے تحت "قِیاس" کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الاكتِسَابي: باب النون کے تحت "نظری" کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

(ا) الاِقتِبـاسُ: الاِقتبَـاسُ مِـنُ الـقُـرآنِ والأحـادِيثِ جَائزَةٌ إنُ لـمُ يَشتَملُ عَلَى سُوءِ أدَبٍ وإلَّا فَحرامٌ؛ فالأَوَّلُ، كقَوُلِ بعضِهمُ: [الوافرُ]

أقــوُلُ لــمُـقُـلتَيــهِ حِيـنَ نَـامَـا		وسِـحـرُ الـنَّـومِ فِي الأجُفَانِ سَارِي
تَبَــارَكَ مَـنُ تَـوفَّــاكـمُ بِـليُـلٍ		﴿وَيَـعُـلَـمُ مَــا جَـرَحُتُمُ بِـالنَّهَـارِ﴾

والثانيُ، كقولِ أبيُ نُواسٍ: [مجزوءُ الرَّمَل]

خُـــطَّ فِــي الأرُدافِ سَــطُــرٌ		مِـــن بَـــديــعِ الشِّـعُـــرِ مَــوُزُونُ
﴿لَــنُ تَـنَــالُــوُا البِـرَّ حَتَّــى		تُـــنُــفِـقُـوُا مِـمَّـــا تُـحِبُّــوُنَ﴾

(ميزان الذهب فى صناعة شعر الادب)

ملاحظہ: اِس شعر میں سُوئے ادب اِس لیے کہ شاعر نے آیت کو غیر موقع میں استعمال کیا۔

الالتفاتُ: هوَ التَّعبيرُ عَنْ معنًى بِطَريْقٍ مِنَ التَّكلُّمِ والخِطَابِ والغَيبَةِ بَعدَ التَّعبيرِ عَنْ ذٰلكَ المَعنَى بِطرِيْقٍ آخرَ مِنَ الطُّرُقِ الثَّلاثَةِ المَذكُورَةِ، بشَرْطِ أنْ يَكُونَ التَّعبيرُ الثَّانِي عَلىٰ خِلافِ مُقتَضى الظَّاهِرِ، يَعنِي يَكُونُ مُقتَضى ظاهِرِ سُوْقِ الكَلامِ أنْ يُعبِّرَ عنهُ بِغَيْرِ هٰذَا الطَّرِيْقِ، مِثالُ: قَولِهِ تَعالىٰ: ﴿إنَّا أعطَيْنٰكَ الكَوثَرَ، فَصَلِّ لِربِّكَ﴾ فإنَّ فيْهِ اِلتِفاتاً مِنَ التَّكلُّمِ إلَى الغَيبَةِ، وكانَ مُقتَضى الظَّاهِر بالنَّظَرِ إلَى الأسلُوْبِ السَّابِقِ، أنْ يَقُولَ: "لَنَا"، مَكانَ "لِربِّكَ"، والمُخَاطَبُ فيْ الحَاليْنِ واحِدٌ، وَهوَ نَبيُّنَا خاتَمُ الأنْبيَاءِ عَليْهِ الصَّلاةُ والسَّلامُ. (دستور العلماء ١/ ١١٠)

التفات: مقتضائے ظاہر کے خلاف وہ کلام ہے جس میں کسی مضمون کو تکلم، خطابت یا غیبوبت میں سے کسی ایک اُسلوب سے تعبیر کرنا، بعد یہ کہ متکلم اُسی مفہوم کو مذکورہ اَسالیب میں سے کسی دوسرے اُسلوب میں بیان کر چکا ہو، حالاں کہ کلام کا تسلسُل پہلے اُسلوب کا متقاضی تھا، (یعنی غیبوبت سے خطاب یا تکلم کی طرف جانا، یا پھر خطاب وتکلم سے غیبوبت کی طرف جانا)، جیسے باری تعالیٰ کا فرمان ﴿إنَّا أعطَيْنَاكَ الكَوْثَرَ، فَصَلِّ لِرَبِّكَ وَانْحَرْ﴾ بے شک ہم نے تم کو کوثر دی، سو نماز پڑھ اپنے رب کے آگے اور قربانی کر۔ کہ اِس مثال میں تکلم سے غیبوبت کی طرف اِلتفات ہے؛ کیوں کہ تمام اسمائے ظواہر غائب کے درجے میں ہوتے ہیں، بنابریں کلامِ سابق کے اُسلوب کا تقاضہ تو یہ تھا کہ باری تعالیٰ: فَصَلِّ لِرَبِّكَ کے بہ جائے فَصَلِّ لَنَا فرماتے۔

الأمارةُ: باب الدال کے تحت ''دلیل'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الأَمَانَةُ: حِفْظُ شَيْءٍ وعَدَمُ التَّصَرُّفِ فيْهِ، سَوَاءٌ كانَ مَالاً أوْ غَيرَهُ، وسَواءٌ كانَ ذلكَ الشَّيءُ مَمْلوْكاً لهُ أوْ لغَيرِهِ؛ ولهٰذَا صَارَتْ أعَمَّ مِنَ الوَدِيْعَةِ. وقَالَ الشَّيْخُ الإمَامُ بدْرُ الدِّينَ: الفَرْقُ بَينَ الوَدِيْعَةِ والأمَانَةِ، بالعُمُوْمِ والخُصُوْصِ، فالوَدِيعَةُ خَاصَّةٌ والأمَانَةُ عَامَّةٌ، وحَمْلُ العَامِّ عَلَى الخَاصِّ صَحيْحٌ دُوْنَ عَكسِهِ.

فالوَدِيْعَةُ هيَ الاِسْتِحفَاظُ قَصْداً، والأمَانَةُ هيَ الشَّيءُ الذِيْ وَقعَ فيْ يدِهِ مِنْ غَيرِ قَصْدٍ: بأنْ هَبَّتْ الرِّيْحُ فيْ ثَوبِ إنْسَانٍ فألْقَتْهُ فيْ حِجْرِ غَيرِهِ. (دستور العلماء ١/١١٩)

امانت: چیز کی حفاظت کرنا اور اپنا اختیار نہ چلانا، چاہے وہ مال کے قبیل سے ہو یا غیرِ مال (مثلاً: گفتگو) کے قبیل سے ہو، اور چاہے اپنی مملوکہ شئ ہو یا غیر مملوکہ۔ بہ ایں وجہ امانت عام ہے اور ودیعت خاص؛ گویا دونوں میں عموم خصوص مطلق کی نسبت ہے، جس میں خاص یعنی ودیعت پر عام یعنی امانت کا اِطلاق (ہر وقت) ہوسکتا ہے؛ لیکن عام شئ پر خاص کا اطلاق (ہر وقت) نہیں ہوگا۔ (جیسے: انسان پر حیوان کا اطلاق ہر وقت ہوگا؛ لیکن حیوان کے اَفراد پر ہر وقت انسان کا اطلاق نہ ہوگا)۔

پس ودیعت: وہ چیز ہے جس کو بالقصد (غیر کے پاس) بہ طورِ امانت محفوظ کرائی جائے، جب کہ امانت اُس چیز کو (بھی) کہتے ہیں جو بِلا قصد وارادہ کسی کے کے ہاتھ لگے، جیسے: ہوا نے کسی کے کپڑوں کو دوسرے کی گود میں ڈال دیا۔

الامتناع: باب الضاد کے تحت ''ضرورت'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الأمْثِلَةُ: "مثالٌ" کی جمع ہے، تفصیل باب المیم کے تحت "مثال" کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الإمْکانُ: باب الضاد کے تحت "ضرورت" کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الإمْکانُ الخاصُّ: هوَ سلبُ الضرُورةِ عنِ الطَّرفينِ، مثلُ: كلُّ إنسانٍ موجودٌ بالإمكانِ الخاصِّ، يعني: أنَّ وجودَهُ ليسَ بضروريٍّ وكذا عدمَهُ، واللّٰهُ تعالىٰ ليسَ مُمكناً بالإمكانِ الخاصِّ؛ لكنَّهُ ممكنٌ بالإمكانِ العامِّ المقيَّدِ بجانبِ الوجودِ أي الإيجابِ، وشريكُ الباري أيضاً ممكنٌ بالإمكانِ العامِّ المقيَّدِ بجانبِ العدمِ أي السلبِ. (دستور العلماء١/١١٨)

امکانِ خاص: وہ امکان ہے جس میں موضوع کے لیے محمول کا ثبوت یا نفی اس طرح ہو کہ حکم کی نہ جانبِ موافق ضروری ہو اور نہ جانبِ مخالف، جیسے: كلُّ إنسانٍ موجودٌ بالإمكانِ الخاصِّ، یعنی انسان ایک ایسا موجود ہے جس کے لیے نہ وجود ضروری ہے، نہ عدم ضروری ہے۔

ملاحظہ: باری تعالیٰ کا وجود امکانِ خاص کے قبیل سے نہیں ہے (کہ نہ وجود ضروری ہو اور نہ ہی عدم)؛ بلکہ امکانِ عام مقید بجانب الوجود کے قبیل سے ہے، یعنی باری تعالیٰ کا عدم ضروری نہیں ہے؛ بلکہ وجود ضروری ہے۔ اِسی طرح شریکِ باری تعالیٰ کا وجود ضروری نہیں؛ بلکہ عدم ضروری ہے۔

الإمْکانُ العامُّ: هوَ الذي حُكمَ بِسلْبِ ضَرورتِهِ عنُ الجَانبِ الـمُخالفِ، سَواءٌ كانَ الجانبُ المُوافقُ ضَروريّاً أوُ لا. فإنُ كانَ القَضيَّةُ مُوجبَةً، مِثلُ: اللّٰهُ مَوجودٌ بالإِمكانِ العَامِّ، كانَ مَعناهَا إِنَّ سَلبَ الوُجودِ

عنِ اللّٰهِ تَعالىٰ لَيسَ بِضَروريٍ، والجَانبُ المُوافقُ أعنِي وَجودَه تَعالىٰ ضَرورياً هٰهُنا، وَمِثلُ: الإنسانُ كاتبٌ بالإمكانِ العامِّ، يَعنِي أنَّ سَلبَ الكِتابَةِ عنِ الإنسانِ لَيسَ بِضروريٍّ معَ أنَّ ثُبوتَ الكتابَةِ أَيْضاً كذلكَ، وإنْ كانتْ سالبَةً، مثلُ شَريكُ البَاريْ ليسَ بِمَوجودٍ بالإمكانِ العامِّ كانَ مَعناها أَنَّ وُجودَهٗ ليسَ بِضروريٍ، وأنتَ تَعلمُ أنَّ عدَمَهٗ ضروريٌّ. (دستور٣/٣٨١)

امکانِ عام: وہ امکان ہے جس میں (موضوع کے لیے محمول کا ثبوت یا نفی اس طرح ہو کہ حکم کی) جانبِ مخالف ضروری نہ ہو، اِس سے قطع نظر کہ جانبِ موافق ضروری ہے یا نہیں؟۔

فائدہ: قضیہ موجبہ کی مثال: اللّٰه موجود بالإمكان العامّ، کا مطلب یہ ہوگا کہ باری تعالیٰ کے لیے جانبِ موافق (وجود) ضروری ہے، اور جانبِ مخالف (عدمِ وجود) باری تعالیٰ کے لیے ضروری نہیں۔ اور جیسے: الإنسان كاتب بالإمكان العام، یعنی انسان کے لیے کتابت کے ثبوت کے باوجود سلبِ کتابت ضروری نہیں۔

سالبہ کلیہ کی مثال: شريك الباري ليس بموجود بالإمكان العامّ، یعنی شریکِ باری موجود نہیں ہے بالامکان العام: اِس کا مطلب یہ ہوگا کہ شریکِ باری کا وجود ضروری نہیں ہے اگرچہ شریکِ باری کا عدم بھی ضروری ہے۔

الإمْلاءُ: هوَ أنْ يَقعُدَ العَالِمُ وحَولَهُ تَلامِذَتُهُ بالمَحابرِ والقَراطِيسِ، فيَتَكلَّمُ العَالِمُ بمَا فتحَهُ اللّٰهُ عليهِ مِنْ ظَهرِ قَلبِهِ فيْ العِلمِ وتَكتُبُهُ التَّلامِذَةُ، ثُمَّ يَجمَعُونَ مَا يَكتُبونَهُ فيَصيرُ كتابًا يُسَمُّونَهُ: الإمْلاءَ والأمَاليْ وعُلَمَاءُ الشَّافعيَّةِ يُسَمُّونَ مِثلَهُ تَعليْقَةً. (دستور العلماء١/ ١١٩)

اِملاء: وہ کتاب ہے کہ کوئی عالم اِفادے کے لیے تیار ہوتے (تشریف لاتے) اور اُن کے اِرد گِرد تلامذہ دَوات اور کورے کاغذات لے کر متوجّہ ہو جاتے، پس اُستاذ صاحب زبانی علم ومعرفت کی وہ باتیں ارشاد فرماتے جو اللہ تعالیٰ کی طرف سے اِلقاء ہوتیں، تلامذہ اُن کو تحریر کر لیتے، بعد میں جب اُن تحریرات کو جمع کیا جاتا تو وہ ایک کتاب کی شکل اختیار کر لیتی تھیں، اُس کو ’’املاء‘‘ اور ’’اَمالی‘‘ کا نام دیتے تھے، اور علمائے شافعیہ اس کو ’’تعلیق‘‘ کا نام دیتے تھے۔

الانْعِکاسُ: باب الجیم کے تحت ’’جامع‘‘ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الانْفِعالُ: باب الالف میں ’’اَجناسِ عالیہ‘‘ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الأوّلیاتُ: باب المیم کے تحت ’’مقدمات یقینیہ‘‘ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

أهْلُ الحقّ: اهلُ الحقِّ: القومُ الذينَ أضافُوا أَنفسَهم إلىٰ ما هوَ الحقُّ عندَ ربِّها بالحُجَجِ والبراهينِ، يعني أهلَ السنةِ والجماعةِ.

(كتاب التعريفات:٤٢)

اہالیانِ حق: وہ اہلِ تسنُّن ہیں جنھوں نے دلائل وبراہین کے ذریعے اپنے آپ کو اس مذہب کی طرف منسوب کیا ہو جو اللہ کے یہاں حق ہے، یعنی اہل سنت والجماعت۔

أهْلُ الهَوىٰ: أهلُ القبلةِ الذينَ لايكونُ معتقدُهم معتقدَ أهلِ السنةِ، وهم الجبريةُ والقدريةُ والروافضُ والخوارجُ والمعطلةُ والمشبِّهةُ، وكلٌّ منهم اثناعشر فرقة، فصاروا اثنين وسبعينَ. (أيضاً)

اہل ہویٰ: وہ اہل قبلہ ہیں جن کا عقیدہ عقیدۂ اہلِ سنت والجماعت کے

برخلاف ہے۔ وہ فرقے چھ ہیں: جبریہ، قدریہ، روافض، خوارج، معطّلہ اور مشبّہہ؛ جن میں سے ہر فرقے کی بارہ شاخیں ہیں، کُل ملاکر بہتّر (۷۲) شاخیں ہوتی ہیں۔

أهْلُ السُّنَّة والجَماعَة: قالَ شَيخُ الإسلامِ عَلامةُ ابنُ تَيمِيَّةَ: إنَّ السُّنةَ تَتضَمَّنُ النصَّ، وَالجَماعةَ تتضمَّنُ الإجماعَ؛ فأهلُ السنةِ وَالجماعَةِ هُمُ المُتَّبِعُونَ للنَّصِ وَالإجماعِ. (منهاج السنة:۳،۲۷۲)

اہل السنّت والجماعت: شیخ الاسلام علامہ ابن تیمیہؒ فرماتے ہیں کہ: سنت کا لفظ “نص” کو متضمّن ہے، اور جماعت کا لفظ “اِجماع” کو شامل ہے۔ پس اہل سنت والجماعت (۱) وہ لوگ ہیں جو نص اور اجماع کے متّبع ہیں۔ اہل سنت والجماعت کی یہ تعریف، تعریفِ اضافی ہے، حقیقی تعریف وہی ہے جو “اہل الحق” میں مذکور ہوئی۔

الإيجَاب: (في قَولِ الفُقهاءِ) الكلامُ الذيْ تكلَّمَ بهِ أَوّلاً أَحدُ العَاقدَينِ، ناكِحاً كانَ أَو مَنكوحةً؛ بائِعاً كانَ أَو مُشترِياً.

القَبُولُ: الكلامُ الذيُ تكلَّم بهِ ثانِياً. (دستور العلماء۱/۲۵۵)

ایجاب وقبول: (فقہاء کی اصطلاح میں) عقد کے وقت متعاقدین میں سے پہلے فرد کے کلام کو ایجاب، اور دوسرے کے کلام کو قبول کہتے ہیں؛ چاہے یہ متعاقدین آپس میں ناکح ومنکوح ہوں یا بائع ومشتری۔

---

(۱) فائدہ: جب ہندوستان میں اہل سنت والجماعت کا لفظ مطلقاً بولا جائے تو اُس سے “اشاعرہ، ماتریدیہ” دونوں مراد ہوتے ہیں، اور جب شام وعراق میں بولا جائے تو اِس سے صرف “اَشاعرہ” مراد ہوتے ہیں، اور جب ماوراءنہر (ترکستان) میں اِس کا اطلاق کیا جائے تو اُس سے صرف “ماتردیہ” مراد ہوتے ہیں۔ (تحفۃ العلماء۲/ ۴۵۹؛ آئینۂ اصطلاحات العلوم: ۲۱۵)

الإيجَازُ: هو جمعُ المعاني المتكاثِرةِ تحتَ اللّفظِ القليلِ، (أي أقلَّ من المعهودِ عادةً) الوافي (١) بالغرضِ معَ الإبانةِ والإفصاحِ، كقوله تعالىٰ ﴿خُذِ العَفْوَ وَأْمُرْ بِالعُرْفِ وَأَعْرِضْ عَنِ الجَاهِلِيْنَ﴾ [الأعراف:١٩٩] هذه الآية القصيرة جمعت مكارم الأخلاق بأسرها، وكقوله عليه السلام: إنَّما الأعمال بالنيات. (جواهر البلاغة:١٣٧)

أو: أداء المقصودِ بأقلَّ من العبارةِ المتعارفةِ، ويقابلُه الإطنابُ.

(دستور العلماء ١/١٥٠)

ایجاز: بہت سارے معانی کو متعارَف عبارت سے کم عبارت میں تعبیر کرنا، جو الفاظ غرضِ متکلم کو پورے طور پر واضح کرتے ہوں، جیسے باری تعالیٰ کے فرمان: ﴿خذ العفو وأمر بالعرف وأعرض عن الجاهلين﴾ میں ہے۔ (لوگوں سے یہ برتاؤ رکھیے کہ اُن کے اعمال واخلاق میں سے) سرسری (نظر میں جو) برتاؤ (معقول ومناسب معلوم ہو ان) کو قبول کرلیا کیجیے، (ان کی تہ اور حقیقت کو تلاش نہ کیجیے)، اور (جو کام ظاہری نظر میں بھی برا ہو اس میں برتاؤ رکھیے کہ، اس باب میں) نیک کام کی تعلیم کردیا کیجیے، اور (جو اس تعلیم کے بعد بھی براہ جہالت عمل نہ کرے یا نہ مانے، تو ایسے) جاہلوں سے ایک کنارہ ہوجایا کیجیے۔

---

(١)وإذا لم يف العبارة بالغرض سمي إخلالا كقول اليشكري:

والعَيْشُ خَيْرٌ فِي ظِلا		لِ النُّوْقِ مِمَّنْ عَاشَ كَدًّا

بے وقوفی کی حالت میں خوش عیش رہنا اچھا ہے اس عقل مندی کی حالت سے جس میں تنگیٔ معیشت ہو۔

مراده أن العيش الناعم الرغد في حال الحمق والجهل خير من العيش الشاق في حال العقل، لكن عبارته لاتفيد ذلك فيضرب به عرض الحائط. (جواهر البلاغة)

ایجاز: معنیٔ مرادی کو متعارَف عبارت سے کم الفاظ میں تعبیر کرنا (۱)۔

إِيجَازُ القِصَرِ: (وهو مازيدَ فيهِ المعانيُ على الألفاظِ): يكون بتضمينِ العباراتِ القصيرةِ معاني كثيرةً منْ غيرِ حذفٍ، نحو قولهِ تعالىٰ: ﴿وَلَكُمْ فِيْ الْقِصَاصِ حَيٰوةٌ﴾. (جواهر البلاغة: ۱۳۹)

یاد رہے کہ کلامِ عرب میں ایجاز کو حاصل کرنے کے دو طریقے ہیں: ایجازِ قِصر، ایجاز حذف۔

ایجازِ قِصر: وہ ایجاز ہے جس میں الفاظ کی بہ نسبت معانی زیادہ ہوں، اور اس ایجاز میں نہایت مختصر عبارت بلا کسی حذف کے معانیٔ کثیرہ پر مشتمل ہوتی ہے (یعنی: مختصر بلیغ کلام)، جیسے: ﴿وَلَكُمْ فِيْ الْقِصَاصِ حَيٰوةٌ﴾ اور قصاص میں تمھارے لیے بڑی زندگی ہے یعنی قاتل سے قصاص لینے میں عمومی قتل وقتال سے حفاظت کا سامان ہے، یہ دنیوی فائدہ ہے، اور قاتل کا فائدہ یہ ہے کہ اس کے لیے قصاص میں اُخروی حیات بھی مضمر ہے۔

إِيجَازُ الحَذْفِ: يكونُ بحذفِ شيءٍ من العبارةِ لايخلّ بالفهمِ، معَ قرينةٍ تُعيِّن المحذوف، نحو: ﴿وجاهدوا في اللّٰهِ حقَّ جهادهِ﴾[الحج]، أي في سبيل اللّٰهِ. (جواهر البلاغة: ۱۳۹)

---

(۱) فائدہ: اِس ناقص عبارت میں بھی غرضِ متکلم پورے طور پر ادا ہو، جیسے: قِفَا! نبكِ من ذكرىٰ حبيبٍ ومنزلٍ. (اے میرے دونوں ساتھی! ٹھیر جاؤ؛ تاکہ ہم محبوبہ اور اُس کی فرودگاہ کو یاد کرکے رولیں)۔ اِس مثال میں معنیٰ کے مقابلے میں الفاظ کم ہے، اور وہ قفا سے پہلے یاصاحبيّ! کے کلمہ کو حذف کر کے ایجاز کیا گیا ہے؛ مگر اِس سے غرضِ متکلم پوری ہورہی ہے، ہاں! اگر غرضِ متکلم پورے طور پر ادا نہ ہو تو اُسے ''اخلال'' کہتے ہیں، جیسا کہ ماقبل حاشیے سے معلوم ہوا۔

ایجازِ حذف: وہ ایجاز ہے جس میں ایسے کلمہ یا جملے کو حذف کر کے اختصار کیا گیا ہو جو فہمِ معنیٰ میں مُخِل نہ ہو، ایسے قرینہ کو باقی رکھا ہو جو محذوف پر دلالت کرتا ہو، جیسے: ﴿وجاهدوا في اللهِ حقَّ جهادهِ﴾ اور اللہ (کے کام) میں خوب کوشش کیا کرو جیسا کہ اُس میں کوشش کرنے کا حق ہے۔

إيجاز الحذف: هو أنْ يحذفَ من العِبارةِ كلمةٌ، أو جملةٌ، أو أكثرَ مع قرينةٍ تُعيِّنُ المحذوف، نحو: ﴿وَسُئَلِ القَرْيَةَ﴾ (أي واسئلُ أهلَ القريةِ). (٢) قُلتُ لهُ اِجتهدْ، فنَجحَ، (أيُ اِجتهدَ، فنَجحَ). (٣) قوله تعالىٰ: ﴿فَقُلْنَا اذْهَبَا إِلىٰ القَوْمِ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِآيَاتِنَا، فَدَمَّرْنَاهُمْ تَدْمِيْراً﴾ (أي فذهبا، فكذبوهما، فدمَّرناهم تدميراً). (سفينة البلغاء:٧٨)

ایجازِ حذف: وہ ایجاز ہے جس میں عبارت سے کسی ایک کلمہ، جملہ یا جملے سے زائد عبارت کو اِس طور پر حذف کرنا کہ محذوف پر کوئی قرینہ دلالت بھی کرتا ہو۔ تینوں کی مثالیں بالترتیب تعریف میں مذکور ہیں۔

الإطْنَابُ: زيادة اللفظِ على المعنَى لفائدةٍ. /أوْ: هو تأْديةُ المعنىٰ بعبارةٍ زائدةٍ عن متعارفِ الأوساط لفائدة (١) تقويتهِ وتوكيدهِ،

---

(١) فإذالم تكن في الزيادة فائدة يسمىٰ "تطويلا" إن كانت الزيادة غير متعينة، ويسمىٰ "حشوا" إن كانت الزيادة متعينة؛ فالتطويل كقول عدي في خزيمة الأبرش:

وقَدَّدتِ الأَدِيمَ لِراهِشَيْه   وَألفىٰ قَولَها كَذِباً ومَيْنا

فالكذب والمين بمعنىٰ واحد، ولم يتعين الزائد منهما؛ لأن العطف بالواو لايفيد ترتيبا، ولاتعقيبا، ولامعيَّة؛ والحشو كقوله: "صُدَاعُ الرأس"؛ فإن الصداع لايكون إلا في الرأس، فذكر الرأس لافائدة فيه. (جواهر مع حاشيه)

نحو: ﴿ربِّ إني وهنَ العظمُ مني، واشْتَعلَ الرأسُ شيباً﴾ [مريم]، أي كبرتُ. (جواهر البلاغة: ١٤١)

اِطناب: کسی معنیٰ کو تقویت و تاکید کے فائدے کی غرض سے درمیانی طبقے میں متعارَف عبارت سے زائد الفاظ میں تعبیر کرنا، (یعنی حد سے زیادہ تفصیل کرنا)، جیسے: مثالِ مذکور ﴿ربِّ إني وهنَ العظمُ مني، واشتعلَ الرأسُ شيباً﴾، اے میرے پروردگار! میری ہڈیاں کمزور ہوگئی اور سر میں بالوں کی سفیدی پھیل پڑی۔(۱)

المُسَاوَاتُ: هيَ تأْديةُ المعنَى المرادِ بعبارةٍ مساويةٍ لهُ، بأن تكون المعاني بقدرِ الألفاظِ؛ والألفاظُ بقدرِ المعاني، كقولهِ تعالىٰ: ﴿وما تقدِّموا لأنفسِكمُ من خيرٍ تجدُوهُ عندَ اللّٰهِ﴾ [البقرة]. (جواهر البلاغة: ١٤٦)

مساوات: معنیٔ مرادی کو (عبارتِ متعارفہ کے) مساوی عبارت سے ادا کرنا، بہ ایں طور کہ معانی بہ قدرِ الفاظ ہوں، اور الفاظ بہ قدرِ معانی ہوں، جیسے ﴿وماتقدِّموا لأنفسِكمُ من خيرٍ تجدُوهُ عندَ اللّٰهِ﴾ اور جو نیک کام بھی اپنی

---

(۱) فائدہ: یہ زیادتی کسی فائدے کے لیے ہو، جیسا کہ حضرت زکریا علیہ السلام اللہ سے یہ کہنا چاہتے تھے کہ: مَیں بوڑھا ہوگیا ہوں، مجھے ایک لڑکا دیجیے۔ اِس مضمون کو ادا کرنے کے لیے اگر صرف "رب إنِّي كبرتُ" کہہ دیتے تو بھی کام چل جاتا؛ مگر اِس معنیٰ کے مقابلے میں اِس کی ترجمانی کے لیے لائے جانے والے الفاظ زیادہ ہیں: ﴿رب إني وهن العظم مني واشتعل الرأس شيبا ولم أكن بدعائك رب شقيا﴾۔ ہاں! اگر یہ زیادتی بے فائدہ ہے تو زیادتی کے غیر معین ہونے کی صورت میں اس کو "تطویل" کہتے ہیں، اور متعین ہونے کی صورت میں "حشو" کہتے ہیں۔ تفصیل اوپر اطناب کے حاشیے میں ملاحظہ فرمائیں۔

بھلائی کے واسطے جمع کرتے رہو گے حق تعالیٰ کے پاس اُس کو پالو گے۔(۱)

الإیماءُ: باب التاء کے تحت ''تعریض'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

---

(۱) فائدہ: الفاظ بہ قدرِ معانی اور معانی بہ قدرِ الفاظ ہوں، جیسا کہ: ﴿وَإِذَا رَأَيْتَ الَّذِيْنَ يَخُوضُونَ فِي اٰيَاتِنَا فَأَعْرِضْ عَنْهُمْ﴾ اِس آیت میں کُفّار کے آیاتُ اللہ سے استہزاء وعیب جوئی کے وقت اُن سے کِنارہ کَشی کرنے کا حکم ہے، اِس مثال میں الفاظ بہ قدرِ معانی ہیں، نہ کم ہیں نہ زیادہ۔

باب الباء

البَابُ: باب الکاف کے تحت ''کتاب'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

البَاطِل: مَا لَایَکونُ صَحیحاً بأَصْلِهِ.

الفَاسِدُ: مَا یَکونُ صَحیحاً بأَصْلِهِ لا بِوصْفِه. (دستور العلماء ١/٢٦٢)

باطل: وہ چیز جو اصلاً (ذات کے اعتبار سے) ہی صحیح نہ ہو۔ فاسد: وہ چیز جو اصلاً صحیح ہو؛ لیکن وصفاً صحیح نہ ہو۔ اصلِ شئ میں نقصان کو ''بُطلان'' سے، اور وصفِ شئ میں نقصان کو ''فساد'' سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

البُطْلَانُ: (فِيْ العِبادَاتِ) عَدمُ سُقوطِ القَضاءِ بِالفِعْلِ، وَفِيْ عُقودِ المُعامَلاتِ: تَخلُّفُ الأَحكامِ عَنها، وَخُروجُهَا عنْ كَونِها أَسْباباً مُفيْدَةً لِلأَحكامِ، عَلیٰ مُقَابَلةَ الصِّحَّةِ. (دستور العلماء١/٢٨٨)

بُطلان: عبادات کے باطل ہونے کے معنیٰ: عمل کرنے کے باوجود فرمانِ الٰہی کا ساقط نہ ہونا۔

عقد کے باطل ہونے کے معنیٰ: احکامِ عقد کا قول وقرار کے پیچھے رہ جانا، اور عقود کا احکامِ عقد (ملکیت وغیرہ) کو ثابت کرنے والے اسباب ہونے سے نکل جانا۔ (یعنی باوجود قول وقرار کے خرید وفروخت کے احکام نافذ نہ ہوں)۔

بـالـضَّـرُوْرَةِ: باب النون کے تحت ''نظری'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

بالبَداهَةِ: باب النون کے تحت ''نظری'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

البَحْرُ: هو الوزنُ الخاصُّ الذي على مِثالهِ يجري الناظمُ. والبحورُ ستّة عشرَ، وهي: الطويلُ، المديدُ، البسيط، الوافرُ، الكاملُ، الهزَجُ، الرَّجزُ، الرَّمَلُ، السَّريعُ، المنسَرِحُ، الخفيفُ، المُضارِعُ، المُقْتَضَبُ، المُجتَثُّ، المُتقارَبُ، المُتدارَكُ. وجميعُ البحور لاتخرجُ موازينها عنِ التفاعيلِ. (ميزان الذهب)

بحر: ارکانِ تفاعیل کی تکرار سے پیدا ہونے والا وہ خاص وزن ہے جس کے مطابق شاعر اشعار تیار کرتا ہے۔ کُل بحور سولہ ہیں: طویل، مدید، بسیط، وافر، کامل، ہزج، رَجز، رَمل، سریع، منسرح، خفیف، مُضارع، مقتضَب، مُجتث، متقارَب، متدارَک، (مثلاً: مَفَاعِیلُنْ، مَفَاعِیلُنْ، مَفَاعِیلُنْ، مَفَاعِیلُنْ، کی چار بار تکرار سے بحرِ ہزَج سالم پیدا ہوتی ہے)۔

التَّفاعِيل: علمُ العروضِ وأوزانه: هيَ متحرِّكاتٌ، وسكناتٌ متتابعةٌ على وضعٍ معْروفٍ يوزنُ بها، أيُّ بحرٍ من البحورِ المذكورةِ. (ميزان الذهب:٣٣)

تفاعیل: مشہور طرز پر پے در پے آنے والی حرکات وسکنات (اجزاء) ہیں جن سے شعر کو (کسی خاص بحر کے) ہم وزن کیا جاتا ہے۔ اسی کو افاعیل بھی کہتے ہیں۔

التَّفَاعيلُ: التي تَتوَلَّدُ منْ إئتِلافِ الأسْبَابِ مَعَ الأوْتادِ والفَوَاصِلِ عَشُرَةٌ: فَعُولُنْ[//☆/☆]، مَفَاعِيلُنْ[//☆/☆/☆]، مُفَاعَلَتُنْ[//☆///☆]، فَاعِلاتُنْ[/☆//☆/☆]، فَاعِلُنْ[/☆//☆]، فَاعِلاتُنْ

[/☆//☆/☆]، مُسْتَفْعِلُنْ[/☆/☆//☆]، مُتَفَاعِلُنْ[///☆//☆]، مَفْعُوْلَاتُ [/☆/☆/☆/]، مُسْتَفْعِلُنْ[/☆/☆//☆](۱). (میزان الذهب: ۱۳)

تفاعیل: اسباب، اوتاد اور فواصل کی ترکیب سے پیدا ہونے والے اوزان دس ہیں: فَعُوْلُنْ، مَفَاعِيْلُنْ، مُفَاعَلَتُنْ، فَاعِلَاتُنْ، فَاعِلُنْ، مُسْتَفْعِلُنْ، فَاعِلَاتُنْ، مُتَفَاعِلُنْ، مَفْعُوْلَاتُ، مُسْتَفْعِلُنْ۔

ملحوظہ: وزن میں حرکت کو [/] سے تعبیر کیا گیا ہے اور سکون کو [☆] سے تعبیر کیا گیا ہے۔

سبب، وتد اور فاصلہ کی تعریفات باب الواو کے تحت ''وزن شعری'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں، اور شعر کی مزید تفصیل باب الضاد میں ''ضرورتِ شعری'' کے تحت اور باب الواو کے ضمن میں ''وزنِ شعری'' کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

التَّقطِيع: هُوَ فَصلُ أجزَاءِ البَيت عَنْ بَعْضِها -بصَرْف النَّظَر عَنْ مَعَانِيها عِنْدَ عَزْلِها وتَقطِيعِها- عَلى شَكل ألفَاظ تُوَافِق الجُزْء العَروضِي أو التَّفعِيلة التي هِي قِوام البَحر العرُوضِي معَ أخوَاتها. (علم العروض والقافية: ۳)

---

(۱) الفائدةُ الأولىٰ: تَجتَمِعُ الأسبَابُ والأوْتادُ والفَواصِلُ فِيْ جمْلةِ: "لَمْ- أَرَ- عَلىٰ- ظَهْرِ- جَبَلِنْ- سَمَكَتَنْ". (ميزان الذهب: ۱۱)

الفائدة الثانيةُ: اعْلمْ أوَّلًا: أنَّ الحَرْفَ المُشدَّدَ يُحتَسبُ بحَرفيْنِ أوَّلهُمَا سَاكنٌ وثانيهُمَا مُتحرِّكٌ، كمَايُحتَسبُ الحرْفُ المُنوَّنُ بحَرْفينِ أيْضاً: أوَّلهُمَا مُتحرِّكٌ وثانيهُمَا سَاكنٌ، وذلكَ كمَا فيْ كلمَةِ مُحَمَّدٍ، فإنَّكَ تَكتبُهَا هٰكذَا: مُحَمْمَدُنْ[//☆//☆].

وثانياً: تُقابِلُ الحَرَكةُ منْ الشِّعْرِ بالحَرَكةِ منْ المِيزانِ، بصَرْفِ النَّظَرِ عنْ أنْ تَكونَ فَتْحَةٌ مُقابِلةً للكسْرَةِ؛ ويُقابِلُ السُّكونُ بِالسُّكونِ. (حاشية ميزان الذهب: ۲٤)

تقطیع: بیت کے (اصلی معنیٰ سے صرف نظر کرتے ہوئے) اجزاء (سبب، وتِد اور فاصلہ) کو اجزائے عروضی کے مطابق ٹکڑے کرلینا جن پر کسی بحرِ عروضی کی بنیاد ہو(۱)، جیسے: بحرِ طویل اِن تفعیلات (اجزائے عروضی) سے مرکب ہوتا ہے: فَعُولُنْ مَفَاعِيلن فَعُولُنْ مَفَاعِيلُنْ۔ بحرِ طویل ومدید کی تقطیع حسبِ ذیل ہے:

البحور:

الطَّويل	فَعُولُنْ مَفَاعِيلُنْ فَعُولُنْ مَفَاعِيلُنْ	فَعُولُنْ مَفَاعِيلُنْ فَعُولُنْ مَفَاعِيلُنْ
نحو:	سَتُبْدِي لكَ الْأَيّامُ ما كُنْتَ جَاهِلاً	وَيَأْتِيكَ بِالْأَخْبَارِ مَنْ لَمْ تُزَوِّدِ
تقطيعه:	ستبدي، لكل ايبا، مماكن، تجاهلنْ	ويأتي، كبل أخبا، رمن لم، تزوودي
وزنه:	فَعُولُنْ مَفَاعِيلُنْ فَعُولُنْ مَفَاعِلُنْ	فَعُولُنْ مَفَاعِيلُنْ فَعُولُنْ مَفَاعِلُنْ
تقطيع بالرمز:	[☆//☆//،☆/☆//،☆/☆/☆//،☆/☆//]	[☆//☆//،☆/☆//،☆/☆/☆//،☆/☆//]
المَدِيد	فَاعِلَاتُنْ فَاعِلُنْ فَاعِلَاتُنْ فَاعِلُن	فَاعِلَاتُنْ فَاعِلُنْ فَاعِلَاتُنْ فَاعِلُنْ
نحو:	إنما الدنيا بلاء وكدّ	وإكتئاب قد يسوق إكتئا با
تقطيعه:	إننمددن، يابلا، ؤن وكددن	وكتئابن، قد يسو، قكتئابا
وزنه:	فاعلاتن فاعلن فاعلاتن	فاعلاتن فاعلن فاعلاتن
رمزه:	[☆/☆//☆/ ،☆//☆/ ،☆/☆//☆/]	[☆/☆//☆/ ،☆//☆/ ،☆/☆//☆/]

---

(۱) تقطیع: لغوی معنیٰ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ اصطلاحی معنیٰ: بحر کے ارکان پر شعر کے اجزاء کو وزن کرنا، اِس طرح کہ متحرک کے مقابلے میں متحرک اور ساکن کے مقابلے میں ساکن ہو، جیسے: سَتُبْدِيْ فُعُوْلُنْ، وَمَاظَهِرِيْ مَفَاعِيلُنْ.

بحر جن اجزا سے بنتی ہے اُن کو تفاعیل، افاعیل، ارکان اور اَجزاء کہتے ہیں، اور ہر ایک جزء کو "رُکن" کہتے ہیں۔

ملاحظہ: یہ تحریر بہ طورِ نمونہ ہے، تفصیل کتبِ فن میں ملاحظہ فرمائیں۔

البسيط	مُسْتَفْعِلُنْ فَاعِلُنْ مُسْتَفْعِلُنْ فَاعِلُنْ		مُسْتَفْعِلُنْ فَاعِلُنْ مُسْتَفْعِلُنْ فَاعِلُنْ
الوافر	مُفَاعَلَتُنْ مُفَاعَلَتُنْ مُفَاعَلَتُنْ		مُفَاعَلَتُنْ مُفَاعَلَتُنْ مُفَاعَلَتُنْ
الكامل	مُتَفَاعِلُنْ مُتَفَاعِلُنْ مُتَفَاعِلُنْ		مُتَفَاعِلُنْ مُتَفَاعِلُنْ مُتَفَاعِلُنْ
الهَزَج	مَفَاعِيْلُنْ مَفَاعِيْلُنْ مَفَاعِيْلُنْ		مَفَاعِيْلُنْ مَفَاعِيْلُنْ مَفَاعِيْلُنْ
الرَّجز	مُسْتَفْعِلُنْ مُسْتَفْعِلُنْ مُسْتَفْعِلُنْ		مُسْتَفْعِلُنْ مُسْتَفْعِلُنْ مُسْتَفْعِلُنْ
الرَّمل	فَاعِلاَتُنْ فَاعِلاَتُنْ فَاعِلاَتُنْ		فَاعِلاَتُنْ فَاعِلاَتُنْ فَاعِلاَتُنْ
السَّريعُ	مُسْتَفْعِلُنْ مُسْتَفْعِلُنْ مَفْعُوْلاَتُ		مُسْتَفْعِلُنْ مُسْتَفْعِلُنْ مَفْعُوْلاَتُ
المنْسَرِحُ	مُسْتَفْعِلُنْ مَفْعُوْلاَتُ مُسْتَفْعِلُنْ		مُسْتَفْعِلُنْ مَفْعُوْلاَتُ مُسْتَفْعِلُنْ
الخفيف	فَاعِلاتُنْ مُسْتَفْعِلُنْ فَاعِلاتُنْ		فَاعِلاَتُنْ مُسْتَفْعِلُنْ فَاعِلاَتُنْ
المُضارع	مَفَاعِيْلُنْ فَاعِلاَتُنْ مَفَاعِيْلُنْ		مَفَاعِيْلُنْ فَاعِلاَتُنْ مَفَاعِيْلُنْ
المقتَضَب	مَفْعُوْلاَتُ مُسْتَفْعِلُنْ مُسْتَفْعِلُنْ		مَفْعُوْلاَتُ مُسْتَفْعِلُنْ مُسْتَفْعِلُنْ
المجتَثُّ	مُسْتَفْعِلُنْ فَاعِلاَتُنْ فَاعِلاَتُنْ		مُسْتَفْعِلُنْ فَاعِلاَتُنْ فَاعِلاَتُنْ
المُتقارَب	فَعُوْلُنْ فَعُوْلُنْ فَعُوْلُنْ فَعُوْلُنْ		فَعُوْلُنْ فَعُوْلُنْ فَعُوْلُنْ فَعُوْلُنْ
المُتَدارَك	فَاعِلُنْ فَاعِلُنْ فَاعِلُنْ فَاعِلُنْ		فَاعِلُنْ فَاعِلُنْ فَاعِلُنْ فَاعِلُنْ (١)

(ميزان الذهب في صناعة شعر العرب: ٣٥)

---

(١) قد نظم أوزان البحور الستة عشر صفي الدين الحِليّ:

- الطويل:

طـويـلٌ لَـه دُون البحُورِ فضائلُ		فَـعُـولُن مفاعيلن فعولن مفاعلُ

=

=عروضهُ: مفاعِلن [//☆//☆]، وضروبها ثلاثةٌ: مفاعيلن [//☆/☆/☆]، ومفاعلن [//☆//☆]، وفعولنُ [//☆/☆].

- المديد:

لِمدِيدِ الشِّعر عِندي صِفاتُ		فاعلاَتُنُ فاعِلُن فاعلاتُ

لهُ عروضتان مشهورتان: الأولى: فاعِلن [/☆//☆]، ولها ضربان: فاعلانُ [/☆//☆☆]، وفاعِلنُ [/☆//☆]. الثانية: فاعلن [/☆//☆]، ولها ضربان: فَعُلُنُ [/☆/☆]، وفَعلُن [///☆]، وهٰذا البحرُ قليلُ الاستعمال.

- البسيط

إنَّ البسيط لدَيه يُبسَطُ الأملُ		مُستعلن فاعلن مُستفعلن فَعِلُ

لهُ عروضان: الأولى: فَعلُن، ولها ضربان: فَعُلن [/☆/☆]، وفعِلن [///☆].

الثانيةُ: مجزوءة مستفعلن [/☆/☆//☆]، ولها ثلاثةُ ضروب: مستفعلانُ [/☆/☆//☆☆]، ومستفعلن [/☆/☆//☆]، مفعولن [/☆/☆/☆].

- الوافر:

بُحور الشِّعرِ وافرُها جميلُ		مُفاعَلتُن مُفَاعَلتُن فعولُ

لهُ عروضتان: الأولى: فعولن [//☆/☆]. الثانيةُ: مجزوءة: مفاعَلَتُن [//☆///☆] يشبهها الضرُبُ.

- الكامل:

كملَ الجمال منَ البُحورِ الكاملُ		مُتَفاعِلنُ مُتَفَاعِلن مُتفاعِلُ

لهُ ثلاثُ أعاريضَ: الأولى: مُتَفَاعلن [///☆//☆]، لها ثلاثةُ ضروبٍ: مُتُفاعِلن [/☆/☆//☆]، ومُتُفَاعِلُ [/☆/☆/☆]، وفَعِلن [///☆]. الثانية: فعِلُن [///☆]، ولها ضربان: فَعِلُن [///☆]، فعِلُن [///☆]. الثالثة مجزوءة: مُتَفَاعلن [///☆//☆]،ولها ثلاثةُ ضروبٍ: مُتَفاعِلاتُن [///☆//☆/☆]، ومُتَفاعِلان [///☆//☆☆]، ومُتَفاعِلن [///☆//☆]. =

……

=

- الهَزَج:

علـــى الأهُـــزَاجِ تَسْهيـلُ		مــفَــاعِيــلــن مــفَــاعِيــلُ

لهُ عرُوضةٌ مجزُوءةٌ: مفاعيلن [//☆/☆/☆]، وضربُها مثلُها.

- الرَّجز:

فـي أبـحُرِ الأرُجازِ بَحُرٌ يسُهُلُ		مُسْتَـفُعِلُن مستَفعِلُن مسُتَفعِلُنُ

لـهُ عـروضتان: الأُولى: مستَـفُـعِـلـن [/☆/☆//☆]، ولهـا ضربانِ: مستفعلن، ومفعولن [/☆/☆/☆]. والثانيةُ مجزوءةٌ: مستفُعلن [/☆/☆//☆]، وضربُها مثلُها.

- الرَّمَل:

رَمَـلُ الأَبـُحُــرِ تـرُويـهِ الثِّقـاتُ		فَــاعـلاتُن فـاعلاَتُن فـاعِلاَتُ

لــهُ عَــرُضتــانِ: الأولــى: فــاعـلـن [/☆//☆]، وضــروبهـا ثلاثةٌ: فـاعلاتن [/☆//☆/☆]، وفــاعــلان [/☆//☆☆]، وفــاعــلـن [/☆//☆]. والثـانيةُ مجـزوءةٌ: فـاعـلاتـن [/☆//☆/☆]، ولهـا ثـلاثةُ ضروبٍ: فاعلاتان [/☆//☆/☆☆]، فاعلاتن [/☆//☆/☆]، وفاعلن [/☆//☆].

- السَّريع:

بَـحُــرٌ ســريـعٌ مـا لَـهُ سـاحِلُ		مُستـفُـعـلـن مُستَـفـعلن فاعِلُ

لـــه عــروضتـــان: الأولـــى: فـاعـلـن [/☆//☆]، وضـروبهـا ثـلاثةٌ: فـاعِلاَن [/☆//☆☆]، وفـاعـلـن [/☆//☆]، وفـعُـلـنُ [/☆/☆] ولها ضربان: فَعِلن [///☆]، فعْلنُ [/☆/☆].

- المُنُسَرِح:

مُنســرِحٌ فيــهِ يُـضـرَبُ المَثَلُ		مستـفـعـلـن مـفعولاتُ مُفُتَعِلُ

عروضه: مفُتعِلن [/☆///☆]، ولها ضربٌ مثلُها.

- الخفيف:

يـا خَـفِيـفاً خَفَّتْ به الحَرَكَاتُ		فـاعلاَتُـن مُسُتـفعِ لن فاعِلاَتُ

بعض حضرات نے مزید تین بحور کا اضافہ بھی کیا ہے:

القريب	مَفَاعِيْلُنْ مَفَاعِيْلُنْ فَاعِلاَتُنْ		مَفَاعِيْلُنْ مَفَاعِيْلُنْ فَاعِلاَتُنْ
المشاكل	فَاعِلاَتُنْ مَفَاعِيْلُنْ مَفَاعِيْلُنْ		فَاعِلاَتُنْ مَفَاعِيْلُنْ مَفَاعِيْلُنْ
الجديد	فَاعِلاَتُنْ فَاعِلاَتُنْ مُسْتَفْعِلُنْ		فَاعِلاَتُنْ فَاعِلاَتُنْ مُسْتَفْعِلُنْ

البَدِيْهِي: باب النون کے تحت ''نظری'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

بَرَاعَةُ الاسْتِهْلاَلِ: هي أن يُشيرَ المصنفُ في ابتداءِ تأليفِهِ قبلَ الشروعِ في المسائِلِ بعِبارَةٍ تدلُّ على المرتَّبِ عليهِ إجمالاً.

(كتاب التعريفات: ٤٧)

= لهُ عَرُوضتانِ: الأولى: فاعلاتن [/☆//☆/☆]، وضربها مثلُها...... والثانيةُ: فاعلن [/☆//☆]، ولها ضرب يشبِهُها.

- المُضارِع:

تُعَدُّ المُضارِعَاتُ		مفاعيلٌ فاعِ لاتُ

له عروضة واحدة مجزوءةٌ: فاعلاتُنْ [/☆//☆/☆]، ولها ضرب واحد مثلها.

- المُقتَضَب:

اقتَضِبْ كما سَأَلُوا		فاعِلاتُ مفتَعِلُ

له عروضة واحدة مجزوءةٌ: مفْتَعِلن [/☆///☆]، ولها ضرب واحد مثلها.

- المُجتَثّ:

إن جُثَّتِ الحرَكَاتُ		مستفعلن فاعلاتُ

له عروضة واحدة مجزوءةٌ: فاعلاتن [/☆//☆/☆]، وضربها مثلها، (وهٰذه البحور الثلاثة نادرة جدا).

- المُتقَارب:

عَنِ المُتقارَبِ قالَ الخليلُ:		فعولن فعولن فعولن فعولُ

براعتِ استہلال: مصنف کا ابتدائے کتاب میں مقصود سے پہلے ایسے الفاظ کو ذکر کرنا جو سرسری طور پر اصل مضمون کی طرف راہ نمائی کریں۔ (جیسے: ''علم الصیغہ'' کے مصنف نے خطبہ تحریر فرماتے ہوئے لکھا ہے: الحَمْدُ للّٰهِ الذِيْ بِيَدِه "تَصرِيْفُ" الأحْوَال، و"تَخفِيْف" الأثْقَال؛ وَالصَّلاةُ وَالسَّلامُ عَلىٰ سَيِّد الهَادِيْن إلىٰ مَحَاسِن "الأفْعَال"، وَعَلىٰ آلِهِ وَصَحْبِه "المُضَارِعِيْن" لهٗ فِيْ "الصِّفَات" والأعْمَال.)

البُرْهَانُ: هو القِياسُ المؤلّف من اليقينيّاتِ، سواءٌ كانتْ ابتداءً، وهي الضروريات؛ أوْ بواسطةٍ، وهي النظريّات. (كتاب التعريفات: ٣٤)

برہان: وہ قِیاس ہے جو بلا واسطہ یا بالواسطہ مقدماتِ یقینیہ سے مرکب ہو، اول مقدمات کو ''بدیہیات'' اور ثانی کو ''نظریات'' کہتے ہیں، (جیسے: محمد ﷺ اللہ کے رسول ہے، اور ہر اللہ کا رسول واجب الاطاعت ہے؛ تو نتیجہ یہ نکلا کہ: محمد ﷺ واجب الاطاعت ہے)۔ مزید تفصیل باب الصاد میں ''صناعاتِ خمسہ'' اور باب المیم کے تحت ''مقدمات یقینیہ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

البسيط والمُرَكَّبُ: مَا تَألَّفَ منُ الجُزئَينِ، أوالأَجزاءِ،

= لـه عروضتان: الأولى: فَعولن [//☆/☆]، وضروبها ثلاثةٌ: فُعولن [//☆/☆]، وفَعُولُ [//☆☆]، وفعَلُ [//☆]. والثانيةُ مجزوء ة: فَعلُ، وضربُها مثلُها.

- المُتَدَارَك: (ويُسَمَّى المُحدَث)

حَركَاتُ المُحدَثِ تَنْتَقِل		فَعِلُن فعلُن فعلُن فعل

وله عروضان: الأولى: فَعِلن [///☆]، أوُ فاعِلن [/☆//☆]، وضربُها مثلها. الثانيةُ مجزوءة: فاعِلن [/☆//☆]، او فَعْلُن [/☆/☆]، وضربها مثلها. (ميزان الذهب: ١١٨)

ضدُّ البَسيطِ الذيْ بِمعنىٰ ما لا جُزءَ لهٗ. (دستور۳/ ۲۷۶)

مرکب: (مقابلِ بسیط) وہ جسم ہے جو دو یا چند اجزاء سے مرکب ہو۔

بسیط: وہ شئ ہے جس کا کوئی جُزو نہ ہو۔

بشَرْطِ الشَّيْءِ: بشرطِ لا شيءٍ اور لا بشرطِ شيءٍ؛ باب الالف کے تحت ''اعتباراتِ ثلاثہ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

البَصَرُ: باب الحاء کے تحت ''حاسہ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

البُطْلانُ: باب الباء کے تحت ''باطل'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

بنَفْسِهِ: باب الفاء کے تحت ''فی البدیہہ'' کے حاشیے میں ملاحظہ فرمائیں۔

بَيانُ الحَالِ: هو الذي يكونُ بدلالةِ حالِ المتكلِّم، كالسكوتِ في مَعرضِ البيانِ. (التعريفات الفقهية: ٤٧)

بیانِ حال: وہ بیان ہے جو متکلم کی دلالت حال سے واضح ہو، جیسے بیان کے موقع پر سکوت اختیار کرنا اور یہ قاعدہ ہے کہ: السكوتُ في محلِّ البيانِ بيانٌ، جیسے: آپ ﷺ کے زمانے میں لوگ عقد مضاربت کرتے تھے، اور آقا ﷺ نے اس پر سکوت فرمایا، یہ عقد مضاربت کے جواز کی دلیل ہے)۔

البَيْتُ، البيتُ المقفى: باب الشین کے تحت ''شعر'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

باب التاء

التَّألِيفُ: هو جعلُ الأشياءِ الكثيرةِ بحيثُ يُطلقُ عليها اسمُ الواحدِ، سواءٌ كان لبعضِ أجزائِه نسبةٌ إلَى البعضِ بالتقدُّمِ والتأخُّرِ أم لَا.
(كتاب التعريفات: ٥٢)

تالیف: مختلف مضامین کو بہ ایں طور ترتیب دینا کہ تمام پر کسی ایک نام کا اطلاق کیا جاسکے، چاہے وہ مضامین آپس میں باعتبار تقدُّم وتأخُّر کے مربوط ہوں یا نہ ہوں۔

التَّأوِيلُ: (في الشرعِ) صرفُ اللفظِ عنْ معناهُ الظَاهرِ إلىٰ معنىً يحتملُهُ، إذا كانَ المحتمَلُ الذي يراه مُوافقاً بالكتاب والسنةِ، مثلُ قولِهِ تعالىٰ ﴿يُخرِجُ الحَيَّ مِنَ المَيِّتِ﴾.(١) (كتاب التعريفات :٥٢)

تاویل: لفظ کو اُس کے معنیٰ ظاہر سے معنیٰ محتمل کی طرف پلٹ دینا، بہ شرطے کہ وہ گمان کردہ معنیٰ محتمل کتاب وسنت کے موافق ہو، جیسے: باری تعالیٰ کا فرمان: ﴿يُخرِجُ الحَيَّ مِنَ المَيِّتِ﴾، وہ جان دار کو مردہ یعنی بے جان سے

---

(١) الملاحظه: قيل: التأويل مرادف التفسير، وقيل: هو الظن بالمراد، والتفسير القطع به؛ فاللفظ المجمل إذا لحقه البيان بدليل ظني كخبر الواحد يسمىٰ مؤوَّلا، وإذا لحقه البيان بدليل قطعي يسمىٰ مفسرا؛ وقيل: هو أخص من التفسير. (كشاف ١/ ١١٩)

نکال لاتا ہے، جیسے پرند کو انڈے سے نکالتا ہے۔

تَحْرِيفُ الكَلامِ: تغييرُهٗ عن مواضعِه. قالَ السيِّدُ: هوَ تغيِيرُ اللفظِ دونَ المعنىٰ. قال الراغبُ: هُوَ أنْ تجعلَهٗ علىٰ حرفٍ من الاحتمالاتِ يُمكِنُ حملُه على الوجهينِ، كما حرَّفُوا النصارىٰ قوله في الإنجيل: "عيسىٰ نَبِيٌّ وأنا ولَّدتُه" فجعلوا الأول "بني" وخفَّفُوا اللام في الثاني. (التعريفات الفقهية: ۵۲، خصائل نبوي)

تحریفِ کلام: کلام کو ردّ و بدل کرکے اصل سے ہٹانا۔ بہ قول علامہ جرجانیؒ: معنیٰ میں تبدیلی کیے بغیر لفظ کو بدلنا۔ بہ قول امام راغب اَصفہانیؒ: لفظ کے احتمالات میں سے کسی ایک احتمال (جانبِ معنیٰ) کو معیَّن کرلینا جس کو دو صورتوں پر محمول کرنا ممکن ہو، جیسے نصاریٰ نے عیسیٰ علیہ السلام کے بارے میں باری تعالیٰ کے فرمان میں تحریف کردی ہے، کہ "نبی" کے بہ جائے "بنی" کردیا، "ولَّدتُه" کے بہ جائے "ولَدتُه" کردیا۔

ملحوظہ: تأویل وتحریف کا فرق: جو صَرف عنِ الظَّاہِر بہ ضرورتِ صارف قطعی ہو اور موافق قواعدِ عربیہ وشرعیہ ہو وہ تاویل ہے؛ ورنہ تحریف۔ (تحفۃ العلماء ۲/۲۱۰)

التَّبايُنُ: باب النون کے تحت "نِسبِ اربعہ" کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

التَّجرِبِيَّاتُ: باب المیم کے تحت "مقدمات یقینیہ" کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

التَّحَدِّي: طَلبُ المُعارَضةِ عَلىٰ شَاهدِ دَعواهُ. (دستور العلماء ۱/۳۱۹)

تحدّی: مُدّعی کا اپنے دعوے پر پیش کردہ دلیل کے خلاف- خصم سے- دلیل کا مطالبہ کرنا، (جیسے: باری تعالیٰ نے مشرکین سے بہ طور تحدی فرمایا: ﴿وَإِنْ كُنتُمْ فِيْ رَيْبٍ مِّمَّا نَزَّلْنَا عَلىٰ عَبْدِنَا فَأْتُوْا بِسُوْرَةٍ مِن مِّثْلِه﴾ اور اگر تم لوگ کچھ خلجان میں ہو اس کتاب کی نسبت جو ہم نے نازل فرمائی ہے اپنے بندۂ خاص پر تو اچھا پھر تم بنالاؤ ایک محدود ٹکڑا جو اس کا ہم پلہ ہو)۔

التَّحرِيرُ: فِيْ اللُّغةِ: اِكتِتَابُ مَا لَيسَ فِيهِ حَشوٌ وَزِيادَةٌ. وَفِي العُرفِ: تخلِيةُ الكلامِ عن الحَشوِ وَالتَّطوِيلِ. (دستور العلماء۱/۳۱۸)

تحریر: لغوی معنیٰ ایسے مضمون کو لکھوانا جس میں حشو وزِیادت نہ ہو۔

اصطلاحی معنیٰ: کلام کو فضول طُول دینے والی باتوں سے خالی کرنا، (جیسے صاحب ''تہذیب المنطق'' نے اپنے رسالے کے بابت "في تحرير المنطق والكلام" کہا ہے نہ کہ "في تقرير المنطق والكلام" اور اشارہ کیا ہے کہ میری یہ کتاب حشو وزوائد سے خالی ہے)۔ حشو وزیادت کی تفصیل باب الالف کے تحت ''ایجاز'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

تَحرِيفُ الكَلامِ: اِسی باب کے تحت ''تاویل'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

التَّحقِيقُ: إثباتُ المسئلَةِ بدليلِها. (كتاب التعريفات:۵۵)

تحقیق: مسئلے کو دلیل کے ذریعے پختہ واضح کرنا، (یعنی پختہ ومدلّل کلام)۔

التَّخرِيجُ: (هوَ عندَ النُّحاةِ) إيجادُ وَجهٍ مُناسِبٍ للمَسئلَةِ، أَوْ تَعلِيلٍ يُخرجُها مِمَّا فِيهَا مِنْ إِشْكالٍ. (موسوعة:۲۲۱)

تخریج: (نحاۃ کے نزدیک)، تخریجِ مسئلہ: مسئلے کی ایسی مناسب دلیل یا حجت بیان کرنا جو مسئلے پر وارد ہونے والے اشکال کو ختم کردے۔ (مسئلے کو وارد ہونے والے اشکال سے الگ کردے)۔

التَّخرِيجُ: (عند الفقهاء) استنباطُ أحكامِ الواقعاتِ التي لمْ يُعرفْ لأئمّةِ المذهبِ آراءٌ فيها، وذلكَ بالبناء على الأصولِ العامّةِ التي بُني عليها الاستنباط في المذهبِ. (الخلاصة البهيّة في مذهب الحنفية: ۳۹)

كما قال أبوالبركات في امرأة مطلقة الثلاث: وَلَوْ أَخْبَرَتْ مُطَلَّقَة الثَّلاث بِمُضِيِّ عِدَّتِه (أيْ عِدَّة الزَّوج الأوَّل وعِدَّة الزَّوج الثَّانِي)، وَالمُدَّة تَحْتَمِلُه؛ لهُ (أيْ للزَّوج الأوَّل) أنْ يُصَدِّقَها إنْ غَلَب عَلىٰ ظَنِّه صِدْقُها. (كنز الدقائق ص: ۱۳۳)

تخریج: (فُقَہا کے نزدیک) اُن احوال وواردات کے احکام کا استخراج کرنا جن کی بابت ائمۂ مذہب کی کوئی تحقیق معلوم نہ ہو۔

جیسے: جب زید کی مطلقہ ثلاثہ نے عمر سے نکاح کیا پھر عمر نے اس کو طلاق دے دی، اور اب یہ عورت دعوی کر رہی ہے کہ: دونوں شوہروں سے میری عدت ختم ہوچکی ہے، اور مدت بھی اتنی ہے کہ اس میں دونوں عدتیں ختم ہوسکتی ہیں، اس سے زوج اول کو عورت کی سچائی کا ظن غالب ہوگیا، تو شوہر کے لیے جائز ہے کہ عورت کی تصدیق کرلے۔ رہی یہ بات کہ کم از کم وہ مدت جس میں دونوں عدتیں ختم ہوسکتی ہو، وہ کتنی ہے؟ حضرت امام ابوحنیفہؒ نے دو مہینہ کی مدت بیان کی ہے؛ لیکن اس کی تخریج میں امام محمد اور حسن بن زیادؒ مختلف ہوگئے ہیں: امام محمد کی تخریج یہ

ہے کہ، شوہر نے اول طہر میں طلاق دی ہو اور پندرہ دن طہر، پانچ دن حیض، پھر ۱۵/ دن طہر ۵/ دن حیض، پھر ۱۵/ دن طہر ۵/ دن حیض؛ کل مدت دو مہینے ہوگی۔ جب کہ حسن بن زیاد کی تخریج یہ ہے کہ: شوہر نے آخر طہر میں طلاق دی ہو، اس کے بعد دس دن حیض، ۱۵/ دن طہر، پھر دس دن حیض ۱۵/ دن طہر، پھر دس دن حیض کی تکمیل سے دو مہینے مکمل ہوں گے۔

ملاحظہ: جزئیات کے احکام کا استنباط واستخراج اُن اصولوں پر مبنی ہوگا جن پر مذہب کی بنیاد ہے۔

تَخْرِيجُ الحَدِيثِ: هوَ علمٌ يَبحثُ في أصولٍ ومناهجَ تَيسَّر مَعرفتُها، أو تَضمَّنَ الوُصولُ إلى أمَاكنِ الحَديثِ ومُتابعتِه وشَواهِدِه فيُ مَصادرِه الأصليَّةِ، أوُ شِبهِ الأصليةِ أوُ غيرِ الأصليَّةِ؛ وإلى درجَةِ الحَديثِ منُ حَيثُ القَبولِ والرَّدِّ. (تخريج الحديث نشأته ومنهجته، بحوالہ حدیث اور فہم حدیث: ۲۶۸)

فنِّ تخریجِ حدیث: اُن اصول وقواعد سے بحث کرنا ہے جن کی واقفیت مطلوبہ حدیث تک اور اُس کے متابعات وشواہد تک رَسائی کو آسان بناتی ہے، خواہ وہ حدیث کے اصلی مصادر (مثلاً صحاح ستہ) میں ہوں یا شبہِ اصلی (مثلاً تفسیر القرآن لابن کثیر) یا غیر اصلی (مثلاً مشکاۃ المصابیح) میں ہو؛ اور اُن اصول وقواعد سے بھی بحث کرنا ہے جن کی پاسداری سے حدیث کا مقبول یا غیر مقبول ہونا جانا جاتا ہے۔

ملاحظہ: مصدر اصلی، شبہ اصلی اور مصدر غیر اصلی کی وضاحت کے لیے ''حدیث اور فہم حدیث'' ص: ۳۶۸ کا مطالعہ فرمائیں۔

التَّخصِيصُ: عندَ النُّحاةِ عِبارةٌ عنِ تقليلِ الاشتراكِ الحاصِلِ في النَّكراتِ، نحوُ: رجلٌ عالِمٌ. (كتاب التعريفات ص:٥٦)

تخصیص: اسمائے نکرہ میں پائے جانے والے اشتراک کو کم کرنا، جیسے: عالم آدمی۔

التَّخْصِيصُ بعدَ التَّعْمِيمِ: تفصیل باب الذال کے تحت ''ذکر الخاص بعد العام'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

التَّخَلُّصُ: باب الشین کے تحت ''شعر'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

التَّخْيِيلُ: هو عبارة عن حصول صورةِ القضيّةِ في الذِّهنِ منْ غيرِ ترَدُّدٍ وتجويزٍ(١). (تذهيب التهذيب حاشيه شرح تهذيب)

تخییل: ذہن میں کسی نسبتِ خبری (جملۂ خبریہ کی نسبت) کا ایسا تصور آنا کہ ذہن اُس نسبت کے بارے میں نہ ہی نفی واثبات کے درمیان دائر ہو، اور نہ تو کسی ایک نسبت کے پائے جانے کا فیصلہ کرتا ہو، (ابتداءً ذہن میں آنے والا خیال)۔ تخییل، شک اور وہم کی مثال وہم کے بعد آرہی ہے۔

الشَّكُّ: هو إدراكُ النِّسبةِ معَ تردُّدٍ، فيها تجويزُ الجانبينِ على السواءِ. (أيضاً)

---

(١) المُلاحَظة: الإدْرَاك أربَعَة:

إحْسَاس: وَهوَ إدراك النَّفس بوَاسِطة إحْدَى الحَواسِّ الخَمْس الظاهِرَة. وَتخْيِيل: وَهوَ إدرَاك النَّفُس بوَاسِطَة الحِسِّ المُشْتَرَك. وَتوَهُّم: وَهوَ إدرَاك النَّفْس بوَاسِطَة الوَهْم. وَتعَقُّل: وَهوَ إدرَاك النَّفُس بوَاسِطَة القُوَّة العَاقِلَة. الفَائِدَة: قَد يُرَاد بالإدرَاك إحَاطَة الشَّيءِ بكَمَالِه.

(دستور ١، ٤٨)

شک: نسبتِ خبری کا وہ علم جس میں ذہن نفی واثبات میں دائر ہو، یعنی دونوں پہلو برابر ہوں (کہ ذہن کسی ایک کا فیصلہ نہ کر پائے)۔

الوَهُمُ : تصوُّر النسبةِ معَ رجحان جانبِ مخالفِها، فهوَ الإدراكُ المرجوحُ. (أيضاً)

وہم: نسبتِ خبری میں جانبِ راجح کے بالمقابل دل میں آنے والا (مرجوح) خیال اور احتمال۔

ملاحظہ: الحاصل! تردُّد کے بغیر صرف حصولِ صورۃ فی الذہن ہو تو ”تخییل“ ہے، حصولِ صورۃ کے بعد اگر تردُّد واقع ہو اور جانبین مساوی ہو تو وہ ”شک“ ہے، اور اگر مساوی نہ ہو تو جانبِ راجح کو ”ظن غالب“ اور مرجوح کو ”وہم“ کہتے ہیں، جیسے: احمد کے حاجی ہونے کے بارے میں محض خیال آیا، یہ ”تخییل“ ہے، پھر ذہن اُس کے حاجی ہونے اور حاجی نہ ہونے کے بارے میں متردد ہو گیا یہ ”شک“ ہے، اس کے بعد کسی قرینے سے اُس کے حاجی ہونے کی جہت راجح ہو گئی تو وہ ”ظن غالب“ ہے، اور حاجی نہ ہونے کی جہت ”وہم“ کہلائے گی۔

التَّدَاخُلُ : عبارةٌ عنْ دخُولِ شيءٍ فيْ شيءٍ آخرَ بلازِيادةِ حجمٍ ومِقْدارٍ. (كتاب التعريفات: ٤٠ب)

تداخل: ایک شئ کا دوسری میں مل کر ایسا جذب ہونا کہ دونوں اشارۂ حِسّیہ میں بھی متحد ہو جائیں اور حجم میں بھی، (یعنی دونوں کی مجموعی جسامت وہی رہے جو ایک کی تھی)۔

الحُلُوْلُ : هوَ اِختصاصُ شيءٍ بشيءٍ بحَيثُ تكونُ الإشَارةُ

إلىٰ أحَدهمَا عينَ الإشَارةِ إلَى الآخَرِ. (كشاف اصطلاحات الفنون١/٤٧٧)

حلول: دو چیزوں میں ایسی خصوصیت کا ہونا کہ کسی ایک کی طرف اشارہ کرنا بعینہٖ دوسرے کی طرف اشارہ کرنا ہو، (جن میں سے ایک دوسری کے لیے صفت بن سکے، جیسے سیاہی کو کپڑے کے ساتھ ایسی خصوصیت ہے کہ جس کی وجہ سے سیاہی کو صفت بنا کر یوں کہہ سکتے ہیں کہ: سیاہ کپڑا۔

حلول کی دو قسمیں ہیں: حلول طریانی، حلول سریانی؛ تفصیل ''معین الفلسفہ'' میں ملاحظہ فرمائیں۔

التَّدقِيقُ: فِي اللُّغةِ: باریک نمودن، وَفِي الاصطلاحِ: إثبَاتُ المَسئَلةِ بدَليلٍ دَقيقٍ يَصِلُ النَّاظرُ إليهِ بدِقَّةِ النظرِ لِدقةِ طريقه، ولِاحتياجِهِ إلىٰ دَليلٍ آخرَ. (دستور العلماء١/٣٢٥)

تدقیق: لغوی معنیٰ: باریک بینی، اصطلاحی معنیٰ: مسئلے کو کسی ایسی دقیق دلیل سے ثابت کرنا جہاں تک ناظر (دلیل پیش کرنے والا) کی رَسائی دِقّتِ نظر (باریک بینی) سے ہوئی ہو؛ چاہے وہ دقت طریقۂ استدلال کے دَقیق ہونے کی وجہ سے ہو یا اَور دوسری دلیل کے محتاج ہونے کی بنا پر ہو۔

التَّرَادُفُ: فِي اللُّغةِ: رُكوبُ أَحدِ الشَّخصَينِ خَلفَ الآخرِ. وَفِي الاصطلاحِ: تَكثُّرُ اللَّفظِ مَعَ اتِّحادِ المَعنَى المَوضُوعِ لهُ فَكأَنَّ اللَّفظَينِ راكِبانِ، أحدُهمَا خَلفَ الآخرِ عَلىٰ مَرُكبٍ وَاحدٍ، وهوَ المعنىٰ. (دستور العلماء١/٣٣١)

ترادُف: لغوی معنیٰ: ایک کا دوسرے کے پیچھے سوار ہونا۔ اصطلاحی معنیٰ:

معنئ موضوع لہ کے ایک ہوتے ہوئے الفاظ کا زیادہ ہونا، گویا دونوں لفظ ایک ہی سواری پر یکے بعد دیگرے سوار ہیں۔

التَّرْجَمَةُ: باب العین کے تحت ''عبارت'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

تَـرْجَـمَةُ البَـابِ: باب العین کے تحت ''عبارت'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

التَّـرْجِيحُ بلا مُرجِّح: فضل أحد المثلين على الآخر بنفسه بلا مرجح. (دستور العلماء۱/۱۹۸)

ترجیح بلا مرجح: دو ہم پلّہ چیزوں میں سے ایک کو بِلا مرجّح (دلیل وقرینہ) دوسرے پر فوقیت دینا، یعنی بِلا وجہ فوقیت دینا۔

التَّـرَضِّي والتَّـرَحُّم: یعنی رَضِيَ اللّٰہُ عَنہُ، وَرَحِمَہُ اللّٰہُ، گفتن؛

وَفِي الأذكارِ للإمامِ النوَوِيؒ: وَيَستحِبُ التَّرضِّيُ والتَّرحُّمُ عَلَى الصَّحابةِ وَالتَّابِعِينَ –رَضِي اللّٰهُ تَعالىٰ عَنهمُ–، فمَنْ بَعدَهمْ منُ العُلماءِ والعُبَّادِ وسائِرِ الأَخيارِ؛ فيُقالُ: رَضيَ اللّٰهُ ، أَوْ رَحمَهُ اللّٰهُ، أَوْ نَحوُ ذالكَ.

وَأَمَّا مَا قالَهُ بَعضُ العُلَماءِ إِنّ قَولهُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهُ، مَخصُوصٌ بالصَّحابةِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنهمْ؛ وَيُقالُ فيُ غَيرِهمْ: رَحِمَهُ اللّٰهُ فقطُ، فَلَيسَ كما قالَ! وَلا يُوافِقُ عَليهِ؛ بل الصَّحيحُ الذيُ عَليهِ الجُمهورُ اِستِحبابُه، ودلائلُهُ اكثرُ مِن أَنْ تُحصَى. (دستور العلماء۱/۳۲۷)

ترضی: رَضِيَ اللّٰهُ عنه کہنا، ترحم: رحمهُ اللّٰہ کہنا۔ امام نوویؒ فرماتے ہیں کہ: صحابہ، تابعین اور اُن کے مابعد والے علما، عابدین اور تمام نیک لوگوں پر

ترضِّی و ترحُّم مستحب ہے۔ پس رضي الله عنه، رحمه الله یا اِس جیسے الفاظ (بہ طورِ دعا) کہے جا سکتے ہیں۔

ہاں! بعض حضرات نے جو یہ کہا ہے کہ: رضي الله صحابہ کے ساتھ مخصوص ہے، اور اُن کے عِلاوہ تمام لوگوں پر صرف رحمه الله کہا جائے گا، یہ بات ٹھیک نہیں ہے، اور نہ تو اِس پر اتفاق ہے؛ بلکہ صحیح قول -جس پر جمہور متفق ہیں- پہلا ہے جس کے دلائل بے شمار ہیں۔

التَّرْكِيبُ: جمعُ الحروفِ البَسيطَةِ وَنظمُها لِتكونَ كلمةً.

(كتاب التعريفات: ٥٨)

ترکیب: حروفِ بسیطہ (غیر مرکبہ) کو جوڑنا اور ترتیب دینا؛ تاکہ ایک کلمہ ہو جائیں۔

التَّسَامُحُ: هوَ أنْ لايُعلمَ الغرضُ من الكلام، وَيَحتاجُ في فهمِهِ إلىٰ تقديرِ لفظٍ آخرَ، (كتاب التعريفات: ٥٩)، نحوقول صاحب المنار: والأداءُ أنواعٌ: كامِل، وقَاصِر، ومَا هُوَ شَبِيهٌ بالقَضاء؛ قَال الشَّارِح: وفِي هٰذا التَّقسِيم مُسَامَحَة؛ لأَنَّ الأَقْسَام لاتَقَابُل فيمَا بَينَها، وَيَنبَغِي أنْ يقُول: والأَدَاءُ أنوَاع: أَدَاء مَحْضٌ -وهوَ نوعَان: كامِل، وقاصِر-؛ وَأداءٌ هوَ شَبيهٌ بالقَضَاء. (نورالأنوار ص: ٣٦)

تسامح: متکلم کے کلام کا مطلب صاف معلوم نہ ہو، اور کلام کو سمجھنے کے لیے دوسرے لفظ کو مقدَّر ماننا ضروری ہو، جیسے اوپر کی مثال میں أدَاء مَحْضٌ -وهوَ نوعَان: کو ماننا ضروری ہے۔

التَّسَامُحُ: (فِيْ عُرْفِ العُلَمَاءِ) اِستِعمَالُ اللَّفْظِ فِيْ غَيرِ حَقِيقَتِهِ بِلاقَصْدِ عَلاقَةٍ مَقبُولَةٍ ولانَصْبِ قَرِينَةٍ دالَّةٍ عَلَيهِ، اعتِمَاداً عَلىٰ ظُهُورِ المعنىٰ فِيْ ذلكَ المَقامِ؛ فوجود العَلاقةِ يمنع التَّسامُح. (كشاف ٢/٣٣١، التعريفات الفقهية: ٥٨)

تسامح: (عُلَما کے عرف میں) کسی لفظ کو معنیٰ غیر حقیقی میں استعمال کرنا، اِس اعتماد پر کہ یہاں اِس کے معنیٰ واضح ہے، اِسی بنا پر متکلم اُس کے مشہور علاقے کو خاطر میں نہیں لاتا اور نہ ہی کوئی قرینہ بھی رکھتا ہے جو معنیٰ غیر حقیقی پر دال ہو، (حالاں کہ لفظ کو معنیٰ غیر حقیقی میں استعمال کرتے وقت قرینے کا ہونا ضروری ہوتا ہے)۔

ملحوظہ: اگر ایسے موقع پر متکلم معنیٰ غیر حقیقی پر دلالت کرنے والا کوئی قرینہ رکھے، تو تسامُح نہ کہلائے گا۔

التَّسَاوِي: باب النون کے تحت "نِسبِ اربعہ" کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

التَّسَاهُلُ: في العبارةِ، أداءُ اللفظِ بحيثُ لايدُلُّ على المرادِ دلالةً صريحةً. (كتاب التعريفات: ٥٨/ التعريفات الفقهية: ٥٦)

تساہل فی العبارت: عبارت میں ایسے لفظ کو استعمال کرنا جو مراد پر صراحتاً دلالت نہ کرتا ہو۔

التَّسْبِيحُ: تَنزِيهُ الحَقِّ عنْ نَقائِصِ الإمْكانِ وَالحُدوثِ. (دستور العلماء ١/٣٣٥)

تسبیح: حدوث واِمکان کے ہر عیب ونُقص سے باری تعالیٰ کی تقدیس وپاکی بیان کرنا۔

التَّسَلْسُل: باب الدال کے تحت ''دَور'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

التَّشْبِيْهُ: مشاركة أمر لأمر في معنىً بأدواتٍ مَعلومَةٍ (لغَرَضٍ)، كقولكَ: العِلمُ كالنُّورِ فيُ الهِدايَةِ. (جواهر البلاغة: ١٥٦)

تشبیہ: ایک چیز کو دوسری چیز کے ساتھ کسی وصفِ خاص میں لاحق کرنا، بہ شرطے کہ یہ ملانا (اغراضِ تشبیہ میں سے) کسی غرض کے لیے بہ ذریعۂ اَداتِ تشبیہ ہو۔

المَجَازُ: هو اللفظُ المستعملُ في غيرِ ماوُضعَ لهُ، لِعلاقةٍ معَ قرينةٍ دالّةٍ على عدمِ إرادةِ المعنى الأصليِّ.

مجاز: وہ لفظ ہے جس کو کسی مناسَبت سے اپنے معنیٔ وضعی کے عِلاوہ کسی اَور مفہوم میں استعمال کیا جائے، بہ شرطے کہ معنیٔ اصلی کو مراد نہ لینے پر دلالت کرنے والا کوئی قرینہ بھی ہو۔

الملاحظة: العلاقةَ بينَ المَعنَى الحَقيقيِّ والمَعنَى المَجازيِّ قَد تَكونُ المُشابهةُ، وقد تَكونُ غَيرَها؛ فإذا كانتِ المُشابَهةُ فهوَ استُعارَةٌ، (نحو: رَأيتُ أَسداً يُخاطِبُ النَّاسَ)، وإلَّا فهوَ "مَجازٌ مُرسَلٌ". (نحو: قوله تعالىٰ: ﴿يَجعَلُونَ أَصابعَهُم فِي آذَانِهِمْ﴾). (جواهر البلاغة: ١٧٧)

ملاحظہ: لفظ کے معنیٔ حقیقی اور معنیٔ مجازی کے درمیان کبھی تشبیہ کی مناسَبت ہوتی ہے، جس کو ''اِستعارہ'' کہتے ہیں، جیسے: میں نے شیر (مثلاً سلیمان) کو دیکھا کہ جو لوگوں سے گفتگو کر رہا تھا۔ اور کبھی (تشبیہ کے عِلاوہ) کوئی دوسری مناسَبت ہوتی ہے اُس کو ''مجازِ مرسل'' کہا جاتا ہے، جیسے باری تعالیٰ کا فرمان: ''وہ ٹھونس لیتے ہیں اپنی انگلیاں اپنے کانوں میں''، اس جگہ انگلی بول کر انگلی کا جوڑ مراد لیا ہے)۔

مجاز مرسل کے علاقوں کی تفصیل باب المیم کے تحت ''مجاز مرسل'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الكِنَايَةُ: لفظ أطلقَ وأريدَ بهِ لازمُ معناهُ مع قرينةٍ لاتمنعُ من إرادةِ المعنى الأصليِّ، نحو: زيدٌ طويلُ النِجادِ. (جواهر البلاغة: ٢٠٦)

کنایہ: وہ لفظ ہے جس کے معنیٰ اصلی کو مراد لینے کے جواز پر قرینے کے ہوتے ہوئے کسی لازمی معنیٰ کو مراد لینا، جیسے: طویلُ النِجاد، دراز قد۔ (اور جیسے میاں بیوی کے درمیان جھگڑے کے وقت شوہر عورت سے "اعتدی" (حیض یا اللہ کی نعمتوں کو) شمار کرلے! وغیرہ الفاظِ کنایہ کو استعمال کرتا ہے)۔

پہلی مثال میں زید طویل النجاد میں زید کے تلوار کے لمبے پر تلا والا ہونے سے یہ لازم آتا ہے کہ، وہ دراز قد بھی ہوگا، اور جو دراز قد ہوگا وہ بڑا دلیر وبہادر ہوگا؛ اِس جگہ طویلُ النجاد کا معنیٰ حقیقی (واقعی تلوار کے لمبے پر تلا والا ہونا) اور معنیٰ مجازی (رجلِ شجاع) دونوں مراد لیے جاسکتے ہیں۔

الملاحظة: أن الفرق بين الكنايةِ والمجاز: صحّةُ إرادةِ المَعنَى الأصليِّ في الكنايةِ دونَ المَجازِ، فإنهُ يُنافيُ ذلكَ. (جواهر البلاغة: ٢٠٦)

کنایہ اور مجاز کے درمیان فرق: مجاز میں معنیٰ حقیقی کو مراد لینا جائز نہیں ہے، جب کہ کنایہ میں معنیٰ حقیقی کو مراد لینا جائز ہے (۱)۔

---

(۱) تشبیہ، مجاز اور کنایہ کی تعریفات اور اِن میں باہمی فرق سمجھنا دشوار سا ہے؛ لیکن چوں کہ جگہ جگہ اِس کا تذکرہ آتا رہتا ہے، اور مجازِ مرسَل اور استعارہ وغیرہ بھی اِنھیں کے قبیل سے ہیں؛ لہٰذا اِن کا سمجھنا ضروری ہے، اِس کو سمجھنے کے لیے بہ طورِ مقدمہ دو باتوں کا جاننا ضروری ہے:

……

---

[۱] یہ تینوں قسمیں مناطقہ کی دلالتِ التزامی کے قبیل سے ہیں، جیسا کہ صاحبِ مختصر المعانی کی عبارت سے معلوم ہوتا ہے: ثمّ اللفظ المراد به لازم ماوضع له إن قامت القرينة علىٰ عدمِ إرادته، فمجاز......۔ جس کے لیے پہلے دلالت اور اُس کی قسموں کو سمجھ لیں۔

دلالت کہتے ہیں: کسی چیز کا اِس طور پر ہونا کہ اُس کے جاننے سے دوسری چیز کا علم ہو۔

اب اُس لفظ کی دلالت یا تو پورے معنیٔ موضوع لہٗ پر ہوگی، جیسے: انسان کی دلالت حیوانِ ناطق پر، یہ دلالتِ مطابقی ہے۔ یا معنیٔ موضوع لہٗ کے جز پر ہوگی، جیسے: انسان کی دلالت صرف حیوان پر یا صرف ناطق پر، یہ دلالتِ تضمنی ہے۔ یا تو اُس لفظ سے معنیٔ موضوع لہٗ کے عِلاوہ کسی اَور لازمی معنیٰ کو مراد لیا گیا ہو، جیسے: انسان بول کر ضاحک مراد لینا، یا اَسد (شیر) بول کر زید مراد لینا، یہ دلالتِ التزامی ہے۔

گویا دلالتِ التزامی میں لفظ بول کر ماوُضع لہٗ (معنیٔ موضوع لہٗ) کے عِلاوہ معنیٔ لازمی کو مراد لیا جاتا ہے، اب اگر معنیٔ موضوع لہٗ کے مراد نہ لینے پر کوئی قرینہ بھی موجود ہو تو وہ ''کنایہ'' ہے؛ ورنہ تو ''مجاز'' ہے۔ پھر مجاز میں اگر معنیٔ موضوع لہٗ اور معنیٔ مستعمل فیہ کے درمیان تشبیہ کا علاقہ ہے، تو اُسے ''استعارہ'' کہتے ہیں۔

[۲] یہ تینوں چیزیں بلاغت کے علمِ بیان سے تعلُّق رکھتی ہیں؛ کیوں کہ اصطلاح میں علمِ بیان نام ہے اُن اصول اور قواعد کا جو ایک معنیٰ کو چند ایسے طریقوں (تشبیہ، مجاز، کنایہ) کے ذریعے تعبیر کرنے کا ڈھنگ سکھائے، جس میں سے بعض دوسرے بعض سے معنیٔ مرادی پر دلالت کرنے میں بہ حیثیتِ وضاحت مختلف ہوں، جیسے: اگر ''زید کا سخی ہونا'' بتانا مقصود ہے، تو کبھی اُسے بہ طریقِ تشبیہ زيدٌ كحاتم =(زید حاتم کی طرح سخی ہے) کہا جاتا ہے، اور کبھی بہ طریقِ مجاز رأيت بحراً في دارِ سعد (میں نے سعد کے گھر میں ایک سمندر (طلحہ) کو دیکھا)، اور کبھی بہ طریقِ کنایہ زيدٌ كثير الرماد (زید چولہے کی زیادہ راکھ والا ہے) کہا جاتا ہے۔

اِن تینوں مثالوں سے یہ واضح ہوتا ہے کہ: تشبیہ کی مثال ''زيد كحاتم'' میں حاتم اپنے اصلی معنیٰ (ذات حاتم) میں مستعمل ہے، جب کہ مجاز کی مثال میں بحر (سمندر) اور کنایہ کی مثال میں كثير الرماد (زیادہ راکھ والا ہونا) اپنے اصلی معنوں میں مستعمل نہیں ہیں۔ ہاں! مجاز اور کنایہ کے درمیان یہ فرق ہوتا ہے کہ، مجاز کی مثال میں بحر (سمندر) کا حقیقی معنیٰ مراد نہیں لیے جاسکتے، اِس قرینے سے کہ سعد=

مجاز یا تو لفظ میں ہوگا، یا نسبت میں ہوگا، اور معنیٰ موضوع لہٗ و معنیٰ مستعمل فیہ میں تشبیہ کا علاقہ ہوگا یا غیر تشبیہ کا؟ اِن اُمور کو دیکھتے ہوئے مجاز کی چار قِسمیں ہیں: استعارہ، مجازِ مرسَل؛ استعارۂ تمثیلیہ، مجازِ مرکب مرسَل۔

الاسْتِعَارَةُ: هي استعمالُ اللفظِ في غيرِ ماوُضعَ لهُ لعلاقةِ المشابهةِ بينَ المعنى المنقولِ عنهُ، والمعنى المستعملِ فيهِ، معَ قرينةٍ صارفةٍ عن إرادةِ المعنى الأصليِّ.

والاستعارةُ ليستُ إلا تشبيهاً مختصراً؛ لٰكنها أبلغُ منهُ، كقولكَ: رأيتُ أسداً في المدرسةِ، فأصلُ هٰذه الاستعارةِ: رأيتُ رجلاً شجاعاً كالأسدِ في المدرسةِ، فحُذفَتِ المشبَّه (رجلاً)، والأداة (الكاف)، ووجهُ الشبهِ (الشجاعةُ)، وألحقتَهُ بقرينةِ المدرسةِ، لتدلَّ على أنك تريدُ بالأسدِ شجاعاً.

وأركانهُ ثلاثةٌ: مستعارٌ منهُ، وهو المشبهُ بهِ؛ مستعارٌ لهُ، وهو المشبَّهُ؛ ومستعارٌ، وهو اللفظُ المنقول. (جواهر البلاغة: ۱۸۳)

استعارہ: وہ مجاز ہے جس میں لفظ کو معنیٰ موضوع لہٗ کے عِلاوہ میں استعمال کیا گیا ہو، حقیقی اور مجازی معنیٰ کے درمیان معنوی طور پر (مشابہت کے) ربط کی

= کے گھر میں سمندر نہیں سما سکتا، جب کہ کنایہ کی مثال میں کثیر الرماد کے اصلی معنیٰ بھی مراد لیے جا سکتے ہیں، کہ واقعی زید کے گھر میں راکھ زیادہ ہو۔

علمِ معانی میں تین چیزوں کو بیان کرنا مقصود ہوتا ہے: استعارہ، مجاز اور کنایہ؛ لیکن استعارہ کو سمجھنے کے لیے تشبیہ کا سمجھنا ضروری ہے، بہ ایں وجہ ''علمِ بیان'' میں طرداً للباب تشبیہ سے بھی بحث کی جاتی ہے۔

وجہ سے؛ بہ شرطے کہ معنیٰ اصلی کو مراد لینے سے باز رکھنے والا کوئی قرینہ بھی ہو۔

فائدہ: استعارہ درحقیقت مختصر تشبیہ ہے جو تشبیہ سے بلیغ تر ہے، جیسے: رأيتُ أسداً في المدرسةِ، کہ اِس کی اصل: رأيتُ رجلاً شجاعاً كالأسد في المدرسةِ ہے، جس میں رجلاً مشبَّہ، کاف اَداتِ شبہ اور شجاعت وجہِ شبہ کو حذف کر دیا گیا ہے، اور لفظِ اسد سے (بجائے حیوانِ مفترِس کے) رجلِ شجاع مراد ہے، اِس کا قرینہ: في المدرسةِ ہے۔

استعارے کے ارکان تین ہیں: مُستَعار منہ یعنی مشبَّہ بہٖ، مستعار لہٗ یعنی مشبَّہ اور مستعار یعنی لفظِ منقول۔

المَجازُ المُرسَلُ: هو الكلمةُ المستعملةُ قصداً في غيرِ معناها الأصليِّ، لمُلاحظةِ علاقةٍ غيرِ المشابهةِ، مَعَ قرينةٍ دالّةٍ على عدمِ إرادةِ المعنى الأصليِّ، نحو: ﴿يجعلونَ أصابعهُم [أي أناملهم] في آذانهمُ﴾. (جواهر: ١٧٨)

مجازِ مرسَل: وہ کلمہ ہے جو بالقصد معنیٰ وضعی کے عِلاوہ کسی دوسرے معنیٰ میں استعمال کیا گیا ہو، تشبیہ کے عِلاوہ کسی اَور مناسَبت (کُلِّیت وجزئیّت، سبِبیَّت ومسبِّبیت) کی وجہ سے، بہ شرطے کہ وہاں پر معنیٰ اصلی کو مراد لینے سے مانع کوئی قرینہ بھی ہو، جیسے: ﴿يَجعَلُونَ أَصَابِعَهُمْ [أي أناملهم] فِي آذَانِهِمْ﴾ دیتے ہیں انگلیاں (اوپر کے پوروں کو) اپنے کانوں میں مارے کڑک کے موت کے ڈر سے۔ (مجازِ مرسل کے علاقے: باب المیم کے تحت ''مجاز'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں)۔

الاستعارة التمثيلية: هوَ تركيبٌ اُستعمل في غيرِ ماوُضعَ لهُ لِعَلاقةِ المشابهةِ معَ قرينةٍ مانعةٍ من إرادةِ معناه الأصليِّ، بحيثُ يكون كلٌّ من المشبَّهِ والمشبَّهِ بهِ هيأةً منتزعةً من متعدّدٍ، -وذلكَ بأن تُشبِّه إحدى صورتينِ منتزعتينِ من أمرينِ أوْ أمورٍ بأخرىٰ، ثمَّ تُدخِلُ المُشبَّهَ في صورةِ المشبَّهِ بها مُبالغةً في التشبيهِ-، نحو: إني أراكَ تقدِّمُ رجلاً وتؤخِّرُ أخرَى، يُضربُ لمنْ يتردّدُ في أمرٍ: فتارةً يقدِّمُ وتارةً يحجِمُ. (جواهر: ١٩٥)

استعارۂ تمثیلیہ: وہ جملہ ہے جو بہ وجہِ مشابہت، معنیٰ موضوع لہٗ کے عِلاوہ میں استعمال کیا گیا ہو، معنیٰ اصلی کو مراد لینے سے مانع قرینے کے ساتھ، بہ ایں طور کہ مشبَّہ مشبَّہ بہٖ میں سے ہر ایک، دو یا چند چیزوں سے حاصل ہونے والی ہیئت ہو، جیسے: کسی کام میں تردُّد کرنے والے کو کہا جائے: إني أراكَ تقدِّمُ رِجلاً وتؤخِّرُ أخرَى: مَیں تجھے دیکھ رہا ہوں کہ تُو ایک قدم آگے بڑھاتا ہے اور دوسرا پیچھے ہٹاتا ہے!۔ (یہاں هيئة المتردِّدِ في أمرٍ هلْ يفعلُه أمْ لا؟ مشبَّہ ہے اور هيئة المترددِ في الدخولِ: المقدِّمُ رجلَه تارةً والمؤخِّرُ تارةً مشبَّہ بہٖ ہے، اور عَلاقہ ''حیرت'' ہے)۔

المَجازُ المُركّبُ المُرسَل: هو الكلامُ المستعملُ في غيرِ المعنَى الذي وُضعَ لهُ، لعلاقةٍ غيرِ المشابهةِ، معَ قرينةٍ مانعةٍ من إرادةِ معناه الأصليِّ، -ويقعُ أوّلاً في المركّباتِ الخبريّةِ المستعملةِ في الإنشاءِ وعكسهِ- لأغراضٍ كثيرةٍ، منها: التحسُّرُ، وإظهارُ التأسُّفِ،

كما في قول الشاعرِ:

ذهـب الـصِّبـا وتولَّـت الأيـامُ		فعلى الصِّبا وعلى الزمانِ سلامُ

فـإنـهُ (وإن كـانَ خبراً في أصل وضعهِ؛ إلا أنه) في هٰذا المُقامِ مستعملٌ في إنشاء التحسُّرِ والتحزُّنِ على مافاتَ من الشَّبابِ، والقرينةُ على ذلك الشطرُ الثاني. (جواهر:١٩٤)

مجازِ مرسل مرکب: وہ جملہ ہے جو بغیر تشبیہ کے معنیٰ موضوع لہٗ کے عِلاوہ میں استعمال کیا گیا ہو، معنیٰ اصلی کو مراد لینے سے مانع قرینے کے ساتھ، مثلاً: جملۂ خبریہ کو معنیٰ انشاء کے لیے یا جملۂ انشائیہ کو معنیٰ خبر کے لیے استعمال کرنا کسی مخصوص غرض کی وجہ سے، جیسے: کفِ افسوس ملتے ہوئے شاعر کا قول:

ذهـب الـصِّبـا وتولَّـت الأيـامُ		فعلى الصِّبا وعلى الزمانِ سلامُ

(ہائے رے!) بچپنا ختم ہوگیا اور زمانۂ شباب نے پیٹھ پھرائی۔ (اے) لڑکپن اور جوانی! تم پر سلام ہو۔ یہ جملہ وضعاً خبر ہے؛ لیکن اِس موقع پر معنیٰ انشاء کے لیے مستعمل ہے؛ کیوں کہ شاعر گذرے ہوئے لڑکپن اور جوانی کے زمانے پر اظہارِ افسوس کر رہا ہے، جس پر قرینہ دوسرا مصرع ہے۔

التَّشَخُّصُ: باب الشین کے تحت ''شخص'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

التَّصْحِيفُ: أن يُقرءَ الشيءُ علىٰ خِلافِ ما أرادَ كاتبُهُ، أَوْ علىٰ مَااصطَلَحُوا عليهِ. (كتاب التعريفات:٦١)

تصحیف: کلام کو صاحبِ کلام یا اہلِ اصطلاح کی مراد کے برخلاف پڑھنا۔

التَّصَوُّرُ: اعلمْ! أنا إذا تصوَّرْنا الشيءَ كالإنسانِ بالذاتيَّاتِ،

كالحيَوانِ والناطقِ؛ فإما أنْ تكونَ مرآةً لملاحَظةِ ذلكَ الشيءِ، أوْ قطعَ النظرِ عن مرآتيَّتها، فالأوّلُ: هو العلمُ بالكنهِ، والثاني: هو العلمُ بكنهِهِ، ومنهُ تمثُّل نفسِ الشيءِ في الذِّهنِ.

وإذا تصوَّرنا الشيءَ كالإنسانِ بالعرضياتِ، كالضاحكِ فإما أن تكونَ مرآةً لملاحظةِ ذلكَ الشيءِ، أوْ قطع النظرِ عن مرآتيَّتها، فالأوّلُ: هو العلم بالوجهِ، والثاني: هو العلمُ بوجهِهِ. (سُلَّم العلوم مع حاشيه إنطاق العلوم)

تصور کی چار قسمیں ہیں: تصور بالکنہ، تصور بکنہہ، تصور بالوجہ، تصور بوجہہ۔

مان لیجیے کہ، جب ہم کسی شئ (ذات) مثلاً انسان کا تصور اُس کے ذاتیات (جنس وفصل) مثلاً حیوانِ ناطق سے کریں، تو (یہ تصور دو حال سے خالی نہیں:) یا تو یہ ذاتیات اُس کے حصولِ علم کا ذریعہ ہوں گی یا اُن کا آلۂ علم ہونا پیشِ نظر نہ ہوگا (مثلاً کوئی شخص حیوانِ ناطق کو ذریعہ بنائے بغیر انسان کو کسی اور طریقہ سے جان لے، جیسے اس پر نظر پڑی اور ساتھ ہی اس کی ذاتیات بھی سمجھ میں آ گئیں)...... پہلی صورت ''تصور بالکنہ'' ہے، اور دوسری صورت ''تصور بکنہہ'' ہے۔

اور جب ہم کسی شئ (ذات) مثلاً انسان کا تصور اُس کے عرضیات مثلاً ضاحک سے کریں، تو (یہ تصور دو حال سے خالی نہیں:) یا تو یہ عرضیات اُس شئ کے حصولِ علم کا ذریعہ ہوں گی یا اُن کا آلۂ علم ہونا پیشِ نظر نہ ہوگا...... پہلی صورت ''تصور بالوجہ'' ہے اور دوسری صورت ''تصور بوجہہ'' ہے(۱)۔

---

(۱) کسی بھی چیز کا تصور یا تو ذاتیات کے ذریعے کیا جائے گا یا عرضیات کے ذریعے۔ پھر ہر صورت میں ان ذاتیات اور عرضیات کو علم کا ذریعہ بنایا جائے گا یا نہیں؟ پس کل چار صورتیں ہوں گی: =

ملاحظہ: علم بالکنہ اور بالوجہ میں باء برائے استعانت ہے جب کہ بکنہہ اور بوجہہ میں باء برائے مصاحبت ہے۔

التَّصَوُّف: تَجرِیدُ القَلبِ لِلّٰہِ تَعالیٰ، وَاحتِقارُ مَا سِوَی اللّٰہِ تَعالیٰ. (دستور العلماء ۱/۳۳۹)

تصوف: ماسوی اللہ کو حقیر (ہیچ) سمجھتے ہوئے خانۂ دل کو اللہ تعالیٰ کی یاد کے لیے پاک کر لینا۔

= **تصوُّر بالکُنہ:** کسی چیز کو اس کی ذاتیات کے ذریعے جاننا۔

بالفاظ دیگر: معرِّف، معرَّف کی حقیقت ہو اور حصولِ علم کا ذریعہ بھی ہو، جیسے: انسان کے تصور کے لیے ''حیوانِ ناطق'' کو ذریعہ بنائیں۔

تَصوُّر بکُنہِہ: کسی چیز کو اس کی ذاتیات کے ساتھ جاننا۔

بالفاظ دیگر: معرِّف معرَّف کی حقیقت تو ہو؛ لیکن حصولِ علم کا ذریعہ نہ ہو، جیسے: انسان کے تصور کے لیے ''حیوانِ ناطق'' کو ذہن میں لایا جائے؛ لیکن اُسے حصولِ علم کا ذریعہ نہ بنائیں۔

تصوُّر بالوَجہ: کسی چیز کو اس کی عرضیات کے ذریعے جاننا۔

بالفاظ دیگر: معرِّف معرَّف کی حقیقت نہ ہو؛ لیکن حصولِ علم کا ذریعہ ہو، جیسے: انسان کے تصور کے لیے ''ضاحک'' کو تصور کریں، اور انسان کے حصولِ علم کا ذریعہ بھی بنائیں۔

تصَوُّر بوَجہِہ: کسی چیز کو اس کی عرضیات کے ساتھ جاننا۔

بالفاظ دیگر: معرِّف معرَّف کی نہ حقیقت ہو اور نہ ہی حصولِ علم کا ذریعہ بھی ہو، جیسے: انسان کے تصور کے لیے ''ضاحک'' تصور کریں؛ لیکن حصولِ علم کا ذریعہ نہ بنائیں۔ (ملخص من شروح سلم العلوم)

ملحوظہ: ذاتِ باری تعالیٰ کا تصور: بالکنہ اور بکنہہ ممکن نہیں؛ اس لیے کے وہ ذات بسیط ہے اس کی ذاتیات نہیں۔ ہاں اس کا تصور: بالوجہ یا بوجہہ ممکن ہے اور ممدوح بھی؛ بلکہ معرفتِ الٰہی میں معین ہے اور وصول الی اللہ کا اہم ذریعہ ہے، بایں طور پر کہ اس کی عرضیات یعنی صفات میں غور و خوض کیا جائے۔

التَّضَادُّ: كَوْنُ الشَّيئَيْنِ الوُجودِيَّيْنِ مُتقابلَيْنِ بِحيثُ لاَيَكونُ تَعقُّلُ كلٍ مِنهُمَا بالقِياسِ إِلَى الآخَرِ كمَا بَينَ السَّوادِ والبَياضِ. (دستور العلماء١/٣٥٩)

تقابلِ تضاد: دو وجودی چیزوں کا باہم اِس طور پر مقابل ہونا کہ اُن میں سے ہر ایک کا سمجھنا دوسرے پر موقوف نہ ہو، جیسے: سیاہی اور سفیدی۔

التَّضْمِيْنُ: (في النحو)اعلمُ أنَّ الفِعلَ إذا كانَ بِمعنىٰ فعلٍ آخرَ وَكانَ أَحدُهمَا يتعدَّى بِحرْفٍ، وَالآخرُ بآخَرَ، فإِنَّ العَربَ قَدْ تَتَّسِعُ فَتوقِعُ أَحدَ الحَرفينِ مَوقعَ صَاحبِهِ، إيذاناً بأَنَّ الفِعلَ فِيْ مَعنَى ذلكَ الآخرِ، كَقولهِ تَعالىٰ:﴿أُحِلَّ لَكُمْ لَيْلَةَ الصِّيَامِ الرَّفَثُ إِلَى نِسَائِكُمْ﴾، فالرَّفثُ هٰهنا فِيْ مَعنَى الإِفْضاءِ. (موسوعة النحو والصرف والاعراب)

تضمین: جہاں ایک فعل کو (مجازاً) کسی دوسرے فعل کے معنیٰ میں استعمال کیا جائے، حالاں کہ دونوں فعلوں کے صلے الگ الگ ہوں، تو ایسے مواقع میں اہلِ عرب وسعت سے کام لیتے ہیں، چناں چہ ایک فعل کے صلہ میں دوسرے فعل کے صلہ (حرف جر) کو استعمال کرتے ہوئے اشارہ کرتے ہیں کہ، فعلِ مذکور دوسرے فعل کے معنیٰ میں مستعمل ہے، جیسے: باری تعالیٰ کا فرمان: ''روزہ کی شب میں اپنی بیبیوں سے مشغول ہونا حلال کردیا گیا ہے'' آیتِ بالا میں رَفث (في كلامه: فحش گوئی کرنا) کو الإفضاء اليه: بہ معنیٰ پہنچنا، کے معنیٰ میں استعمال کیا گیا ہے، اور قرینہ لفظ إلى ہے۔

خلاصۂ کلام: کسی فعل یا شبہِ فعل کے ساتھ دوسرے فعل یا شبہِ فعل کے معنیٰ کو

ملحوظ ماننا جس پر متعلقاتِ فعل یا شبہِ فعل دلالت کر رہے ہوں۔

التَّضْمِیْنُ: (فـي البـديـع) هو أن يُضمّن الشاعرُ شيئاً من شـعـرِ الغيرِ بيتاً كان أوُ مافوقهُ؛ أوُ مصراعاً أوُمادونهُ، معَ التنبيهِ على أنه مـن شـعـرِ الغيرِ، إنُ لـمُ يكنُ مشهوراً عندَ البُلغاءِ. (دستور العلماء۱/۲۱۳)،

مثل قول الشاعر:

إِذَا ضَاقَ صَدرِي وَخِفتُ العِدَا		تَمَثَّلتُ بَيُتاً بِحَالِيُ يَلِيُقُ
لِلّٰه أَبُلُغُ مَا أَرُتَجِيُ		وَبِاللّٰهِ أَدُفَعُ مَا لَا أُطِيُقُ

تضمین: (بُلَغا کے نزدیک) ایک شاعر کا دوسرے شاعر کے دو یا زیادہ مصرعوں کو، یا ایک مصرع یا اُس سے کم حصے کو (اُس کی طرف منسوب کرتے ہوئے) اپنے شعر میں ملانا، بہ شرطے کہ غیر کا شعر بُلَغا کے نزدیک مشہور نہ ہو، جیسے: شاعر کا قول: ترجَمہ: جب میرا سینہ تنگ ہوتا ہے اور مَیں دشمنوں کا خوف محسوس کرتا ہوں تو اپنی حالت بیان کرتا ہوں ایک ایسے شعر سے جو میرے لیے زیادہ مناسب ہو۔ ''سو مَیں اللہ کی مدد سے اپنی مراد کو پاتا ہوں، اور اللہ ہی کی مدد سے ایسے ضرر کو دُور کرتا ہوں جس کے دَفع کرنے کی مجھ میں طاقت نہیں ہے'' (۱)۔

التطویل: بلغاء کی اصطلاح ہے، تفصیل باب الألف کے تحت ''ایجاز، اطناب'' کے ضمن میں اطناب کے حاشیے میں ملاحظہ فرمائیں۔

---

(۱) اِس مثال میں شاعر نے دوسرے شعر کو اپنے کلام کا جزء بنایا ہے، حالاں کہ وہ شعر اُس کا نہیں ہے؛ البتہ یہ دوسرا شعر کلام کے ناقدوں اور زبان دانوں کے نزدیک مشہور نہ ہونے کی وجہ سے اُس نے اپنی شعر میں تمثَّلتُ بیتاً، کہہ کر اِس بات کی طرف تنبیہ کردی کہ، یہ شعر میرا نہیں ہے، کسی اَور کا ہے۔

التَّعَارُضُ: يُسمّى بـ"المعارَضةِ" وَالتناقُضِ، وهوَ (عندَ الأُصولِيِّينَ) كَونُ الدليلينِ بحيثُ يَقتضيُ أحدُهما ثبوتَ أمرٍ والآخرُ انتفاءَهُ في محلٍ واحدٍ في زمانٍ واحدٍ، بشرطِ تَساوِيهِما في القوَّةِ أو زِيادةِ أحدِهما بوَصفٍ هوَ تابعٌ. (التعريفات الفقهية:٥٨)

تعارض (ایک دوسرے کے مقابل ہونا) اِس کا دوسرا نام "مُعارَضہ" اور "تناقُض" بھی ہے۔

تعارض: وہ (اہلِ اصول کے نزدیک) دو دلیلوں کا بہ ایں طور ہونا ہے کہ، ایک دلیل کسی حکم کے پائے جانے کا تقاضہ کرے تو دوسری دلیل اُسی جگہ پر اور اُسی زمانے میں اِس حکم کے منتفی ہونے کا تقاضہ کرے، بہ شرطے کہ دونوں دلیلیں قوّت میں برابر ہوں یا کوئی کسی ایسے وصف سے زائد ہو جو تابع ہو۔

التَّعُرِيضُ: (نوعٌ من الكنايةِ يُعتمدُ في فهمهِ على السِّياقِ يُسمّى تعريضاً) وهو الإمالة منُ معنى الكلامِ إلى جانبٍ بأنُ يكونَ المرادُ من الكلامِ أمراً ويكونَ ذلكَ وسيلةً إلى مرادةِ أمرٍ آخرَ كما يفهمُ من قولكَ: لسْتُ أنا بزانٍ -بطريقِ التعريضِ-، كونُ المخاطبِ زانياً.

(دستور العلماء ١/ ٢١٩)

تعریض: (کنایہ کی ایک قِسم ہے جس میں کوئی کلام بولا جائے اور اس سے دوسرا معنیٰ مراد ہو) جس مراد کو سمجھنا سِیاقِ کلام پر موقوف ہوتا ہے، کہ اس کلام سے متکلم کی کیا مراد ہے؟ جیسے مخاطب کے زنا میں مبتلا ہونے کی طرف تعریض کرتے ہوئے آپ کا یہ کہنا: لَسْتُ أنَا بِزَانٍ میں بدکار نہیں ہوں! کہنا اپنی

براءت کے لیے نہیں ہے؛ بلکہ مخاطب کو یہ بتلانا مقصود ہے کہ، میں تیری بدکاری کو جانتا ہوں، اور تُو اس فعل سے باز آجا۔

التَّلْوِيحُ: الكنايةُ إن كثرتْ فيها الوسائطُ سمِّيتْ تلويحاً، نحو: هو كثيرُ الرَّمادِ أي كريمٌ؛ فإنّ كثرة الرَّماد تستلزمُ كثرةَ الإحراقِ، وكثرةُ الإحراقِ تستلزمُ كثرةَ الطَّبخِ والخُبزِ، وكثرتُهمَا تستلزمُ كثرةَ الآكلينَ، وهيَ تستلزمُ كثرةَ الضِّيفانِ، وكثرةُ الضِّيفانِ تستلزمُ الكرمَ. (دروس البلاغة)

تلویح: اگر کنایہ میں وسائط بہت ہوں تو اُسے تلویح کہیں گے، جیسے: هو كثيرُ الرَّمادِ، فلاں بہت زیادہ راکھ والا ہے یعنی سخی ہے (اس مثال میں زیادہ راکھ والا ہونا اور سخی ہونا؛ ان دونوں کے درمیان مذکورہ وسائط ہیں) کہ چولہے کی راکھ کی کثرت مستلزم ہے لکڑیوں کے بہ کثرت جلنے کو، اور لکڑیوں کا بہ کثرت جلنا مستلزِم ہے روٹیوں اور کھانا پکنے کی کثرت کو، اور اِن دونوں کی کثرت مستلزِم ہے کھانا کھانے والوں کی کثرت کو، اور یہ مستلزم ہے مہمانوں کی کثرت کو، اور مہمانوں کی کثرت مستلزِم ہے سخاوت کو۔

الرَّمْزُ: إنْ قلَّتْ (الوَسائطُ فيُ الكنايَةِ) وخفيَتْ سُمِّيتْ رَمزاً، نحو: هوَ سمينٌ رِخْوٌ أي غبيٌّ بليدٌ. (دروس البلاغة)

رمز: اگر (کنایہ میں) وسائط کم اور مخفی ہوں تو اُس کا نام رمز رکھا جائے گا، جیسے: کسی کو کند ذہن اور کاہل بتلانے کے لیے یہ کہنا کہ هوَ سمينٌ رِخْوٌ: وہ آدمی موٹا ہے اور مالدار ہے، کہ زیادہ مال دار ہونا مرغن غذاؤں کے کھانے کو مُستلزم ہے، اور مرغن غذاؤں کو کھانا موٹاپے کو مُستلزم ہے، اور موٹاپا سستی وکند ذہنی کو مُستلزم ہے۔

الإيماءُ والإشارةُ : إنْ قلّتْ فيهَا الوسائطُ أوْ لمْ تكنْ ووَضحتْ سُميَتْ إيماءً وإشارةً، نحوُ قولِ الشاعرِ:

أوَ مارأيتَ المجدَ ألقى رحلهُ		في آلِ طلحةَ ثُمَّ لمْ يتحوَّل

كنايةٌ عنْ كونهمْ أمْجاداً. (دروس البلاغة)

ایماء واشارہ: اگر (کنایہ میں) وسائط کم ہوں اور واضح ہوں، یا وسائط ہی نہ ہوں تو اُسے ایماء واشارہ کہیں گے، جیسے شعر:

أوَ مارأيتَ المجدَ ألقى رحلهُ		في آلِ طلحةَ ثُمَّ لمْ يتحوَّل

کیا تم نے نہیں دیکھا بزرگی کو! کہ وہ خیمہ زن ہوگئی طلحہ کے خاندان میں، پھر وہاں سے گئی نہیں۔ اُن لوگوں کے بزرگ اور شریف ہونے سے کنایہ کرتے ہوئے۔

التعريف : قولٌ تستلزم معرفتُه معرفةَ الشَّيْءِ المُعرَّف.

(المنطق القديم:٩٣)

تعریف: وہ قول ہے جس کے جاننے سے شئِ معرَّف کی پہچان ہو۔

التَّعْرِيفُ: (عِندَ النُّحاةِ): كَونُ الاِسمِ مَوضُوعاً لِشيءٍ بِعَينِه كمَا فِي المُضْمَراتِ، وَالمُبْهَماتِ، والأَعْلامِ، وذِي اللاَّمِ، والمُضافِ إِلَى المَعرَفةِ.

و(عندَ المنطقيينَ) جعلُ الشيءِ محمولاً علىٰ آخرَ، لإفادةِ تَصوُّرِه بالكُنهِ أوْ بالوَجْهِ. (دستور العلماء١/٣٦١)

تعریف: (نُحات کے یہاں) اسم کا متعیَّن چیز کے لیے وَضع کیا جانا، (اِسی کو اصطلاحِ نحات میں "معرفہ" کہا جاتا ہے) جیسے: مُضمَرات، مبہمات (یعنی

اسمائے اشارہ، موصولہ اور اَصوات)، اَعلام، معرَّف باللام اور مضاف الی المعرفہ۔

تعریف : (مناطِقہ کے یہاں) ایک چیز (معرِّف) کو دوسری چیز (معرَّف) پر محمول کرنا؛ تاکہ معرَّف کی حقیقت واضح ہو جائے یا تو معرَّف اپنے ماعدا سے ممتاز ہو جائے، (جیسے: الإنسان: حیوان ناطق میں حیوان ناطق نے انسان کی حقیقت کو واضح کیا ہے، اور الإنسان مستوي القامة عريض الأظفار میں مستوی القامۃ اور عریض الأظفار نے انسان کی حقیقت کو واضح نہیں کیا، ہاں! انسان کو اَغیار سے ممتاز ضرور کیا ہے)۔

التعريفُ: إِمَّا أَنْ يُحصِّلَ فِي الذِّهنِ صُورةً عُلِمَ وُجودُها بِحسَبِ نَفسِ الأَمرِ - كتَعريفِ الإِنْسانِ: بأَنَّهُ حَيَوانٌ نَاطِقٌ- أَوْلا، بِأَنْ لايُحصِّلَ إِلَّا صُورَةً لاوُجودَ لَهَا إِلَّا بِحسَبِ الاصْطلاحِ مِن المَاهِيَّاتِ الاِعْتِبارِيَّةِ، كتَعريفِ الكَلِمَةِ: بِأَنَّها لَفظٌ وُضِعَ لِمَعنىً مُفردٍ؛ فالأَوّلُ تَعريفٌ بِحسبِ الحَقيقَةِ، وَالثَّانِي بِحَسبِ الاِسمِ. (رشيديه:۱۲)

تعریفِ حقیقی: جس کے ذریعے کسی چیز کی کوئی ایسی صورت حاصل کی جائے جو پہلے سے حاصل نہ ہو، اس کی دو قسمیں ہیں:

(۱) تعریف بحسب الحقیقۃ (۲) تعریف بحسب الاسم۔

تعریف بحسب الحقیقة : وہ تعریفِ حقیقی ہے جس میں کسی صورت غیر حاصلہ کی تحصیل اس طرح ہو کہ اس کا وجود خارجی بھی معلوم ہو جائے، جیسے: انسان کی تعریف حیوانِ ناطق سے کرنا دراں حالاں کہ مخاطب کو اس تعریف سے انسان کا خارج میں موجود ہونا بھی معلوم ہو جائے

جس کے ذریعے ذہن میں ایسی صورت حاصل ہو جس کا نفس الامری (خارج) میں وجود بھی ہو، جیسے: انسان کی تعریف کرنا کہ، وہ حیوانِ ناطق ہے (یہاں خارج میں انسان کا وجود ہے)۔

تعریف بحسب الاسم: وہ تعریف حقیقی ہے جس میں صرف کسی صورتِ غیر حاصلہ کی تحصیل ہو اور اس کا وجود محض فنی اصطلاح ہونے کے اعتبار سے ہو، جیسے: کلمہ کی تعریف: الكلمة لفظٌ وُضعَ لمعنًى مُفردٍ سے کرنا۔

فائدہ: اِس سے معلوم ہوا کہ، علوم میں جو تعریفات ہیں وہ ''تعریفِ حقیقی بحسب الاسم'' کے قبیل سے ہیں؛ (لیکن چونکہ خارج میں اِس کا کوئی مستقل وجود نہیں ہے اِس جہت سے یہ تعریف بحسب الحقیقت نہ کہلائے گی)۔

التَّعرِيفُ اللَّفْظِي: تَعيِينُ صُورةٍ منَ الصُّوَرِ المَخزُونَةِ، وإحْضارُها فيُ المُدرِكةِ، والالتفاتُ اليُها، وتَصورُّها بأنَّها مَعنىٰ هذا اللَّفظِ. (دستور العلماء ۱/ ۲۱۵ ب)

تعریفِ لفظی: قوتِ مدرِکہ (خیال وحافظہ) میں خزانہ کی ہوئی صورتوں میں سے کسی ایک صورت کو متعیَّن اور مستحضَر کرنا، اور یہ تصوُّر کرنا کہ یہی صورت اِس لفظ کی حقیقت ہے۔ جیسے لفظ اللہ کی تعریف کرنا کہ، وہ عَلَمٌ لِلذَّاتِ الوَاجِبِ الوُجُودِ المُستَجمِعِ لجَمِيعِ صِفَاتِ الكَمَال ہے، یہ تعریف لفظی ہے۔ ہاں! اس پر یہ اعتراض کرنا کہ آپ کی یہ تعریف مانع نہیں؛ کیوں کہ وہ لفظ ''خدا'' پر بھی صادق آتی ہے؟ صحیح نہیں؛ اِس لیے کہ تعریف لفظی میں معنیٰ موضوع لہ کو بیان کرنا مقصود ہوتا ہے، جس میں تعریف بالأعم بھی جائز ہے۔

التعريف اللفظي : هوَ أنْ يَكونَ اللَّفظ واضِح الدَّلالة عَلىٰ مَعنىً فيُفَسَّر بلَفظٍ أوْضَح دَلالةً عَلىٰ ذٰلك المَعنىٰ، كقَولكَ الغَضَنفَر الأَسَد. (التعريفات الفقهية: ٥٨)

تعریفِ لفظی: وہ تعریف ہے جس میں کسی معنیٰ پر دلالت کرنے والے واضح لفظ کی تفسیر ایسے لفظ سے کرنا جو اپنے معنیٰ پر دلالت کرنے میں واضح ترین ہو، جیسے: کہا جائے کہ: غَضَنفَر کے معنیٰ شیر کے ہے، (یعنی جس میں محض لفظ کا تعارف مقصود ہو)۔

الملاحظة: اِنَّ الغَرضَ مِن التَّعريفِ إمَّا تَحصِيلُ صُورةٍ لَمْ تَكنْ حَاصِلةً فيْ الذِّهنِ، أَوْ تَعيِينُ صُورةٍ منُ الصُّورِ الحَاصِلةِ فيهِ. وَالأوَّلُ: هوَ التَّعرِيفُ الحَقيقيُّ. وَالثَّانيُ هوَ التَّعريفُ اللَّفظيُّ. ثمَّ التعريفُ الحقيقيُّ إما أنْ يكُونَ وُجودُ معرَّفهِ معلوماً، أوْ لا؛ الأولُ التعريفُ بحَسُبِ الحَقيقةِ، والثانيُ التعريفُ بِحسبِ الِاسمِ. (دستور العلماء ١/٣٦١)

تعریف کا مقصد یا تو کسی ایسی صورت کو حاصل کرنا ہے جو ذہن میں نہیں تھی، یا ذہن میں موجود صورتوں میں سے کسی ایک صورت کو متعین کرنا۔ قسمِ اول کو ’’تعریفِ حقیقی‘‘ اور قسمِ ثانی کو ’’تعریفِ لفظی‘‘ کہتے ہیں۔ پھر تعریفِ حقیقی کی دو قسمیں ہیں: (۱) تعریف بحسب الحقیقۃ (۲) تعریف بحسب الاسم۔ تفصیل اوپر گزر چکی۔

الحاصل! مقسم میں تعریف حقیقی سے تعریف لفظی کا مقابل مراد ہے اور تعریف بحسب الحقیقت میں لفظ حقیقت سے مقابل فرض ووہم مراد ہے۔

التَّعْرِيفُ المُطْلَقُ: تحديدُ المفهومِ الكليِّ للشَّيءِ بِذكرِ خصائِصِه ومُميِّزاتِه. (موسوعة النحو والصرف والاعراب: ٢٦٠)

تعریفِ مطلق: چیز کی صفاتِ مخصوصہ اور صفاتِ ممیّزہ کو ذکر کرتے ہوئے اُس کے مفہومِ کلّی کی وضاحت کرنا، (یعنی چیز سے واقفیّت وشناسائی کرانا، جیسے: الإنسان مستوی القامة عریض الأظفار)۔

التَّعْرِيفُ الكامِل : ما يُساوِي المعرَّفَ تمامَ المساواتِ ويُسمىّٰ جامعاً ومانعاً. (أيضا)

تعریف کامل: وہ تعریف ہے جو پوری طرح معرَّف کے مُساوِی ہو (یعنی نہ معرّف کا کوئی فرد خارج رہے اور نہ غیرِ معرَّف داخل ہو) اور اُس کو جامع مانع تعریف کہتے ہیں۔

التَّعْلِيق: باب الشین کے تحت ''شرح'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

التَّعَيُّن: باب الشین کے تحت ''شخص'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

التَّغْلِيبُ : هوَ أن يُغلَّبَ أحدُ المُصاحبَينِ أو المُتشابهينِ علَى الآخرِ، بأنْ يجعلَ الآخرُ مُتفِقاً لهُ في الاسمِ، ثمَّ يُثنّٰى ذلك الاسمُ، ويقصدُ إليهمَا جَميعاً [كالأبوين والقمرين]. (مختصر المعاني: ١٤٥)

تغلیب: دو ہمراہیوں یا ملتی جلتی (باہمی مربوط) چیزوں میں سے ایک کے لفظ کو دوسرے پر غلبہ دینا، بایں طور پر کہ دوسرے کے لفظ کو پہلے کے موافق بنالیا جائے، پھر ان دونوں کے اپنے معانی کو مراد لیتے ہوئے اُس اسم کا تثنیہ لایا جائے، (جیسے اب اور ام کو اَبَوَین سے اور شمس وقمر کو قمرَین سے تعبیر کرنا)۔

التَّفَاعِيلُ: باب الباء کے تحت ''بحور''، اور باب الواو کے تحت ''وزنِ شعری'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

التَّفْرِيطُ: باب الالف کے تحت ''افراط'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

التَّفْرِيعُ: وضعُ (جَعلُ) شَيءٍ عَقيبَ شَيءٍ لِاحْتِياجِ اللاَّحقِ إِلَى السَّابقِ. (دستور العلماء١/٣٨٠- موسوعة النحو والصرف:٢٦٦)

تفریع: قاعدۂ کلی کو بیان کرنے کے بعد فروعی (جزوی) مسائل کو بیان کرنا، مسائلِ مابعد کا مسائلِ ماقبل کے محتاج (یعنی مُستنبَط) ہونے کی بنا پر۔

ملحوظہ: عامۃً اس قاعدے کو ''اصل'' اور جزوی مسائل کو ''فرع'' سے تعبیر کرتے ہیں۔

التَّفْصِيلُ: تجزئةُ الشيءِ كلَّ جزءٍ علاحِدةٍ. أوْ هو الإسهابُ في تنظيمٍ وترتيبٍ، وهوَ منْ مَعاني أمَّا، وإنِ الشَّرطيَّةِ، والفاءِ.

(موسوعة النحو والصرف:٢٦٦)

تفصیل: الگ الگ ٹکڑے کرنا (مختلف حصوں اور درجوں میں بانٹنا)، مسائل وجزئیات کو پرونے اور درجہ بہ درجہ رکھنے میں طول دینا۔

فائدہ: اَمّا (برائے تفصیل) اور اِن شرطیہ اور فائے جزائیہ کا یہی مقصد ہوتا ہے۔

التَّفْهِيمُ: إيصالُ المَعنىٰ إلىٰ فَهمِ السَّامعِ بوَاسطَةِ اللَّفظِ.

(كتاب التعريفات:٦٥)

تفہیم: کسی معنیٰ کو سامع کی فہم تک بہ واسطۂ الفاظ پہنچانا۔

التَّقَابُلُ: عـدمُ إمـكانِ اجتماعِ الأمرينِ في مَوضوعٍ واحدٍ من جهةٍ واحدةٍ. (دستور العلماء)

تقابل: دو چیزوں کا اِس طور پر ہونا کہ اُن دونوں کا بہ یک وقت ایک ہی جہت سے کسی ایک محل میں اجتماع ناممکن ہو، (جیسے: سیاہی اور سفیدی، کہ یہ دونوں بہ یک وقت ایک ہی جہت سے ایک ہی محل میں مجتمع نہیں ہوں گے؛ البتہ مختلف جہتوں سے اجتماع ہوسکتا ہے، اور جیسے: زید میں کسی کے اعتبار سے اُبوَّت ہے اور کسی کے اعتبار سے بنوَّت ہو تو یہ درست ہے)۔

تقابل کی چار قسمیں ہیں: تقابلِ تضاد، تقابل تضایُف، عدم و ملکہ اور اِیجاب و سلب۔

تَقابُل التَّضاد: کـونُ الشيئينِ الوجودِيّينِ مُتقابلينِ بحيثُ لايكونُ تعقُّلُ كلٍّ منهما بالقِياسِ إلى الآخرِ، سواءٌ كانَ بينهما غايةُ البعدِ والخلافِ -كالسَّوادِ والبَياضِ- أوْ لا، كالحُمرةِ والسَّوادِ. (دستور العلماء:١)

تقابلِ تضاد: دو وُجودی چیزوں کا باہم ایسا مقابل ہونا کہ اُن میں سے ایک کا سمجھنا دوسرے پر موقوف نہ ہو؛ چاہے اُن دونوں کے درمیان انتہائی بُعد و اِختلاف ہو یا نہ ہو، اول کی مثال: سیاہی اور سَفیدی، ثانی کی مثال: سیاہی اور سرخی ہے۔

تَقابُل التَّضايُف: كونُ الشيئينِ الوجوديينِ متقابلينِ، بحيثُ يكونُ تعقُّلُ كـلٍّ مـنهما بالنسبةِ إلى الاٰخرِ، كالأُبوّةِ والبنوَّةِ المتقابلتينِ بـاعتبـارِ وجـودهما في الخارجِ، في محلٍ واحدٍ، في زمانٍ واحدٍ، من جهةٍ واحدةٍ. (دستور العلماء:١/٢٣)

تقابلِ تضایف: دو وجودی چیزوں کا باہم ایسا مقابل ہونا کہ اُن میں سے ایک کا سمجھنا دوسرے پر موقوف ہو، جیسے: اُبوّت وبُنوّت، کہ وہ دونوں ایک جگہ ایک ہی زمانہ میں ایک ہی جہت سے جمع نہیں ہوسکتے، (کہ زید عمر کا ایک ہی زمانے میں باپ بھی ہو اور اسی عمر کا بیٹا بھی ہو)۔

ملاحظہ: ہاں! زید میں دو الگ الگ جہتوں سے اُبوت وبنوّت جمع ہوسکتی ہیں۔

تَقابُل العَدَمِ والمَلَكَةِ: كونُ الشيئينِ بحيثُ يكونُ أحدُهما وجوديًّا والآخر عدمياً قابلاً للوجودي، كالعمَى والبصَرِ؛ فإن العمَى عدمُ البصرِ عمّا من شأنِه أن يكونَ بصيراً. (ملخص من: دستور العلماء ومبادئ الفلسفة)

تقابلِ عدم وملکہ: متقابلین میں سے ایک کا وجودی ہونا اور دوسرے کا اِس طور پر عدمی ہونا کہ عدمی میں وجودی کی صلاحیت ہو(۱)، جیسے: بینا اور نابینا؛ (اول وجودی ہے اور دوم عدمی؛ کیوں کہ اُس کے مفہوم میں ''نا'' داخل ہے)؛ مگر نابینا وہی کہلاتا ہے جو بینا ہوسکتا ہو، (دیوار کو ''نابینا'' کوئی نہیں کہتا)۔

تَقابُل الإيجابِ والسَّلبِ: كونُ النسبتَينِ متقابلتَينِ بحيثُ يكونُ إحداهما إيجابيّةً والأخرىٰ سلبيَّةً، مثلُ: زيدٌ إنسانٌ، وزيدٌ ليسَ بإنسانٍ. (دستور العلماء: ١)

---

(۱) فائدہ: وجودی کا مطلب یہاں یہ ہے کہ نفی اُس کے مفہوم کا جزء نہ ہو خواہ وہ خارج میں موجود ہو یا نہ ہو، اور جمع نہ ہوسکنے کا مطلب یہ کہ، عقل اُن کے اجتماع کو درست قرار نہ دے، نفس الامر میں اجتماع کا محال ہونا مراد نہیں ہے؛ کیوں کہ دو باتیں کبھی ایسی ہوتی ہیں کہ نفس الامر میں وہ ایک ساتھ جمع نہیں ہوسکتیں، جیسے: علم اور موت؛ مگر اِن دونوں میں کوئی تقابل نہیں ہوتا؛ کیوں کہ عقل اُن کے اجتماع کو نادرست قرار نہیں دیتی۔

تقابلِ ایجاب وسلب: دونسبتوں کا باہم ایسا مقابل ہونا کہ ایک نسبت ایجابی ہو اور دوسری عدمی، جیسے: زید انسان ہے، زید انسان نہیں ہے، (کہ پہلا قضیہ موجِبہ ہے اور دوسرا سالبہ ہے۔)

التَّقَدُّم: كَـوْنُ الشَّيءِ أوَّلًا. وَهوَ خَمْسَة؛ لأنَّ الْمُتَقَدِّم إمَّا أنْ يَكُوْنَ مُجَامِعا للمُتأخِّر، أوْ لا: الثَّانِي هُوَ ”التَّقَدُّم بالزَّمَان“، كَتَقَدُّم مُوْسٰى عَلىٰ عِيسٰى، وَالأوَّل لايَـخْـلُو إمَّا: أنْ يَكُوْن الْمُتَأَخِّر مُحْتَاجاً إلَيْه، أوْ لا، وَالأوَّل إمَّا أنْ يَكُوْنَ الْمُتقَدِّمُ عِلَّةً تَامَّةً للمُتَأَخِّر، أوْ لا؛ وَالأوَّل ”التَّقَدُّم بالعِلَّة“، كَتَقَدُّم طُلُوْع الشَّمْسِ عَـلىٰ وُجُوْد النَّهَار، الثَّانِي: ”التَّقَدُّمُ بالطَّبْع“، كَتَقَدُّم الوَاحِد عَلَى الاثْنَيْن؛ وَإنْ لَمْ يَـكُـنِ الْمُتأخِّر مُحْتَاجاً إلَى الْمُتَقَدِّم فَلايَخْلُو إمَّا: أنْ يَكونَ التَّقَدُّم وَالتَّأَخُّر بالتَّرْتِيْب، بـأنْ يَـكُوْن شَيْءٌ أقْرَب مِنْ غَيْرِه إلىٰ مَبْدَأ مَحْدُوْد لَهُمَا، أوْ لا؛ الأوَّل ”التَّقَدُّم بالوَضْع“، فَهُـوَ: عِبَـارَة عَن تِلْك الأقْرَبِيَّة، وَهوَ عَلىٰ نَوْعَيْن: طَبْعِيٌّ: إنْ لَمْ يَكُنُ المَبْدَأ المَحْدُوْد بِـحَسَب الوَضْع وَالجَعْل، كَتَقَدُّم الصَّفِّ الأوَّل بالنِّسْبَة إلَى المِحْرَاب عَلَى الصَّفِّ الثَّـانِـي مَثَلاً، والثَّـانِـي: التَّـقَـدُّم بالشَّرَف، وَهُوَ فِي الحَقِيْقَة الرُّجْحَان بالشَّرَف، كَتَقَدُّم أبِي بَكر الصِّدِّيْق عَلىٰ عُمَر الفَارُوْق رَضِي اللّٰه عنهُمَا. (دستور العلماء۱/ ۲۲۷)

''تقدُّم'' کے معنیٰ ہے: پہلے ہونا، اور ''تأخُّر'' کے معنیٰ ہے: پیچھے ہونا۔ اور تقدُّم وتأخر کی پانچ قسمیں مشہور ہیں: تقدم بالعلّیت، تقدم بالزمان، تقدم بالطبع، تقدم بالوضع، تقدم بالشرف۔

تقدم بالعلیت: متقدم متأخر کے وجود کے لیے علتِ تامہ ہو، جیسے: طلوعِ شمس کا تقدم وجودِ نہار پر۔ اور اِس کو ''تقدم بالذات'' بھی کہتے ہیں۔

تقدم بالزمان: متقدم ایسے زمانے میں ہو کہ متأخر اُس میں نہ ہو، جیسے: حضرت موسیٰ کا تقدم حضرت عیسیٰ پر۔

تقدم بالطبع: متأخر متقدم کا محتاج ہو؛ مگر متقدم متأخر کے (وجود کے) لیے علتِ تامہ نہ ہو، یعنی متقدم اور متأخر میں اِس قسم کا تعلق ہو کہ متقدم کا وجود تو بغیر متأخر کے ممکن ہو؛ مگر متأخر کا وجود بغیر متقدم کے ممکن نہ ہو، جیسے: وضو کا نماز پر تقدم، کہ وضو تو نماز کے بغیر ممکن ہے؛ مگر نماز بغیر وضو کے ممکن نہیں ہے، جیسے: ایک (کے عدد) کا دو پر تقدم، کہ ایک کا عدد ۲/ کے بغیر پایا جا سکتا ہے؛ مگر دو بغیر ایک کے نہیں پایا جا سکتا۔

تقدم بالوضع: متقدم کسی معیّن حد سے قریب ہو، جیسے: مسجد کی صفوں میں مقدم اُس کو کہیں گے جو محراب اور امام سے قریب ہو۔ اور تقدم بالوضع کو "تقدم بالرتبہ" بھی کہتے ہیں۔

تقدم بالشرف: متقدم میں ایسے کمالات پائے جاتے ہوں جو متأخر میں نہ پائے جاتے ہوں، جیسے: عالم کا تقدم جاہل پر، اور حضرت صدیقِ اکبر رضی اللہ عنہ کا تقدم حضرت فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ پر۔

اَلتَّقْدِیْرُ: باب المیم کے تحت "مقدر" کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

اَلتَّقْسِیْمُ: باب القاف کے تحت "قسم" کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

اَلتَّقْطِیْعُ: باب الباء کے تحت "بحر" کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

اَلتَّقْلِیْدُ: باب الالف کے تحت "اجتہاد" کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

اَلتَّلْوِیْحُ: باب التاء کے تحت "تعریض" کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

التَّكرَارُ: إِتيانُ شَيءٍ مَرةً بعدَ أُخرَى.(دستور العلماء١/٣٩٨)
تکرار: کسی چیز کو بار بار دُہرانا، اعادہ کرنا۔

الفرق بين الإعادة والتكرار: أنَّ التكرارَ يَقعُ علىٰ إعادةِ الشيءِ مرَّة وعلىَ إعادتِه مرَّاتٍ، والإعَادة للمرَّة الواحِدةِ؛ ألاترىٰ أنَّ قولَ القائلِ: أعادَ فلانٌ كذا، لايفيدُ إلا إعادَته مرةً واحِدَة، وإذا قال: ”كرَّرَ هٰذا“ كانَ كلامُه مبهماً لم يُدرَ أَعادَهٗ مرتين أوُ مرّات.(الفروق اللغوية:٥١)

تکرار، اعادہ: اِن کے درمیان فرق یہ ہے کہ، تکرار کا اطلاق کسی شئ کے ایک دفعہ اعادے پر بھی ہوتا ہے اور چند مرتبہ اعادہ پر بھی؛ لیکن اِعادہ کا اطلاق ایک دفعہ کسی کام کو کرنے کے بعد صرف دوسری مرتبہ کرنے پر ہوتا ہے نہ کہ بار بار۔

التَّلازُمُ: باب اللام کے تحت ”لازم“ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

التَّمثِيلُ: باب القاف کے تحت ”قِیاس، استقراء“ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

التَّنَاقُضُ: أن يكونَ أحدُ الأمرينِ –مفردَينِ أوُ قضيتينِ أوُ مختلفينِ– رفعاً للآخرِ صريحاً أوُ ضمناً؛ فإنَّ زيداً نقيضُ عمرٍو، ورفعُهُ؛ لٰكنُ ضمناً. وكلُّ واحدٍ من الأمرينِ المذكورينِ يكونُ نقيضاً للآخرِ. (دستور العلماء١/٢٤١ب)(١)

تناقض: دو مفردوں یا قضیوں میں سے ہر ایک کا صراحۃً یا ضمناً دوسرے

---

(١)الفَرقُ بينَ التَّناقُض والتَّضَاد : أنَّ التَّناقُض يَكونُ فِي الأقوَال، وَالتَّضَادُ يَكونُ فِي الأفعَال، يُقَال: الفِعْلانِ مُتَضادَّان، وَلايُقَال: مُتَناقِضَان. (الفروق اللغوية:٥٦)

کے متضاد ہونا، جیسے: زید، عمرو کی ضمناً نقیض ہے۔ اور متناقضین میں سے ہر ایک کو دوسرے کی نقیض (ضد، برعکس) کہا جاتا ہے۔

ملاحظہ: اعلم! إن التناقض الحقيقي ما هو بين القضايا، وإطلاقه علیٰ ما هو في المفردات علیٰ سبيل المجاز. (محشئ شرح تهذيب: إسماعيل)

تَناقُضُ القَضايا: هوَاختلافُ القضيتَينِ بالإيجابِ والسَّلبِ بحيثُ يقتضيُ لذاتهِ صدقُ إحدَاهما كذُبَ الأخرَى، كقولنا: زيدٌ إنسانٌ، زيدٌ ليسَ بإنسانٍ. (كتاب التعريفات: ٤٩ب)

تناقضِ قضایا: دو قضیوں کا آپس میں ایجاب وسلب کے اعتبار سے اِس طرح مختلف ہونا کہ، اُن دونوں میں سے کسی بھی ایک کا سچا ہونا (سچا ماننا) دوسرے کے جھوٹا ہونے کا تقاضہ کرے، جیسے: زید انسان ہے، زید انسان نہیں ہے۔

ملحوظہ: مذکورہ تناقض کے پائے جانے کے لیے وحدات ثمانیہ کا ہونا شرط ہے۔ تفصیل کتبِ منطق میں ملاحظہ فرمائیں۔

النَّقِيضُ: نقيضُ كلِّ شيءٍ رفعُهُ.

نقیض: (برعکس، ضد) ہر شئی کے سلب کو نقیض کہتے ہیں، (جیسے: جاندار کی نقیض غیر جاندار، ''زید عالم ہے'' کی نقیض ''زید عالم نہیں ہے'')۔

التَّنْبِيهُ: إِعلامُ مَا فِيُ ضَميرِ المُتكلِّمِ للمُخاطَبِ. وَيُطلقُ أَيضاً عَلَى اِستِحضارِ ما سَبقَ، وَاِنتِظارِ مَا سَيأتيُ. (دستور العلماء ١/٢٣٩؛ التعريفات الفقهيه: ٦٣)

(١) متکلم کا مخاطب کو اپنے باطن سے آگاہ کرنا۔ (٢) مضامینِ گذشتہ کا

اِستحضار کرانا اور مضامینِ آئندہ کی توقع دِلانا۔ (مزید تفصیل باب الدال کے تحت ''دلیل'' کے حاشیے میں ملاحظہ فرمائیں)۔

تَوَقّف الشيءِ علىٰ نفسِه: اِس کی تعریف باب الدال کے تحت ''دَور'' کے حاشیے میں ملاحظہ فرمائیں۔

باب الجيم

الـجمعُ، المنعُ، الاطِّرادُ، الانعكاسُ: معنَى اِطِّرادِ المُعرِّفِ اِستِلزامُهٗ المُعرَّفَ فيْ الوجودِ والثُّبوتِ، أيْ مَتىٰ وُجدَ المُعرِّفُ وُجدَ الـمُعـرَّفُ؛ ويلزمُهٗ مَنعُ المُعرِّفِ؛ لأنَّهٗ يُعلمُ منُ هٰذا الِاستِلزامِ أَنَّ [غيـرَ] الـمُـعرِّفِ [خارجٌ عن أفرادِ المُعرَّفِ] بِحيثُ لايَدخلُ فيهِ شَيءٌ منُ أَغْيارِ المُعرَّفِ، وَهٰذا مَعنىٰ "مَنعِ المُعرِّفِ".

وَمعنىٰ اِنعكاسِ الـمُـعـرِّفِ: اِستِلزامُـهٗ المُعرَّفَ فيْ العَدَمِ وَالاِنتِفاءِ، أَيْ مَتَى اِنتفَى الـمُـعـرِّفُ اُنتفَى المُعرَّفُ، وَيَلزمُهٗ جمعُ الـمُـعـرَّفِ؛ لأنـهٗ يُعلمُ مِنَ الِاستِلزامِ المَذْكورِ أنَّ جَمِيعَ أفرادِ المُعرَّفِ مُـنـدرِجٌ تَحتَ المُعرِّفِ، بِحيثُ لمُ يَبقَ فرْدٌ مِن أَفرادِ المُعرَّفِ خارِجًا عَنِ المُعرِّفِ غيرَ داخلٍ تَحتَهٗ، وَهٰذا مَعنىٰ "جَمعُ المُعَرِّفِ".

وَقـدُ عُلمَ منُ هٰذا البَيانِ العَظيمِ القَدرِ، الرَّفيعِ الشَّأنِ مَعنىٰ كَوْنِ التَّعـريفِ جَامِعـاً وَمَانِعـاً وَمُطَّـرِداً وَمُنْعَكِسًا، وَمعنَى الجَمعِ وَالمَنعِ وَالِاطِّرادِ والانعكاس. (دستور العلماء۱/ ۱۵۳)

اِطِّراد: تعریف کے مطرد ہونے کا مطلب یہ ہے کہ، تعریف کا ثبوت و وُجود میں معرَّف کو لازم قرار دینا، یعنی جب بھی تعریف پائی جائے گی تو معرَّف بھی پایا جائے گا، اوراس کے لیے تعریف کا مانع ہونا لازم ہے؛ اِس لیے کہ منع

واطراد میں تعریف جب بھی پائی جاتی ہے تو معرَّ ف کا ہر ہر فرد اُس میں شامل ہوجاتا ہے، بایں طور کہ معرَّ ف کے اغیار میں کا کوئی فرد معرَّ ف میں باقی نہ رہے، یہی تعریف کے مانع ہونے کا مطلب ہے۔

اِنعکاس: تعریف کے منعکس ہونے کا مطلب یہ ہے کہ، تعریف کا معدوم ومنْتفی ہونے میں معرَّ ف کو لازم قرار دینا، یعنی جب بھی تعریف منْتفی ہوگی تو معرَّ ف بھی منْتفی ہوجائے گا، اوراس کے لیے تعریف کا جامع ہونا لازم ہے؛ کیوں کہ لزومیتِ مذکورہ سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ، معرَّ ف کے تمام افراد تعریف میں اس طرح شامل ہوجائیں کہ معرَّ ف کے افراد میں سے کوئی بھی فرد تعریف میں داخل ہوئے بغیر نہ رہے، (یعنی اپنے افراد کو خارج نہ ہونے دے)، یہی تعریف کے جامع ہونے کا مطلب ہے۔

فائدہ: اِس عظیم المرتبت اور بڑی شاندار تقریر سے تعریف کا جامع، مانع اور مطرد، منعکس ہونے کا مطلب، اور تعریف کی جامعیّت ومانعیت اور اِطرادیت وانعکاسیت کا معنی بھی معلوم ہوگیا۔

التَّعرِیفُ الجَامِعُ: أَن یَکونَ (المعرِّفُ) مُتَناوِلاً لِکلِّ واحدٍ من أَفرادِ المُعرَّفِ.

جامع: وہ پُر مغز تعریف جو معرَّ ف کے تمام اَفراد کا اِحاطہ کیے ہوئے ہو، (اِسی کو عکس وانعکاس سے بھی تعبیر کرتے ہیں)۔

التَّعرِیفُ المَانِعُ: أَنْ یَکونَ (المعرِّفُ) بِحیثُ لایَدخُلُ فیهِ شَيءٌ مِن أغیارِ المُعرَّفِ.

مانع: وہ تعریف ہے جس میں افرادِ معرَّف کے ماسوا میں سے کوئی بھی فرد داخل نہ ہو، (اِسی کو طرد یا اِطراد سے بھی تعبیر کرتے ہیں)۔

مانع تعریف کی مثال: الكَلِمَة لَفظٌ وُضِعَ لمَعْنًى مُفْرَدٍ. (هداية النحو)

فائدة: في تعريف الكلمة "لَفظٌ" جنس يشمَل المُهمَل، كـ"دَيز" مَقلوبِ زَيد، والمَوضوعَ كـ"عَمرو"؛ والمُفردَ كـ"رَجُل"، والمُركبَ كـ"غُلام زَيد". و"وُضِعَ" فصلٌ أول، مُخرِج للمُهمَلاتِ والألفاظِ الدالَّة بالطبع؛ إذ لمُ يتعلَّق بهَا وَضع، والأصواتِ. و"لِمَعْنًى" فَصل ثانٍ، مُخرِج للحُروف الهِجائيَّة؛ إذ وَضعُها لغَرضِ التركيب، و"مُفرَدٌ" فَصل ثالثٌ، مُخرِج للمُركبَات.

الجُزءُ: ما يَتَرَكَّبُ عنهُ وعنُ غيرِه شيءٌ، هُوَالكلُّ.

جزء: وہ حصہ ہے جس کو دوسرے کے ساتھ جوڑنے سے کُل مرکب ہوتا ہے۔

الجُزئِيُّ: مقولٌ بالاشتراكِ اللفظيِّ علىٰ ما يَمتنِع نفسُ تصورِه من وقوعِ الشركةِ، كـ"زيدٍ"، ويُسمىٰ جزئياً حقيقياً. وعَلَى الأَخصِّ من شيءٍ كـ"الإنسانِ" بالنسبةِ إلى الحَيَوانِ، ويُسمَى جزئياً إضافياً؛ لأنَّ جزئيتَهٗ بالإضافةِ إلى شيءٍ آخرَ. (دستور العلماء١/٤٤٩،٤٥٤)

جزئی: یہ لفظ مشترک ہے، اِس کا اطلاق دو قسموں پر ہوتا ہے: جُزئی حقیقی، جزئی اِضافی۔

جُزئی حقیقی: وہ جزئی ہے جس کا تصوُّر اُس میں وقوعِ شرکت سے مانع ہو، جیسے: زید۔

جزئی اضافی: وہ جزئی ہے جو اپنے سے زیادہ عام کے تحت مندرج ہو (یعنی اَخص ہو)، جیسے: انسان بہ نسبتِ حیوان، کہ انسان خود کلی ہے؛ لیکن بہ نسبتِ حیوان خاص ہے۔

الفرق بين الجزء والجزئي: لَايَجُوزُ حَملُ الكُلِّ عَلىٰ جُزئِه أي الإخبارُ بِالكُلِّ عَن جُزئِه، فَلايُقالُ: اَلرأسُ إنسانٌ؛ لأنَّ الرأسَ جُزءٌ لِلإنسانِ، وَلايُمكِنُ أن يَكونَ الجُزءُ كُلًّا وَلَاالكُلُّ جُزءًا، بِخِلافِ الكُلِّيِّ وَالجُزئِيِّ؛ فَإنهٗ يجوزُ حَملُ الكُلِّي عَلىٰ جُزئياتِه، نَحوُ: زَيدٌ إنسانٌ، خَالِدٌ إنسانٌ. (المنطق القديم بزيادة: ٤٩)

جزء اور جزئی میں فرق یہ ہے کہ، کل (مثلاً زید) جزء (مثلاً زید کی انگلی) پر صادق نہیں آتا یعنی زید کی انگلی کے بابت یہ نہیں کہا جائے گا کہ: یہ زید ہے، ہاں! کلی (مثلاً انسان)، جزئی (مثلاً زید) پر صادق آتی ہے، جیسے یہ کہا جاتا ہے کہ: زید انسان ہے(١)۔

الكُلُّ: فِي اللُّغةِ: المَجموعُ المُعيَّنُ، وفي الِاصطلاحِ: مَايَتركبُ من الأَجزاءِ.

ثم الكلُّ عَلىٰ نَوعينِ: (مجموعيٌّ) مِثلُ كُلُّ إِنسانٍ لايَشبعُهُ هٰذا الرَّغيفُ. (وإِفراديٌّ)، مِثلُ كُلُّ إنسانٍ حيَوانٌ؛ ففي الأَوَّلِ يكونُ

---

(١) اِن دونوں دوسرا فرق یہ بھی ہے کہ: جزء کے انتفاء سے کل منتفی ہوجاتا ہے (مثلاً: واحدٌ من العشرةِ کے منتفی ہونے سے عشرۃ منتفی ہوجائے گا)، برخلاف کلی کے، کہ وہ جزئی کے انتفاء سے منتفی نہیں ہوتی، (مثلاً زید کے انتقال کر جانے سے انسان کلی منتفی نہیں ہوتی)۔ (نیل الامانی:١٢١)

الـحُكمُ بِإثباتِ الْمَحمولِ لمَجموعِ أفرَادِ المَوضوعِ، أوْ نَفْيهِ عَنهُ؛ وفي الثّـانـي يَـكُونُ الحُكمُ بإثباتِ المحْمُولِ لِكُلِّ واحدٍ مِنْ أفرادِ مَوضوعِهِ ونفيهِ عنه. (دستور۳/۱۵۹، ۱۶۰)

کل: لغوی معنیٰ: مخصوص مجموعہ۔ اصطلاحی معنیٰ: وہ حصہ ہے جو چند اجزاء سے جُڑا ہوا ہو۔ کل کی دو قسمیں ہیں: کل مجموعی، کل اِفرادی۔ تفصیل باب الکاف کے تحت ''کلی'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الكُلِّيُّ: (عـندَ المَنطِقِيِّينَ) ما لايَمنعُ نفسُ تصوّرِهِ من وقوعِ الشِّركةِ فيه، كالحيَوانِ. (دستور العلماء۳/۱۶۰)

کلی: (مناطقہ کے نزدیک) وہ مفہوم ہے جس کا تصوُّر وقوعِ شرکت سے مانع نہ ہو، جیسے: حیوان۔

الجنس: باب الکاف کے تحت ''کلیاتِ خمسہ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

اِعلَمْ أنَّ الدَّليلَ تَحقيقِيٌّ وَإلزاميٌّ: معلوم ہونا چاہیے کہ، دلیل (جواب) کی دو قسمیں ہیں: جوابِ تحقیقی، جوابِ الزامی۔

الجواب التَّحقيقِيُّ: مَا يَكونُ فيْ نفْسِ الأمرِ ومُسلَّماً عندَ الخَصْمَيْنِ.

جوابِ تحقیقی: وہ دلیل ہے جو حقائق پر مبنی ہو، اور خصمین کے نزدیک مسلَّم ہو۔

الجواب الإلزامي: مَاسُلِّمَ عِندَ الخَصْمِ سواءٌ كَانَ مُستَدلاًّ عِـنـدَ الخَصمِ أَوْ لاَ، فيُقالُ: هٰذا عندَكُمْ لا عندِيْ. (التعريفات الفقهية:۹۶، دستور العلماء)

جوابِ الزامی: وہ جواب ہے جو محض فریقِ مخالف کے نزدیک مسلم ہو، چاہے وہ دلیل خصم کا مستدل ہو یا نہ ہو؛ بنابریں جوابِ الزامی میں یوں کہا جاتا ہے: (اے مخالفین!) یہ جواب تمھارے خیال کے مطابق ہے نہ کہ ہمارے خیال کے مطابق (۱)۔

جوابِ ماھو: باب الحاء کے تحت "حقیقت" کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

---

(۱) اِسی کو حضرت تھانویؒ اِس طرح تحریر فرماتے ہیں: جوابِ تحقیقی کے یہ معنیٰ ہے کہ، کسی نے جو کچھ پوچھا جواب میں اُس کی حقیقت کو واضح کر دیا۔ اور جوابِ الزامی کے یہ معنیٰ ہے کہ، جو اعتراض ہم پر کسی نے کیا، ہم نے ویسا ہی اعتراض اُس کے مذہب پر کر دیا، کہ جو جواب ہمیں دوگے بعینہٖ وہی جواب ہماری طرف سے تمھارے اعتراض کا ہوگا۔

اب اِن دونوں میں سے ہر ایک کے لوازم وشرائط کو سمجھنا چاہیے، تحقیقی جواب کے لیے اپنے مذہب پر پورا عبور ہونا ضروری ہے، دوسرے کے مذہب پر پوری نظر ہونے کی ضرورت نہیں، اور الزامی جواب کے لیے اپنے مذہب کے ساتھ ساتھ دوسرے کے مذہب پر بھی پوری نظر ہونی ضروری ہے۔ (تحفۃ العلماء ۲/۵۲۰)

جواب کی دو قسمیں اَور ہیں: ایک قسم تو یہ ہے کہ، سوال کو تسلیم کرکے جواب دیا جائے، اِس کو جواب "بہ طریقِ تسلیم" کہتے ہیں۔ اور دوسری قسم یہ ہے کہ، سوال ہی کا انکار کر دیا جائے، اِس کو جواب "بہ طریقِ انکار اور علیٰ سبیل الانکار" کہتے ہیں۔ (مشکل ترکیبوں کا حل: ۳۱۱)

باب الحاء

الحادث: اسمُ فاعِلٍ مِن الحُدوُثِ، (فاعْلَمْ) أَنَّ الحُدوثَ يُطلقُ عَلىٰ مَعنَيَيْنِ:

(أَحدهما): وُجودُ الشَّيءِ بَعدَ عَدمِهِ بُعديَّةً زَمانِيَّةً. وَبِعبارةٍ أُخرىٰ: كونُ الشيءِ مَسبُوقاً بِالعَدمِ سَبْقاً زَمانِياً، وَهوَ المُسمّٰى ”بالحدوثِ الزَّمانيُ“؛ وَيُقابِلُهٗ القِدمُ الزَّمانيُ. فالحادِثُ ح هوَ المَوجوُدُ المَسبوقُ بالعَدمِ سَبقاً زَمانِياً. وَالمُتكلِّمونَ قائلوُنَ: بأَنَّ العالَمَ حادِثٌ بهٰذا الحُدوُثِ.

و(ثانيهما): كوُنُ الشَّيءِ مُفتَقراً مُحتاجاً فيُ وُجوُدِهِ إِلىٰ غيرِهِ أيُ عِلتِهِ تامَّةً أَوُ ناقصَةً. (دستور العلماء٢/٤)

حادث: حدوث (بہ معنیٰ: نیا ہونا، پیدا ہونا) کا اسمِ فاعل ہے۔ معلوم ہونا چاہیے کہ فلاسفہ کے نزدیک، حادث کا اِطلاق دو معنوں پر ہوتا ہے: حدوثِ زمانی، حدوثِ ذاتی۔

حدوثِ زمانی: چیز کا بہ اعتبارِ زمانہ عدم کے بعد وجود میں آنا (نیست کے بعد ہست ہونا)، اِس کا مقابل: قدمِ زمانی ہے۔

حدوثِ ذاتی: چیز کا اپنے وجود میں کسی علتِ تامہ یا ناقصہ کا محتاج ہونا۔

ملاحظہ: متکلمین کے نزدیک العالمُ حادثٌ میں حدوث سے حدوثِ زمانی مراد ہے، نہ کہ حدوثِ ذاتی جیسا کہ فلاسفہ مانتے ہیں۔

القِدم الذاتي: وَهوَ كَونُ الشَّيءِ غَيرَ مُحتاجٍ فيُ وُجودِهِ إِلَى الغَيرِ. وَهوَ مُنحصِرٌ فيُ ذاتِهِ تَعالىٰ وَيُقابِلهُ الحُدوثُ الذَّاتِيُّ.

القِدَم الزَّماني: وَهوَ كَونُ الشَّيءِ غَيرَ مَسبوقٍ بالعَدمِ، وَيُقابِلهُ الحُدوثُ الزَّمانيُّ. (دستور العلماء ۳/٦٨)

قِدم: (بہ معنیٰ: پہلے زمانے ہی سے، پُرانا پن) کی بھی دو قسمیں ہیں:

قدمِ ذاتی: چیز کا اپنے وجود میں غیر (علتِ تامہ یا علت ناقصہ) کا محتاج نہ ہونا؛ قدمِ ذاتی صرف ذاتِ حق سبحانہ وتقدّس میں منحصر ہے، اِس کا مقابل: حدوثِ ذاتی (محتاج اِلی الغیر) ہے۔

قِدمِ زمانی: چیز کا مسبوق بالعدم نہ ہونا، (یعنی وجود پر عدم، سبقت کیے ہوئے نہ ہو)، اِس کا مقابل: حدوثِ زمانی (نیست کے بعد ہست) ہے(۱)۔

الحاسَّةُ: هيَ القوَّةُ التيُ تُدرِكُ الجزئياتِ الجِسمانيَّةَ؛ والحواسُّ ظاهرةٌ وَباطنَةٌ؛ وكلٌّ منهمَا خمسٌ بالوِجدانِ، فالمجموعُ عشَرٌ.

الحواسُّ الظاهِرَةُ: هيَ السَّمعُ، والبَصَرُ، والشَّمُّ، والذَّوقُ، واللَّمسُ.

حاسَّہ: وہ فطری قوت ہے جو جسم پر پیدا ہونے والے محسوسات (کیفیات واحوال) کا ادراک کرے، (اِس کی جمع "حواسّ" ہے)۔

---

(۱) الحاصل: قدیم بالذات وہ ہے جس کا وجود بوجہِ واجب الوجود ہونے کے لذاتہٖ ہو، یعنی غیر کا محتاج نہ ہو، یہ قسمِ قدیم صرف ایک ہی ذات الٰہی میں منحصر ہے، اور قدیم بالزمان: جس کے زمانۂ موجود سے پہلے زمانہ نہ ہو، جیسے اَفلاک، عقولِ عشرہ وغیرہ (علیٰ زعم الفلاسفۃ)۔ اور حادث بالذات: جس کا وجود بوجہِ امکان ذاتی نہ ہو؛ بلکہ غیر کا محتاج ہو، جیسے جملہ ممکنات۔ اور حادث بالزمان: جس کے زمانۂ موجود سے پہلے بھی زمانہ موجود ہو، جیسے: اَجسام مرکبہ۔ (معین الحکمۃ: ۵۲)

حواس کی دو قسمیں ہیں: حواسِ ظاہرہ، حواسِ باطنہ، پھر ہر ایک کی پانچ قسمیں ہیں:

حواسِ ظاہرہ: سمع، بصر، شم، ذوق اور لَمس ہیں۔

السَّمعُ: وهوَ قوّةٌ مودَّعَةٌ في العصَبِ المَفروشِ في مُقَعَّرِ الصِّماخِ، يُدرَكُ بها الأَصواتُ بطريقِ وُصولِ الهَواءِ المُتكيِّفِ بكَيفيَّةِ الصَّوتِ إلى الصِّماخِ، بمَعنىٰ أنَّ اللّٰهَ تَعالىٰ يَخلقُ الإدرَاكَ في النَّفسِ عندَ ذٰلكَ. (شرح العقائد)

سمع: وہ ایک قوت ہے جو کان کے سوراخ کے اندرون میں بچھے ہوئے پٹھوں میں (مِن جانب اللہ) رکھی ہوئی ہے، اِس کے ذریعے -کان کے سوراخ میں اُس ہوا کے پہنچنے کے واسطے سے جو آواز کی کیفیت کے ساتھ متّصِف ہوتی ہے- آوازوں کا ادراک کیا جاتا ہے، بہ ایں معنیٰ کہ اللہ تعالیٰ اُس وقت نفس میں ادراک پیدا فرما دیتے ہیں۔

البصَر: وهوَ قوّةٌ مودَّعةٌ في العصبتَينِ المُجوَّفتينِ اللَّتينِ تتَلاقَيانِ في الدِّماغِ ثمَّ تفترِقانِ، فتأدَّيانِ إلَى العَينينِ يُدرَك بِهَا الأَضوَاءُ والألوانُ وَالأشكالُ وَالمَقاديرُ والحرَكاتُ والحُسنُ والقُبحُ وغيرُ ذلكَ ممَّا يَخلقُ اللّٰهُ تَعالىٰ إدراكَها في النَّفسِ عندَ اِستعمالِ العَبدِ تلكَ القُوّةَ. (شرح العقائد)

بصر: وہ ایک ایسی قوت ہے جو اُن دو کھوکھلے پٹھوں میں رکھی ہوئی ہے جو باہم دماغ میں ملے ہوئے ہیں، پھر ایک دوسرے سے جدا ہو کر دونوں آنکھوں میں پہنچتے ہیں، اِس (قوت) کے ذریعے روشنیوں، رنگوں، شکلوں، مقداروں، حرکتوں،

اور خوبصورتی و بدصورتی وغیرہ ایسی چیزوں کا ادراک ہوتا ہے جن کا ادراک بندے کے اُس قوت کو استعمال کرنے کے وقت اللہ تعالیٰ نفس میں پیدا فرماتے ہیں۔

الشمُّ: وهيَ قوّةٌ مودَّعةٌ في الزائدتينِ النَّابتَتينِ في مُقدَّمِ الدِّماغِ الشَّبيهتَينِ بحُلمتَي الثَّدي، تُدرَكُ بهَا الرَّوائحُ بطريقِ وُصولِ الهَواءِ المُتكيِّفِ بكيُفيَّةِ ذي الرَّائحةِ إلَى الخَيشومِ. (شرح العقائد)

شم: مُقدّم دماغ میں پستان کی گھنڈیوں کے مشابہ اُبھرے ہوئے گوشت کے دو ٹکڑوں میں ودیعت کی ہوئی وہ قوت جس کے ذریعے بودار چیز کی کیفیت (بو) کے ساتھ مُتّصف ہونے والی ہوا کے ناک کے بانسہ تک پہنچنے کے واسطے ہر قِسم کی بو کا اِدراک ہوتا ہے۔

الذَّوقُ: وهي قوّةٌ مُنبثَّةٌ في العصَبِ المَفروشِ علَىٰ جِرمِ اللِّسانِ، يُدرَكُ بهَا الطُّعومُ بمُخالَطةِ الرُّطوبَةِ اللُّعابيَّةِ التي في الفمِ بالمَطعومِ، ووُصولِها إلَى العصَبِ. (شرح العقائد)

ذوق: وہ ایسی قوت ہے جو زبان کے اوپر بچھے ہوئے پٹھے میں ودیعت کی ہوئی ہے، اِس کے ذریعے کھائی جانے والی یا ذائقہ والی چیز کے ساتھ منھ کے اندر کی لُعابی رُطوبت کے اختلاط کرنے اور اُس کے رُطوبت کے مذکورہ پٹھے تک پہنچنے کے واسطے سے (ہر قِسم کے) ذائقوں کا اِدراک ہوتا ہے۔

اللمسُ: وهيَ قوَّةٌ مُنبثَّةٌ في جميعِ البَدَنِ، تُدرَك بهَا الحَرارَةُ وَالبُرُودَةُ والرُّطوبَةُ وَاليُبوسَةُ وَنحوُ ذلكَ عندَ التَّماسِّ وَالاتِّصالِ بهٖ. (شرح العقائد)

لمس: وہ ایسی قوت ہے جو تمام بدن میں پھیلی ہوئی ہے، اِس کے ذریعے

بدن کے ساتھ مس اور اتصال کرنے کے وقت حرارت، رُطوبت، یبوست (تری، خشکی) وغیرہ کا اِدراک ہوتا ہے۔

الحواسُّ الباطنةُ : هيَ الحِسُّ المُشتَرَكُ، والخَيَالُ، والوَهمُ، والحافِظةُ والمُتصَرِّفةُ. (دستور العلماء۲/٤)

حواسِ باطنہ: پانچ ہیں: حِسِّ مشترک، خَیال، وہم، حافظہ اور قوتِ متصرِّفہ۔

یہ پانچوں قوتیں دماغ کے تین بطون (حصوں) میں تقسیم ہیں:

بطنِ اول کے ابتدائی حصے میں ''حسِ مشترک'' ہے، اور حصۂ آخر میں ''خیال'' ہے؛ اِن دونوں کا کام محسوساتِ جزئیہ کی صورتوں سے متعلق ہے، یعنی کسی صورت کا لمبا چوڑا، چھوٹا موٹا ہونے کا ادراک کرنا۔

بطنِ ثانی کے حصۂ آخر میں ''وہم'' ہے اور بطنِ ثالث میں ''حافظہ'' ہے: اِن دونوں کا کام محسوساتِ جزئیہ سے متعلق معنوی امور سے ہے، (مثلاً: سخی وبخیل ہونا، عالم وجاہل ہونا)۔

بطنِ ثانی کے ابتدائی حصے میں ''متصرفہ'' ہے، اِس کا کام خزانہ کی ہوئی صورتوں اور معانی میں جوڑ توڑ کرنا ہے۔

الحِسُّ المُشتَرَكُ: هوَ القوَّةُ التي تَرتَسمُ فيها صوَرُ الجزئيَّاتِ المَحسوسةِ، فالحواسُّ الخمُسَةُ الظاهرَةُ كالجَواسيسِ لهَا......، ومَحلُّهُ مقدَّمُ التَّجويفِ الأوَّلِ من الدِّماغِ، كأنَّهَا عينٌ تَنشَعِبُ منُها خمُسةُ أنُهارٍ. (كتاب التعريفات:٦٢)

حِسِّ مشترک: وہ قوت ہے جس میں جزئیاتِ محسوسہ کی صورتیں (حواسِ ظاہرہ سے حاصل ہونے والی صورتیں) نقش ہوجاتی ہیں، پس حواسِ خمسہ ظاہرہ اُس کے سراغ رَساں ہیں۔

ملاحظہ: یہ قوت دماغ کے بطونِ سہ گانہ (دماغ کے اندرونی تین حصوں) میں سے بطنِ اول کے ابتدائی حصے میں ودیعت کی گئی ہیں۔

الخَيالُ: هوَ قوَّةٌ تَحفَظُ مَايُدرِكهُ الحِسُّ المُشترَكُ من صورةِ المَحسوساتِ بعدَ غَيبوبَةِ المَادَّةِ، بحَيثُ يُشاهِدُها الحِسُّ المُشترَكُ كلَّمَا التفَتَ إليهَا، فهوَ خِزانَةٌ للحسِّ المُشترَكِ، ومَحلُّهُ مؤَخَّرُ البَطنِ الأوَّلِ من الدِّماغِ. (كتاب التعريفات: ۷٤)

خَیال: وہ قوت ہے جو حسِّ مشترک کی ادراک کردہ محسوسات جزئیہ کی صورتوں کو اُن کے اجزائے ترکیبیہ کے غائب ہونے کے بعد محفوظ کرلے، بہ ایں طور پر کہ حسِّ مشترک جب کبھی اُس قوت کی طرف اِلتفات کرے تو اُن صورتوں کا مشاہدہ کرلے۔ الحاصل! خَیال، حسِّ مشترک کا خزانہ ہے۔

ملاحظہ: یہ قوت دماغ کے بطنِ اوّل کے حصۂ آخر میں ودیعت ہوتی ہے۔

الوَهْمُ: هوَ قوَّةٌ جِسمَانيَّةٌ للإنسَانِ، محلُّها آخِرُ التَّجويفِ الأوسَطِ من الدِّماغِ، مِن شأنِها: إدراكُ المَعاني الجزئيَّةِ المُتعلِّقةِ بالمَحسوساتِ، كشُجاعةِ زيدٍ وسَخاوتِهِ. (كتاب التعريفات: ۱۷۸)

وہم: انسان کی جسمانی قوت ہے، اِس کا کام محسوساتِ جزئیہ سے متعلّق معنوی باتوں کا ادراک کرنا ہے، جیسے: زید کی بہادری، زید کی سخاوت۔

ملاحظہ: یہ قوت دماغ کے درمیانی بطن کے حصۂ آخر میں ہوتی ہے۔

الحافِظةُ: هـيَ قوّةٌ مَحلُّهَا التَّجويفُ الأخيرُ من الدّماغِ، مِن شـأنِهـا: حِفظُ مَايُدرِكهُ الوَهْمُ مِن المَعاني الجُزئيَّةِ، فهيَ خِزانةٌ للوَهمِ كالخَيَالِ للحسِّ المُشتَرِكِ. (كتاب التعريفات: ٥٩)

حافظہ: یہ قوت دماغ کے بطنِ آخر میں ہوتی ہے، اِس کا کام: وہم کی ادراک کردہ معانیِ جزئیہ کو محفوظ رکھنا ہے۔ (الحاصل) حافظہ وہم کا خزانہ ہے، جیسے خیال، حسِ مشترک کا خزانہ ہے۔

المُتصرِّفةُ: هـيَ قوّةٌ مَحلُّهَا مُقدَّمُ التَّجويفِ الأوسَطِ، منْ شأنِهَا التَّصرُّفُ فيُ الصورِ وَالمَعانيُ بالتَّركيبِ والتَّفصيلِ، فتُركِّبُ الصورَ بَعـضَهـا ببعضٍ، مثلُ: أن يُتصوَّرَ إنسَاناً ذَا رَأسَينِ، أوُجَناحينِ. (كتاب التعريفات: ١٣٩)

متصرِّفہ: وہ قوت ہے جو درمیانی بطنِ دماغ کے ابتدائی حصے میں ہوتی ہے، اِس کا کام: خزانہ کی ہوئی صورتوں اور معانی کے درمیان جوڑتوڑ کرنا ہے، چناں چہ وہ بعض صورتوں کو بعض کے ساتھ جوڑتی ہے، مثلاً: دوسر یا دوپَر والے انسان کا تصوُّر کرنا۔

الحاشية: باب الشین کے تحت ''شرح'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الحافظة: باب الحاء کے تحت ''حاسّہ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الحالُ: باب الکاف کے تحت ''کیفیت'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الحُجَّةُ: في اللُّغةِ: الغَلَبَةُ. وفِي اصطِلاحِ المنطِقِيِّينَ: المُوصِلُ

إِلَى التَّصدِيقِ.

[وجه التسمیةِ]: وَإِنَّمَا سُمِّيَ بهَا لأنَّ مَن تَمَسَّكَ به استِدْلالاً عَلىٰ مَطْلُوبِهِ غَلبَ الخَصْمَ، فهُو سَبَبُ الغَلَبَةِ، فتَسْمِيَتُهٗ بِهَا مِن قَبيْلِ تَسْمِيَةِ السَّبَبِ بِاسْمِ المُسَبَّبِ، وهيَ عندَهُمْ ثَلاثَةٌ: قِياسٌ، وَاِسْتِقْرَاءٌ، وتَمثِيلٌ. (دستور العلماء۲/ ۱۵)

حجت: لغوی معنیٰ: غالب آنا، (مناطِقہ کی اصطلاح میں) نامعلوم تصدیق تک پہنچانے والی معلوم تصدیق کو حجت کہتے ہیں۔

وجہِ تسمیہ: اِس دلیل کو حجت اِس وجہ سے کہتے ہیں کہ، جو مستدِل اپنے مدّعا پر استدلال کرنے کے لیے اِس دلیل پر مضبوطی سے قائم رہے گا وہ اپنے خَصم پر غلبہ پالے گا، گویا یہ دلیل غلبہ پانے کا ذریعہ اور وسیلہ ہے، پس یہ تسمیۃ السبب باسم المسبب کے قبیل سے ہے۔

حجت کی تین قسمیں ہیں: قِیاس، استقراء، تمثیل۔ تفصیل ''قِیاس'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الحجة القطعية: هيَ الحُجَّةُ الَّتي تُفِيدُ اليَقِينَ، ولايُقصَدُ بهَا إِلَّا اليَقِينُ بِالمَطلُوبِ. (دستور العلماء۲/ ۱۵)

حجتِ قطعیہ: (مضبوط دلیل) وہ حجت ہے جو یقین کا فائدہ دے، اور جس سے نتیجے پر یقین حاصل کرنا ہی مقصود ہوتا ہے۔

الحجة الاقناعية: هيَ الحُجَّةُ الَّتِي تُفيدُ الظَّنَّ لَا اليَقِينَ، ولايُقصدُ بِهَا إِلا الظَّنُ بِالمَطلُوبِ. (أيضاً)

حجت اِقناعیہ: (قابلِ تسلیم دلیل) وہ حجت ہے جو صرف ظن کا فائدہ دے نہ کہ یقین کا، اور جس سے نتیجے کے قابلِ تسلیم ہونے کی وضاحت کرنا ہی مقصود ہو۔

الحَدّ: قَوْلٌ يشتملُ على مابهِ الاِشتراكُ، وعَلىٰ مابهِ الاِمتيازُ. (كتاب التعريفات: ٦٠)

حد: (عرف میں) چیز کی ماہیت پر دلالت کرنے والا وہ قول ہے جو باعثِ اشتراک اور باعثِ امتیاز قیودات پر مشتمل ہو، (جیسے: حَدُّ الاسْمِ: كَلِمَةٌ تَدُلُّ عَلىٰ مَعْنًى فِي نَفْسِها غَيرُ مُقْتَرِن بأحد الأَزْمِنَة الثَّلاث. اِس مثال کے لفظ ''کلمہ'' ایک ایسی قید ہے جس میں اسم، فعل اور حرف تینوں مشترک تھے، پھر تدل علىٰ معنى في نفسها کی قید سے حرف نکل گیا، اور غير مقترن بأحد الأزمنة سے فعل نکل گیا؛ گویا بعد والی دو قیودات اِسم کو اپنے اَخوات سے ممتاز کرنے والی ہیں۔ یہی حال تمام تعریفات میں سمجھنا چاہیے(۱)۔

الحدّ: (في عرفِ المنطقيين): المُميزُ الذَّاتيُ، كما أَنَّ الرَّسمَ هوَ المُمَيِّزُ العَرَضِيِّ. (دستور العلماء۲/۱۲)

حد: (مناطِقہ کے نزدیک) اَغیار سے ممتاز کرنے والی وہ تعریف ہے جو کلی ذاتی (فصلِ قریب) پر مشتمل ہو، (جیسے انسان کی تعریف حیوان ناطق سے کرنا)۔

---

(۱) **حدِ لقبی، حدِ اضافی**: حدِ لقبی کا مطلب یہ ہے کہ، مضاف اور مضاف الیہ کے مجموعے کی تعریف کی جائے۔ اور حدِ اضافی کا مطلب یہ ہے کہ، مضاف اور مضاف الیہ کی علاحدہ علاحدہ تعریف کی جائے، جب کہ معرَّف مرکب بہ ترکیبِ اِضافی ہو۔ مثلاً: اصولِ فقہ کی حدِ اضافی یہ ہے کہ: ''اصول'' اصل کی جمع ہے، اور لفظِ اصل متعدِّد معانی کے لیے بولا جاتا ہے: (۱) بہ معنیٰ بنیاد (۲) راجح (۳) قاعدہ (۴) دلیل (۵) استصحاب۔ اِس کے بعد ''فقہ'' کی تعریف کرنا۔ (آئینہ: ۲۵۲)

رسم: اَغیار سے ممتاز کرنے والی وہ تعریف ہے جو کلی عرضی (خاصہ) پر مشتمل ہو، (جیسے انسان کی تعریف حیوان ضاحک سے کرنا)۔

الحدّ التامُّ: هوَ المُركَّبُ من الجنسِ والفَصلِ القَريبَينِ للشَّيءِ، كالحيَوانِ الناطِقِ للإنسانِ. (دستور۲/۱۳)

حدِ تام: وہ تعریف جو معرَّف کی جنسِ قریب اور فصلِ قریب سے کی جائے، جیسے: انسان کی تعریف حیوانِ ناطق سے کرنا۔

الحد الناقص: هوَ ما يَكونُ بالفصْلِ القريبِ وَحدَه، أوْ بهٖ وَبالجنسِ البَعيدِ، كتَعريفِ الإنسانِ بالنَّاطقِ، أوْ بالجسْمِ النَّاطقِ. (دستور ۲/۱۳)

حدِ ناقص: وہ تعریف ہے جو معرَّف کی صرف فصلِ قریب سے یا جنسِ بعید اور فصلِ قریب سے کی جائے، جیسے: انسان کی تعریف ناطق یا جسمِ ناطق سے کرنا۔

الفائدة: التعريفُ بالفصلِ القريب حدٌّ، وبالخاصّةِ رسمٌ؛ فإنْ كانَ معَ الجنسِ القريبِ فتامٌّ وإلا فناقصٌ. (دستور العلماء۱/۱۲ب)

فائدہ: شیٔ کی تعریف فصلِ قریب سے ہو تو ''حد'' کہلاتی ہے، اور خاصہ سے ہو تو ''رسم'' کہلاتی ہے۔ ہاں! فصلِ قریب کے ساتھ جنسِ قریب بھی ہو تو حدِّ تام؛ ورنہ حدِ ناقص کہلاتا ہے۔ اِسی طرح خاصے کے ساتھ جنسِ قریب ہو تو رسمِ تام؛ ورنہ رسمِ ناقص کہلاتا ہے۔

الرَّسم التامّ: المُعرِّفُ المُركَّبُ من الجنسِ القَريبِ وَالخَاصَّةِ، كتعريفِ الإنسَانِ بالحَيَوانِ الضَّاحكِ. (دستور۲/۹۷)

رسمِ تام: وہ تعریف ہے جو معرَّف کے خاصہ اور جنسِ قریب سے کی

جائے، جیسے: انسان کی تعریف حیوانِ ضاحک سے کرنا۔

الرسم الناقص: المُعرِّفُ الذي يَكونُ بالخاصَّةِ وَحدَها. أوْ يَكونُ مركَّباً منها وَمِن الجنْسِ البَعيدِ، أوْمِنْ عرَضيَّاتٍ يَختَصُّ جُملتُها منْ حَيثُ المَجموعِ بحَقيقةٍ واحدةٍ. الأوّل: كتعريفِ الانسانِ بالضَّاحكِ، والثَّانيْ: كتَعريفِهِ بالجِسمِ الضَّاحكِ، والثَّالثُ: كتعريفِهِ بأنَّه ماشٍ عَلىٰ قدمَيْهِ، عَرِيضُ الأظفَارِ، بادِي البِشرةِ، مُستقيمُ القامَةِ، ضحَّاكٌ بالطبعِ. (دستور٢/٩٧)

رسمِ ناقص: وہ تعریف ہے جو معرَّف کے خاصے سے، یا خاصے اور جنسِ بعید سے یا چند اعراض سے کی جائے، جیسے: انسان کی تعریف صرف ضاحک سے، یا جسمِ ضاحک سے، یاماشٍ على القدمين، عريض الأظفار، بادي البشرة، مستقيم القامة، ضحاك بالطبع سے کرنا۔

حدُّ الأوسط: باب القاف کے تحت ”قِیاس“ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الحدسيَّاتُ: باب المیم کے تحت ”مقدماتِ یقینیہ“ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الحذفُ: باب المیم کے تحت ”مقدر“ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

حروف المباني: يُطلقُ عَلىٰ مَايَترَكَّبُ منهُ اللَّفظُ، نحو: ا، ب، ت؛ لاألفٌ وَباءٌ وتاءٌ؛ فإنَّها أسماءُ الحُروفِ لاأنفُسُها، كَمافىٰ النِّظامي شرحِ الشافية. ويُسمَّى حرفَ التَّهجِّي، وحرفَ الهِجاءِ، وَحرفَ المَبني. (كشاف اصطلاحات الفنون ١/٤٣٧)

حروفِ مبانی: اِس کا اطلاق اُن حروفِ ہجائیہ پر ہوتا ہے جن سے مل کر کلمہ بنتا ہے (یعنی وہ حروف جو کلمات کی ترکیب کے لیے موضوع ہیں)، جیسے: ا، ب، ت؛ اِس کا اطلاق الف، باء، تاء پر نہیں ہوتا؛ کیوں کہ الف وغیرہ اِن حروف کے اسماء ہیں، مسمّیات نہیں ہیں۔

فائدہ: اِنھیں حروف (ا، ب، ت) کو حروفِ تہجی، حروف ہجائیہ اور حروفِ مبانی بھی کہتے ہیں۔

حروف المعاني: كلُّ حرفٍ أوْ شِبهِ حرفٍ لهُ وَظيفةٌ نحوِيَّةٌ أوْ صَرفيَّةٌ أوْ صَوتيَّةٌ ذاتُ دَلالةٍ. (معجم حروف المعانی)

حروفِ معانی: ہر وہ حرف یا شبہِ حرف ہے جس کا نحوی، صرفی یا صوت پر دلالت کرنے والا کوئی فائدہ ہو۔

ملحوظہ: شبہِ حرف سے مراد کلم المجازات، ادواتِ شرط وجزاء اور ادواتِ استفہام ہیں، جیسے: مَنْ، کُلَّمَا وغیرہ، جو اگرچہ اسماء ہیں؛ لیکن اُن کے معانی دوسرے کلمے کو ملائے بغیر معلوم نہیں ہوتے؛ لہٰذا اِن کو ''شبہِ حرف'' کہا جاتا ہے۔

الحروفُ المُعجمَة: وهيَ المَنقوطَةُ. وغيرُ المُعجمةِ، وَهي غيرُ المَنقوطةِ، وَتُسمَّى بالمُهمَلةِ أيضاً. (کشاف اصطلاحات الفنون ١/ ٤٣٨)

حروفِ معجمہ: نقطہ دار حروفِ ہجائیہ کو کہتے ہیں (۱)۔

حروفِ مہملہ: (غیر منقوطہ) بغیر نقطوں والے حروفِ ہجائیہ کو کہا جاتا ہے۔

الحِسُّ المشترک: باب الحاء کے تحت ''حاسہ'' کے ضمن میں

---

(۱) حروفِ معجمہ میں نقطہ اوپر ہو تو ''فوقانیہ'' اور نیچے ہو تو ''تحتانیہ'' کہتے ہیں۔

ملاحظہ فرمائیں۔

حسن التعليل: هوَ أن يُنكِرَ الأديبُ صراحةً أوْ ضمْناً علَّةَ الشَّيءِ المَعروفةَ، ويأتيُ بعلَّةٍ أَدبيَّةٍ طَريفَةٍ تُناسبُ الغرَضَ الذيُ يُرمىٰ إليه.

يعني أنَّ الشاعرَ أوالناثِرَ يدَّعِيُ لوَصفٍ علةً غيرَ حقيقيَّةٍ، مُناسِبةً لهُ باعتبارٍ لطيفٍ، مُشتملةً علىٰ دقَّةِ النَّظرِ، نحو: قولِ الشاعرِ:

مَا زُلزِلتُ مِصرُ منُ كَيدٍ ألَمَّ بهَا		لكنَّها رَقصَتْ منُ عدلِكم طرَباً(١)

(جواهر البلاغة:٢٢٣۔ سفينة:١١٤)

حسنِ تعلیل: (بُلَغا کی ایک صَنعت) یہ ہے کہ انشاء پرداز (اپنے تخُّیل سے) صراحۃً یا ضمناً چیز کی علتِ مشہورہ کا انکار کرے، اور ایسی ادبی (اخلاقی) انوکھی علت پیش کرے جو اُس کے مقصد کے مناسب ہو۔

بہ الفاظِ دیگر: شعرگو یا نثر نگار کا باریک بینی پر مشتمل عمدہ وصف کا تخُّیل کرتے ہوئے مقصد کے موافق چیز کی علتِ غیر حقیقیہ کا دعویٰ کرنا، جیسے: شاعر کا شعر: ملکِ مصر کو زلزلہ کسی تدبیرِ الٰہی (برحق جزاء کی تدبیر) سے نہیں آیا جس میں وہ مبتلا ہوا ہو؛ بلکہ (تخُّیلاً) ملک مصر آپ (حاکمِ مصر) کے عدل وانصاف کو دیکھ کر وَجد میں آ گیا ہے۔ شاعر نے زلزلے کی علت ''حاکم کے عدل وانصاف پر مصر کا خوشی میں جھومنا'' بیان کی ہے، جو علتِ غیر حقیقیہ اور تخُّیلِ محض ہے۔

الحشوُ: (بلغاء کے نزدیک) حشو وتطویل کے لیے باب الألف میں

---

(١) ادعَی لِلوصفِ الذيُ هوَ الزّلزالُ علةً، وهيَ أنَّها رَقصَتْ طرَباً منُ عدلِ الحاكمِ، وتلكَ العِلةُ غيرُ حقيقيَّةٍ، بلُ بالاعتبارِ والتَّخييلِ.

ایجاز اطناب کی بحث میں ''اطناب'' کا حاشیہ ملاحظہ فرمائیں۔

الحشوُ: (علمِ عروض میں) باب الشین کے تحت ''شعر'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الحَصْرُ: عبارةٌ عن إيرادِ الشَّيءِ علىٰ عددٍ معيَّنٍ.

حصر: چیز کو (تقسیم کرتے ہوئے) معیَّن عدد میں منحصِر کرنا۔ تقسیمات کے مواقع میں ہونے والے حصر کی مشہور قسمیں دو ہیں: حصرِ عقلی، حصرِ استقرائی۔

الحصر العقلي: هوَ الذي يكونُ دائراً بينَ النفيِ والاثباتِ —ويضرُه الاحتمالُ العقليُّ فضلاً عنُ الوجوديِّ—؛ كقَولِنا: الدلالةُ: إما لفظي، وإما غيرُ لفظي.

حصرِ عقلی: وہ حصر ہے جو (عقلاً) نفی اور اثبات کے درمیان دائر ہو، جیسے: دلالت یا تو لفظی ہوگی، یا غیر لفظی۔

ملحوظہ: جہاں پر حصر عقلاً معین عدد (مثلاً تین) میں منحصر ہو تو وہاں پر چوتھا احتمال عقلی طور پر بھی نہیں پایا جائے گا؛ ورنہ حصر ہی باقی نہ رہے گا، چہ جائے کہ وہاں واقعی طور پر چوتھا امر پایا جائے۔

الحصر الاستقرائي : هوَ الذي لايكونُ دائِراً بينَ النفيِ وَالإثباتِ؛ بلُ يحصُلُ بالاستقراءِ والتتبُّعِ، ولا يضرُّهُ الاحتمالُ العقليُّ؛ بل يضرُّه الوُقوعِي، كقولنا: الدلالةُ اللفظيَّةُ: إمَّا وضعيةٌ وإِما طبعيّةٌ.

(كتاب التعريفات: ۹۰)

حصر استقرائی: وہ حصر ہے جو نفی اور اثبات کے درمیان دائر نہ ہو؛ بلکہ وہ

انحصار تلاش کرنے اور ڈھونڈنے سے معلوم ہوا ہو، جیسے: لفظ کی دلالت یا تو وضع (ایجاد کرنے) سے ہو رہی ہوگی، یا طبعی تقاضے سے ہوگی۔

فائدہ: حصرِ عقلی میں عقلاً کسی احتمال کا پایا جانا نقصان دِہ (حصر کو توڑنے والا) ثابت ہوگا، چہ جائے کہ وہاں کوئی احتمالِ وجودی بھی ہو۔ اور حصرِ استقرائی میں عقلاً کسی احتمال کا پایا جانا نقصان دِہ ثابت نہیں ہوگا؛ ہاں! احتمالِ واقعی (حقیقی طور پر قسمِ زائد کا پایا جانا) ضرور نقصان دہ ہوگا، جیسے: دلالتِ لفظیہ یا تو وضعیہ ہوگی یا طبعیہ ہوگی۔ (یہاں دلالتِ لفظیہ کی قسمِ ثالث یعنی دلالتِ لفظیہ عقلیہ بھی ہے، جس کو شمار نہیں کرایا ہے؛ لیکن یہ حصر چوں کہ حصرِ استقرائی ہے؛ لہٰذا اِس پر کوئی زد نہ پڑے گی)۔

أنواعُ الحصرِ: الحصرُ علىٰ أَنوَاعٍ؛ لأنَّ الجَزمَ بالانحِصَارِ إِن كَانَ حَاصِلاً بِمجَرَّدِ مُلَاحَظَةِ مفهُومِ الأقسَامِ مِن غيرِ اِستِعانَةٍ بأمرٍ آخرَ بأنْ يكونَ دائراً بينَ النَّفيِ وَالإِثباتِ، فـ"عَقلِيٌّ" (كحصر الشيء في الموجود والمعدوم)؛ وَإِنْ كانَ مُستَفاداً مِنْ دَليلٍ يَدلُّ عَلىٰ اِمتِناعِ قِسمٍ آخَرَ، فـ"قَطعِيٌّ" أَيْ يَقينِيٌّ (كحصر الشيء في الواجبِ والممكنِ والمُمتنعِ)؛ وَإِن كانَ مُستَفاداً مِن تَتبُّعٍ، فـ"اِستِقرائِيٌّ" (كحصر أبواب الثلاثي المجرَّدِ في الستة)؛ وَإِنْ حَصلَ مِن ملاحظةِ مُناسَبةِ تَمايُزٍ وتَخالُفٍ اِعتَبرَها الجاعِلُ القاسِمُ، فـ"جَعلِيٌّ" (كحصر الطبيبِ الحاذقِ الدواءَ والغذاءَ للمريضِ). (دستور العلماء٢/٤٢۔ سوال باسولي: ٥٠)

حصر کی کل چار قسمیں ہیں: حصرِ عقلی، حصرِ قطعی، حصرِ استقرائی اور حصرِ جعلی۔

حصرِ عقلی: مُقَسَّم کے (اقسامِ معدود میں) منحصر ہونے کا یقین

-امرِ آخر کی معاونت کے بغیر-محض اَقسام کے مفہوم کا لحاظ کرنے سے حاصل ہو، بہ ایں طور پر کہ انحصار کا حکم نفی اور اثبات کے درمیان دائر ہو تو اُس کو ''حصر عقلی'' کہتے ہیں، جیسے چیز کو موجود ومعدوم میں منحصر کرنا۔

حصر قطعی: مَقسَم کا اقسامِ معدود میں منحصر ہونا کسی ایسی دلیل سے مُستَفاد ہو جو مزید قِسم کے ناممکن ہونے پر دلالت کرے، تو اُس کو ''حصر قطعی'' کہتے ہیں، جیسے: اشیاء کو واجب، ممکن اور ممتنع میں منحصر کرنا، کہ اقسامِ ثلاثہ کے اجتماع سے مزید قِسم کا تصوّر تو ہوسکتا ہے؛ لیکن دلیل (اجتماعِ نقیضین) اُس کو باطل ثابت کرے گی۔

حصر استقرائی: مقسم کا اقسامِ معدود میں منحصر ہونا تتبُّع اور تلاش کرنے سے مستفاد ہو تو اُس کو ''حصر استقرائی'' کہتے ہیں، جیسے: ثلاثی مجرد کے ابواب کا چھ میں منحصر ہونا۔

حصر جعلی: مقسم کا اقسامِ معدود میں منحصر ہونا، واضع اور قاسم (مثلاً طبیب) کے اعتبار کردہ اقسام کے باہمی فرق وامتیاز اور مخالفت کے تعلق کا لحاظ کرتے ہوئے ہو تو وہ حصرِ جعلی ہے، جیسے: حکیم کا مریض کی دوائی اور خوراک کو بعض مخصوص اشیاء میں منحصر کر دینا۔

حق الیقین: باب العین کے تحت ''علم الیقین'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الحقيقة: حقيقة الشيءِ وماهيّتُه ما بهِ الشيءُ هوَ هوَ، كالحيَوانِ الناطقِ للإنسانِ؛ بخلافِ مثلِ الضاحكِ والكاتبِ مما

يمكنُ تصوُّر الإنسانِ بدونِه، فإنهُ من العوارض.

وقدُ يقالُ: أنَّ مابهِ الشيءُ هوَهوَ باعتبار تحققهِ حقيقةٌ، وباعتبارِ تشخُّصهِ هُوِيَّةٌ، ومعَ قطعِ النظرِ عن ذلكَ ماهيَّةٌ. (شرح العقائد)

حقیقت وماہیت: شئ کی حقیقت وماہیت وہ چیز کہلاتی ہے جس کی وجہ سے وہ چیز چیز ہوتی ہے، جیسے: حیوانِ ناطق انسان کے لیے، برخلاف ضاحک اور کاتب جیسی وہ چیزیں جن کے بغیر بھی انسان کا تصوُّر ممکن ہے، کہ وہ عوارض ہیں۔

کبھی حقیقت وماہیت کے درمیان اعتباری فرق بیان کیا جاتا ہے کہ: مابهِ الشيءُ هُوَ هوَ اپنے متحقَّق اور موجود ہونے کے اعتبار سے حقیقت ہے، اور مشخص ومعیَّن ہونے کے اعتبار سے هُوِيَّت ہے، اور اِن دونوں سے صَرفِ نظر کرتے ہوئے ماہیت کہلاتی ہے۔

ملاحظہ: حقیقت وماہیت کے درمیان کوئی حقیقی فرق نہیں ہے؛ البتہ بعضے حضرات نے اعتباری فرق بیان کیا ہے۔

الحقيقة: لها مَعانٍ بِحسَبِ الاستِعمَالاتِ: فإنَّها:

(قدُ تُستَعمَلُ) فيُ مُقابلةِ الاعتِبار، فيُرادُ بِها الذَّاتُ، وَالمُرادُ بالاعتباراتِ: الحيثياتُ اللاحِقةُ للذَّاتِ.

و(قدُ تُطلقُ) فيُ مُقابلةِ الفَرضِ والوَهمِ، وَيُرادُ بِها حِينَئِذٍ نَفسُ الأمرِ.

وَ (قد تُستعمَل) فيُ مُقابلةِ المَفهوُمِ، كمَا يُقالُ: إِنّ البَصرَ داخلٌ فيُ مَفهوُمِ العَمىٰ، لا فيُ حَقيقتهِ.

وَ(قدُ تُستعمَل) فيُ مُقابَلةِ الحُكمِ، أَما سمعت أَنَّ اللفظَ: مَا يَتلفَّظُ

بهِ الإنسَانُ حَقيقةً أوْ حكماً!.

وَ(قدْ تُطلَق) فيْ مُقابلةِ المَجازِ، كمَا يُقالُ: أنَّ كلمةَ الأسَدِ حَقيقةٌ فيْ الحَيَوانِ المُفترِسِ، مَجازٌ فيْ الرَّجلِ الشُّجاعِ. (دستور العلماء ٢/ ٤٥، ٤٦)

استعمال کے مطابق حقیقت کے بہت سے معانی ہیں:

(۱) مقابلِ اعتبار: لفظ حقیقت کو جب اعتبار کے مقابل بولا جائے تو حقیقت سے مراد اصلِ ذات ہوگی، اور اعتبار سے مراد: ذات کو لاحق ہونے والی حیثیات (مخصوص حالات) ہوں گے۔ (جیسے: زید ایک حقیقی چیز ہے اور اس کی سخاوت ایک اعتباری چیز ہے۔)

(۲) مقابلِ فرض ووہم: لفظ حقیقت کو جب فرض و وہم کے مقابل بولا جائے تو حقیقت سے مراد واقعیّت ہوگی؛ فرض کرنا (مان لینا) اور وہم کرنا (بے بنیاد خیال قائم کرنا) مراد نہ ہوگا، (جیسے: انسان حقیقی یعنی واقعی چیز ہے جب کہ عنقاء فرضی چیز ہے)۔

(۳) مقابلِ مفہوم: حقیقت کا اطلاق کبھی مفہوم کے مقابل پر بھی ہوتا ہے، جیسے: عمی (اندھا ہونا) کے مفہوم میں بصر داخل ہے (یعنی بینائی کی صلاحیت کے باوجود نہ دیکھنا)، اور عمیٰ کی حقیقت میں بصر داخل نہیں ہے۔

(۴) مقابلِ حکم: حقیقت کا اطلاق کبھی حکم کے مقابل پر بھی ہوتا ہے، جیسے: لفظ: وہ بامعنیٰ کلمہ ہے جس کو انسان اپنی زبان سے بولے؛ چاہے حقیقۃً بولے (جیسے: زیدٌ)، یا حکماً بولے (جیسے: ضربَ میں ھُوَ ضمیر کو حکماً بولا گیا ہے)۔

(۵) مقابلِ مجاز: حقیقت کا اطلاق کبھی مقابلِ مجاز پر بھی ہوتا ہے، جیسے:

لفظ أسد حیوانِ مفترس میں حقیقت ہے، یعنی یہ اُس کا معنیٔ وضعی ہے، اور رجلِ شجاع میں مجاز ہے، یعنی یہ اسد کا معنیٔ غیر وضعی ہے۔

الماهيَّة : كانتُ في الأصلِ "مَاهُوِيَّةٌ"، الياءُ للنِّسبةِ وَالتَّاءُ للمَصدريَّةِ، ثُمَّ قُلِبتُ الواوُ ياءً وَ اُدغِمتُ الياءُ فيُ الياءِ وكُسرتِ الهاءُ.

وهيَ فيُ عرفِ الحُكَماءِ: مَا بِهِ يُجابُ عنُ السُّوالِ بِمَا هوَ؛ فَعلىٰ هٰذا يُطلقُ المَاهيةُ على الحَقيقةِ الكلّيةِ. وَرُبَما تُفسَّر بِـ"مَا بِهِ الشَّيءُ هُوَ هُوَ"، فَتُطلقُ على الحَقيقةِ الكليَّةِ وَالجُزئِيَّةِ أَيُضاً، وَالحَقيقةُ والمَاهيةُ مُترادفتانِ. (دستور العلماء ۳/ ۲۲۰)

ماہیت: دراصل ماھُوِیَۃٌ تھا، یاء برائے نسبت اور تاء برائے مصدریت ہے، واو کو یاء سے بدلا گیا، اور یاء کا یاء میں ادغام کیا، اور یاء کی مناسبت سے ہاء کو کسرہ دیا گیا تو مَاهِيَّةٌ ہوگیا۔

ماہیت: (فلاسفہ کے نزدیک) وہ حقیقتِ کلیہ ہے جو ماھُوَ کے سوال کے جواب میں واقع ہو۔

بسا اوقات ماہیت کا اطلاق ما بہ الشيءُ هُوَهُوَ، (وہ عقلی مفہوم جس سے چیز کا قوام ہو) پر بھی ہوتا ہے، (جیسے: ڈسک کی ماہیت لکڑی اور کیل ہے)۔

فائدہ: (۱) پہلی تعریف کے مطابق ماہیت کا اطلاق حقیقتِ کلیہ پر ہوگا۔ اور دوسری تعریف کے مطابق ماہیت کا اطلاق حقیقتِ کلیہ وجزئیہ دونوں پر ہوگا۔

(۲) حقیقت وماہیت الفاظِ مترادفہ میں سے ہیں۔

الهُوِيَّةُ: هيَ الحَقيقةُ الجُزئيَّةُ، حَيثُ قَالُوا: الحَقيقَةُ الجُزئيَّةُ

تُسمَّى: هُوِيَّةً، يَعنِي أَنَّ المَاهيةَ إِذا اُعتبرَتْ مَعَ التَّشخُّصِ سُمِّيتْ هُوِيَّةً. وَقَالُوا: الهُويةُ مَأخُوذَةٌ مِن الـ"هُوَ هُوَ" وَهيَ فِيُ مُقابَلةِ الغَيريَّةِ. (دستور العلماء۳/٥٥٦)(۱)

ہویَّت: **پہلی تعریف:** حقیقتِ جزئیہ (غیر سے ممتاز کرنے والے تشخُّص) کو کہتے ہیں۔ یعنی جب ماہیت کا لحاظ تَشخص (ما بہ الامتیاز) کے ساتھ کیا جائے تو اُسے ’’ہویَّت‘‘ کہتے ہیں، (مثلاً: ماہیتِ انسانیہ کے ساتھ زید کے رنگ روپ، اُس کی پیشانی کا چوڑا ہونا، ناک کا بلند ہونا وغیرہ کا لحاظ کیا جائے گا، تو حقیقتِ جزئیہ (یعنی ذات زید) ہی متصور ہوگی)۔

دوسری تعریف: (بہ قولِ بعض) ’’ہویت‘‘ ھُوَھُوَ سے ماخوذ ہے اور غیریت کا مقابل ہے۔ (ھوھو: دو چیزوں میں اتحاد بتانے کا محاورہ ہے۔)(۲)

---

(۱) المُلاحظة: الهُوِيَّةُ: تُطلق علىٰ ثلثة معانٍ: أحدُها الهيئة الشخصِيَّة؛ وذٰلك لقبولها الإشارَة. وثانيُها الوُجود الخارِجيّ؛ إذْ به تصيرُ المَاهيَة قابِلة للإشارَة. (وكلٌّ منَ المَعنيينِ مستعمَل مَشهورٌ). وثالثُها التَّشخُّص. فاحفَظُها لئلاَّ تَخبط في استِعمالاتِها المُختلِفة. (نبراس:۲۸)

(۲) فائدہ: [۱] ھویت، حقیقتِ جزئیہ (شی کی ماہیت کے ساتھ اُس کے تشخصات کا اعتبار کرنا) کو ہویت سے تعبیر کیا جاتا ہے، کہا جاتا ہے کہ: ہویَّت - بہ مقابلۂ غیریت - ھو ھو سے ماخوذ ہے۔

[۲] معانی، معنویات، ھوھو

معانی: معنیٰ کی جمع ہے، معنیٰ کا لغوی ترجمہ ہے: مقصود اور مراد۔ اور اصطلاح میں ’’حقیقت و ماہیت اور عقلی مفہوم‘‘ کو بھی معنیٰ کہتے ہیں، اور حقیقت و ماہیت ما به الشيء هو هو (کسی چیز کی بنیاد اور بناوٹ میں داخل ہونے والی شئ جس سے چیز کا وجود ہوتا ہے) کو کہتے ہیں، جیسے: انسان کی ماہیت ہے حیوانِ ناطق؛ کیوں کہ اِس سے انسان کا قِوام ہے، اور حیوانِ ناطق ایک عقلی مفہوم ہے، خارج میں مستقلاً اُس کا وجود نہیں۔

=

المقول فی جواب ما هو: (في اصطلاحِ المَنطِقِيِّينَ) هوَ اللَّفظُ المَذكورُ في جَوابِ "مَا هوَ؟" الدالُّ بِالمُطابقَةِ عَلَى المَاهيَّةِ المَسئُوْلِ عنُها بـ"مَا هِيَ؟"، كالحَيوانِ النَّاطقِ، فإنَّهُ إذا سُئِلَ عنِ الإنسانِ بـ"مَا هُوَ؟" يُجابُ بالحَيَوانِ النَّاطقِ الدالِّ عَلىٰ مَاهِيتِهِ بالمُطابَقةِ. (دستور العلماء۳/۳٥٤)

جوابِ ماهو: (مناطقہ کی اصطلاح میں) ماهو کے سوال میں ذکر کردہ اُمور کا وہ جواب ہے جو مسئول عنہ کی ماہیت پر مکمل طور پر دلالت کرے، جیسے: جب انسان کے بابت ماهو؟ سے دریافت کریں، تو حیوان ناطق سے جواب دیا

= عرفِ عام میں حقائق ومعانی کو"معنویات" (محسوسات کی ضد) سے تعبیر کرتے ہیں: مذکر کے لیے"هو هو"اور مؤنث کے لیے"هي هي"۔

دو چیزوں میں اتحاد بتانے کے لیے محاورہ ہے۔ ملکۂ سبا نے یہ محاوَرہ استعمال کیا ہے: ﴿قَالَتْ كَأَنَّهُ هُوَ﴾ اور جنت میں اہلِ جنت یہ محاوَرہ استعمال کریں گے: ﴿قَالُوْا: هٰذا الذيْ رُزِقْنَا مِنْ قَبلُ﴾ ۔اور دو چیزوں میں اتحاد"من کل الوجوہ"نہیں ہوسکتا؛ ورنہ وہ دو کہاں رہیں گی؟"من وجہٍ" ہی اتحاد ہوسکتا ہے، شیخ محمد علی تھانویؒ نے"کشاف اصطلاحات الفنون" میں اِس اتحاد کی متعدّد صورتیں بیان کی ہیں، مثلاً: (۱) اتحادِ ذاتی، یعنی حملِ ایجابی ہوسکے، جیسے: زید إنسان پس زید اور انسان ایک ہی چیز ہے۔ (۲) اتحاد فی المفہوم: جیسے: اسد اور غضنفر کا ایک ہی مفہوم ہے، پس یہ دونوں متحد ہیں۔ (۳) متعدِّد چیزیں کسی خاص اعتبار سے متحد ہوں، جیسے: افرادِ انسانی انسان ہونے کے اعتبار سے متحد ہیں۔ (رحمۃ اللہ الواسعہ :۱۸۹) اتحاد کی مختلف نوعیتیں باب الالف میں"اتحاد" کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

حقیقت، معرفت: اعمالِ باطن کی درستگی سے قلب میں جو جِلا وصفا پیدا ہوتا ہے اِس سے قلب پر بعض حقائق کونیہ وحقائقِ الٰہیہ وصفاتیہ منکشف ہوتے ہیں، اُن مکشوفات کو"حقیقت" کہتے ہیں، اور اِنکشاف کو"معرفت" کہتے ہیں۔ اور اُس صاحبِ انکشاف کو"محقِّق وعارف" کہتے ہیں۔ (تحفۃ العلماء بہ حوالہ امداد الفتاویٰ۲/۲۰۰)

جاتا ہے، جو حیوان ناطق، ماہیتِ انسانیہ کے تمام افراد پر برابری کے ساتھ دلالت کرتا ہے کہ جہاں ماہیت انسانیہ پائی جائے گی حیوانِ ناطق ہونا پایا جائے گا(۱)۔

الحکم: (بِضَمِّ الحاءِ وَسُكونِ الكافِ)، أَثَرُ الشَّيءِ المُتَرَتَّبِ عَليهِ. وَفِي العرفِ إِسنادُ أَمرٍ إِلىٰ أَمرٍ آخرَ، إِيْجاباً أَوْ سَلْباً؛ فَخرَجَ بهٰذا مَا لَيسَ بِحكمٍ، كالنِّسبَةِ التَّقيِيدِيَّةِ.

حکم: چیز پر مرتَّب ہونے والا نتیجہ۔

حکم: (مناطقہ کے نزدیک) ایک چیز کا دوسری چیز سے ایجابی یا سلبی تعلُّق (نسبتِ تامہ ثبوتیہ یا سلبیہ) قائم کرنا۔

فائدہ: اِس تعریف سے وہ مثالیں خارج ہو جائیں گی جن میں نسبت تامہ ثبوتیہ یا سلبیہ نہ ہو، جیسے: نسبتِ تقییدیہ۔

الحکم: (المُصطلح عندَ الأُصوليِّينَ) هوَ أَثَرُ حكمِ اللّٰهِ القَديمِ، فإِنَّ إِيْجابَ اللّٰهِ تَعالىٰ قَديمٌ، والوُجوبُ حكمُهُ وأثرُهُ.(دستور العلماء۲/۵۸)

---

(۱) مَا هُوَ؟ (وہ کیا ہے؟) کا استعمال تین چیزوں کے دریافت کرنے کے لیے ہوتا ہے:

[۱] کسی چیز کی حقیقت کے کل اجزاء [۲] نوع [۳] جنس۔

۱) جب سائل صرف ایک ہی کلی چیز کے متعلّق مَـاھُوَ کے ذریعے سوال کریں، تو اِس کا مقصد اُس چیز کی حقیقت کے کل اَجزا باوضاحت دریافت کرنا ہوتا ہے، جیسے: الإِنْسَانُ مَاھُوَ؟ جواب: حیوانٌ ناطقٌ.

۲) اگر سائل ایک جزئی چیز یا چند متفق الحقائق چیزوں کے متعلّق "مَـا هُوَ" کے ذریعے سوال کرے، تو اُس کا مقصد اُن سب کی نوع کو دریافت کرنا ہوتا ہے، جیسے: زَيـدٌ مَـا هُوَ؟ یا زَيـدٌ وعَـمـرٌو وبَكرٌ مَا هُمْ؟ جواب: هُمْ إِنسانٌ.

۳) اگر مختلف الحقائق چیزوں کے متعلّق "مَـا هُوَ" کے ذریعے سوال کیا گیا ہے، تو سائل کا مقصد اُن سب کی جنس کو دریافت کرنا ہوتا ہے، جیسے: الإنسانُ والبقرُ والغنَمُ ما هُمْ؟ جواب حَيوانٌ. (توضیح المنطق: ۲۸)

حکم: (اہلِ اصول کے نزدیک) ربِّ کائنات کے فرمانِ قدیم کا نتیجہ (یعنی: اَزلی اَمرِ الٰہی کا باقی رہنے والا اثر)؛ کیوں کہ اللہ تعالیٰ کا (حکم کو) واجب کرنا ازلی ہے، اور حکم کا وجوب، ایجابِ الٰہی کا نتیجہ اور اثر ہے(۱)۔

الحُلوُلُ: باب التاء کے تحت ''تداخل'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الحَمْلُ: عندَ أربابِ المَعقولِ يُطلقُ بالاشتِراكِ اللَّفظيِّ علىٰ ثَلاثةِ مَعانٍ: (الأوّلُ) الحملُ اللُّغوِيُّ، (والثانِي) الحملُ الاِشتقاقيُّ، (والثالثُ) حملُ المُواطاةِ.

حمل: (مناطقہ کے یہاں) ایک مشترک لفظ ہے جو تین معانی میں مستعمل ہے: حملِ لغوی، حملِ اشتقاقی اور حملِ مواطات۔

الحملُ اللغويُّ: هوَ الحكمُ بثبوتِ شَيءٍ لشيءٍ أو انْتفائهِ عنهُ، [نحو: زيد عالم، عمرو شاعر]. (دستور العلماء۲/۶۵، ۶۶)

حملِ لغوی: لغت میں حمل کہتے ہیں: ایک چیز کو دوسری چیز کے لیے ثابت کرنا یا نفی کرنا، (جیسے: ''زید عالم ہے'' اس مثال میں زید پر عالم ہونے کا حکم لگایا گیا ہے)(۲)۔

---

(۱) حکم: لغت میں حکم کے معنیٰ علم وفہم اور عدل کے ساتھ فیصلہ کے ہے، قرآن میں اکثر ''فیصلہ'' کے معنیٰ میں استعمال ہوا ہے۔ فقہ میں حکم کی اصطلاح ایک تو قِیاس کے ذیل میں آتی ہے، اور حکم کی ایک اصطلاح اَور ہے جس کا خلاصہ بندگانِ خدا کے افعال سے متعلّق اللہ تعالیٰ کا خطاب، خواہ کسی بات کا مطالبہ ہو یا کسی عمل کے سلسلے میں کرنے اور نہ کرنے کا اختیار، یا بہ طورِ وضع کوئی بات کہی گئی ہو۔ (ملخص من قاموس الفقہ ۳/ ۲۸۷)

(۲) حملِ لغوی کی دو قسمیں ہیں: حملِ اوّلی اور حملِ شائع۔

حملِ اوّلی: وہ حمل ہے جس میں موضوع اور محمول کے درمیان عینیت کا تعلق ہو، جیسے: الإنسان إنسانٌ=

حمل المُواطاةِ : هُوَ أنْ يَكُونَ الشَّيْءُ مَحمُولاً عَلىٰ المَوضُوعِ بالحَقِيقَةِ، أيْ بِلا وَاسِطَةٍ، كقَوْلِنَا: الإنْسَانُ حَيوانٌ. (كشاف: ۱، ۴۸۳)(۱)

حمل بالمواطاۃ: وہ حمل ہے جس میں محمول کو موضوع پر فـي، ذو یا لـه کے واسطے کے بغیر محمول کیا گیا ہو، جیسے: ''الإنسَانُ حَيوانٌ'' میں حیوانیت کو انسان پر بلاواسطہ محمول کیا گیا ہے۔

الحملُ الاشتِقاقيُ : هُوَ أنْ لايَكُونَ الشَّيْءُ مَحْمُولاً بالحَقِيقَةِ، بَلْ يُنْسَبُ إلَيهِ، كالبَيَاضِ بالنِّسْبَة إلىٰ الإنْسَانِ، فلايُقالُ: الإنْسَانُ بَيَاضٌ، بَلْ ذو بَيَاضٍ أوْ أبْيَضُ. (كشاف: ۱، ۴۸۳)

حملِ اشتقاقی: وہ حمل ہے جس میں محمول کو موضوع کی طرف (فـي، ذو یا لام جارہ کے ذریعے) نسبت کرنا، نہ کہ محمول کو موضوع پر محمول کرنا، جیسے: انسان کی

= حملِ شائع متعارف: وہ حمل ہے جس میں موضوع اور محمول کے درمیان عینیت کا تعلق نہ ہو؛ بلکہ صرف وجود میں اتحاد ہو، کل إنسانٍ حيوانٌ۔

ملحوظہ: علوم وفنون میں اعتبار صرف حملِ شائع متعارف کا ہے اور اس حمل میں من وجہ اتحاد اور من وجہ مغایرت ہونا ضروری ہے، اتحاد وجود کے اعتبار سے ہوگا اور تغایرُ تعقُّل (سمجھنے) کے اعتبار سے ہوگا۔ (ارشاد الفہوم شرح سلم العلوم)

(۱) الحملُ الاشتِقاقيُ: هوَ الحملُ بِواسِطة "فيْ" أَو "ذُوْ" أَو "لَهٗ"، وَحقيقتُهٗ الحُلولُ، فإنَّكَ إذا قُلتَ: زَيدٌ ذوْ مالٍ فقدْ حَملتَ المالَ عَلىٰ زَيدٍ بواسِطة "ذُوْ".

حَمْلُ المُواطاة: هوَ حَملُ شَيءٍ بِقَولِ "عَلىٰ" مِثلُ: الإنسانُ حَيَوانٌ، يَعنِيْ الحَيوانُ مَحمُولٌ عَلَى الإنْسانِ، وحقيقتُهٗ هُوَ هُوَ. (دستور العلماء ۲/ ۶۵، ۶۶)

طرف بیاض کی نسبت کرتے ہوئے ”الإنْسَانُ بَيَاضٌ“ یعنی ”انسان سفیدی ہے“ یہ نہیں کہا جاتا؛ بلکہ ”الإنسَانُ ذوُ بَيَاضٍ“ یا ”الإنسَانُ أبْيَضُ“ انسان سفیدی والا ہے یا سفید ہے کہا جاتا ہے۔

الحَواسُّ: (ظاہرہ، باطنہ) اِسی باب کے تحت ”حاسہ“ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الحَيثيَّةُ الإطلاقيَّةُ: الحيثيَّةُ إذا كانتُ عينَ المُحيَّثِ كانَ مَعناها الإطلاقُ، وأنَّهُ لاقَيدَ هُناكَ حتىّٰ عن قَيدِ الإِطلاقِ أَيضاً.

حیثیت اِطلاقیہ: جب قیدِ حیثیت مقید بالحیثیت کا عین ہو تو اُس قیدِ حیثیت سے اِطلاق مراد ہوگا، کہ وہاں پر کوئی بھی قید ملحوظ نہیں ہے، حتیٰ کہ وہ مطلق ہونے کی قید سے بھی مطلق ہے، (یعنی صرف محیَّث میں تعمیم کرنا مقصود ہو، اضافہ کرنا مقصود نہ ہو، جیسے: الإنسانُ منُ حيثُ أنَّهُ إِنسانٌ، حيَوانٌ ناطقٌ)۔ مثال مذکور میں الإنسان مقید بالحیثیت ہے اور من حيث أنه إنسان قیدِ حیثیت ہے جو مقید بالحیثیت کا عین ہے۔ یہاں انسان بہ ظاہر قیدِ حیثیت سے مقید ہے؛ لیکن درحقیقت اس سے انسان کا اطلاق مراد ہے، یعنی انسان، انسان ہونے کی حیثیت سے حیوان ناطق ہے۔

الحَيثيَّةُ التقييديَّةُ: الحيثيَّةُ إذا كانتُ غيرَ المُحيَّثِ فمَعناها أنَّهُ مَحكومٌ عَليهِ بالنَّظر إلىٰ ذلكَ الغيرِ، وَقطعِ النَّظرِ عن غير ذلكَ الغَيرِ. (دستور العلماء۲/۷۸)

حیثیتِ تقیدیہ: جب قیدِ حیثیت مقید بالحیثیت کا (مفہوم کے اعتبار سے) غیر ہو، تو اُس قید کا مطلب یہ ہوگا کہ مقید بالحیثیت پر مذکورہ حکم، اُس حیثیت ولحاظ

سے ہے، اور اُس قیدِ حیثیت یعنی أنـہ کـاتب کے عِلاوہ سے قطع نظر ہے، (جیسے: الإنسـانُ -مـنُ حيـثُ أنَّـهُ كـاتبٌ- مُتحرِّكُ الأصابِع، کہ اِس مثال میں محیَّث معَ الحَيثيت یعنی: الإنسانُ معَ الكتابةِ پر تحریکِ اصابع کا حکم لگایا ہے، اور عدمِ کتابت کی صورت سے قطع نظر ہے(۱)۔

اِس کی مثال جس سے دونوں حیثیتوں کا فرق واضح ہوتا ہے، یہ ہے کہ: شریعت کے احکام دینے کا اختیار صرف اللہ تعالیٰ کا ہے، ﴿إنِ الـحُكـمُ إلَّا لِلّٰه﴾ گویا یہ اختیار اللہ کے رسولوں کو بھی حاصل نہیں، پھر ائمۂ اربعہ کی تقلید کا کیا مطلب؟ اس کا جواب یہ ہے کہ: تقلیدِ امام من حیث ہو ہو (یعنی مـن حيـث أنـه إمام) نہیں کی جاتی؛ بلکہ مـن حيث أنه نائب عن الشريعة کی جاتی ہے، اور بہ ایں حیثیت رسول اللہ ﷺ کی بھی تقلید کی جاتی ہے۔ الحاصل! ممانعت حیثیتِ اطلاقیہ کے اعتبار سے ہے، جب کہ یہی تقلید بہ حیثیتِ تقیید یہ مامور بہ ہے۔

من حيث: إنَّ قَـولكَ منُ حيثُ كذَا، يُرادُ بهِ بَيانُ الإطلاقِ وَأنـهُ لَاقيـدَ هُناكَ، كمَا فِيُ قَولِكَ: الإنسانُ منُ حيثُ هوَ. وقَدُ يُرادُ بِهِ التَّقييدُ، كمَا فيُ قولكَ: النَّارُ منُ حَيثُ أنَّهَا حارَّةٌ تُسَخِّنُ. (دستور العلماء ۳/۲۳۴ب)

من حیث: اِس سے مراد کبھی تو ''اطلاق'' ہوتا ہے، یعنی یہاں پر کوئی قید نہیں ہے، جیسے: الإنســانُ مِـن حيـثُ هُو، (اِسے ''حیثیتِ اطلاقیہ'' کہا جاتا ہے)۔

---

(۱) **حیثیتِ تعلیلیہ**: وہ حیثیت ہے جو محیث پر لگائے ہوئے حکم کی علت بیان کرے، جیسے: زيـد مـكـرمٌ من حيث إنه عالم اس مثاک میں تکریمِ زید کا حکم بہ حیثیتِ علم ہے؛ کیوں کہ فقدانِ علم کی صورت میں یہ حکم نہیں تھا۔

اور کبھی مِن حیثُ سے تقیید مراد ہوتی ہے (اِسے ''حیثیتِ تقییدیہ'' کہا جاتا ہے)، **جیسے:** النار من حیثُ أنّها حارّةٌ تُسخِّنُ: آگ اِس حیثیت سے کہ وہ گرم ہوتی ہے، چیز کو گرما دیتی ہے۔

باب الخاء

الخارج: يُـرادُ بهِ تارَةً ما يُرادِفُ الأَعيَانَ، وَتارَةً خارجُ النِّسبةِ الذِّهنِيَّةِ، وَتارةً يُرادُ بهِ نفسُ الأمرِ. (دستور العلماء ٢/٥٢ب)

لفظ خارج کا اطلاق تین چیزوں پر ہوتا ہے: عین (خارج میں پائی جانے والی چیز) کے معنیٰ پر (جیسے: زید کی آنکھوں کا وجود خارج میں ہے؛ لیکن بینائی کا وجود خارج میں نہیں)، نسبت ذہنیہ کے خارج یعنی نسبت خارجیہ پر، اور نفس الامر (بہ معنیٰ واقعی بات، درحقیقت) کے معنیٰ میں۔

الخاصَّةُ: كليَّةٌ مَقولةٌ عَلىٰ أَفرادِ حَقيقةٍ واحِدةٍ فقَطُ، قوْلًا عَرَضِيّاً: سـواءٌ وُجِـدَ فيْ جميعِ أَفرادِهِ، كالكاتِبِ بالقوَّةِ، بالنِّسبَةِ إِلَى الإِنسانِ أوْ فيْ بعضِ أَفرادِهِ، كالكاتِبِ بالفعلِ بالنِّسبَةِ إِليهِ. (كتاب التعريفات: ٦٩)

خاصہ: تفصیل باب الکاف کے تحت کلیاتِ خمسہ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الحَدُّ: قَوْلٌ دالٌّ عَلَى مَاهيَّةِ الشَّيءِ. (كتاب التعريفات: ٦٠)

حد: تفصیل باب الحاء کے تحت ''حد'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الملاحظة: الفرق بينَ الحدِ والخاصَّةِ: أنَّ الحدَّ لابدَّ أنْ يكونَ فيْ جميعِ آحـادِ الـمحدودِ. والخاصَّةُ: هي التيْ تكونُ في بعضِ آحادِها خاصةً. (مآرب الطلبه: ٦٧)

خاصیت اور حد کے درمیان فرق: اِن دونوں کے درمیان فرق یہ ہے کہ: حد (تعریف) کا معرَّف کے تمام اَفراد میں پایا جانا ضروری ہے، اور خاصیت مختص بہٖ کے

بعض افراد میں ہی پائی جاتی ہے، (جیسے: متعدی ہونا بابِ اِفعال کی خاصیت ہے؛ مگر یہی باب کبھی لازم بھی ہوتا ہے، جیسے: أَحمدَ الشيءُ: قابل تعریف ہونا)(١)۔

الخطُّ: باب النون کے تحت ''نقطہ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الخطأ: هُوَ الذَّنبُ الَّذي لَيسَ لِلإنسَانِ فِيهِ قَصدٌ، وَضِدُّهُ الصَّوَابُ. (التعريفات الفقهية: ٨٧) (٢)

خطاء: وہ قصور ہے جس میں انسان کا قصد وارادہ نہ ہو، اِس کی ضد صواب (درستگی) ہے۔

الصَّوابُ: لغةً السَّدادُ، واصطلاحاً: الأمرُ الثَّابتُ الذي لايسوغُ إنكارُهُ. وقيل: الصَّوابُ: إصابةُ الحقِّ. (التعريفات الفقهيّة: ١٣١)

صواب: لغوی معنیٰ: درستگی۔ اصطلاحی معنیٰ: وہ پختہ معاملہ جس میں انکار کی گنجائش نہ ہو۔ اور بہ قول بعض: درستگی کو پہنچنا۔

الخُطبَةُ: كلامٌ مَنثورٌ مُؤَلَّفٌ مِنَ المُقدَّماتِ اليَقينِيَّةِ

---

(١) حد: کسی چیز کی ماہیت پر دلالت کرنے والا قول، تعریف۔ خاصۃ الشیٔ: خاصیت، مخصوص صفت جو دوسرے سے ممتاز بنائے۔

خلاصہ یہ ہے کہ، تعریف کے اندر جامع الأفراد اور مانع عن دخول الغير ہونا شرط ہے، اور خاصہ کے اندر بجميع أفراد المختص به ہونا شرط نہیں؛ بلکہ صرف ولا يُوجدُ في غيرِه ہونا شرط ہے۔

(٢) ملحوظة: الصَّواب وَالخَطأ يُستَعمَلان فيُ المُجتَهَدات، والحَقُّ والبَاطِل يُستَعُمَلان فيُ المُعتَقَدات؛ حتّٰى إذا سُئلنَا فيُ مَذهَبِنا ومَذهَب مَنُ خالَفَنا فيُ "الفُرُوع"، يَجِب عَلَيُنا أنُ نُجيب: بأنَّ مَذهَبَنا صَواب يَحتَمِل الخَطأَ، ومَذهَبُ مَن خالَفَنا خَطأٌ يَحتَمِل الصَّوَاب؛ وإذَا سُئِلُنا عَن مُعتَقَدنا ومُعُتَقد مَن خالفَنَا فيُ "المُعُتَقَدات"، يَجِب عَلَيُنَا أنُ نَقُول: الحَقُّ مَا عَلَيهِ نَحنُ، وَالبَاطِل مَا عَلَيه خُصُومُنا. (كتاب التعريفات: ٩٦)

وَالمَقبُولةِ وَالمَظنونَةِ، أوْ إحداهَا –ترْغيباً أوْ ترْهيْباً أوْكلاهمَا– مُصدَّراً بـالحَمدِ وَالصَّلاةِ معَ كونِ مُخاطبِهِ غيرَ مُعيَّنٍ. يُقالُ: سَمِعْنَا خُطبَةَ الجُمُعَةِ وَالعِيدَينِ. وَتُطلَقُ عَلىٰ خِطابِ الوَعْظِ أيْضاً. (دستور العلماء ۲/ ٦٠ ب)

خطبہ: بہ غرضِ ترغیب وترہیب وہ عام غیر منظوم کلام ہے جس کی ابتداء حمد و صلاۃ سے ہو، اور مقدمات یقینیہ، مقبولہ اور مظنونہ پر مشتمل ہو، یا اُس میں صرف ایک قسم کے مقدمات پر مشتمل ہو، جیسے کہا جاتا ہے: ہم نے نمازِ جمعہ وعیدین کی وعظ ونصیحت سنی۔ (مقدمات یقینیہ کو باب المیم کے تحت ''مقدمات'' کے ضمن میں اور مظنونہ ومقبولہ کو باب المیم کے تحت ''مظنونات'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔)

ملاحظہ: کبھی خطبے کا اطلاق وعظ ونصیحت پر بھی کیا جاتا ہے۔

خطبةُ الكتابِ : اعلمْ أنّ خُطبةَ الكتبِ إنْ ألحِقتْ بها بعدَ تَصنيفِها وَتأليفِها، بأنْ ألَّفَ المُؤلِّفُ كتابَه أوّلًا، ثمَّ ألحَقهُ الخُطبةَ تُسمّى خُطبةً إلحاقيَّةً؛ وإنْ كتَبَ أوّلًا ثمَّ ألفَ الكتابَ تُسمَّى خُطبَةً ابتِدائيَّةً. (كشاف اصطلاحات الفنون ۲/ ۹)

خطبۂ ابتدائیہ، الحاقیہ: معلوم ہونا چاہیے کہ، اگر کتاب کے خطبہ کو تصنیف وتالیف کے بعد لاحق کیا گیا ہو، بہ ایں طور پر کہ مؤلف اوّلاً کتاب کو تصنیف کرلے، پھر خطبہ کو اصل مضمون سے ملادے (شامل کردے) تو اُس کو خطبۂ الحاقیہ کہتے ہیں، اور اگر اوّلاً خطبہ تحریر کیا پھر کتاب کو تصنیف کیا ہو تو اُس کو خطبۂ ابتدائیہ کہتے ہیں۔

خطبةُ الدفاترِ : عِبارةٌ عنْ كلامٍ مُشتمِلٍ عَلَى البَسمَلةِ، وَالحَمدَلةِ وَالثَّناءِ عَلَى اللّٰهِ تَعالىٰ بمَا هُوَ أهلُهُ، والصَّلاةِ عَلَى النَّبِيِّ ﷺ،

وتكونُ فيْ أَوَّلِ الكلامِ. (كشاف اصطلاحات الفنون ٩/٢)

خطبۂ دفاتر: (کتاب وکاپی کا خطبہ) وہ کلام ہے جو تسمیہ، باری تعالیٰ کے شایانِ شان حمد وثنا اور صلاۃ علی النبی ﷺ پر مشتمل ہو، اور کلام (اصل مضمون) کی ابتداء میں ہو۔

الخلافُ: باب الالف کے تحت ''اختلاف'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

خلافُ الأَوْلىٰ: مَا لايُستحسَنُ فِعلُهٗ. حكمُه: تركُه أولىٰ ومُوجِبٌ للثَّوابِ، وفِعلُه غيرُ مستحسنٍ؛ ولكنُ بدونِ عتابٍ وعِقابٍ. مثالُه: تركُ صلاةِ الضُّحىٰ، وكذا غيرُها منَ الأمورِ المُستحبَّةِ. تعبيرٌ آخرُ يُستعملُ لهٗ في الأكثرِ هوَ كلمةُ (لا بأْسَ). (الموجز في أصول الفقه:٤٧)

خلافِ اَولیٰ: وہ عمل جس کا ارتکاب پسندیدہ نہ ہو۔

حکم: اس کا ترک اَولیٰ اور موجبِ ثواب ہے، اور اِس کا ارتکاب کرنا ناپسندیدہ تو ہے؛ لیکن اُس پر گرفت اور ناراضگی نہ ہو، جیسے: چاشت کی نماز چھوڑنا خلافِ اولیٰ ہے، اِسی طرح دیگر مستحب اُمور کا چھوڑنا۔

ملاحظہ: خلافِ اَولیٰ کو کلمۂ ''لا بأس'' سے بھی تعبیر کیا جاتا ہے۔ (لا بأس: کوئی مضایقہ نہیں)۔

الخُلْفُ: بالضَّمِّ، (عند النظار) هوَ إِثباتُ المطلوبِ(المُدَّعىٰ) بإِبطالِ نقيضه(١).

---

(١) الخُلف: (عند المنطقيين) هُوَ القِيَاس الاستِثنَائي الذي يُقصَد فِيه إِثبَات المَطلُوب بإبطَال نَقِيضِه، وَيُقَابِلُه القِيَاس المُستَقِيم. (كشاف: ٢، ٥٥)

خُلف: مدعا (نتیجہ) کی نقیض کو باطل کرتے ہوئے مُدّ عا (دعویٰ) کو ثابت کرنا۔

الخَلَف: بالفتح، مایقابلُ السَّلَفَ. (التعریفات الفقھیة: ۸۹)

خَلَف: سلف کا مقابل ہے۔ وضاحت باب السین کے تحت ''سلف'' کے ضِمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الخلُقُ: باب القاف کے تحت ''کسب'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الخَیالُ: باب الحاء کے تحت ''حاسہ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

باب الدال

الدَّخیل: باب المیم کے تحت ''معرَّ ب'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

درايةُ الحديث : باب الراء کے تحت ''رِوَايَة الحَديث'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الدعویٰ: (فِي الشَّرعِ) قَولٌ يَطلبُ بِهِ الإنسانُ إِثباتَ حقٍ عَلَى الغَيرِ، أَوْ يَدفَعُ حقَّ الغَيرِ عنْ نفسِهِ فِيْ حضورِ الحاكمِ. (التعريفات الفقهية: ٩٦)

دعویٰ: (شریعت کی اصطلاح میں) وہ قول ہے جس کے ذریعے انسان جج کی حاضری میں کسی پر اپنا حق ثابت کرنے کی درخواست کرتا ہے، یا اپنے اوپر سے کسی کے حق کو دفع کرتا ہے۔

الدعویٰ: (عِندَ النُّظَّار) قَضيَّةٌ يَشمَلُ عَلَى الحُكمِ المَقصودِ إِثباتُهُ بالدَّليلِ، أَو إِظهارُه بالتنبيهِ، وَيُسمّى ذلكَ منْ حيثُ أنهٗ يَرِدُ عَليهِ أَو عَلىٰ دَليلِهِ السُّؤالُ أَوْ البَحثُ ''مَسئَلةً ومَبحثاً''، ومنْ حَيثُ أَنَّهٗ يُستَفادُ مِن الدَّليلِ ''نَتِيْجَةً''، ومنْ حيثُ أنهٗ قدْ يكونُ كلِّياً ''قَاعدةً وقانُوناً''. (رشيديه: ١١)

دعویٰ: (اہلِ مناظرہ کے نزدیک) وہ قضیہ ہے جو ایسے فیصلے پر مشتمل ہو جس کو یا دلیل سے ثابت کرنا (پایۂ ثبوت کو پہنچانا) مقصود ہو، یا تنبیہ (یاد دہانی) سے اظہارِ حق مقصود ہو۔

ملاحظہ: دعویٰ کے مختلف نام ہیں: مسئلہ و مبحث، نتیجہ، قاعدہ و قانون۔

مسئله ومبحث: دعویٰ کو کہتے ہیں اِس حیثیت سے کہ اُس دعویٰ

پر یا اُس کی دلیل پر اعتراض وارد ہوتا ہے، یا وہ دعویٰ قابلِ تحقیق ہو۔

مسئلہ: وہ دعویٰ ہے جس پر برہان قائم کیا جائے، وہ معاملہ جس کو غور وفکر کر کے حل کیا جائے۔ مبحث: موضوعِ بحث، موضوعِ مطالعہ، بحث، تحقیق۔ تفصیل باب المیم کے تحت ''مسئلہ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

نتیجہ: دعویٰ کو کہتے ہیں اِس حیثیت سے کہ، وہ دلیل سے حاصل کیا جاتا ہے۔

ملحوظہ: نتیجہ اور مدعی کے درمیان فرق باب النون کے تحت ''نتیجہ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔(۱)

قاعدہ وقانون: دعویٰ کو کہتے ہیں اِس حیثیت سے کہ، وہ جزئیات پر منطبق ہونے والا امر کلی ہے، (جیسے: نحات کا قاعدہ: کل فاعل مرفوع ہر اس جگہ پر منطبق ہوگا جہاں کوئی اسم ترکیب میں فاعل بنتا ہو)۔

ملاحظہ: قاعدہ، قاعدۂ مطّردہ، قانون اور ضابطہ کی تعریفات باب القاف کے تحت ''قاعدہ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الدلیل: فيُ اللغةِ: المُرشدُ، وَما بِهِ الإرشادُ. وَفيُ الاِصطلاحِ: قدُ يُطلقُ مُرادِفاً للبُرهانِ، فهوَ القِياسُ المُركّبُ منُ مُقدّمتينِ يَقينيَّتينِ. وَقدُ يُطلقُ مُرادفاً للقِياسِ، فهوَ حُجّةٌ مؤلفَةٌ منُ قَضيتيَنِ يَلزَمُ

---

(۱) فائدہ: اِس کو ایک مثال کے ذریعے اِس طرح بھی سمجھ سکتے ہیں کہ، نَصَرَ زَیْدٌ میں زید مرفوع ہے، یہ ہمارا مدعیٰ ہے، اِس کو ثابت کرنے کے لیے ہم نے دلیل دی کہ: ''زید فاعل ہے'' (صغریٰ) جو امر جزئی ہے، ''و کل فاعل مرفوع'' یعنی ہر فاعل مرفوع ہوتا ہے (کبریٰ)، جو امر کلی (قاعدہ) ہے، یہاں دعویٰ کی تکمیل ہوئی، اب نتیجہ نکلا کہ: زید مرفوع ہے۔

عنُها لِذَاتِها مَطلوبٌ نَظَرِيٌّ. وإِطلاقهٗ بِهٰذا المَعنىٰ قليلٌ.

وَقدُ يُطلقُ مرادفاً للحُجةِ، فهوَ مَعلومٌ تَصديقِيٌّ مُوصِلٌ إلىٰ مَجهولٍ تَصدِيقِيٍّ.

وَما يُذكرُ لإزالةِ الخَفاءِ فِي البَدِيهيِّ يُسمّى "تَنبِيهاً".

وقدُ يُقالُ: الدَّليلُ عَلَى مَا يَلزمُ مِن العلمِ بِهِ العِلمُ بِشيءٍ آخرَ وهوَ المَدلولُ؛ وَالمرادُ بالعِلمِ بِشيءٍ آخرَ العِلمُ اليقينيُّ؛ لأَنَّ ما يَلزمُ من العِلمِ بِهِ الظنُّ بِشيءٍ آخرَ لايُسمَّى دَليلاً؛ بلُ "أَمارَةً". (دستور العلماء٢/١٢٦)

دلیل: لغوی معنیٰ: سیدھی راہ دکھانے والا اور آلۂ راہ نُمائی۔ اصطلاح میں چند معانی کے لیے مستعمل ہے: برہان، قِیاس، حجت، تنبیہ اور اَمارت۔

دلیل بہ معنیٰ برہان: وہ قِیاس ہے جو دو یقینی مقدّمات سے مرکب ہو، (جیسے: العالم متغیر، وکل متغیر حادث، فالعالم حادث)۔

دلیل بہ معنیٰ قِیاس: دو (یا چند) قضیوں سے مرکب وہ حجت ہے جس کی وجہ سے بالذات مطلوبِ نظری (نتیجہ) کو تسلیم کرنا لازم آئے، (جیسے: سعید مجتهد، وکل مجتهد ناجح، سعید ناجح)۔

ملاحظہ: مذکورہ معنیٰ پر دلیل کا اطلاق بہت کم ہوتا ہے۔

دلیل بہ معنیٰ حجت: وہ معلوم تصدیق جو نامعلوم تصدیق تک پہنچانے والی ہو۔

تنبیہ: اس دلیل کو کہتے ہیں جو بدیہی چیز کی پوشیدگی دُور کرنے (محض آگاہی وخبرداری) کے لیے ہو۔

دلیل بہ معنیٰ: دال، دلیل کا اطلاق اُس دال پر بھی ہوتا ہے جس کے

جاننے سے دوسری چیز یعنی مدلول کا علمِ یقینی حاصل ہو۔

اَمارت: (علامت) وہ دلیل ہے جس کے جاننے سے دوسری چیز کے پائے جانے کا ظن حاصل ہو۔

الدليل: (عند النظَّار)، هوَ المُركبُ مِن قَضيتَينِ للتأدِّيُ (أي لغرُضِ التأديُ) إِلىٰ مَجهولٍ نَظَريٍ. (رشيديه)

دلیل: (اہلِ مناظرہ کے نزدیک) مجہول نظری (مدّعیٰ) تک بہ آسانی پہنچانے والا وہ استدلال ہے جو دو قضیوں سے مرکب ہو۔

الدَّليلُ إِمَّا: مُفيدٌ لِمُجرَّدِ التَّصدِيقِ بِثبوتِ الأكبرِ للأصغرِ [أي التصديقِ بالنتيجةِ]، معَ قَطعِ النَّظرِ عنُ الخارجِ، سواءٌ كانَ الوَسُطُ مَعلوُلاً أَوُ لَا، وَهوَ "دَليلٌ إِنِّيٌّ". وَإِمَّا مُفيدٌ لثُبوتِ الأَكبَرِ لهٗ بِحسُبِ الوَاقعِ، يَعنِيُ أَنَّ تلكَ الوَاسِطَةَ كمَا تكونُ عِلةً لثبوتِ الأَصغَرِ [أي علةً للنتيجة] فيُ الذِّهن، كذلكَ تَكونُ علةً لثُبوتِهِ لهٗ فيُ نفسِ الأَمرِ، وَهوَ "دَلِيُلٌ لِمِّيٌّ". (دستور العلماء٢/١٢٧)

دلیل کی دو قسمیں ہیں: دلیل اِنّی (استدلال)، دلیل لِمّی (تعلیل)۔

دلیل اِنی: (استدلال) وہ قِیاس ہے جس میں حدِ اوسط (حقیقت سے قطع نظر کرتے ہوئے) صرف نتیجے کے علم کی علت ہو، چاہے یہ حدِ اوسط نتیجے کی علتِ واقعیہ ہو یا نہ ہو، (جیسے: زمین روشن ہے (صغریٰ)، ہر روشن چیز دھوپ والی ہے (کبریٰ)؛ پس زمین دھوپ والی ہے (نتیجہ))۔

ملاحظہ: اِس قِیاس میں حدِ اوسط "روشن ہونا" ہے، اِس کے ذریعے ہمیں

یہ بات معلوم ہوئی کہ زمین دھوپ والی ہے؛ مگر حقیقت میں دھوپ والی ہونے کی علت روشنی نہیں ہے، روشنی تو بجلی کی بھی ہوسکتی ہے؛ بلکہ یہاں معاملہ برعکس ہے؛ کیوں کہ دھوپ کی وجہ سے روشنی ہوتی ہے، روشنی کی وجہ سے دھوپ نہیں ہوتی۔

دلیلِ لمّی: (تعلیل): وہ قِیاس ہے جس میں حدِ اوسط حقیقتاً نتیجہ (اکبر کو اصغر کے لیے ثابت کرنا) کی علت ہو، یعنی جس طرح حدِ اوسط ذہن میں نتیجے تک رسائی کی علت ہے، حقیقت میں بھی نتیجے کی وہی علت ہو تو اُس کو ’’دلیلِ لمی‘‘ کہتے ہیں، (جیسے: زمین دھوپ والی ہے (صغریٰ)، ہر دھوپ والی چیز روشن ہوتی ہے (کبریٰ)؛ تو زمین روشن ہے (نتیجہ))۔

ملاحظہ: اِس قِیاس میں حدِ اوسط ’’دھوپ والی‘‘ ہے، اِسی کے ذریعے یہ بات معلوم ہوئی کہ ’’زمین روشن ہے‘‘، اِسی طرح حقیقت میں بھی دھوپ والی ہونا روشن ہونے کی علت ہے(۱)۔

الدليل: في اللُّغةِ: المُرشِد، وَما بِهِ الإرشادُ. وفي الاصطلاحِ: هوَ الذيُ يَلزمُ مِن العلمِ بِهِ العلمُ بشيءٍ آخرَ. (التعريفات الفقهية:٩٦)

---

(۱) الحاصل! کسی حکم کو اُس کی علتِ واقعیہ سے ثابت کرنا ’’دلیلِ لمی‘‘ ہے، اور کسی علامت سے ثابت کرنا ’’دلیلِ اِنی‘‘ ہے۔ جیسے: آگ دھویں کی ’’علت‘‘ ہے، اور دھواں آگ کی ’’علامت‘‘ ہے، پس اگر کسی نے بھٹی میں آگ جلتی دیکھی جس کا دھواں چمنی کے ذریعہ اوپر نکل رہا ہے، اور اُس نے وہ دھواں نہیں دیکھا ہے، اور کہا کہ: آگ موجود ہے، اور جب آگ موجود ہے تو دھواں بھی موجود ہوگا، پس دھواں موجود ہے، تو یہ ’’دلیلِ لمی‘‘ ہے۔ اور اگر کسی نے صرف چمنی سے دھواں نکلتے دیکھا اور آگ نہیں دیکھی، اور کہا کہ: دھواں موجود ہے، اور جب دھواں موجود ہے تو آگ بھی موجود ہوگی، پس آگ موجود ہے، تو یہ ’’دلیلِ اِنی‘‘ ہے۔ (رحمۃ اللہ الواسعۃ ۱/۵۸۶)

دلیل: وہ حجت ہے جس کو تسلیم کرنے سے دوسری چیز (نتیجہ) کو تسلیم کرنا ضروری ہو جائے۔

موقوف علیہ کے اعتبار سے دلیل کی دو قسمیں ہیں: دلیل سمعی (نقلی)، دلیلِ عقلی۔

الدَّليلُ السَّمعيُّ: ما يُتوقَّفُ علَى السَّمعِ يعنِيُ عَلَى الكتابِ والسُّنةِ والإجماعِ وَالسَلفِ.

دلیلِ سمعی: (نقلی دلیل) وہ دلیل وثبوت ہے جس کا مدار سَماع یعنی کتاب اللہ، سنت رسول ﷺ، اجماعِ اُمّت اور اقوالِ سلف پر ہو۔ (نقلی وسَماعی ثبوت)

الدليلُ العَقليُّ: ما يُستمدُّ فيهِ منَ العقلِ في الاستدلالِ.

(التعريفات الفقهية: ٩٦)

دلیلِ عقلی: وہ دلیل وثبوت ہے جس میں عقلی استدلال سے توانائی حاصل کی جائے۔ (یعنی مدّعا کو از روئے عقل دلیل سے ثابت کرنا۔ دلیل کی تفصیل و تقسیم ماسبق میں گزر چکی ہے)۔

الدليلُ التحقيقيُّ: باب الجیم کے تحت ''جوابِ تحقیقی'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الدليلُ الإلزاميُّ: باب الجیم کے تحت ''جوابِ تحقیقی'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الدوام: باب الضاد کے تحت ''ضرورت'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الدَّوْرُ: عندَ أَرباب المَعقولِ تَوقُّفُ كلِّ واحدٍ منَ الشَّيئَينِ عَلَى

الآخرِ، وَيلزمُهٗ تَوقُّفُ الشَّيءِ عَلىٰ مَا يتوقَّفُ عليهِ. (دستور العلماء ۲/۱۲۹)

دَور: (مناطقہ کے نزدیک) دو چیزوں میں سے ہر ایک (کا سمجھنا) دوسرے پر موقوف ہونا، (یعنی دونوں میں سے ہر ایک موقوف بھی ہو اور موقوف علیہ بھی)، اور اُس سے شیٔ کا اپنے موقوف علیہ پر موقوف ہونا لازم آئے گا، (جیسے: مکہ کی جہت کا سمجھنا موقوف ہو مدینہ کی جہت سمجھنے پر، اور مدینہ کی جہت کا سمجھنا مکہ کی جہت کے سمجھنے پر موقوف ہو)۔

الدور المُصرَّحُ: هوَ تَوقُّفُ الشَّيءِ عَلىٰ مَا يتوَقَّفُ عَليهِ، ويُسمّٰى: "الدَّورُ المُصَرَّحُ"، كما يتَوقَّفُ (أ) عَلىٰ (ب)، وبالعَكسِ؛ أو بمَراتِبَ، ويُسمّٰى "الدَّور المُضمَرُ"، كمَا يتوَقفُ (أ) عَلىٰ (ب) وَ (ب) عَلىٰ (ج) و (ج) عَلىٰ (أ). (كتاب التعريفات: ٧٦ب)

دَور کی دو قسمیں ہیں: دَورِ مصرّح، دَورِ مضمر۔

دَورِ مُصرَّح: وہ دَور ہے جس میں شیٔ اپنے مَوقوف علیہ پر (بیک درجہ) موقوف ہو (یعنی ایک ہی مرتبہ میں بات پلٹ جائے)، جیسے، مثلاً: الف کا سمجھنا باء کے سمجھنے پر موقوف ہو، اور باء کا الف پر (واضح دور)۔

دَورِ مضمر: وہ دَور ہے جس میں توقُّف چند مرتبوں پر ہو، جیسے: الف کا سمجھنا باء کے سمجھنے پر موقوف ہو، اور باء کا جیم پر، اور جیم کا الف پر (مخفی دور)۔(۱)

---

(۱) توقف الشئ علی نفسہ، ایک شیٔ کا سمجھنا خود اُسی پر موقوف ہو، جیسے: مثلاً خاصہ کی تعریف ما یختص بہ سے کریں، تو یہ دَور کو مُستلزِم ہے اور "دَور" باطل ہے؛ لہٰذا ایسی جگہ کچھ نہ کچھ فرق نکالنا ضروری ہوگا چاہے اعتباری ہی فرق کیوں نہ ہو، مثلاً: یوں کہیں کہ خاصہ سے اصطلاحی تعریف مراد ہے، اور "ما یختص بہ" سے لغوی تعریف۔ (مشکل ترکیبوں کا حل ص: ۳۱۳)

التسلسل: ترتُّبُ أُمورٍ غيرِ مُتناهِيَةٍ مُجتمِعةٍ في الوجُودِ.

(دستور العلماء: ۱، ۳۳۲)

تسلسل: امورِ واقعیہ غیر متناہیہ (جن کی انتہا نہ ہو) کا اس طور پر مرتب ہونا کہ وہ تمام وجود میں مجتمع ہوں (۱)۔

الدِّيانةُ: عندَ الفُقَهاءِ هيَ، و"التنزُّهُ"، و"مَابَينَه وَبينَ اللّٰهِ تَعالیٰ" ألفاظٌ مُترادِفةٌ، كـ"القَضاءِ" وَ"الحكمِ" و"الشرع". وفيُ جامعِ الرُّموزِ (فيُ كتابِ الطَّلاقِ، فيُ فصلِ شرُطِ صحَّةِ الطَّلاقِ): إنُ علَّقَ الزَّوجُ

---

(۱) امورِ اعتباریہ (وہ چیزیں جن کو مضبوط اور پختہ وجود کے بغیر عقل مان لے) کا غیر متناہی طور پر مجتمع ہونا مُحال نہیں ہے؛ اس لیے کہ امورِ اعتباریہ کا تسلسل اعتبارِ معتبر کا محتاج ہے، لہٰذا جب بھی اعتبارِ معتبر کا انقطاع ہوگا اُسی وقت وہ تسلسل ٹوٹ جائے گا، جیسے: لازم وملزوم میں جو علاقۂ لزوم ہوتا ہے وہ بھی لازم ہے- ورنہ لازم وملزوم میں انفکاک لازم آئے گا- پس اُس لزوم کے لیے بھی لزوم لازم ہے ہٰکذا الیٰ غیر النہایۃ، یہ تسلسل ضرور ہے؛ لیکن "لزوم" چونکہ معانی اعتباریہ میں سے ایک معنیٰ ہے، جب تک ذہن اس کا اعتبار نہ کرلے یہ موجود نہیں ہوتا، لہٰذا یہ تسلسل باطل نہ ہوگا۔ (ملخص من شروح سلم)۔

ملحوظہ: امورِ اعتباریہ: وہ چیزیں ہیں جن کو مضبوط اور پختہ وجود کے بغیر عقل مان لے۔ امور اعتباریہ کی دو قسمیں ہیں:

امورِ اعتباریہ واقعیہ: وہ چیزیں ہیں جن کو خارج میں موجود چیزوں سے عقل نے منتزع کیا ہو، جیسے: آسمان سے فوقیت اور زمین سے تحتیت کو منتزع کیا گیا ہے۔ امورِ اعتباریہ واقعیہ بہ حکمِ امور حقیقیہ ہوتے ہیں۔

امورِ اعتباریہ محضہ: وہ چیزیں ہیں جن کو قوتِ واہمہ نے گھڑ لیا ہو، یعنی نہ وہ خود موجود ہوں نہ اُن کا منشأ انتزاع موجود ہو، جیسے: چڑیل کے دانت اور دوسرا انسان۔ (معین الفسلفہ ص: ۴۲)

ملحوظہ: افرادِ مجتمعہ غیر متناہیہ کا اِس طرح مرتب ہونا اگر (غیر متناہی طور پر) چلتا رہے گا تو اُس کو "تسلسُل" کہتے ہیں، اور اگر یہ سلسلہ عود کرے گا تو اُس کو "دَور" کہتے ہیں۔

طَلُقَةً واحدةً بِولادَةِ ذكَرٍ، وَطلُقتَينِ بولادةِ أُنثىٰ، فولدتُهُمَا ولمْ يُدرَ الأوَّلُ، طُلِّقتُ الزَّوجةُ واحدةً قضاءً، وَثِنتَينِ تنزُّهاً، أيْ دِيانةً؛ يَعني فيمَا بينَهٗ وبينَ اللّٰهِ تَعالىٰ. كمَا ذَكرَهُ المُصنِّفُ وَغيرُه. (كشاف اصطلاحات الفنون ٢/١٤١)

دِیانت: (فقہاء کے نزدیک) دیانت، تنزُّہ اور ما بینہ وبین اللہ الفاظِ مترادفہ میں سے ہیں، جیسے: قضاء، حکم اور شریعت الفاظِ مترادفہ میں سے ہیں۔

دِیانت وقضاء کو ایک مثال سے سمجھا جاتا ہے کہ: اگر شوہر نے بیوی کے بچہ (مذکر) جننے پر ایک طلاق اَٹکائی تھی، اور بچی جننے پر دو طلاقیں اَٹکائی تھیں۔ اب ہوا یہ کہ عورت نے بچہ اور بچی دونوں کو جَنا، اور اِس بات پر واقفیت نہ ہوسکی کہ، پہلا کون تھا؟ تو عورت پر قضاءً (فیصلۂ حاکم سے) ایک طلاق واقع ہوگی، اور دیانۃً (بہ طورِ حفاظت وبراءت) دو طلاقیں واقع ہوگی۔

اِس مسئلے کی تفصیل ہدایہ (۲/۳۸۷) باب الأیمان في الطلاق میں ملاحظہ فرمائیں (۱)۔

---

(۱) فائدہ: دیانت: لائقِ عبادت ماننا۔ قضاء: فیصلہ کرنا۔ التَّنزہ: محفوظ وبری ہونا، پاک صاف ہونا۔ ما بینہ وبین اللہ: اللہ اور بندے کے بیچ کا معاملہ۔ قضاء: حکمِ خدا، مشیتِ ایزدی، فرمانِ الٰہی۔ شریعت: قانونِ الٰہی، مذہبی قانون۔

حضرت علامہ انور شاہ کشمیریؒ نے فرمایا کہ: ''دیانت'' کا عام طور پر یہ مطلب لیا گیا ہے کہ، وہ معاملہ جو بندے اور خدا کے درمیان ہو، اور ''قضا'' وہ ہے کہ جو بندے اور عام لوگوں کے درمیان ہو۔ بعض عُلَما نے اِس سے سمجھا کہ، جب تک کوئی چیز صرف بندے اور خدا تک محدود ہے وہ ''دیانت'' میں آئے گی، اور اگر کوئی تیسرا بھی اُس پر مُطّلع ہو تو دیانت سے نکل کر ''حدودِ قضاء'' میں داخل ہو جائے گی۔ مَیں (حضرت شاہ صاحب) کہتا ہوں کہ: یہ صحیح نہیں ہے، چوں کہ ''دیانت'' اور ''قضاء'' کا فیصلہ شہرت اور=

ملحوظہ: القضاء کی تعریف باب القاف کے تحت ''قضاء'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

= عدمِ شہرت پر نہیں ہے؛ بلکہ معاملہ زیرِ دیانت ہی رہے گا تاوقتیکہ اُس کو قاضی کی عدالت تک نہ پہنچایا جائے، اگرچہ وہ بات کتنی ہی مشہور کیوں نہ ہو۔ اور یہ بھی روشن ہوگیا کہ، اگر معاملہ پر کوئی بھی مطلع نہ ہوا ہو؛ لیکن وہ قاضی کی عدالت میں پہنچادیا گیا تو قضاء کی حدود میں بالتعیین داخل ہوگیا، اِس سے واضح ہوگیا کہ شہرت اور عدمِ شہرت کوئی حیثیت نہیں رکھتی۔ (مآرب الطلبہ: ۱۷۳)

باب الذال

أقسَامُ الإطنَابِ كثيرةٌ: منهَا:

ذِكرُ الخَاصِّ بعدَ العَامِّ: كقَولِهِ تَعالىٰ: ﴿حَافِظُوا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلوٰةِ الوُسطىٰ﴾ [البقرة:٢٣٨]. وفائِدتُهُ: التَّنبيهُ عَلىٰ فَضلِ الخَاصِّ، حتّٰى كأَنَّهُ لِفَضلِهِ ورِفعتِهِ جُزءٌ آخرُ مُغايرٌ لمَا قبلَهُ. (جواهر البلاغة:١٤٢)

اِطناب: (مخصوص فائدے کے لیے مطلب سے زیادہ الفاظ لانا)، اِس کی بہت ساری قسمیں ہیں: اُن میں سے ذکر الخاص بعد العام اور ذکر العام بعد الخاص بھی ہے۔

ذکر الخاص بعد العام: لفظِ عام کے بعد خاص کو ذکر کرنا، جیسے: باری تعالیٰ کا قول: ﴿حَافِظُوا عَلَى الصَّلَوٰتِ وَالصَّلوٰةِ الوُسطىٰ﴾ محافظت کرو سب نمازوں کی (عموماً)، اور درمیان والی نماز کی (خصوصاً)؛ اِس صنعت کا فائدہ: مخاطب کو خاص کے کمال پر متنبہ کرنا ہے، کہ خاص اپنی فضیلت اور بلندیٔ مرتبہ کی بنا پر گویا اپنے ماقبل (لفظ عام) کے عِلاوہ مستقل جزء ہے(۱)۔

ذِكرُ العَامِّ بَعدَ الخَاصِّ: كقَولِهِ تَعالىٰ: ﴿رَبِّ اغفِرلِي

---

(۱) عطف کے موقع پر اس کو عطف الخاص علی العام سے بھی تعبیر کیا جاتا ہے۔

عطف الخاص على العام: معطوف کا ایسے معطوف علیہ پر عطف کرنا کہ وہ معطوف علیہ اُس معطوف کے معنیٰ کو بھی شامل ہو، جیسے: "والصَّلاةُ علَى مُحمَّدٍ وَآلهِ وَأصحابِهِ" کے اندر لفظِ "آلُ" سے "اَتباع" مراد لیں تو صحابہ خود اُس میں داخل ہوگئے۔ (مشکل ص: ۳۱۵)

وَلِـوَالِـدَيَّ وَلِـمَـنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِناً وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ والمُؤْمِنَاتِ﴾. [نوح: ٢٨] وفائدَتُهُ: شُمولُ بَقيَّةِ الأفْرَادِ والاهْتِمَامِ بالخَاصِّ، لِذِكْرِهِ ثانِياً فِيْ عُنْوانٍ عامٍّ بَعدَ ذِكرِهِ أوَّلًا فِيْ عُنْوانٍ خَاصٍّ. (جواهر البلاغة: ١٤٢)

ذکر العام بعد الخاص: لفظِ خاص کے بعد عام کو بیان کرنا، جیسے باری تعالیٰ کا فرمان: ﴿رَبِّ اغْـفِـرْلِـيْ وَلِـوَالِـدَيَّ وَلِمَنْ دَخَلَ بَيْتِيَ مُؤْمِناً وَّلِلْمُؤْمِنِيْنَ والمُؤْمِنَاتِ﴾ اے میرے رب! مجھ کو اور میرے ماں باپ کو اور جو مؤمن ہونے کی حالت میں میرے گھر میں داخل ہوا اُن کو، اور تمام مسلمان مَردوں اور عورتوں کو بخش دیجیے۔ اِس صنعت کا فائدہ: بقیہ افراد کا خاص کے حکم میں شریک ہونے کو بیان کرنا، اور لفظِ خاص کو خصوصیت سے ذکر کرنے کے بعد لفظِ عام میں اُس کی اہمیّت کو اُجاگر کرنے کے لیے بہ صورتِ عموم ذکر کرنا۔

الذِّهن: هِيَ القُوَّةُ المُعِدَّةُ لِاكتِسَابِ التَّصَوُّرَاتِ وَالتَّصدِيقَاتِ. (كشاف ٢/ ١٦٠)

ذِہن: نفس کی وہ قوت ہے جس کو مُنعِمِ حقیقی نے علومِ تصوریہ وتصدیقیہ کے حصول کے لیے بنایا ہے۔

ملاحظہ: ذِہن: علمی اصطلاح میں مختلف نفسیاتی احوال کو محسوس کرنے والی طاقت کا نام ''ذہن'' ہے، نیز ذِہن کا اطلاق تفکیر اور اُس کے ضوابط پر بھی ہوتا ہے، اِسی طرح ادراکِ اشیاء کی استعدادِ محض کا نام بھی ذِہن ہے۔ (القاموس الوحید)

الذّوق: باب الحاء کے تحت ''حاسہ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

* * *

باب الراء

الرّابطةُ: اعلم! أنَّهم قالوُا: الرَّابِطةُ أداةٌ، لدَلالتِها علَى النِّسبَةِ، وهيَ غيرُ مُستَقلَّةٍ؛ لكنَّها قدْ تَكونُ فيْ صُورةِ الكلمَةِ، مثلُ: كانَ وأمثالُهُ، وَتُسمّٰى رابِطةً زمانيَّةً؛ وقدْ تَكونُ فيْ صورَةِ الاسْمِ، مثل: هوَ، فيْ "زَيدٌ هوَ قائمٌ"، وَتُسمّٰى رَابِطةً غيرَ زَمانيَّةٍ. (كشاف اصطلاحات الفنون ۲/۲۲۷)

رابطہ: **معلوم ہونا چاہیے کہ مناطقہ کے نزدیک رابطہ بہ منزلۂ حرف ہے، کہ وہ (مسند، مسند الیہ کے) تعلُّق پر دلالت کرتا ہے جو مستقل بالمفہوم نہیں ہے، ہاں! وہ رابطہ کہیں پر فعل کی صورت میں ہوتا ہے، جیسے: کان اور اُس کے مانند افعال، اِس کو رابطۂ زمانی کہتے ہیں۔ اور کہیں یہ تعلُّق اسم کی صورت میں ہوتا ہے، جیسے:** زید هو قائم **میں** هو، **اِس کو رابطۂ غیر زمانی کہتے ہیں (۱)۔**

الـرّاسخ في العلم : مَـنْ وَجَـد فِـي عِلمِهٖ أَربَعَةَ أشْيَاء: التّـقْوىٰ فِيمَا بَينَه وَبينَ اللّٰه تعالىٰ، والتَّواضُع فِيما بَينَه وَبينَ النَّاس، وَالزُّهدُ

---

(۱) رابطِ زمانی: ایسا حرفِ ربط جو کسی زمانے پر بھی دلالت کرے، وہ ایسے ماضی، حال و مستقبل کے صیغے ہیں جو "حُصول، ثُبوت، وجود، کَون" یا اُن کے ہم معنیٰ کسی مصدر سے مشتق ہوں، جیسے: زیدٌ ــ کانَ، صَارَ، مَوجُودٌ ــ قائمٌ یعنی زید کے لیے زمانۂ ماضی میں قِیام ثابت ہے۔ یا زَیدٌ ــ یَحصلُ ــ قائِمٌ یہ تمام صیغے وَضع کے اعتبار سے تو فعل یا اسم ہیں؛ لیکن رَبط کے مقام میں اُن کو محض حرف کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

رابطِ غیر زمانی: ایسا حرفِ ربط جو کسی زمانے پر دلالت نہ کرے، اِس کے لیے "غائب کی ضمیروں" کو حرفِ ربط کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے، جیسے: زَیدٌ هوَ قائِمٌ۔ (توضیح المنطق: ۳۶)

فيمَا بينَه وبَينَ الدُّنيا، وَالمَجاهَدة فيمَا بَينَه وَبينَ النَّفسِ. (خازن:۱/۲۵۹بحوالہ: مفکر اسلام کی مقبولیت کا راز)

راسخ فی العلم: اس کی چار صفات ہیں: اپنے اور اللہ کے معاملے میں تقویٰ، لوگوں کے معاملے میں تواضع، دنیا کے معاملے میں زُہد و بے رغبتی اور نفس کے معاملے میں مجاہدہ سے متصف ہو۔

الرُّخصة: باب العین کے تحت "عزیمۃ" کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الرسالة: هيَ المَجلَّةُ المُشتملَةُ علىٰ قليلٍ مِنَ المَسائِلِ التيُ تكونُ مِن نَوعٍ واحدٍ. (كتاب التعريفات:۱۱۲)

رسالہ: وہ مجلّہ ہے جو ایک ہی نوع کے مختصر مسائل پر مشتمل ہو۔

المَجلَّةُ: هيَ الصَّحيفَةُ التيُ يَكونُ فيهَا الحِكمُ. (كتاب التعريفات: ۱۴۲)

مجلّہ: وہ صحیفہ ہے جس میں حکمت آمیز مضامین ہوں، (میگزین، ماہ نامہ)۔

علم الرَّسم: الرَّسمُ هوَ العلمُ بأُصولِ كتابةِ الكلِماتِ.

(حاشيه جامع الدروس:۷)

علمِ رسم الخط: وہ علم ہے جس سے تحریرِ کلمات کے قواعد معلوم ہوں۔

رَسمُ الخَطِّ: هوَ خطُّ المَصاحفِ العُثمَانيَّةِ التيُ أجمَعَ عَليها الصَّحابَة رضي الله عنهم. واعلَمُ! أنَّ المراد بالخط الكتابة، وهو علىٰ قسمين: قِياسي واصطلاحي. (النشر في القراء ات العشر ۱/۴۵)

رسم الخط: مصاحف عثمانیہ کی وہ خطّاطی ہے جس پر تمام صحابہ رضی اللہ عنہم کا اتفاق ہے۔

خط: بہ معنیٰ تحریر کی دو قسمیں ہیں: خطِّ قِیاسی، خطِّ اصطلاحی۔

الرَّسمُ القِياسي: ما طابقَ فيهِ الخَطُّ اللفظَ.

خطِّ قِیاسی: وہ کتابت ہے جوملفوظ کے موافق ہو، یعنی خط بہ لحاظِ لفظ ہو۔

الرَّسمُ الاصطلاحي : مَا خالفَه بزيادةٍ أو حذفٍ أو بدلٍ أو وصلٍ وفصلٍ. وله قوانين وأصولٌ يَحتاجُ إلى مَعرفتِها. (النشر في القرآت العشر: ٤٥٧)

خطِّ اصطلاحی: وہ کتابت ہے جوملفوظ کے برخلاف ہو، بہ ایں طور پر کہ کتابت میں کسی حرف کی کمی بیشی کی گئی ہو، یا کسی حرف کودوسرے کے خط سے بدلا گیا ہو، یا دو حرفوں کو مجتمعاً یا منفصلاً تحریر کیا گیا ہو، (جیسے: رَحمٰنُ وإِسحٰقُ رسمِ اصطلاحی ہے، اور رَحمَانُ واِسحَاقُ رسمِ قیاسی ہے؛ زَکوٰۃٌ وحَیوٰۃٌ رسمِ اصطلاحی ہے، اور زَکَاتٌ وحَیَاتٌ رسمِ قیاسی ہے؛ اِسی طرح مُوسیٰ عِیسیٰ رسمِ اصطلاحی ہے، اور مُوسَا عِیسَا رسمِ قیاسی ہے، اسی طرح إبرٰھم، إبراھیم)۔

الرسمُ التّام: باب الحاء کے تحت "حدِّ تام" کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الرسم الناقص: باب الحاء کے تحت "حدِّ تام" کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

رضي الله عنهُ: باب التاء کے تحت "ترضِّی" کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الرُكن :الداخلُ في الشيء باعتبارِ كونهِ جُزءًا منهُ يُسمىٰ "رُكناً". (دستور العلماء۲/ ۱۱۳)

رکن: شئ میں داخل ہونے والی چیز شئ کا جزء ہے تو اس کو رکن کہا جاتا ہے

جیسے: رکوع کرنا نماز کا رکن (جز) ہے۔ مزید تفصیل باب العین کے تحت ''شرط'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الرَّمزُ: باب التاء کے تحت ''تعریض'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

علم رواية الحديث : هوَ علمٌ يُبحث فيه عن كيفية اتصال الأحاديث برسول الله ﷺ من حيث أحوال رواتها ضبطاً وعدالةً، ومن حيث كيفية السند اتصالاً وانقطاعاً وغير ذلك. (كشف الظنون)

علمِ روایتِ حدیث: وہ ایسا علم ہے جس میں حدیثِ نبوی کی آں حضرت ﷺ کی جانب نسبت کے تحقُّق کو جاننے کی کوشش کی جاتی ہے، رُوات کی عدالت وضَبط کے پہلو سے اور سند کے اِنقطاع واتصال وغیرہ پہلوؤں سے۔

علم دراية الحديث: هو علم باحث عن المعنى المفهوم مِن ألفاظ الحديث وعن المراد منها، مبنيا على قواعد العربية وضوابط الشريعة، ومطابقا لأحوال النبي ﷺ. (كشف الظنون)

علمِ درایتِ حدیث: وہ ایسا علم ہے جو الفاظِ حدیث کے مدلول: لغوی اور معنیٔ مرادی سے بحث کرتا ہے، جس کی بنیاد عربیت کے قواعد اور شریعت کے بنیادی اُصول پر ہوتی ہے، بہ ایں طور کہ وہ معنیٔ نبیٔ کریم ﷺ کے احوال ومزاج سے مَیل بھی کھاتا ہو(۱)۔ (کشف الظنون ۱/۶۳۶ بہ حوالہ حدیث اور فہمِ حدیث: ۳۶)

---

(۱) روایت، درایت کا محمل: علمِ حدیث کی دو قسمیں ہیں: (۱) روایت (۲) درایت۔ پھر اِن میں باہمی فرق بہ ایں طور بیان کیا جاتا ہے کہ: فقط الفاظِ حدیث کو نقل کرنے کا نام روایت ہے، اور الفاظِ حدیث میں غور وفکر کرنا، اُس کے معانی کو سمجھنا، اُن سے مسائل کا اخراج کرنا اور دو بہ ظاہر متعارِض حدیث میں تطبیق کرنا، اِس کو درایت کہا جاتا ہے۔ (مآرب الطلبہ: ۳۱۱)

الرَوِيُّ: باب القاف کے تحت ”قافیہ“ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

رُءُوسُ الثمانيَّةِ: اعلم! أنَّ القُدَماءَ كانوا يَذكُرونَ في مَبادئِ الكتُبِ أشياءَ ثمانيةً، ويُسمُّونَها رُؤُوسَ الثَّمانيَةِ. وهيَ: الغَرَضُ، المَنفعَةُ، التَّسمِيَةُ، المُؤَلِّفُ، المَرتبَةُ، مِنْ أيِّ عِلمٍ هُوَ، القِسمَةُ والتَّبوِيبُ، الأنحاءُ التعْليمِيَّةُ. (تفصيلها ملخص من كشف الظنون، وشرح التهذيب والمرقات)

رؤس ثمانیہ: معلوم ہونا چاہیے کہ علمائے متقدمین اپنی کتابوں کے آغاز میں آٹھ بنیادی باتوں کو ذکر کرتے تھے، اور اُن کو رؤسِ ثمانیہ کا عنوان (نام) دیتے تھے: فن کی غرض، فائدہ، وجہِ تسمیہ، مصنِّف کا تعارف، فن کا رُتبہ، فن کی نوعیت، علم وکتاب کے ابواب بیان کرنا، فن سیکھنے کے طور وطریق بیان کرنا۔

الغَرَضُ: إنَّ ما يُترتَّبُ علَى الفِعلِ إنْ كانَ باعثاً للفاعِلِ علَىٰ صُدورِ ذلكَ الفِعلِ منهُ، يُسمّى غَرَضاً وَعلةً غائيةً، وإنْ لمْ يَكنْ باعِثاً للفاعِلِ (يُسَمّى) فائدةً وَمَنفعةً وعِلَّةً.

غرَض: فعل سے حاصل ہونے والا ثمرہ ہی فاعل سے فعل کے سرزد ہونے کا سبب ہو تو اُسے غرض وعلتِ غائیہ کہتے ہیں؛ (جیسے: ٹپائی اِس غرض سے بنانا کہ اُس پر کتاب رکھی جائے گی، اِس کو ”غرض“ کہتے ہیں۔) ورنہ تو اُسے فائدہ، منفعت اور محض علّت سے تعبیر کرتے ہیں۔ تفصیل باب العین کے تحت ”علت“ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المَنفعَةُ: ما يُشوِّقُ الكُلَّ طبعاً لِيَنبَسِطَ فِي الطَّلَبِ ويَتحَمَّلَ المَشقَّةَ.

منفعت: ایسی باتیں جو سب لوگوں کو فطری طور پر فن کا مشتاق بنادے

تاکہ ہر ایک انبساط کے ساتھ فن کو حاصل کرے اور مشقت برداشت کرے۔

التَّسمِيَةُ: أيُ تَسمِيةُ العِلم وعُنوانُهُ ليَكوُنَ عِندَه إجْمَالُ مَايُفَصِّلُه، كمَا يُقالُ: إنَّما سُمِّيَ المَنطقُ مَنطِقاً؛ لأنَّ المَنطقَ يُطلقَ علَى النُّطقِ الظَّاهِرِيِّ وهوَ التَّكلُّمُ؛ والبَاطنِيِّ وهوَ إدراكُ الكليَّاتِ. وهٰذا العلمُ يُقوِّيُ الأوَّلَ، ويُسلكُ بالثانيُ مَسلَكَ السَّدادِ فاشتُقَّ لهُ اسمٌ مِنُ المَنطقِ.

تسمیہ: فن کا نام رکھنا، تاکہ طالبِ علم کے سامنے اُن باتوں کا خلاصہ رہے جن کی مصنف تفصیل کرے گا، جیسے کہ کہا جاتا ہے: علمِ منطق کو منطق کا عنوان اِس لیے دیا گیا ہے کہ نطق کا اِطلاق نطقِ ظاہری (تکلم) اور نطقِ باطنی (کلیات کا اِدراک کرنا) دونوں پر ہوتا ہے، اور یہ علم بھی نطقِ ظاہری کو مضبوط کرتا ہے، اور کلیات کے ادراک میں اس علم سے درستگی کی راہ اپنائی جاتی ہے۔

المُؤَلِّفُ: أيُ تَعيينُ المُؤَلِّفِ وَمَعرَفتُهُ ليَسُكُنَ بالُ المُتعَلِّمِ وَيَطمئِنَّ قلبُهُ فيُ قَبولِ كلامِهِ بالاعتِمادِ عَليهِ؛ لأنَّ مَعرِفَةَ حالِ الأَقوَالِ بمَراتِبِ الرِّجالِ.

مؤلف: مصنف کی تعیین اور اُس کا تعارف بیان کرنا؛ تاکہ اُس پر اعتماد کر کے کلام قبول کرنے میں طالبِ علم کو پوری دلجمعی اور طمانینتِ قلب حاصل ہو۔

المَرتَبَةُ: أيُ فيُ أيِّ مَرتبَةٍ هوَ، ليُقَدَّمَ عَلَى مايَجِبُ ويُؤَخَّرَ عمَّا يَجِبُ.

رُتبہ: فن کا رُتبہ کیا ہے؟ تاکہ اِس کو اُن فنون پر مقدم کیا جائے جن پر اِس کو مقدم کرنا واجب ہے اور اُن فنون سے مؤخر کیا جائے جن سے مؤخر کرنا واجب ہے،

(جیسے: عامۃً حفظِ قرآن کے بعد قرآن وحدیث کو سمجھنے سے پہلے مسائلِ نحو وصرف کو پختہ کیا جاتا ہے، پھر بہ قدرِ ضرورت مسائلِ فقہیہ کو حاصل کرنے کے بعد دیگر علومِ ادبیہ: لغت، معانی، بیان، بدیع وغیرہ میں نیز منطق وفلسفہ میں گہرائی حاصل کی جاتی ہے، اس کے بعد اخیر میں علمِ عقائد، تفسیر وحدیث پر تکمیل ہوتی ہے)۔

مِنْ أيِّ علمٍ هوَ: لِيُطلَبَ فيهِ مَا يَلِيقُ بِهِ.

فن کی حیثیت: یہ بیان کرنا کہ یہ فن، علوم کی کس نوع سے تعلق رکھتا ہے؟ تا کہ اِس فن میں وہ باتیں تلاش کی جائے جو اِس فن کے مناسب ہیں، (جیسے: کلمات کو اعراب سے مزین کرنے کے لیے کتبِ علمِ نحو کی طرف رجوع کرنا، اور کلمات کے ضبط وبناوٹ کو دیکھنے کے لیے کتبِ صَرف کی طرف رجوع کرنا)۔

القِسمَةُ والتبويبُ: لِيُطلَبَ فيْ كلِّ بابٍ مَا يَلِيْقُ بِهِ.

تقسیم وتبویب: تا کہ ہر باب میں وہ مسائل تلاش کیے جائیں جو اس باب کے مناسب ہیں۔

ملحوظہ: اِس ترقی یافتہ دور میں یہ طریقہ جاری ہے کہ: کتاب کے شروع یا اخیر میں مکمل فہرستِ مضامین لکھ دی جاتی ہے؛ اِس لیے اب قدیم طریقہ متروک ہوگیا ہے۔

الأنحاءُ التعليميَّةُ: هي التقسيمُ، والتَّحليلُ، والتَّحدِيدُ، والبُرهانُ:

التَّقسِيمُ: عِبارَةٌ عَنِ التكثُّرِ مِنْ فَوْقُ إلىٰ أسْفلَ، كتَقسِيمِ الجِنسِ إلَى الأنوَاعِ، والنَّوعِ إلَى الأصْنَافِ، والذَّاتِيِّ إلَى الجِنسِ، والنَّوعِ

والفَصْلِ والعَرَضِ إلَى الخَاصَّةِ والعَرَضِ العَامِّ.

والتَّحْلِيلُ: هُوَ التَّكْثِيرُ مِنَ السِّفْلِ إلىٰ فَوقُ.

والتَّحْدِيدُ: فِعلُ الحَدِّ.

والبُرْهانُ: طَرِيقٌ مَوثُوقٌ بِهِ، مُوصِلٌ إلَى الوُقُوفِ عَلَى الحَقِّ.

(كشف الظنون ١/٣٦۔ شرح تهذيب۔ مرقات مع حاشيه: ٤٤)

انحائے تعلیم: فن وکتاب سیکھنے سمجھنے کے طور وطریق بیان کرنا، کہ اِس میں تقسیم، تحلیل، تحدید اور برہان میں سے کونسا اندازِ بیان اختیار کیا گیا ہے۔

تقسیم: اوپر (مَقسَم) سے نیچے (اَقسام) کی طرف تقسیم کرنا، جیسے: جنس کو انواع کی طرف، نوع کو اصناف کی طرف، کلی ذاتی کو جنس، نوع اور فصل کی طرف اور کلی عرضی کو خاصہ اور عرضِ عام کی طرف تقسیم کرنا۔

تحلیل: تقسیم کا برعکس طریقہ یعنی قِسموں سے مَقسَم کی طرف جانا۔

تحدید: (مسائل ذکر کرنے سے پہلے ضروری اصطلاحات کی) تعریفات بیان کرنا۔

برہان: حق بات سے واقف ہونے کا پُر وُثوق طریقہ۔

المَبادِئُ العَشَرَةُ: (لِلفقهِ مَثلاً:) اعْلَمْ! أنَّ مَبادِئَ كلِّ عِلمٍ عَشَرَةٌ، نَظَمَها إبنُ ذِكْرِي فِي "تَحصِيلِ المَقاصِدِ"، فقالَ: [بحر الرجز]

فأوَّلُ الأبوابِ فِي المَبادِي		وتلكَ عَشَرةٌ عَلَى المُرادِ
الحدُّ والموضُوعُ ثُمَّ الوَاضِعْ		والاسْمُ واستِمْدادُ، حُكمُ الشَّارِعِ
تَصوُّرُ المَسائِلِ، الفَضيلَة		ونِسبتُه، فَائدَةٌ جَليلَه

بَيَّنَ الشَّارِحُ منهَا أَرْبعَةً وبَقِيَ سِتةٌ:

[فـالأَرْبعَةُ التِي بيَّنهَا الشَّارِحُ: الحَدُّ، والمَوضُوعُ، والاسْتِمْدادُ، والفَائِدَةُ الجَلِيْلَةُ (أي الغايةُ)]

[وهـي:]الـفِـقـهُ: (عـنـدَ الأصُولِيِّيْنَ) العِلمُ بالأحْكَامِ الشَّرْعيَّةِ الفَرْعيَّةِ المُكتَسَبُ مِنْ أدِلَّتِهَا التَّفْصِيليَّةِ؛ ومَوضُوعُهُ: فِعلُ المُكلَّفِ ثُبُوتاً أوْ سَلْباً؛ واسْتِمْدادُهُ: مِنْ الكِتَابِ والسُّنَّةِ، والإجْمَاعِ، والقِيَاسِ؛ وغَايتُهُ: الفَوْزُ بسَعادَةِ الدَّارَيْنِ.

[وأما الستة الباقية]:

فوَاضعُهُ: أبوحَنيفَةَؒ.

واسْمُهُ: الفِقهُ.

وحُكمُ الشَّارِعِ فيهِ: وُجوبُ تَحصِيلِ المُكلَّفِ مَالابُدَّ لهُ منهُ.

ومَسائلُهُ: كلُّ جُملةٍ مَوضُوعُها[أي:المسند إليه] فِعلُ المُكلَّفِ، ومَحمُولُها[أي: المسند] أحَدُ الأحْكَامِ الخَمسَةِ، نحوُ: هٰذَا الفِعلُ واجِبٌ.

وفَضيلتُهُ: كوْنهُ أفْضَلَ العُلومِ سِوَى الكَلامِ والتَّفسِيرِ والحَديثِ، وأصُوْلِ الفِقهِ.

ونِسْبَتُهُ: لِصَلاحِ الظَّاهِرِ، كنِسبَةِ العَقائدِ والتَّصوُّفِ لصَلاحِ البَاطِنِ.

(رد المحتار على الدر المختار ١/ ١٢٠ بتقديم وتأخير)

مبادیات: ہر علم وفن سے ربط پیدا کرنے کے لیے کچھ بنیادی باتیں ذکر کی جاتی ہیں، چنانچہ کبھی تین چیزیں بیان کی جاتی ہیں جو ''اُمورِ ثلاثہ'' سے اور کبھی آٹھ

چیزیں بیان کی جاتی ہیں جو ‘‘رؤسِ ثمانیہ’’ سے اور کبھی دس چیزیں بیان کی جاتی ہیں جو ‘‘مبادیاتِ عشرہ’’ سے موسوم ہوتی ہیں۔

امورِ ثلاثہ: تعریف، موضوع اور غرض وغایت کو کہتے ہیں۔

رؤسِ ثمانیہ: فن کی غرض، فائدہ، وجہِ تسمیہ، مصنِّف کا تعارف، فن کا رُتبہ، فن کی نوعیت، علم وکتاب کے ابواب بیان کرنا، فن سیکھنے کے طور وطریق بیان کرنا؛ اِن کو رؤسِ ثمانیہ کہا جاتا ہے۔

مبادیاتِ عشرہ: حد (تعریف)، موضوع، استمداد، فائدہ (غایت)، واضع، اسم، حکم، مسائل، فضیلت اور نسبت؛ اِن کو مبادیاتِ عشرہ کہا جاتا ہے۔

ملاحظہ: یہاں بہ طورِ مثال کے علمِ فقہ کے مبادیاتِ عشرہ کا تذکرہ کیا جاتا ہے۔

حد: جس کے ذریعے کسی چیز کی ‘‘حقیقت’’ کو بیان کیا جائے، جیسے: الفِقهُ: (عِندَ الأُصوليِّينَ) العِلمُ بالأحكَامِ الشَّرعيَّةِ الفَرعيَّةِ المُكتَسَبِ مِنْ أدِلَّتِهَا التَّفصِيليَّةِ.

موضوع: وہ چیز جس کے عوارضِ ذاتیہ سے بحث کی جائے، جیسے علمِ فقہ کا موضوع: فِعلُ المُكلَّفِ ثُبُوتاً أوْ سَلْباً.

استمداد: اُس فن کو بنانے میں اربابِ فن نے کن علوم وفنون سے مدد لی ہے، جیسے: استمداد علم الفقهِ مِنَ الكِتَابِ والسُّنَّةِ، والإجمَاعِ، والقِيَاسِ.

فائدہ: (غرض غایت) غرض وہ ہے جس کی وجہ سے فاعل سے فعل صادر ہو۔ اور کسی کام پر جو ثمرہ مرتّب ہو وہ ‘‘غایت’’ کہلاتا ہے، جیسے علم فقہ کی غرض غایت: الفَوزُ بسَعادَةِ الدَّارَيْنِ.

واضع: واضعِ فن: یعنی اُس فن کو بنانے والا کون ہے؟ اور اُن کے حالات کیا ہے؟ واضعِ کتاب: اُس کتاب کے مصنف کا تعارف وحالات کیا ہیں؟ تاکہ طالبِ علم کا دل مطمئن ہوجائے، جیسے علمِ فقہ کے واضع: أبوحَنیفَة رحمہ اللہ ہیں۔

اسم: فن کا نام اور نام رکھنے کی وجہ؛ تاکہ عنوان سے مُعنوَن میں ذکر کردہ مضامین کا اِجمال ہوجائے، جیسے احکامِ شرعیہ فرعیہ کو تفصیلی دلائل سے جاننے کا نام: الفِقهُ.

حکم: اُس کا حاصل کرنا فرض، واجب، مستحب، حرام وغیرہ میں سے کیا ہے، جیسے: حُکمُ الشَّارِعِ فیهِ: وُجوبُ تَحصِیلِ المُکلَّفِ مَالابُدَّ لهُ منه.

مسائل: یعنی وہ کون کون سی چیزیں ہیں جن سے اُس فن میں بحث کی جاتی ہے، کیا مسائل ہیں؟، جیسے: کلُّ جُملةٍ، مَوضُوعُها فِعلُ المُکلَّفِ؛ ومَحمُولُها: أَحَدُ الأَحکَامِ الخَمسَةِ، نحوُ: هٰذَا الفِعلُ واجِبٌ.

فضیلت: اُس فن کو حاصل کرنے کی فضیلت کیا ہے؟، جیسے: کَونُهُ أَفضَلَ العُلومِ سِوَی الکَلامِ، والتَّفسِیرِ، والحَدیثِ، وأُصُولِ الفِقهِ.

نسبت: یعنی اُس فن کو دیگر فنون کے ساتھ کیا نسبت حاصل ہے؟ تاکہ یہ معلوم ہوجائے کہ اُس فن کو کن فنون پر مقدّم کرنا ضروری ہے اور کن علوم کے بعد پڑھنا مناسب ہے؟، جیسے: نِسبَتُهُ: لصَلاحِ الظَّاهِرِ، کنِسبَةِ العَقائدِ والتَّصَوُّفِ لصَلاحِ البَاطِنِ.

باب الزاء والسين

الزَعُم: هُوَ القَولُ بِلادليلٍ. (كتاب التعريفات: ١١٦)

زَعم: بے حقیقت دعویٰ۔

السبب: (فقُہا کی اصطلاح) باب العین کے تحت ''علت'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

السبب: (علمِ عروض کی اصطلاح) باب الواو کے تحت ''وزنِ شعری'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

السَّجُع: باب الشین کے تحت ''شعر'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

السَّطُح: باب النون کے تحت ''نقطہ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

السَفُسَطَۃُ: قِياسٌ مركَّبٌ مِن الوَهمِيّاتِ. وَالغرَضُ منهُ تغليط الخصمِ وإسكاتهُ، كقولنا: الجوهرُ موجودٌ في الذِّهنِ، وكلُّ موجودٍ في الذِّهنِ قائمٌ بالذِّهنِ، ينتجُ: أنَّ الجوهرَ عرضٌ؛ فإن القائمَ بالذِّهنِ لايكونُ إلا عرضاً. (دستور العلماء ٢/١٢٣ـ كتاب التعريفات: ١٢١)

سفسطہ: (منطقی مغالَطہ) وہ قِیاس ہے جو وہمیات سے مرکب ہو، جس سے خَصم کو مغالطہ دینا اور خاموش کرنا مقصود ہو، جیسے: جَوہر ذہن میں پایا جاتا ہے، اور ہر ذہن میں موجود چیز ذہن کے سہارے کی محتاج ہے؛ لہٰذا جَوہر قائم بالذہن (عرض) ہے۔ اِس قیاس کے صغریٰ میں مغالطہ ہے؛ کیوں کہ ذہن میں پائی جانے والی

چیزیں صرف اَعراض کے قبیل سے ہوتی ہیں، نہ کہ جواہر کے قبیل سے (۱)۔

السلامُ: باب الصاد کے تحت ''صلاۃ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

سلب العموم: هوَ رَفعُ الإِيُجابِ الكليِّ، مثلُ: لَيسَ كلُّ حَيَوانٍ إِنُسانٌ؛ وَهوَ يَصدُقُ عندَ الإِيجابِ الجُزئِيِّ.

وَالفرقُ بينَ **عُمومِ السَّلبِ** وَسلبِ العُمومِ: أَنَّ سلبَ العُمومِ أعمُّ مُطلقاً مِن عُمومِ السَّلبِ، فَكلُّ مَوضِعٍ يَصدُقُ فيهِ عُمومُ السَّلبِ يَصدُقُ فيهِ سلبُ العُمومِ، منُ غيرِ عكسٍ كليٍّ. (دستور العلماء۲/ ۲۱۰)

سلبِ عموم: ایجابِ کلی کی نفی کرنا، جیسے: ''ہر جاندار انسان ہو'' ایسا نہیں ہے؛ بلکہ بعضے جاندار انسان ہیں (موجبہ جزئیہ)۔ گویا سلبِ عموم کے موقع پر موجبہ جزئیہ صادق آئے گا۔

فائدہ: عمومِ سلب اور سلبِ عموم کے درمیان عموم خصوص مطلق کی نسبت ہے، جس میں سلبِ عموم عام ہے اور عمومِ سلب خاص ہے، گویا جہاں جہاں عمومِ سلب (نفی میں عموم) پایا جائے گا وہاں سلبِ عموم (عموم کی نفی کا ہونا) پایا جائے گا؛ لیکن جہاں کہیں سلبِ عموم (عموم کی نفی) ہو وہاں عمومِ سلب (نفی میں عمومیت) ہونا ضروری نہیں ہے۔

الملاحظةُ: النصُّ علىٰ عُمومِ السَّلبِ وَسلبِ العُمومِ: فالأَوَّلُ يكونُ بتقديمِ أَداتِ العُمومِ علىٰ أَداتِ النفيِ، نحوُ: كُلَّ الدَّراهِمِ لمُ آخُذ.

---

(۱) ملاحظہ: جوہر: (فلاسفہ کے نزدیک) وہ شئ جو قائم بالذات ہو، عرض: وہ شئ جو دوسرے کے ساتھ قائم ہو، یعنی دوسرے کے سہارے کی محتاج ہو۔

وَالثاني: بتقديمِ أَداتِ النفيِ علىٰ أَداتِ العُمومِ، نحوُ: لَمْ يكُنْ كُلُّ ذلكَ. (سفينة البلغاء: ٥٤)

عمومِ سلب اور سلبِ عموم کی تعیین:

عمومِ سلب: اَدات عموم کو اداتِ نفی پر مقدّم کرنے سے حاصل ہوتا ہے، جیسے: كلَّ الدراهِمِ لَمْ آخذْ: مَیں نے ایک بھی درہم نہیں لیا۔

سلبِ عموم: اداتِ نفی کو اداتِ عموم پر مقدّم کرنے سے حاصل ہوتا ہے، جیسے: لَمْ يكنْ كلُّ ذلكَ، یہ سارا معاملہ نہیں ہوا۔ دوسری مثال: لَمْ يقُمْ كلُّ إنسانٍ: جملہ افرادِ انسان کھڑے نہیں ہوئے۔

خلاصۂ کلام: عمومِ سلب میں مسند الیہ کے ہر ہر فرد سے حکم کی نفی ہوتی ہے، اور سلبِ عموم میں افرادِ مسند الیہ کے مجموعے سے حکم کی نفی ہوتی ہے۔

السَّلَفُ: كثيراً مَّا يُطلِق الحَنفيَّة في كُتُبِهم: "هٰذا قَولُ السَّلَف"، "وهٰذا قَولُ الخَلَف"، و"هٰذا قَولُ المُتَقَدِّمين"، و"هٰذا قَولُ المُتأَخِّرين".

علمائے اَحناف اپنی کتابوں میں بلاتعیین تحریر فرماتے ہیں: هٰذا قولُ السَّلفِ، وهٰذَا قولُ الخلَفِ؛ وهٰذا قولُ المُتقدِّمينَ، وهٰذا قولُ المُتأخِّرِينَ، چناں چہ ہر ایک کی مراد حسبِ ذیل ہے:

والسَّلَفُ: كل من تقدَّمَ مِن الآبَاءِ والأقرِباءِ. وعندَ الفُقهَاءِ: هُمْ مِن أبيْ حَنيفَةَ إلىٰ مُحمَّدِ بنِ الحَسنِ.

سلف: (عرفِ عام) میں گذرے ہوئے آباء اَجداد، اَعزّہ واَقرِباء۔

سلف: فُقہا کے نزدیک، امام اعظم ابوحنیفہؒ سے امام محمد بن الحسن الشیبانی

تک کے فقہا پر سلف کا اطلاق ہوتا ہے (۱)۔

الخَلَفُ: مِنْ مُحمَّدِ بنُ الحَسَنِ إلىٰ شَمسِ الأئمَّةِ الحُلواني.

خلف: امام محمد بن الحسن الشیبانی سے شمس الائمہ حُلوانی تک کے فُقہا پر خَلف کا اِطلاق ہوتا ہے۔

عامَّةُ المَشائخ: يُقصَدُ فُقهاءُ المَذهبِ الحَنفِيِّ بعَامَّةِ المَشائخِ أكثرُهمُ؛ فإذَا قَالوُا عَنْ قولٍ أوْ رَأيٍ: ذَهَبَ إليهِ عَامَّةُ المَشَائخِ مَثلًا، فالمَعنىٰ أنَّ أكثرَهمُ علىٰ ذلكَ.

عامۃ المشائخ: فقہائے احناف کسی قول کے بارے میں جب یہ فرماتے ہیں کہ: ''اس قول کی طرف عام مشائخ گئے ہیں''، تو ایسے مواقع میں عام فقہاء کی رائے بیان کرنا مقصود ہوتا ہے۔

المتقدمون والمتأخرون: قالَ الذَهبِيُّ: الحَدُّ الفَاصلُ بيْنَ العُلماءِ المُتقدِّمِينَ وَالمُتأَخِّرينَ رَأْسُ القَرْنِ الثَّالِثِ، وَهوَ الثَّلْثُ مِأةٍ.

(آپ فتوی کیسے دیں؟ ۳۷)

متقدمین ومتأخرین: علامہ ذہبیؒ نے فرمایا ہے: علمائے متقدمین ومتأخرین کے مابین حدِّ فاصل تیسری صدی کی انتہاء ہے، یعنی تین سو سال (رأس بہ معنیٰ: کنارہ، انتہاء)۔

---

(۱) فائدہ: (عرفِ عام میں) سلف اُن اکابر کو کہتے ہیں جو حضور ﷺ کے زمانے سے لے کر پانچ سو ہجری کے اندر گزرے ہیں، اور پانچ سو ہجری سے لے کر جو اکابر گزرے ہیں اور قیامت تک ہونے والے ہیں، اُنھیں ''خَلَف'' کہتے ہیں۔ (مآرب الطلبہ: ۴۲)

المتأخرون: الـمُتأخّرونَ مِن شَمسِ الأئمَّةِ الحُلوَاني إلىٰ مَولانَا حَافظ الدِّينِ مُحمَّدِ بنِ مُحمَّدِ البُخَارِي [المتوفى سنة: ٦٣٠].

متأخرین: شمس الائمہ حلوانی سے حافظ الدین بخاری تک کے فقہا پر متأخّرین کا اِطلاق ہوتا ہے۔

الـمـلاحـظة: قـالَ الـلـكـنَـوِيُ: وظَنّي أنَّ هٰذا بحَسبِ الأكثرِ، لا عَلَى الإطُلاقِ. (دستور العلماء٢/١٢٩؛ النافع الكبير، بحوالة:الخلاصة البهية: ٤١)

علامہ لکھنویؒ فرماتے ہیں: میرے علم کے مطابق یہ قاعدۂ کلیہ نہیں ہے؛ بلکہ قاعدۂ اکثریہ ہے۔

السَّماعي: في اللغةِ: ما نُسِبَ إليهِ السَّماعُ. وَفي الاصطلاحِ: هُوَ مالَمْ يُذكرُ فيهِ قاعدةٌ كلِّيَّةٌ مُشتملةٌ علىٰ جزئِيَّاتِهِ.

(كتاب التعريفات: ١٢٣)

سَماعی: لغوی معنیٰ: روایتی اور سینہ بہ سینہ منقول چیز۔ اصطلاحی معنیٰ: وہ مسائل ہیں جن کے لیے جزئیات پر مشتمل قاعدۂ کلیہ ذکر نہ کیا جائے۔

المُطَّرِدُ: هُوَ مِنَ القَواعدِ مَا يَتبَعُ بَعضُهُ بَعضاً دوُنَ شُذوذٍ، وَالمُطَّرِدُ أيضاً هوَ القِياسيُّ. (موسوعة: ٦٣٢)

مطرد: وہ مسائل ہیں جو بغیر مخالفتِ اصول ایک دوسرے سے ملحَق اور تابع ہوں، (الغرض! مسائل قِیاسیہ وہ مسائل کہلاتے ہیں جو کسی قاعدۂ کلیہ سے نکلیں اور اس قاعدے کے خلاف نہ ہوں)۔

السَّمعُ: باب الحاء کے تحت ’’حاسہ‘‘ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

السُّنَّة: باب الفاء کے تحت ''فرض'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

السندُ: لغةً: المُعتَمَدُ. اصطلاحاً: سلسِلةُ الرِّجالِ المُوصِلةُ للمَتْنِ. وسُمِّي كذلكَ؛ لأنَّ الحديثَ يُستَنَدُ إليهِ ويُعتَمَدُ عليهِ. (تيسير مصطلح الحديث بتغيير: ۱۹)

سند: لغوی معنیٰ: سہارا، وثیقہ اور ثبوت۔ محدثین کی اصطلاحی میں: متنِ حدیث تک پہنچانے والی اسمائے رُوات کی لڑی وزنجیر (رابطہ)۔ وجہ تسمیہ: رُوات کی اُس لڑی کو سند اِس وجہ سے کہتے ہیں کہ: نقلِ حدیث میں اُن ہی رُوات پر بھروسہ اور اعتماد کیا جاتا ہے۔

المَتْنُ: لغةً: ما صَلُبَ وارْتَفَعَ مِن الأَرْضِ. اِصطِلاحاً: مَايَنتَهِي إليهِ السَّنَدُ مِنَ الكَلامِ. (تيسير مصطلح الحديث: ۱۹)

متن: لغوی معنیٰ: وہ چیز جو ٹھوس اور پختہ ہو، ستونوں کے درمیان کا بالائی حصہ۔ محدثین کی اصطلاحی میں: وہ کلام جہاں سند مکمل ہوجائے (جہاں سے مضمونِ حدیث شروع ہوتا ہے)۔

خلاصۂ کلام: حدیث میں جہاں تک رُوات کے اسماء ہوتے ہیں اُس کو ''سند الحدیث'' کہتے ہیں، اور جہاں سے مضمونِ حدیث شروع ہوتا ہے اُس کو ''متن الحدیث'' کہتے ہیں، جیسے: امام ترمذیؒ نے طلبِ علم کی فضیلت کے بارے میں حضرت ابوہریرہؓ کی روایت نقل فرمائی ہے: حدثنا محمود بن غيلان، حدثنا أبوأسامة، عن الأعمش، عن أبي صالح، عن أبي هريرة؛ قال قال رسول الله ﷺ: مَنْ سَلَكَ طَرِيقاً يَلْتَمِسُ فِيهِ عِلْماً سَهَّلَ اللّٰهُ لَهُ طَرِيقا

إلَـى الـجَـنَّة. هذا حديث حسن. [ترمذي، ۲/ ۹۳] اِس روایت میں حـدثنا مـحـمود بن غيلان سے عـن أبـي هريرة تک سند حدیث ہے اور من سلك سے إلى الجنة تک متن حدیث ہے۔

السُّؤال: فـيُ اللُّغةِ: طَلبُ الأَدنَى مِن الأَعْلىٰ. وَفيُ العُرفِ: طـلـبُ كشفِ الـحَـقـائقِ وَالدَّقائقِ عَلىٰ سَبيلِ الِاسْتفادَةِ؛ لاعَلىٰ سبيلِ الِامتحانِ، فهوَ كالمُناظرَة. (دستور العلماء۲/ ۲۲۳)

سوال: لغوی معنیٰ: کم قدر آدمی کا بلند رُتبہ سے دریافت کرنا، مطالبہ کرنا۔

اصطلاحی معنیٰ: بہ غرضِ استفادہ کسی چیز کے حقائق اور باریکیاں حل کرنے کی فرمائش کرنا، نہ کہ بہ غرضِ آزمائش۔ گویا سوال، مناظرے کے ہم معنیٰ ہے؛ کیوں کہ مناظرہ کہتے ہیں کسی چیز کی حقیقت وماہیت کے واسطے باہم فکر کرنا۔

السهْوُ: هُـوَ غَـفـلَـةُ الـقَـلـبِ عَنِ الشَّيءِ، بِحَيثُ يَتنبَّهُ بِأَدنىٰ تَنبِيهٍ. (كشاف اصطلاحات الفنون)

سہو: ذہن کا کسی چیز سے ایسا بے خبر ہونا کہ معمولی تنبُّہ (خبرداری) سے متنبہ ہوجائے۔

النِّسْيَانُ: غَيبَةُ الشَّـيءِ عَنِ القَلبِ بِحَيثُ يَحتَاجُ إِلىٰ تَحصِيلِ جَدِيدٍ. (كشاف اصطلاحات الفنون)

نسیان: ذہن سے کسی چیز کا ایسا غائب اور محو ہوجانا کہ ازسرِ نَو حصول کا محتاج ہو۔

ملحوظہ: اِدراک میں چیز کا علم واستحضار ہوتا ہے، پس اگر روزے دار جان

بوجھ کر بالِارادہ کچھ کھالے گا، تو روزہ بھی ٹوٹے گا اور کفارہ بھی لازم آئے گا۔

سہو میں روزے کا علم تو ہوتا ہے؛ لیکن روزے سے بے خبری ہو جاتی ہے، مثلاً مضمضہ کرتے ہوئے بِلا ارادہ پانی حلق سے نیچے اُتر گیا، تو یہاں روزہ ٹوٹ جائے گا؛ البتہ کفارہ لازم نہ ہوگا۔

نسیان میں اپنا روزے سے ہونا ہی ذہن سے نکل جاتا ہے، پس اگر ناسی نے سَیر ہو کر کھانا کھالیا، تو بھی نہ روزہ ٹوٹا اور نہ ہی کفارہ لازم آیا۔

فائدہ: سہو کا استعمال اس طرح ہوتا ہے کہ اگر سَہا سہُواً، بہ صلۂ فِيْ ہو تو اِس کا معنیٰ: لاعلمی کی بِنا پر چھوڑنا، یعنی بھول جانا؛ اور اگر بہ صلۂ عنْ ہو تو علم ہوتے ہوئے چھوڑنا، یعنی نظر انداز کرنا۔ (القاموس الوحید)

باب الشین

الشاذ: علىٰ نوعَينِ: شاذٌّ مقبولٌ، وَشاذٌّ مَردودٌ. أَمَّا الشاذُّ المَقبولُ: هُو الذيُ يَجِيءُ علىٰ خِلافِ القِياسِ، وَيُقبَلُ عندَ الفُصحاءِ وَالبلغاءِ.

وَأَما الشاذُّ المَردودُ: هُوَ الذيُ يَجيءُ علىٰ خِلافِ القِياسِ وَلَا يُقبَلُ عندَ الفُصحاءِ وَالبُلغاءِ. (كتاب التعريفات: ١٢٦)

شاذ: (بہ معنیٰ خلاف قِیاس، خلافِ اصول، نادر الوقوع، انوکھا)۔

اِس کی دو قسمیں ہیں: شاذِ مقبول، شاذِ مردود۔

شاذِ مقبول: وہ شاذ ہے جو خلافِ اصول واقع ہو؛ البتہ فُصحا وبُلغا کے یہاں قابلِ قبول ہو (جیسے: لفظِ ''مَزْ دُور'' کہ دراصل فارسی میں مُزْ دَوَرُ ہے، مُزْ دَ بمعنیٰ اُجرت اور وَرْ بمعنیٰ والا سے مرکب ہے، اور جیسے: مَشرِقٌ ومَغرِبٌ اسمائے ظروف کو بکسر الراء پڑھنا خلافِ اصل ہے؛ لیکن فصحائے عرب اِس کو بکسر الراء ہی پڑھتے ہیں، نہ کہ بفتح الراء)۔

شاذِ مردود: وہ شاذ ہے جو خلافِ اصول واقع ہو، اور فُصَحا وبُلغا کے یہاں پسندیدہ (بھی) نہ ہو، (یعنی غیر فصیح، قلیل الاستعمال، جیسے: الحَمدُللّٰہ العَلِيِّ الأَجلَلِ میں لفظ أَجلَلِ کو بغیر ادغام کے استعمال کرنا شاذ ہے؛ کیوں کہ اس صورت میں ادغام کرنا ضروری ہے۔)۔

النادر: مَا قَلَّ وُجودُہٗ، سَواءٌ کانَ مُخالِفاً للقِیاسِ أَوْ مُوافقاً

لهٗ. (دستور العلماء ٣/٤٥٧)

نادر: وہ چیز جس کا وجود گاہے گاہے ہو (یعنی نادر الوقوع)، چاہے وہ موافقِ قیاس ہو یا مخالفِ قیاس۔

الـمـلاحظةُ: الفرقُ بينَ الشاذِّ وَالنَّادِرِ وَالضعيفِ: هُوَ أنّ الشاذَّ يكونُ فـي كـلامِ العرَبِ كثيراً؛ لكنْ بِخلافِ القِياسِ. وَالنادرُ: هوَ الذيْ يكونُ علَى القِياسِ. والضَعيفُ: هوَ الذيْ لَمْ يَصِلْ حكمُهٗ إِلَى الثُّبوتِ. (كتاب التعريفات:١٢٦)

شاذ، نادر اور ضعیف میں فرق: کلامِ عرب میں شاذ کا استعمال باوجود خلافِ قیاس ہونے کے بہ کثرت ہوتا ہے۔ نادر: موافقِ قیاس (ضرور) ہوتا ہے؛ لیکن قلیل الاستعمال ہوتا ہے۔ اور ضعیف: جو پایۂ ثبوت کو نہ پہنچا ہو۔

الحاصل: شاذ خلافِ قیاس ہوتا ہے، اور ''نادر'' موافقِ قیاس بھی ہوتا ہے (۱)۔

الشَّأنُ: هُوَ مَضمونُ الكلامِ، وَيُنسَبُ إليهِ ضميرٌ يُسمّٰى ضَميرَ الشَّانِ. (كتاب التعريفات حاشيه:١٣٢)

شان: کلامِ عرب میں چھپے ہوئے معانی ومطالب، اِسی مضمونِ کلام کی طرف ایک ضمیر منسوب ہوتی ہے جس کو ضمیرِ شان سے تعبیر کیا جاتا ہے (۲)۔

---

(۱) **شاذ کا محمل:** لفظِ شاذ تین معنیٰ میں استعمال ہوتا ہے:

[۱] خلافِ قیاس: کوئی کلمہ قاعدے کے خلاف ہو اور استعمال کے مطابق ہو۔

[۲] غیر فصیح: قاعدے کے مطابق ہو اور استعمال کے خلاف ہو، اور یہ دونوں مقبول ہیں۔

[۳] قلیل الاستعمال: دونوں کے خلاف ہو اور یہ غیر مقبول ہے۔ (قواعد الصرف، بتقدیم: ۲۵)

(۲) **شانِ نزول، شانِ ورود:** شانِ نزول کا استعمال آیتِ قرآنی واحادیثِ نبویہ دونوں میں عام ہے، چناں چہ دستور معروف ومشہور ہے کہ، ایک ہی شانِ نزول آیتِ شریفہ کا ہے اور وہی شانِ نزول=

الشاهد: باب المیم کے تحت ''مثال'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الشُبهة: هُو مَا يَشبَهُ الشيءَ الثَابتَ وَليسَ بثابَتٍ فيُ نفسِ الأَمرِ.

قالَ السيِّدُ: هُوَ ما لَمْ يُتيَقَّنُ كونُه حَراماً أوُ حَلالًا. (التعريفات الفقهية: ١١٩)

شبہ: وہ مبہم اور غیر واضح چیز جو واضح چیز سے مشتبہ ہو، حالاں کہ حقیقت میں غیر محقَّق (غیر موجود) ہو۔

شبہ: (شریعت کی اصطلاح میں) غیر واضح الحکم چیز جس کی حلّت وحرمت یقنی طور پر واضح نہ ہو۔

فائدہ: شبہ کہتے ہیں مشابہِ حقیقت کو، اور مشابہ کے لیے کوئی وجہِ شبہ ہوتی ہے، اور اِس کے مراتب مختلف ہیں: کبھی مشابہت قوی ہوتی ہے اور کبھی ضعیف۔ (تحفۃ العلما ۲/ ۱۹۵)

الشخص: إنَّ الحقيقَةَ إنُ كانَتُ مَلحُوظَةً مَعَ التَّقييدِ والقَيدِ فهِيَ "**الفَرُدُ**"، وإنُ كانتُ مَلحُوظةً مَعَ التَّقييدِ فقطُ فهي "**الحِصَّةُ**"، وإنُ كانتُ مَلحُوظةً مَعَ القَيدِ فقَطُ فهِيَ "**الشَّخُصُ**"؛ وعَلَى التَّحقيقِ أنَّ الشَّخُصَ هوَ مَعرُوضُ التَّشَخُّصِ. وهٰذَا هُوَ الفَرقُ بَينَ الفَردِ والحِصَّةِ والشَّخُصِ عِندَهُمُ. (دستور العلماء ١٩/٣)

ماہیت کو جب کسی قید کے ساتھ لیا جاتا ہے تو تین صورتیں ہوتی ہیں: حصہ، فرد اور شخص۔

= حدیث شریف کا بھی ہے۔

اور شانِ ورود کا استعمال صرف احادیثِ نبویہ کے ساتھ مخصوص ہے، گویا دونوں میں عموم خصوص مطلق کی نسبت ہے، لاعکس، تو ہر شانِ ورود شانِ نزول ہوگا نہ کہ عکس۔ (آئینۂ اصطلاحات العلوم: ۱۲۴)

شخص: ماہیت میں صرف قید (تشخصات) ملحوظ ہوں تو اس کو شخص کہا جاتا ہے، (مثلاً: ماہیت انسانیہ یعنی حیوانِ ناطق جب زید کے تشخصات مثلاً: ''موٹی آنکھوں، چپٹی ناک اور چوڑی پیشانی والا ہونا'' پیش نظر ہوں تو وہ شخص کہلاتا ہے)۔

حصّہ: ماہیت میں صرف تقیید (تشخصات کے ساتھ ہونا) ملحوظ ہو تو اس کا نام حصہ ہے، (مثلاً: زید نام ہے: انسان مع تشخصات کا، پس اگر ذات زید کا لحاظ کرتے ہوئے اس کے مخصوص تشخصات ملحوظ نہ ہوں البتہ تشخصات کے ساتھ مقید ہونا ملحوظ ہو تو اس کا نام حصہ ہے)۔

فرد: ماہیت میں جب قید وتقیید دونوں ملحوظ ہوں تو اس کو فرد کہتے ہیں، (جیسے: ماہیتِ انسانیہ یعنی حیوانِ ناطق جب زید، عمر، بکر کے تشخصات (جن سے انسان کے افراد، ماہیت کے دیگر افراد سے ممتاز ہوتے ہیں) سے ملے گی، تو وہی زید عمر بکر، ماہیتِ انسانیہ کے افراد ہوں گے)۔(۱)

التشَخُّص: هُوَالمعنیٰ يَصيرُ بهِ الشَّيءُ مُمتازاً عنِ الغيرِ بِحيثُ يُميَّزُ، لايُشارِكُهُ شيءٌ آخرُ. وصفةٌ تَمنعُ وقوعَ الشِّركةِ بينَ مَوصوفِيها. (كتاب التعريفات: ٤٣ب)

تشخص: جزئی کے وہ عوارض ہیں جن سے وہ غیر سے اِس طرح ممتاز ہوجائے کہ اُس کے ساتھ کوئی دوسری جزئی شریک نہ ہو۔ وہ معنوی حالت وکیفیت

---

(۱) فرد: ماہیت مع لحاظِ قید وتقیید کو کہتے ہیں، جیسے: ماہیتِ انسانیہ جب زید، عمر، بکر کے تشخصات کے ساتھ ملے تو وہ ماہیتِ انسانیہ کے اَفراد ہوں گے؛ کیوں کہ انسان ''ماہیت'' ہے، اور زید، عمر، بکر کے تشخصات ''قیود'' ہیں، اور ساتھ ہونا تقیید ہے، اور جب تینوں چیزیں جمع ہو تو وہ ''فرد'' ہے۔ (معین الفلسفہ: ۴۵)

ہے جو صاحبِ معنیٰ (جزئی) کے ساتھ دیگر جزئیات کی شرکت سے مانع ہو، (جیسے: زید کی ''بڑی آنکھیں، چپٹی ناک اور چوڑی پیشانی''؛ یہ چیزیں زید کو افرادِ انسانی سے جدا کرنے والی ہیں۔)(۱)۔

الملاحظةُ: الجُزئيُّ إِذا لَمْ يَكنُ لهٗ ماهيَّةٌ كُليَّةٌ، فإنَّهٗ يَتعينُ بِنفسِهٖ، كـالوَاجبِ تَعالىٰ؛ وَإِنْ كانَتْ لهُ(ماهية كلية)، فَيكونُ مُتعيَّناً بمُشخَّصاتِهِ الزَّائِدةِ عَلَى الطَّبيُعَةِ الكلِّيةِ، كالوَضُعِ وَالأينِ. (دستورالعلماء ۱/ ۳۳۵)

ملاحظہ: اگر کوئی جزئی ایسی ہو جس کی ماہیتِ کلیہ ہی نہ ہو تو وہ جزئی بہ ذاتِ خود متعیَّن و متشخص ہو جائے گی، جیسے: واجب الوجود، کہ اِس کی ماہیتِ کلیہ نہیں ہے؛ اور اگر اُس جزئی کی ماہیتِ کلیہ بھی ہو تو اُس وقت یہ جزئی اپنی ماہیتِ کلیہ سے زائد عوارض واحوال سے متعین ہو جائے گی، (مثلاً: زید (جزئی) ایک ماہیتِ کلیہ (انسان) کے تحت ہے جس کی بہت سی جزئیات ہیں، جو تمام آنکھ، کان، ناک، منھ وغیرہ میں شریک ہیں؛ پھر اِن تمام افراد سے زید کا امتیاز مثلاً: آنکھ کا بڑا ہونا، بھنووں کا متصل یا منفصل ہونا، ناک کا بلند یا چپٹا ہونا وغیرہ سے ہوا، اِن کو ''زید کے تشخصات'' کہتے ہیں)۔

الشرح: اِعلَمْ! أَنَّ كُتبَ الفقهِ وَغيرِهٖ مُنقسِمةٌ عَلىٰ ثَلاثِ مَراتبَ: المُتونُ، وَالشُّروحُ، وَالفَتاوىٰ.

---

(۱) تشخص: اُن عوارض کو کہتے ہیں جن کے ذریعے ایک حقیقت کے اَفراد کے درمیان ایک دوسرے سے امتیاز ہوتا ہے، جیسے: کالا، گورا، موٹا، پتلا وغیرہ کے ذریعے اَفرادِ انسان مثلاً: زید، عمر، بکر وغیرہ میں امتیاز ہو جاتا ہے، جن کی بنا پر ایک دوسرے کے درمیان اشتباہ نہیں ہوتا۔ (توضیح المنطق: ۱۹)

المتن: المؤَلفُ الذيُ يكونُ مُشتمِلاً على نَفسِ مَسائلِ ذٰلكَ العـلمِ بِقدرِ ضَرورةٍ معَ لِحاظِ الاختصارِ، يُسمّى بالمَتُنِ......، سُمِّيَ بهِ لكونِهِ أَساساً وَأصلاً للشُّروُحِ وَالحَواشي. (حاشيۂ شرح الوقايه١/ ٤٩)

متن: کتاب کی وہ اصل عبارت جو اختصار کا لحاظ رکھتے ہوئے فن کے صرف بہ قدرِ ضرورت مسائل پر مشتمل ہو۔

وجہِ تسمیہ: متن کے لغوی معنیٰ: سخت، مضبوط، ٹھوس اور پختہ چیز؛ اور متن کو متن اِس وجہ سے کہتے ہیں کہ: وہ شروح وحواشی کے لیے بنیاد اور اصل کی حیثیت رکھتا ہے، (کہ اُس پر حاشیہ چڑھایا جاتا ہے، یا اُس کی شرح کی جاتی ہے)۔

الشرح: (المؤلفُ) الذي يكونُ المَقصودُ فيهِ حلُّ كتابٍ آخرَ؛ فإنُ كانَ حامِلاً للمَتُنِ يُسمّى شَرحاً، كشَرحِ الوِقايَةِ، وشرحِ المَواقِفِ، وَشرحِ المَقاصِدِ، وَالبِنايَةِ شرحِ الهِدايَةِ. (حاشيۂ شرح وقايه ٤٩/١)

شرح: وہ کتاب ہے جس میں کسی متن کو آسان کرنا مقصود ہو اور متن پر مشتمل ہو، جیسے: شرحِ وقایہ، شرحِ مواقف، شرحِ مقاصد اور بنایہ شرح ہدایہ وغیرہ۔

التعليق، الحاشيةُ: المؤلفُ الذي يكون المقصود فيه حل كتاب آخر، فإنُ لمُ يكنُ كذٰلك (أي إن لم يكن حاملا للمتن) يُسمَّى تَعليقاً وَحاشيةً، كفتحِ القديرِ حاشيةِ الهِدايةِ. (حاشيۂ شرح وقايه١/٤٩)

تعلیق وحاشیہ: وہ کتاب ہے جس میں کسی متن کو آسان کرنا مقصود ہو؛ لیکن متن کی عبارت پر مشتمل نہ ہو، جیسے: حاشیۂ ہدایہ فتح القدیر۔

الفتاوىٰ: (المؤلفُ) الذي يكونُ مُشتمِلاً علَى الفُروعِ

المناسبة، وَالمَسائلِ المُتكثرةِ يُقالُ لهٗ "الفتاویٰ. (حاشية شرح وقايه ١/٤٩)

فتاویٰ: وہ کتاب ہے جو عمل سے متعلق موزوں مسائل اور بہت ساری قابلِ دریافت چیزوں (جزئیات) پر مشتمل ہو۔

أساليب الشرح: علیٰ ثَلاثةِ أقسَامٍ:

الأوّلُ: الشَّرحُ بـــ"قالَ:...... أقولُ":......، كشَرحِ المَقاصدِ، وشرحِ الطَّوَالعِ، وشَرحِ العِضدِ؛ وأمَّا المَتنُ فقدْ يُكتبُ فيْ بعضِ النُّسخِ بتَمامِه، وقد لايُكتَبُ؛ لكوْنهِ مُندَرِجاً فيْ الشرُحِ بلاإمتِيازٍ.

والثانيُ: الشَّرحُ بـ"قوْلِه":......، كشرُحِ البُخاريِ لابنِ حجَر والكِرمانيِ ونحوِهمَا؛ وفيْ أمَثالِه لايُلتزَمُ المَتنُ، وإنمَا المَقصوْدُ ذكرُ المَواضعِ المَشرُوحَةِ، ومعَ ذلكَ قدْ يَكتبُ بعضُ النُّسَّاخِ متنَه تَماماً، إمَّا فيْ الهامشِ وإمَّا فيْ المِسطَرِ، فلايُنكرُ نفعُهُ.

والثالثُ: الشَّرحُ مزْجاً، ويُقالُ لهُ: "شَرحٌ مَمزُوجٌ"، يُمزَجُ فيهِ عِبَارةُ المَتنِ والشَّرحِ، ثمَّ يُمتازُ إمَّا بالمِيمِ والشِّينِ؛ وإمَّا بخَطٍ يُخطُّ فوقَ المَتنِ، وهوَ طريقَةُ أكثرِ الشُّرَّاحِ المُتأخِّرينَ منُ المُحققِينَ وغيرِهمْ؛ لٰكنَّهُ ليسَ بمَأمونٍ عنُ الخَلطِ والغَلَطِ. (كشف الظنون ١/٣٧)

اسالیبِ شرح تین قسموں پر ہیں:

۱-شرح بِـ"قال:......أقول:......"، جیسے: شرح المقاصد، اور شرح الطوالع للأصفهاني اور شرح العضد.

ایسی شروح میں یا تو پورا متن شرح کے امتیاز کے ساتھ لکھا جاتا ہے، اور

کبھی بعض نسخوں میں متن کو اِس خیال سے نہیں لکھا جاتا کہ، وہ متن بلا امتیاز خود شرح میں مُندَرِج ہے۔

۲-شرح ”بـ ’قولُہٗ: ......“، جیسے: بخاری کی شرح لشهاب الدين الحافظ ابن حجر العسقلانيؒ، وللكرمانيؒ اور اِس کے مانند، ایسی شروح میں متن کا لکھنا ضروری نہیں ہے؛ بلکہ اِن شروح کا مقصد ایسے مقامات کو حل کرنا ہوتا ہے جس کی شرح کرنا ضروری ہے؛ لیکن اِس کے باوجود بعض نسخوں میں کتاب لکھنے والے حضرات، ناظرین وقارئین کی سہولت کے خاطر پورے متن کو بتمامہٖ لکھتے ہیں، یا متن کو حاشیہ میں لکھتے ہیں، (جیسا کہ آپ نے اکثر کتبِ مصریہ میں دیکھا ہوگا)، اِن شروحات کے فوائد کا کوئی شخص انکار نہیں کرسکتا۔

۳-شرح ممزوج: جس میں متن اور شرح کی عبارت ممزوج اور ملی ہوئی ہوتی ہے، جس سے متن کا امتیاز دو طرح سے کیا جاتا ہے:

[ا]م، ش کے ساتھ، کہ م: ...... سے مراد متن ہے، اور ش: ...... سے شرح۔

[۲] متن پر خط کھینچ دیتے ہیں، اور یہی طریقہ اکثر شُراحِ محقّقین متأخّرین وغیرہ کا ہے، (اور یہی طریقہ حضرت مولانا مولوی عبدالرحمٰن جامیؒ کی الفوائد الضيائيه شرحِ کافیہ، شرحِ چغمینی اور شرح نخبة الفكر في أصول الحديث میں ہے)؛ لیکن یہ طریقہ خلط ملط اور غلطی سے مأمون نہیں ہے۔

الشَّرطُ: باب العین کے تحت ”علت“ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

شرط الشيء: هوَ تعليقُ شيءٍ بشيءٍ، بحيثُ إذا وُجدَ الأوَّلُ وُجدَ الثاني. وقيلَ: الشَّرطُ: ما يَتوقفُ عليهِ وجودُ الشيءِ، ويكونُ

خارجاً عنْ ماهيتِهِ، وَلا يكونُ مؤَثِّرا في وجودِه. وقيلَ: الشرُط: ما يُتوقفُ ثبوتُ الحكمِ عليهِ. (التعريفات الفقهيّة: ۲۱)

الشَّطرُ: النصف، قال النسفي: قول النبي ﷺ: "الوُضوءُ شطرُ الإيمانِ. أي شرطُ جوازِ الصلوةِ. (ايضاً)

شرط: (نحو میں) ایک چیز کو بہ ذریعۂ حرفِ شرط دوسری چیز کے ساتھ اِس طور پر معلّق کرنا کہ، جب اول (شرط) پائی جائے تو دوسرا (جزا) بھی پایا جائے۔

شرط: (فقہ میں) وہ قید ہے جس پر چیز کا وجود موقوف ہو (جس کے بغیر چیز مکمل نہ ہو)؛ لیکن اُس کی حقیقت سے خارج ہو، اور چیز کے وجود میں مؤثر نہ ہو۔ بہ قولِ بعض: وہ چیز جس پر حکم کا مدار ہو۔

شطر: بہ معنیٰ نصف، چیز کا جزء، جیسے نبیٔ کریم ﷺ کا فرمانِ مبارک ہے: ''پاکی ایمان (نماز) کا آدھا حصہ ہے'' یعنی پاکی نماز کی درستگی کے لیے لازم وضروری ہے۔ (نیز شطر بہ معنیٰ جانب بھی مستعمل ہے، جیسے باری تعالیٰ کا فرمان: ﴿فَوَلُّوا وُجُوهَكُمْ شَطْرَهُ﴾)۔

الحاصل: شرطِ شیٔ اور شطرِ شیٔ میں فرق یہ ہے کہ ''شطرِ شیٔ'' داخلِ شیٔ کو کہتے ہیں اور ''شرطِ شیٔ'' خارج شیٔ کو کہتے ہیں۔

شعر اور اُس کی اصطلاحات

الشِّعْرُ: كلامٌ مقفیً موزونٌ علىٰ سبيلِ القصدِ. والقيد الأخير يخرج نحو قوله تعالىٰ: ﴿الَّذِي أَنْقَضَ ظَهْرَكَ ۝ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ﴾، فإنه كلام مقفّى موزون؛ لكن ليس بشعرٍ؛ لأن الإتيان به موزوناً ليس

على سبيل القصد. (كتاب التعريفات ص: ١٢٩)

شعر: وہ کلام ہے جو بالقصد قافیہ اور وزن پر لایا گیا ہو (موزون و مقفیٰ کلام)۔

فائدہ: بالقصد کی قید سے باری تعالیٰ کے فرمان: ﴿الَّذِي أَنْقَضَ ظَهْرَكَ ○ وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ﴾ جیسی مثالیں خارج ہو جائے گی؛ کیوں کہ یہ کلام قافیہ اور وزن پر ضرور ہے؛ لیکن اِس میں قافیہ بندھ گیا ہے، بالقصد قافیہ باندھا نہیں گیا، (شعر کا مقابل نثر ہے)۔(١)

البيت: هو مجموعةُ كلماتٍ صحيحة التركيبِ، موزونةٌ حسبَ قواعدِ علمِ العروضِ، تُكوِّنُ في ذاتها وحدةً موسيقيّةً تُقابلها تفعيلاتٌ معيَّنةٌ. (المعجم المفصل في علم العروض: ١٦٩)

بیت: چند ایسے کلموں کے مجموعے کا نام ہے جن کی ترکیب صحیح ہو، علمِ عروض کے قواعد کے مطابق موزون ہو جو بالذات متعیَّن بحروں کے مناسب ایک موسیقی ترنُّم پیدا کرے۔

البَيْتُ: كَلامٌ تَامٌّ يَتأَلَّفُ مِنْ أَجْزاءٍ، ويَنتَهِي بقَافيَةٍ.

---

(١) ملاحظہ: یعنی متکلم کا وہ کلام جو شعر کے ارادے سے (علمِ عروض کی بُحور میں) کسی بحر پر کہا جائے، بحر کا قصد بھی ہو؛ گویا کہ شعر کے لیے دو شرائط ہے: (١) بحر کے وزن پر ہونا (٢) بحر کا قصد کرنا، اِس قید کی وجہ سے جس طرح کلام اللہ شعر کی تعریف سے خارج ہے، اِسی طرح وہ اشعار بھی شعر ہونے سے خارج ہو جائیں گے جن کا پڑھنا نبیِ کریم ﷺ سے ثابت ہے- حالاں کہ آقا ﷺ کا شاعر نہ ہونا قطعی ہے-؛ کیوں کہ اُن میں بلا قصد موزونیت آ گئی ہے؛ بلکہ در حقیقت یہ ایک معجزہ ہے کہ، حضورِ اقدس ﷺ کا شاعر نہ ہونا عجز کی وجہ سے نہیں ہے؛ اِس لیے کہ جس شخص کے کلام میں بلا ارادہ موزونیت آ جاتی ہو، وہ اگر قصداً موزون بنائے تو کس قدر بہترین بنا سکتا ہے!!۔(متعنا الله بعلومه وفيوضه، آمين)

المُلاحَظةُ: وَيُسَمَّى البَيتُ الوَاحدُ مُفرَداً ويَتيماً، ويُسَمَّى البَيتانِ نُتُفَةً، وتُسمَّى الثَّلاثَةُ اِلَى السِّتَّةِ قِطعَةً، وتَسَمَّى السَّبعَةُ فَصاعِداً قَصيُدَةً.

ولِلبَيتِ مِصراعانِ: الأَوّلُ يُسمّٰى **"صَدُراً"**، والثانيُ **"عَجُزاً"**، كقَوُلِ الشَّاعرِ: [البسيط]

عَلَيكَ بِالنَّفُسِ فاستَكمِلُ فَضَائِلَها		فَأَنُتَ بِالنَّفُسِ لا بِالجِسُمِ إنُسَانُ
صَدُرٌ		عَجُزٌ

بیت: چند اجزاء سے مرکب کلامِ تام ہے جو قافیہ پر پورا ہو، (ایک شعر کے دو مصرع)۔

ملاحظہ: (۱) ایک بیت کو "مفرَد" اور "یتیم" کہتے ہیں، دو بیتوں کو "نُتُفہ" کہتے ہیں، تین سے چھ بیتوں کے مجموعے کو "قِطعہ" اور سات سے زائد کے مجموعے کو "قصیدہ" کہتے ہیں۔

(۲) بیت کے دو مصرع ہوتے ہیں، اول کو "صدر" اور ثانی کو "عَجُز" کہتے ہیں، مثال گذر گئی۔

العَرُوُضُ: آخِرُ جُزءٍ مِن الصَّدُرِ، (وهيَ مُؤَنَّثةٌ).

الضَّرُبُ: آخِرُ جُزءٍ من العَجُزِ، (وهوَ مذكرٌ).

الحَشُوُ: مَاعَدا العَروضِ والضَّرُبِ فيُ البَيتِ يُسَمَّى حَشُواً، كقَوُلِ الشَّاعرِ: [الكامل]

مَنُ ذَا الَّذِيُ تَصفُوُا لَهُ أوقاتُهُ		طُرّاً ويَبلُغ كلَّ مَا يَختَارُهُ
حشو، عروض		حشو، ضرب

(ميزان الذهب: ٢٤)

عروض: صدر یعنی مصراعِ اول کا جزءِ اخیر۔

ضرب: عَجُز یعنی مصراع ثانی کا جزءِ اخیر۔

حشو: شعر کے عروض اور ضرب کے عِلاوہ اجزاء کو "حشو" کہا جاتا ہے۔

البَيتُ المُقَفّٰى: هوَ الذيُ واقفَتْ عَروضُهُ ضَربَهُ فيُ الوَزْنِ وَالرَّويِّ دونَ أنْ تُؤَدِّي هذهِ المُوافَقةُ إلىٰ تَغييرٍ فيُ العَروضِ بزِيادةٍ أوْ نَقْصٍ، ومِثالُهُ: قوْلُ المُتنبِّي: [البسيط]

حَتَّامَ نَحنُ نُسَارِي النَّجمَ فِي الظُّلَمِ	وَمَا سُراهُ عَلى خُفٍّ وَلاقَدَمِ
حَتْتَامَ نَحُ، نُ نُسَا، رِنْنَجُمَ، فِظْ ظُلَمِيُ	وَمَاسُرا، هُعَلَى، خُفُفِنُ، وَلَا قَدَمِيُ
/☆/☆//☆، ///☆، /☆/☆//☆، ///☆	//☆//☆، ///☆، /☆/☆//☆، ///☆
مُسْتَفْعِلُنْ، فَعِلُنْ، مُسْتَفْعِلُنْ، فَعِلُنْ	مَفَاعِلُنْ، فَعِلُنْ، مُسْتَفْعِلُنْ، فَعِلُنْ

فالعَرُوضُ والضَّرْبُ فَعِلُنْ، وإذا أدَّتْ هٰذه المُوافقةُ بَينَ العَروضِ والضَّرْبِ إلىٰ تَغييرٍ فيُ العَروْضِ بزِيادةٍ أوْ نُقْصانٍ، سُمِّيَ البَيتُ "مُصرَّعاً".

(المعجم المفصل: ۱۷۹)

بیتِ مقفّٰی: وہ (قافیہ بند) بیت ہے جس میں مصراعِ اول کا آخری جزو، وزنِ عروضی اور رَوِی میں مصراعِ ثانی کے آخری جزو کے موافق ہو، بہ شرطے کہ یہ موافقت وزنِ عروضی میں کمی اور زیادتی کا سبب نہ ہو، جیسے متنبّی کے مذکورہ شعر میں ہے۔

ملاحظہ: رِوِی: وہ حرف ہے جس پر نظم وقصیدہ کی بنیاد ہوتی ہے۔ وزنِ عروضی: وہ سولہ اوزان جن پر اشعار تیار کیے جاتے ہیں(۱)۔

---

(۱) وزن نکالنے کا طریقہ "وزنِ شعری" کے ضمن میں مذکور "فائدے" کے تحت حاشیہ میں ملاحظہ فرمائیں۔

المَطلَع: هوَ في القَصيدَةِ أوَّلُها؛ وقدْ اِهتَمَّ الشُّعَراءُ كثيراً بمَطالعِ قَصائدِهِمْ نَظَراً إلَى أهمِيَّتِها في التَّأْثيرِ عَلَى السَّامِعِينَ. (المعجم المفصل: ٤١٢)

مَطلَع: قصیدے کے شروع کا شعر جس کے دونوں مصرعے قافیہ میں یکساں ہوں۔ شاعر اپنے قصیدے میں زیادہ اہتمام مطلع کا کرتے ہیں، کہ مطلع سامعین کے دلوں پر عمدہ نقش چھوڑتا ہے، (غزل یا قصیدے کا پہلا شعر)۔

المِصْرَاعُ: هوَ أحد شطرَي البيتِ الشِّعْرِيِّ. والمِصْراعُ الأوَّلُ أوْ الشَّطْرُ الأوَّلُ من البَيتِ الشِّعرِيِّ يُسَمَّى صَدْراً، والمِصْرَاعُ الثَّانيُ يُسمَّى عَجُزاً، (نحو: نَبِيَّ الهُدىٰ ضَاقَتُ بِيَ الحَالُ فِي الوَرىٰ ۞ وَأَنْتَ لِمَا أَمَّلْتَ فِيْكَ جَدِيْرٌ.). (المعجم المفصل: ٤١٠)

مصراع: بیت کے دو حصوں میں سے ہر ایک کو ''مِصراع'' کہتے ہیں اور ان دونوں میں سے پہلے جزو (مصراع) کو ''صدر'' اور دوسرے مصراع کو ''عَجُز'' کہتے ہیں، جیسے: ''اے نبیٔ سراپا ہدایت (ﷺ)! لوگوں میں میرا برا حال ہے۔ اور آں حضور سے جو امید باندھوں آپ اس کے لائق ہے''۔

الفَرْدُ: (عِنْدَ الشُّعَراءِ) يُقالُ: للبَيتِ الوَاحدِ فَرْداً، سَواءٌ كانَ بمِصْراعَينِ أوْ مُقفًّى أوْ لَمْ يكنْ. فرد: (نزد شعراء) بیتِ واحد را گویند، خواہ ہر دو مصراعِ او مقفّٰی باشد یا نہ۔ (کشاف اصطلاحات الفنون: ۴۱۲/۳؛ دستور العلماء: ١٩/٣)

فرد: ایک شعر کو کہتے ہیں، چاہے اُس کے دونوں مصرعے قافیہ دار ہوں یا بلا قافیہ ہوں۔

القِطْعَةُ: هيَ مَاتألَّفَ منْ أَربَعةِ أبْياتٍ أوْ خَمْسةٍ أوْ سِتَّةٍ. (المعجم

المفصل: ٣٧٨). والمقطوعةُ: هي أبياتٌ شِعريّةٌ قليلةٌ (أي دون السبعة) مستقلّةٌ بمعناها. (المعجم المفصل: ٤٢٥)

قطعہ: مستقل المعنیٰ چند اشعار کا مجموعہ، جو (مضمونِ واحد پر مشتمل ہو اور) تین سے زائد اور سات سے کم اشعار پر مشتمل ہو۔

القصيدة: هيَ مَجمُوعةٌ منْ سَبعةِ أبياتٍ شِعريَّةٍ فَصَاعداً، ذاتُ قافِيَةٍ واحدَةٍ، ووَزْنٍ واحدٍ، وتَفعِيلاتٍ ثابِتةٍ، لايَتغَيَّرُ عَدَدُها، تَقوْمُ عَلىٰ وَحدَةِ البَيتِ، وتَبدَأُ عادَةً ببيتٍ مُصَرَّعٍ (١). (المعجم المفصل: ٣٧٦)

قصیدہ: سات یا اُس سے زائد اشعار پر مشتمل وہ نظم ہے جو ایک قافیہ اور ایک ہی وزن پر ہو، نیز ایسی مسلّم تفاعیل پر مشتمل ہو جس کے اعداد (اجزاء) میں تغیر نہ ہو، اور وہ نظم ایک ہی بندش میں جُڑی ہوئی ہو، اور اس کی ابتداء ایسے بیت سے ہو جس کے دونوں مصراعوں کے قافیے یکساں کیے ہوئے ہوں (٢)۔

الوَزْنُ: هوَ القِياسُ الذيْ يَعتَمدُه الشُّعَراءُ فيْ تأليُفِ أبْياتِهِمْ، ومَقْطوْعاتِهِمْ، وقَصائِدِهِمْ؛ والأوْزانُ التَّفعيْلِيَّةُ ستَّةَ عَشَرَ وَزْناً: وَضَعَ الخَليلُ بنُ أحمدَ الفَراهيدِي خَمسَةَ عشَرَ منُها، وَوَضَعَ الأخْفَشُ وَزْناً واحِداً. (المعجم المفصل: ٤٥٨)

وزن: وہ اندازہ ہے جس پر شاعر اپنی بیت، مَقطَع اور قصیدہ کی بنیاد رکھتے ہوئے اشعار تیار کرتا ہے؛ کل اوزانِ شعریہ سولہ ہیں، جن میں سے پندرہ اوزان امام خلیل نحوی

---

(١) هٰذا هوَ الشَّائعُ، وقيل: ثلاثةُ أبياتٍ، وقيل: تسعةٌ، وعشرة، وخمسة عشر بيتاً.

(٢) قصیدہ: ایسے اشعار کا مجموعہ جن میں کسی کی مدح یا ہجو یا حکمت وموعظت وغیرہ کا مضمون طُول دے کر بیان کیا جائے، جس میں کم سے کم سات اشعار یا بہ قول بعض پندرہ یا اکیس اشعار کا ہونا ضروری ہے۔ (آئینۂ بلاغت: ٣٣)

نے بنا کر پیش کیے ہیں اور ایک وزن امام اخفش نے پیش کیا ہے۔ (تفصیل باب الباء کے تحت ''بحر'' اور باب الواو کے تحت ''وزنِ شعری'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں)۔

القافیَة: باب القاف کے تحت قافیہ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں (۱)۔

---

(۱) ضمیمہ در اصطلاحات شعریہ

تخلُّص: وہ نام جو شاعر اپنے لیے تجویز کرے۔ (آئینۂ بلاغت، ص:۱۸)

سجع: اصطلاح میں مقفیٰ الفاظ، خواہ وہ نظم میں استعمال ہوں یا نثر میں۔

فی البدیہ: ایسے اشعار جو کسی خاص موقع پر فوراً بغیر غور وفکر کے کہے جائیں۔ (آئینۂ بلاغت:۳۲)

مثنوی: مختلف القوافی ابیات کی طویل نظم جس میں تاریخی واقعات یا کوئی قصہ یا حکایات دلچسپ اور نتیجہ خیز طریقہ سے بیان کیے جائیں۔ (ایضاً:۳۶)

مُعما: کسی شخص یا چیز کا نام صاف صاف نہیں؛ بلکہ پیچیدہ طریقے سے اشارۂ لفظی یا دلالتِ حرفی سے لینا۔ (ایضاً:۸۱)

نثر: (مقابلِ نظم) ایسا کلام جس میں وزن اور کافیہ نہ ہو، اِس کی چار قسمیں ہیں: عاری، مرجز، مسجَّع، مقفیٰ۔

عاری: وہ نثر ہے جس میں نہ وزن کی قید ہو، نہ قافیہ کی اور نہ ہی اُس میں رعایات ومناسباتِ لفظی ہوں۔ (ایضاً:۴۷)

مُرَجَّز: وہ نثر کہ جس میں وزن ہو؛ مگر قافیہ نہ ہو۔ (ایضاً:)

مُسجّع: وہ نثر جس کے دو فِقروں کے تمام الفاظ ایک دوسرے کے ہم وزن اور حروف آخر میں بھی موافق ہوں، جیسے:

ترتیب	۱	۲	۳	۴	۵	٦	۷	۸
الفاظ	پَونڈا (گنا)	پھیکا	اِتنا	بُرا کہ:	جس کی	برائی	بیان سے	باہر ہے
الفاظ	پونڈا	میٹھا	ایسا	بھلا کہ:	اُس کی	بھلائی	گمان سے	بڑھ کر

مُقفّیٰ: وہ نثر جس میں وزن نہ ہو؛ مگر آخری الفاظ میں قافیہ ہو، جیسے: تفقُّد نامۂ نامی میں صورت عز وشرف نظر آئی۔ اللہ اللہ تم نے میری نظر میں میری آبرو بڑھائی۔/ حضرت کی قدر دانی کی کیا=

الشَّطْرُ: باب الشین کے تحت ’’شرط‘‘ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الشَّکُّ: باب الیاء کے تحت ’’یقین‘‘ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الشَّكْلُ : الهيئَةُ الحَاصِلةُ مِنْ كيفيَّةِ وَضعِ الأَوسَطِ عِندَ الأَصغَرِ وَالأَكبرِ، تُسَمّٰى شَكلاً. (مرقات:٢٦)

شکل: وہ ہیئت ہے جو (مقدمۂ قیاس میں) حدِ اَوسط کو اَصغر واکبر کے پاس رکھنے سے حاصل ہو۔ اَشکالِ اربعہ کی تفصیل باب الصاد کے تحت ’’صورتِ قِیاس‘‘ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الشَّمُّ: باب الحاء کے تحت ’’حاسہ‘‘ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الشيءُ: هوَ ما يَصحُّ إن يُعلَمَ ويُخبرَ عنهُ (عند سيبويه). وقيلَ الشَّيءُ: عِبارةٌ عن الوجودِ، وَهوَ اسمٌ لجميعِ المكوِّناتِ عرَضًا كانَ أو جَوهرًا، وَيصِحُّ أنْ يُعلَمَ ويُخبرَ عنهُ. وفي الاصطلاح: هو المَوجودُ الثابتُ المتَحقّقُ في الخارج. (كتاب التعريفات: ٣٩)

= بات ہے؟ آپ کا التفات موجبِ مباحات ہے۔ (ایضاً: ۵۰)

فائدہ: نثر کی تعریف کتابوں میں یہی ہے کہ، جس میں وزن اور قافیہ کی قید نہ ہو؛ مگر نثرِ مُرجّز میں وزن اور نثرِ مقفّٰی میں قافیہ ضرور ہوتا ہے۔ (ایضاً: ۴۶)

نظم: وہ عمدہ اور معنیٰ خیز کلام جس میں وزن اور قافیہ دونوں ہوں، اگر اُن میں سے کوئی ایک نہ ہوگا تو وہ کلام ’’نثر‘‘ کہلائے گا۔ (الادب العربی: ۲۱)

نعت: رسول اللہ ﷺ کی تعریف میں اشعار۔

ھجو: ایسی نظم جس میں کسی کے عیوب - خواہ واقعی ہوں یا فرضی - مبالغے کے ساتھ مذاق آمیز الفاظ میں بیان کیے جائیں۔ (آئینۂ بلاغت: ۵۶)

(۲) شئ: اس کے لغوی معنیٰ امام سیبویہ کے نزدیک وہ جوہر جس کی بابت اطلاع و اِخبار صحیح ہو۔

بہ قول بعض: شئ سے مراد وجود ہے، اور وہ تمام موجودات کا نام ہے خواہ وہ عرض ہوں یا جوہر، بہ شرطے کہ اُس کی بابت اِطلاع و اِخبار درست ہو۔

اصطلاحی معنیٰ: وہ جوہر جو خارج میں پختہ ثبوت کے ساتھ پایا جائے۔

الشيء: (عند الفقهاء) حقيقةً اسمٌ لمَا هوَ مَوجُودٌ، مَالاً كانَ أَوْ غيرَ مَالٍ. (هدایه ۳/ ۲۳۲)

شئ: (عند الفقہاء) درحقیقت اُس جوہر کا نام ہے جو موجود ہو، خواہ مال ہو یا غیر مال۔

الشيء المطلق: باب المیم کے تحت ''مفرد مطلق'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

باب الصاد

الصَّدُرُ: باب الشین کے تحت "شعر" کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الصَّدُر الأوَّل : لايُقَال إلَّا عَلَى السَّلَف، وَهُمْ أهْلُ القُرُوْنِ الثَّلاثَة الأُوَل الذِين شَهِد النَّبِيُّ ﷺ لَهُم بِأنَّهُمْ "خَيرُ القُرُوْن، وَأمَّا مَنْ بَعْدَهُمْ فَلايُقَال فِي حَقِّهِم ذٰلِك. كَذَا قَال ابْنُ حَجَر المَكِّي الهيثَمي الشَّافَعِي. (الفوائد البهيمية في تراجم الحنيفة: ۳۲۵)

صدرِ اول: اس کا اطلاق سلَف ہی پر ہوتا ہے، اور سَلَف سے مراد وہ قرونِ ثلاثہ ہیں جن کے بابت آقا ﷺ نے خیر القرون ہونے کی شہادت دی ہے۔

الصِّدق : لغة مطابقة الحكم للواقع. وفي الاصطلاح: هو ضدُّ الكذب، وهوَ الإبانة عما يخبر به على ما كانَ. (كتاب التعريفات: ۱۳٤)

صدق: لغوی معنیٰ: حکم کا واقع کے مطابق ہونا۔ اصطلاحی معنیٰ: کذب کی ضد کو صدق کہتے ہیں، اور صدق، مخبر عنہ کی اُس حالت کو ظاہر کرنا ہے جس پر وہ پہلے تھا۔

مِصداق الشَّيءِ: مايدلُّ على صدقِه، أي مايجعلهُ صادقاً أيْ صَحيحاً. (التعريفات الفقهية: ۲۰۸)

مصداقِ شئ: (مصداق الأمر: معاملے کے سچ ہونے کی دلیل)، وہ دلیل ہے جو دعوے کی درستگی پر دلالت کرے، یعنی وہ گواہ جو مُدعیٰ کو صحیح ثابت کردے(۱)۔

---

(۱) جیسے: آقا ﷺ نے فرمایا: جو بھی آدمی اپنے مال کی زکوۃ ادا نہیں کرے گا اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اُس کی گردن میں سانپ بنائیں گے۔ ثم قرأ مصداقه من كتاب الله پھر آقا ﷺ نے اُس کے مناسب=

الملاحظة: اعلم! أنَّ الصِّدقَ يُطلَقُ علىٰ معانٍ: **الأوَّلُ**: الحَملُ، فيُقالُ: هٰذا صادِقٌ عليهِ أي مَحمُولٌ عليهِ؛ **والثّاني**: التَّحقُّقُ، كما يُقالُ: هٰذا صادقٌ فيهِ، أي مُتحقَّقٌ؛ **والثّالثُ**: مايُقابِلُ الكِذبَ. وفي تَعرِيفِهما اختِلافٌ: فذهَبَ الجُمهُورُ إلىٰ أنَّ صِدقَ الخَبرِ مُطابَقةُ الحُكمِ للواقعِ، وكِذبُ الخَبرِ عدمُ مُطابَقةِ الحُكمِ لهُ. (دستور العلماء٢/١٦٩)

صدق: اِس کے تین معانی ہیں:

(١) صدق بہ معنیٰ حمل کرنا، جیسے کہا جاتا ہے: یہ خبر مبتدا پر صادق آتی ہے، یعنی مبتدا پر محمول ہے، (جیسے: زید عالمٌ میں عالم ہونا زید پر صادق آتا ہے، یعنی زید پر محمول ہے)۔

(٢) صدق بہ معنیٰ تحقق، (یعنی جس پر مفہوم ذہنی فٹ ہو) جیسے کہا جاتا ہے کہ: یہ مثَل زید پر صادق آتی ہے۔

(٣) صدق بہ مقابلِ کذب (جیسے کہا جاتا ہے: یہ خبر سچی ہے، جھوٹی

= دلیل بیان کرتے ہوئے سورۂ آل عمران آیت: ١٨٠ تلاوت فرمائی: ﴿ولا يحسبن الذين يبخلون بما آتاهم الله من فضله هو خيرا لهم بل هو شر لهم سيطوقون مابخلوا به يوم القيامة﴾ (ترمذی ٢/١٣١) ترجمہ: ہرگز خیال نہ کریں وہ لوگ جو ایسی چیز میں بخیلی کرتے ہیں جو اُن کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے دی ہے کہ، یہ بات اُن کے لیے اچھی ہے؛ بلکہ یہ بخیلی اُن کے لیے بہت بری ہے، وہ لوگ قیامت کے دن اُس مال کا طوق پہنائے جائیں گے جس میں اُنھوں نے بخیلی کی ہے۔

صدق اور مصداق ایک دوسرے معنیٰ بھی مستعمل ہیں جو حسبِ ذیل ہے:

صدق: مفہوم ذہنی کا کسی چیز پر فٹ ہوجانا "صدق" کہلاتا ہے۔

مصداق: جس چیز پر (چاہے وہ چیز ذہنی ہو یا خارجی) مفہومِ ذہنی فٹ ہوجائے، اُس کو "مصداق" یا "فرد" کہتے ہیں۔ (توضیح المنطق: ١٩)

نہیں)، اور صدق وکذب کی تعریف میں عُلَما کا اختلاف ہے، جمہور کی تعریف: (متکلم کے اعتقاد کے مطابق) حکم کا واقعہ کے مطابق ہونا ’’صدق‘‘ کہلاتا ہے، اور حکم کا واقعہ کے مطابق نہ ہونا ’’کِذب‘‘ کہلاتا ہے(۱)۔

الصغریٰ: باب قاف کے تحت ’’قیاس‘‘ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الصِّفَةُ: هيَ الاسمُ الدالُّ على بعضِ أحوالِ الذَّاتِ، وذلكَ نحو: طويلٌ وقصيرٌ، وعاقلٌ وأحمقُ وغيرها. أوِ الصفةُ: هي الأمارةُ اللازمَةُ بذاتِ المَوصوفِ الذي يعرَفُ بها. (كتاب التعريفات)

صفت: وہ اسم ہے جو ذات کے بعض احوال وکیفیات پر دلالت کرے، (جیسے: لمبا، ناٹا؛ عاقل، بےوقوف وغیرہ ہونا، ذات کی کیفیات پر دلالت کرتا ہے)۔

الصِّفَات الثُّبُوتِيَّة: هِيَ مَاأَثْبَتَهُ اللّٰهُ تَعَالىٰ لِنَفْسِه فِي كِتَابِه أو عَلىٰ لِسَانِ رَسُولِه ﷺ. (الصفات الإلٰهية تعريفها وأقسامها: ۵۸)

---

(۱) کلام کے صدق وکذب کو معلوم کرنے کے لیے کلام کی تین نسبتوں کو جاننا ضروری ہے: کلامیہ، ذہنیہ، خارجیہ۔

نسبتِ کلامیہ: مبتدا وخبر کے درمیان اُس باہمی ربط اور تعلُّق کو کہتے ہیں جو متکلم کے کلام سے سمجھا جاتا ہے۔

نسبتِ ذہنیہ: اُس نسبت کو کہتے ہیں جو متکلم کے ذہن کے اندر متصوَّر اور حاضر ہو۔

نسبتِ خارجیہ: مبتدا اور خبر کے درمیان خارجی تعلُّق کو کہتے ہیں، جیسے: ’’زَیدٌ قَائِمٌ‘‘ کے اندر ثبوتِ قیام- جو کلام سے سمجھا جاتا ہے- ’’نسبتِ کلامیہ‘‘ ہے، اور بہ ایں حیثیت کہ وہ متکلم کے ذہن میں مرتسم ہے ’’نسبتِ ذہنیہ‘‘ ہے، اور بہ ایں اعتبار کہ وہ خارج میں حاصل ہے ’’نسبتِ خارجیہ‘‘ ہے۔

ملاحظہ: نسبتِ خارجیہ، نسبتِ واقعیہ، حقیقیہ اور نفس الأمریہ؛ الفاظِ مترادفہ میں سے ہیں۔

معلوم ہونا چاہیے کہ جب نسبتِ کلامیہ، نسبتِ خارجیہ کے مطابق ہو تو اُسے ’’صِدق‘‘ کہا جاتا ہے؛ اور اگر نسبتِ کلامیہ، نسبتِ خارجیہ کے مطابق نہ ہو تو اُسے ’’کِذب‘‘ کہا جاتا ہے۔

صفت: (چیز کی وہ کیفیت وحالت جس پر وہ قائم ہو، جمع: صفات ہے)۔

صفات کی دو قسمیں ہیں: صفاتِ ثبوتیہ، صفاتِ سلبیہ۔

صفات ثبوتیہ: قرآن یا حدیث میں ذکر کردہ وہ صفات جن کو باری تعالیٰ نے اپنی ذات کے لیے ثابت کیا ہو، جیسے: سمیع وبصیر ہونا۔

الصِّفات السَّلبِيَّة: هِيَ مَانَفَاهُ اللّٰهُ سُبحَانَه عَنْ نَفْسِه فِي كِتَابِه أوْ علىٰ لِسَان رَسُوْلِه ﷺ. (أيضاً)

صفات سلبیہ: قرآن یا حدیث میں ذکر کردہ وہ صفات جن کے بابت باری تعالیٰ نے اپنی ذات سے نفی فرمائی ہو، جیسے: ظالم ہونے کی نفی فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا: ﴿وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِلْعَبِيْدِ﴾۔

الصِّفاتُ الذَّاتيَّةُ: مَايُوصَفُ اللّٰه تَعالىٰ بِه، وَلَايُوصَفُ بِضِدِّهِ، نحوُ: القُدرةُ والعَظْمَةُ والعِزَّةُ وغيرُها. (دستور العلماء۲/۱۷۷)

صفاتِ ذاتیہ: وہ صفات ہیں جن سے باری تعالیٰ کی حمد بیان کی جائے نہ کہ اُن کی اَضداد سے، جیسے: طاقت (شانِ الٰہی) اور قَدر ومَنزِلت وغیرہ (کہ عجز وغیرہ سے ذاتِ باری کو -العیاذ باللہ- متصف نہیں کیا جاتا)۔

ملحوظہ: اللہ تعالیٰ کی صفاتِ ذاتیہ کے بارے میں متکلمین کا اختلاف ہے، ابو منصور ماتریدیؒ فرماتے ہیں کہ صفات ذاتیہ آٹھ ہیں: حیات، علم، قدرت، سماعت، بصارت، ارادہ، کلام اور تکوین؛ جب امام ابوالحسن اشعریؒ کے نزدیک سات ہیں، انھوں نے تکوین کو صفاتِ ذاتیہ میں سے شمار نہیں کرایا ہے۔

الصِّفاتُ الفِعلِيَّةُ: مَايَجوزُ أنْ يُوصَفَ اللّٰهُ تَعالىٰ بِضِدِّهِ،

كالرِّضىٰ والرَّحمَةِ، فإنَّهُ تَعالىٰ يُوصفُ بالسُّخطِ والغَضَبِ أيْضاً. (دستور العلماء٢/١٧٧)

صفاتِ فعلیہ: وہ صفات ہیں جن کی اضداد سے باری تعالیٰ کی صفت بیان کرنا جائز ہو، جیسے: رَضا مندی اور شفقت ومہربانی، کہ اِن کی اَضداد یعنی نا گواری اور ناراضگی وغیرہ سے بھی باری تعالیٰ کی صفت بیان کر سکتے ہیں۔

الصِّفاتُ الجَلالیَّةُ : مَایَتعلَّقُ بالقَهرِ والعِزَّةِ والعَظَمَةِ. (دستور العلماء ٢/ ١٧٧)

صفاتِ جلالیہ: وہ صفات ہیں جو غلبہ، بڑائی اور شان وشوکت کے تعلُّق سے ہو، (جَبَّارٌ، مُتَکبِّرٌ)۔

الصِّفاتُ الجَمالیَّةُ : مَایَتعلَّقُ باللُّطفِ والرَّحمَةِ. (دستور العلماء٢/١٧٧)

صفاتِ جمالیہ: وہ صفات ہیں جو مہربانی اور شفقت سے متعلِّق ہوں، (جیسے: رَحمٰنٌ، رَحِیمٌ)۔

صِفَةُ الشَّيْءِ عَلىٰ ثَلاثَةِ أقْسَامٍ:

حَقِیقیَّةٌ مَحْضَةٌ : وَهيَ تَکونُ مُتقرَّرَةً في المَوصُوفِ غیرَ مُقتَضِیَةٍ لإضَافتِهِ إلىٰ غَیرِهِ، کالسَّوادِ والبَیاضِ، والشَّکلِ والحِسِّ للجِسْمِ. (کشاف اصطلاحات الفنون٤/٣٤٣)

صفات کی تین قسمیں ہیں:

حقیقیہ محضہ: وہ صفات ہیں جو موصوف میں پائی جائیں اور اُن کا تعقُّل

(وجودِ ذہنی) اور تحقُّق (وجود خارجی) غیر پر موقوف نہ ہوں، جیسے: کسی جسم (مثلاً قلم) کی سیاہی وسفیدی کو سمجھنا یا اُس کا پایا جانا، غیر (دوسرے جسم) پر موقوف نہیں۔

حَقِيقِيَّةٌ ذاتُ إضَافَةٍ: وَهِيَ مَا تَكُونُ مُتقَرِّرةً فِيْ المَوْصوفِ مُقتضِيَةً لِإضافتِهِ اِلىٰ غَيرِه.

حقیقیہ ذات اضافت: وہ صفات ہیں جو موصوف میں پائی جائیں اور (اُن کا تعقُّل غیر پر موقوف نہ ہو؛ البتہ) اُن کا تحقُّق غیر پر موقوف ہو، جیسے: عالم ہونا، آکل ہونا، کہ صفتِ علم وآکل کا تعقُّل غیر پر موقوف نہیں؛ البتہ علم کا تحقُّق معلوم پر، اور اکل کا تحقق مأکول پر موقوف ہے)۔

إضَافِيَّةٌ مَحْضَةٌ: مِثْلُ كَوْنِهِ يَمِيناً أوْ شِمالاً، وَهِيَ مَا لَاتَكُونُ مُتَقَرَّرَةً فِيْ المَوصُوفِ، وتَكونُ مُقْتَضِيَةً لِإضَافتِهِ إلىٰ غَيرِه. (كشاف اصطلاحات الفنون ٤/٣٤٣)

اِضافیہ محضہ: وہ صفات ہیں جو موصوف میں نہ پائی جائیں، اور اُن کا تعقُّل وتحقُّق غیر پر موقوف ہو، (جیسے: کسی جگہ مسجد دائیں طرف ہے اور مہمان خانہ بائیں طرف ہے، تو یہاں مسجد کا دائیں طرف ہونا اپنے بائیں طرف مہمان خانے کا تقاضہ کرتا ہے)۔(۱)

---

(۱) صفات کمالیہ، مستحسنہ، مذمومہ:

صفات کی تین قسمیں ہیں: کمالیہ، مستحسنہ، مذمومہ۔ اِن تینوں کے مابین فرق یہ ہے:

صفاتِ کمالیہ: وہ صفات ہیں جس میں کوئی نقص نہ ہو؛ بلکہ کمالیت اعلیٰ درجے کی ہوں، جیسے: باری تعالیٰ کی جمیع صفات ہیں۔

مستحسنہ: وہ ہیں جس میں خوبی کے ساتھ کچھ نہ کچھ نقص بھی باقی ہو۔ =

الصَّلاۃُ : هِيَ الدُّعاءُ وَالرَّحمَةُ والاِستِغفارُ والثَّناءُ مِنَ اللّٰهِ تَعالیٰ عَلیٰ رَسُولِهٖ ﷺ، کَذَا فِي القامُوسِ. وقدْ یُفرَّقُ: بأنَّ الصَّلاۃَ إذا نُسبَتُ إلَی اللّٰهِ تَعالیٰ یُرادُ بِهَا الرَّحمَةُ؛ وإذا نُسبَتُ إلَی المَلائکةِ یُرادُ بِها الاِستِغفارُ؛ وإذا نُسبَتُ إلَی المُؤمنِیْنَ یُرادُ بهَا الدُّعاءُ.

فصَلاتُنا عَلَی النَّبيِّ ﷺ عبارةٌ عنْ طَلَبِ الرَّحمَةِ منَ اللّٰهِ تَعالیٰ، والدُّعاءُ منهُ تَعالیٰ: بأنَّهُ عظَّمَهُ فِي الدُّنیَا بإعلاءِ ذِکرِہٖ وإبْقاءِ شَریعَتِهٖ إلیٰ یَومِ القِیَامةِ؛ وفِي الآخرَةِ بقَبُولِ شَفاعتِهِ فِي العُصاۃِ، وتَضعِیفِ أجرِہٖ ورَفعِهٖ علَی الدَّرَجاتِ. (ضیاء النجوم حاشیة سلم العلوم)

صلاۃ کے مختلف معانی ہیں: التجا و التماس کرنا، کرم و مہربانی کرنا، بخشش چاہنا، اور اللہ کا اپنے رسول کی تعریف کرنا۔ صلاۃ کے معانی میں فرق بہ ایں طور کیا جاتا ہے کہ:

جب صلاۃ کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کی جائے تو صلاۃ سے مراد کرم و مہربانی کرنا؛ صلاۃ کی نسبت جب ملائکہ کی طرف کی جائے تو اِس سے مراد فرشتوں کا استغفار کرنا؛ اور جب صلاۃ کی نسبت مؤمنین کی طرف ہو تو اِس سے مؤمنین کا التجا و التماس کرنا ہوگا۔

ملاحظہ: ہمارا نبی ﷺ پر درود بھیجنا سے مراد: ہمارا باری تعالیٰ سے رحم و کرم کی

= **صفاتِ مذمومہ**: وہ ہیں جس میں نقص ہی نقص ہو، کمال کی کوئی بات اُس کے اندر نہ ہو۔

فائدہ: صفاتِ کمالیہ پر حمد اور مدح دونوں ہوتی ہیں، اور صفاتِ مستحسنہ پر محض مدح ہوتی ہے نہ کہ حمد، اور صفاتِ مذمومہ پر نہ حمد ہوتی ہے اور نہ مدح۔ (مآرب الطلبہ ص: ۷۵)

امید کرنا ہے، اور یہ دعا کرنا ہے کہ: اے باری تعالیٰ! تُو دنیا میں ہمارے نبی کے نام کو بلند فرما، اور اُن کے کام (شریعت) کو تاقِیامت باقی رکھ کر اُن کی تعظیم فرما، اور آخرت میں (ہم) نافرمانوں کی بابت آقا کی شفاعت کو قبول فرما، اور آقا کو دوہرا اجر اور بلندئ درجات عطا فرماتے ہوئے اُن کی تکریم فرما۔ (آمین)

السَّلامُ: هـوَ مِـنْ أسْماءِ اللّٰهِ تَعالیٰ، والسَّلامُ: هيَ البَراءَةُ مِنَ العُيُوبِ، والحِفظُ منَ الآفاتِ؛ فسَلامُ اللّٰهِ علَى النَّبيِّ بمَعنىٰ أنَّ اللّٰهَ بَرِأَهُ منَ العُيُوبِ وحَفظَهُ منْ آفاتٍ فيْ الدُّنيَا وَالآخِرَةِ؛ وسَلامُنَا عَلَيهِ: إظْهارُ هٰـذهِ البَراءَةِ، والطَّلَبُ منَ اللّٰهِ تَعالیٰ؛ وسَلامُ بعضِنَا عَلَى بَعضٍ: دُعاءٌ لهُ بسَلامتِهِ عنْ الآفاتِ وحفُظهِ عنْ البَليَّاتِ. (ضياء النجوم حاشيه سلم العلوم)

سلام: یہ اللہ تعالیٰ کے اَسمائے حُسنیٰ میں سے ہے، اور سلامةٌ (مصدر) کے معنیٰ: عیوب سے بری اور عِتاب سے محفوظ ہونا؛ چناں چہ اللہ تعالیٰ کا نبی پر سلامتی بھیجنے کا مطلب یہ ہے کہ: اللہ تعالیٰ نے نبی کو عیوب سے پاک وصاف کر دیا ہے اور دنیا وآخرت کے مصائب سے محفوظ رکھا ہے۔

ملاحظہ: ہمارا نبی ﷺ پر تحفۂ سلام پیش کرنے کا مطلب مذکورہ براءت نبوی ﷺ کا اظہار کرنا اور باری تعالیٰ سے آقا ﷺ ذاتِ بابرکت کے لیے بلندئ درجات کی فرمائش کرنا ہے۔ اور ہمارے ایک دوسرے کو سلام کرنے کا مطلب: ایک دوسرے کے لیے آفات سے سلامتی اور بَلیات سے حفاظت کی دعا کرنا ہے۔

الصَّناعاتُ الخَمسُ: (وهي مادة القياس)، القِياس باعتبَارِ الـمادَّةِ يَنقسِمُ إلیٰ أقُسَامٍ خَمسَةٍ، ويقالُ لهَا الصَّناعاتُ الخمُسةُ: القِياسُ

البُرهانيُّ، القِياسُ الجَدَلِيُّ، القِياسُ الخَطابِيُّ، القِياسُ الشِّعْرِيُّ، القِياسُ السَّفُسَطِيُّ.

مادۂ قِیاس: مقدماتِ قیاس کے وہ مضامین ومعانی ہیں جو کبھی یقینی ہوتے ہیں کبھی ظنی وغیرہ۔

قیاس کی مادے کے اعتبار سے پانچ قسمیں ہیں: (۱) قیاسِ برہانی (۲) قیاسِ جدلی (۳) قیاسِ خطابی (۴) قیاسِ شعری (۵) قیاسِ سفسطی؛ اِن کو ''صناعاتِ خمسہ'' بھی کہتے ہیں۔

القِياسُ البُرهانيُّ: قِياسٌ مُؤَلَّفٌ مِنَ اليَقِيْنِيَّاتِ بَدِيْهِيَّةً كانتْ أوْ نَظَرِيَّةً، كقَولِكَ: الكلُّ أعْظَمُ مِنَ الجُزْءِ.

القِياسُ البُرهانيُّ: هوَ القِياسُ اليَقِيْنِيُّ المُقَدَّماتِ، عَقْلِيَّةً أوْ نَقلِيَّةً وأصُولُهَا: الأوَّليَّاتِ، والفِطْرِيَّاتِ، والمُشَاهَدَاتِ (أيِ الحِسِّياتِ وَالوِجْدانيَّاتِ)، الحَدْسِيَّاتِ، التَّجْرِبِيَّاتِ، والمُتَواتِرَاتِ. (سلم العلوم)

قِیاسِ برہانی: وہ قیاس ہے جو مقدماتِ یقینیہ (عقلیہ یا نقلیہ) سے مرکب ہو، خواہ وہ مقدمات بدیہی ہوں یا نظری؛ جیسے: کُل اپنے جُز سے بڑا ہوتا ہے۔ (حضرت محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں (صغریٰ)، اور اللہ کا ہر رسول واجب الاطاعت ہے (کبریٰ)؛ پس حضرت محمد ﷺ واجب الاطاعت ہیں (نتیجہ)۔

اصغر، اکبر، صغریٰ، کبریٰ اور نتیجہ کی تعریفات باب القاف کے تحت قیاس اقترانی کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

ملاحظہ: برہان کے مَبادی چھ ہیں: اوّلیات، فطریات، حَدسیات، تجربیات، مشاہَدات اور متواترات۔ (تفصیل باب المیم کے تحت ''مقدمات''

کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔)

القِيَاسُ الجَدَلِيُّ: قِياسٌ مُركَّبٌ مِنْ مُقدَّماتٍ مَشهُورَةٍ، أوْ مُسلَّمَةٍ عندَ الخَصمِ، صادِقةً كانتْ أوْ كاذِبةً، كقَوْلِ أهْلِ الهِندِ: ذَبْحُ الحَيَوانِ مَذمومٌ، (وَكُلُّ مَذمُومٍ وَاجبُ التَّركِ، فَذَبحُ الحيَوانِ واجبُ التَّركِ). (مرقات:۳٤)

قیاسِ جدلی: وہ قیاس ہے جو مقدَّماتِ مشہورہ سے یا فریقِ مخالف کے تسلیم کردہ مقدمات سے مرکب ہو، خواہ وہ مقدمات صحیح ہوں یا غلط، جیسے: ہندؤوں کا یہ کہنا کہ: جانور کا ذبح کرنا برُا ہے (صغریٰ)، اور ہر برُا کام واجبُ الترک ہے (کبریٰ)؛ پس جانور کا ذبح کرنا واجب الترک ہے (نتیجہ)۔

القِيَاسُ الخَطَابِيُّ: قِيَاسٌ مُفيدٌ للظَّنِّ وَمُقدَّماتُهُ مَقبُولاتٌ مَأخُوذاتٌ مِمَّنْ يَحْسُنُ الظَّنُّ فِيهِمْ، كالأَوْلِيَاءِ والحُكمَاءِ. (مرقات:۳۵)

قیاسِ خطابی: وہ قیاس ہے جو ظن کا فائدہ دے اور اُس کے مقدمات اُن بلند مرتبہ حضرات کے اَقوال سے مأخوذ ہوں جن کے بارے میں لوگوں کا حسنِ ظن ہو، (جیسے: کھیتی نفع بخش چیز ہے (صغریٰ)، اور ہر نفع بخش چیز اختیار کرنے کے قابل ہے (کبریٰ)؛ پس کھیتی کرنا اختیار کرنے کے قابل ہے (نتیجہ)۔

القِيَاسُ الشِّعْرِيُ: قيَاسٌ مؤَلَّفٌ مِنَ المُخَيَّلاتِ الصَّادِقةِ أوْ الكاذِبَةِ، المُستَحِيلَةِ أوْ المُمكِنَةِ، المؤَثِّرَةِ في النَّفْسِ قبْضاً وَ بَسْطاً. (مرقات:۳۵)

قیاسِ شعری: وہ قیاس ہے جو محض خیالی مقدمات سے مرکب ہو، خواہ وہ مقدمات سچے ہوں یا جھوٹے ہوں؛ چاہے محال ہوں یا ممکن ہوں، جو دل میں اِنقباض وانبساط (رنج وغم اور خوشی) پیدا کریں، (جیسے: زید چاند ہے (صغریٰ)،

اور ہر چاند روشن ہے (کبریٰ)؛ پس زید روشن ہے (نتیجہ)۔

القِيَاسُ السَفُسطِيُّ : وَهوَ قِياسٌ مُرَكَّبٌ مِنَ الوَهمِيَّاتِ الكاذِبَةِ المُختَرَعَةِ للوَهمِ، كقِيَاسِ غيرِ المَحسُوسِ عَلَى المَحسُوسِ، نحوُ: كلُّ مَوُجُودٍ مُشارٌ اليُهِ. (مرقات:٣٦)

قیاسِ سَفَسطی: وہ قیاس ہے جو وہم کے ایجاد کردہ جھوٹے مقدمات سے مرکب ہو، جیسے غیر محسوس چیز کا محسوس چیز پر قیاس کرنا، (مثلاً: ہر موجود چیز اشارے کے قابل ہے (صغریٰ)، اور جو اشارے کے قابل ہے وہ جسم والا ہے (کبریٰ)؛ پس ہر موجود جسم والا ہے (نتیجہ)۔

الصِّنُف: باب القاف کے تحت ''قسم'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الصواب: باب الخاء کے تحت ''خطا'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

صورةُ القياس: (وشَكُل القِيَاس) هو الهيئةُ الحاصلةُ من ترتيبِ المقدماتِ، ووَضعِ بعضِها عندَ بعضٍ. (مرقات:٣١)

صورتِ قیاس: قیاس کی وہ ہیئت ہے جو ترتیبِ مقدمات اور حدِ اوسط کے (اصغر اور اکبر کے پاس) رکھنے سے حاصل ہوتی ہے، (اِسی کو شکلِ قیاس بھی کہتے ہیں)۔ شکلیں کل چار ہیں:

الأشكالُ أربعةٌ: وجهُ الضبطِ أن يقالَ:

الشكلُ الأول : الحدُّ الأوسطُ إما محمولُ الصغرىٰ، وموضوع الكبرىٰ، كما في قولنا: العالَمُ متغيّرٌ، وكلُّ متغيّرٍ حادثٌ، يَنتِجُ: العالَمُ حادثٌ؛ فهو الشكلُ الأوّلُ. (مرقات:٢٦)

شکلِ اول: وہ ہے جس میں حدِ اوسط صغریٰ میں محمول، اور کبریٰ میں موضوع ہو، جیسے: عالَم متغیر ہے (صغریٰ)، اور ہر متغیر حادث ہے (کبریٰ)؛ پس عالَم حادث ہے (نتیجہ)۔

الشكلُ الثاني: إنْ كان (الأوسطُ) محمولاً فيهما، فهو الشكلُ الثاني، كما تقولُ: كلُّ انسانٍ حيوانٌ، ولا شيءَ من الحجرِ بحيَوانٍ، فالنتيجةُ: لا شيءَ من الانسان بحجرٍ. (أيضاً)

شکلِ ثانی: وہ ہے جس میں حدِ اوسط صغریٰ اور کبریٰ دونوں میں محمول ہو، جیسے: ہر انسان جاندار ہے (صغریٰ)، اور کوئی پتھر جاندار نہیں ہے (کبریٰ)؛ پس کوئی انسان پتھر نہیں ہے (نتیجہ)۔

الشكلُ الثالث: إنْ كان (الأوسطُ) موضوعاً فيهما، فهو الشكلُ الثالثُ، نحو: كل انسانٍ حيَوانٌ، وبعض الانسانِ كاتبٌ، ينتجُ: بعض الحيوانِ كاتبٌ. (أيضاً)

شکلِ ثالث: وہ ہے جس میں حدِ اوسط صغریٰ اور کبریٰ دونوں میں موضوع ہو، جیسے: ہر انسان جاندار ہے (صغریٰ)، اور بعض انسان لکھنے والے ہیں (کبریٰ)؛ پس بعض جاندار لکھنے والے ہیں (نتیجہ)۔

الشكلُ الرابعُ: إنْ كان (الأوسطُ) موضوعاً في الصغرىٰ ومحمولاً في الكبرىٰ فهو الشكلُ الرابعُ، نحوُ قولنا: كل انسانٍ حيوانٌ، وبعضُ الكاتبِ انسانٌ، ينتج: بعضُ الحيوانِ كاتبٌ. (أيضاً)

شکلِ رابع: وہ ہے جس میں حدِ اوسط صغریٰ میں موضوع اور کبریٰ میں

محمول ہو، جیسے: ہر انسان جاندار ہے (صغریٰ)، اور بعض لکھنے والے انسان ہیں (کبریٰ)؛ پس بعض جاندار لکھنے والے ہیں (نتیجہ)۔

الصيغة: هيَ هيئةُ الكلمةِ الحاصِلةُ من حَرُكةٍ وسكونٍ وعدَدِ حروفٍ وترتيبٍ. (نكات الصرف ص:۲۰)

صیغہ: کلمے کا وہ خاص وزن ہے جو حرکات، سکنات، تعدادِ حروف اور اُن کی ترتیب سے حاصل ہو۔

باب الضاد

الضابِطَةُ: باب القاف کے تحت ''قاعدۃ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الضبط: (في الاصطلاح): اِستِماعُ الكلامِ كما يَحِقُّ سَماعُهُ، ثُمَّ فَهمُ معناهُ الَّذي أُريدَ بهِ، ثم حِفظُهُ بِبَذلِ مَجهودِهِ، والثباتُ عليهِ بِمذاكرتِهِ إلىٰ حينَ أدائِهِ إلىٰ غيرِهِ. (كتاب التعريفات بيروت: ص: ۹۸)

ضبط: کلام کو دھیان اور توجّہ سے کما حقّہٗ سننا، پھر اُس کے معنیٰ مرادی (نتائج) کو اَخذ کرنا، پھر پوری کوشش سے اُس کو محفوظ کر لینا اور اُس کلام کے یاد کرنے اور برابر مذاکرہ کرتے رہنا یہاں تک کہ اُس کو دوسروں تک پہنچایا جائے۔

فائدہ: ضَبَطَ: ضَبَطَهُ ن ض سے ہے۔ ضَبَطْنَا الكِتَابَ تصحیح کرنا، اعراب لگانا۔

الضَّربُ: باب الشین کے تحت ''شعر'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الضَّرُورَةُ: اِمتِناعُ انفكاكِ شَيْءٍ (أي نِسبَةٍ) عَنْ آخَرَ (أي مَوضُوعٍ) عَقلًا، فيُقالُ: نِسبَةُ الحَيَوانِ إلَى الإنسَانِ مَثَلًا ضَرُورِيَّةٌ، أي مُمتَنِعَةُ الانفِكاكِ يَعنِي أنَّ العَقلَ يحكم بامتِنَاعِ انفكاكِ الحَيَوانِ عَنِ الإنسَانِ، فتَكونُ تِلكَ النِّسبَةُ دائمَةً ألبَتَّةَ؛ فالدَّوَامُ أعَمُّ مِنَ الضَّرُورَةِ؛ لأنَّ كلَّ ضَرُورِيٍّ دائمٌ، وليسَ كلُّ دائمٍ ضَرُورِيًّا. (دستور العلماء ۲/۱۹۰)

ضرورت: محمول کی نسبت کا موضوع سے جدا ہونا عقلاً محال ہو، جیسے (الإنسانُ حيوانٌ میں) کہا جائے کہ: حیوانیت کی جو نسبت انسان کی طرف ہو

رہی ہے وہ ضروری ہے، یعنی عقل کے اعتبار سے انسان کی طرف ہونے والی حیوان کی نسبت کبھی بھی انسان سے جدا نہیں ہوسکتی، نتیجۃً: انسان کی طرف حیوانیت کی نسبت دائمی رہے گی۔

اِس سے معلوم ہوا کہ ضرورت اور دوام میں عموم خصوص مطلق کی نسبت ہے، کہ ہر نسبتِ ضرورت میں نسبتِ دوام یقیناً ہوگی؛ لیکن ہر نسبتِ دوام میں نسبتِ ضرورت کا پایا جانا ضروری نہیں ہے؛ (چناں چہ كل إنسان حيوان بالضرورة والی مثال میں كل إنسان حيوان دائما بھی کہا جاسکتا ہے)۔

الدَّوامُ : شُمُولُ نِسبَةِ شَيءٍ إلىٰ آخَرَ جَمِيعَ الأزْمِنَةِ والأوْقاتِ ،مِثْلُ: كُلُّ فَلَكٍ مُتحَرِّكٌ دائماً؛ فالدَّوامُ أعَمُّ مِنَ الضَّرُورَةِ التِيْ هيَ امْتِناعُ انْفِكاكِ تِلكَ النِّسْبَةِ. (دستور العلماء ۲/ ۸۰بحذف)

دوام: محمول کی موضوع کے ساتھ ہونے والی نسبت کا (جدائی کے امکان کے باوجود) تمام زمانوں اور تمام اوقات میں موجود رہنا؛ جیسے: فلک کا ہر فرد (تمام زمانوں میں) حرکت کرتا ہے، اگرچہ فلک کے لیے حرکت کرنا ایسا ضروری نہیں جیسا انسان کے لیے حیوان ہونا ضروری ہے۔ معلوم ہوا کہ دوام، ضرورت (جس میں محمول کی نسبت کا موضوع سے جدا ہونا محال ہو) سے عام ہے۔

الإمْكانُ : عَدَمُ اقتِضَاءِ الذَّاتِ للوُجودِ والعَدَمِ، بأنْ تكُونَ المَاهيَّةُ مِنْ حَيثُ هِيَ هِيَ قَابِلةً للوُجودِ والعَدَمِ؛ فَلايَستَحيلُ الحُكمُ عليهَا بالإمْكان. (دستور العلماء ۱/ ۱۱۳)

اِمکان: کسی ذات کا عدم و وجود کا مقتضِی نہ ہونا بہ ایں طور کہ وہ ماہیت اپنی

ذات کے اعتبار سے وجود وعدم دونوں کی صلاحیت رکھتی ہو، پس ایسی ماہیت پر امکان (ہوسکنا) کا حکم لگانا مُحال نہیں ہے(۱)۔

الامتِنَاعُ: ضَرورَةُ اِقْتِضَاءِ الذَّاتِ عَدَمَ الوُجُودِ الخَارِجِيِّ، –وهٰذَا هوَ "الامْتِنَاعُ الذَّاتِيُّ"، أَوْ "وُجوبُ العَدَمِ" أَوْ "لا إمْكانُ الوُجودِ"، كمَا مَرَّ فِيْ الإمْكانِ–؛ فإنْ كانَ وُجُوبُ العَدمِ أَوْ لا إمْكانُ الوُجُودِ بمُقْتَضَى الذَّاتِ فهوَ الامْتِناعُ الذَّاتِيِّ، كامْتِناعِ شَرِيْكِ البَارِيْ؛ أو بمُقتَضَى الغَيرِ فهوَ الامْتِناعُ بالغَيرِ، كعَدَمِ العَقْلِ الأوَّلِ. (دستور العلماء ۱/۱۳۱)

امتناع: کسی ذات کا خارج میں نہ پائے جانے کا مقتضی ہونا، یعنی اُس کا عدم ضروری ہو اور موجود نہ ہو سکے؛ پھر اگر کسی ذات کا وجوبی طور پر نہ پایا جانا ذات کے مُقتضا سے ہو تو اُسے امتناعِ ذاتی کہتے ہیں؛- جیسے: شریکِ باری تعالیٰ کا ممتنع ہونا- (کہ شریک باری تعالیٰ کا مفہوم ہی عدم کو چاہتا ہے، اسی طرح اجتماعِ ضدین

---

(۱) الامکان: امکان ضرورت کی ضد ہے؛ اِس لیے امکان کو "لاضرورت" سے بھی تعبیر کرتے ہیں۔ پھر امکان کی دو قسمیں ہیں: (۱) امکانِ عام (۲) امکانِ خاص۔

الإمكانُ العام: سلبُ الضرورةِ الذاتيَّةِ عن الجانبِ المخالِفِ لِلحكمِ. موضوع کے لیے محمول کا ثبوت یا سلب اِس طرح ہو کہ اُس کی جانبِ مخالف ضروری نہ ہو، جیسے: "كل نار حارّة بالإمكان العام" یعنی آگ اِس طرح گرم ہے کہ عدمِ حرارت اُس کے لیے ضروری نہیں ہے، (یعنی آگ کے لیے ٹھنڈا ہونا بھی ممکن ہے جیسے حضرت ابراہیم علیہ السلام کے واقعے میں ہے)۔

الإمكانُ الخاص: سلبُ الضرورةِ الذاتيةِ عن الطَّرفينِ المُوافقِ والمُخالفِ للحكمِ، یعنی حکم کی نہ جانبِ موافق ضروری ہو، نہ جانبِ مخالف، جیسے "كل إنسان موجود بالإمكان الخاصّ" (یعنی انسان ایک ایسا موجود ہے کہ اُس کے لیے نہ وجود ضروری ہے نہ عدمِ وجود ضروری ہے)۔ (مفتاح التہذیب ص: ۶۲، ۶۳)

وارتفاع ضدین وغیرہ)؛ ورنہ وہ امتناع غیر کے تقاضے سے ہوگا، جیسے: عقلِ اول کا ممتنع ہونا۔(۱)

الضرورات الشعرية: يَنبغِي لطَالبِ الشِّعْرِ أنْ يَكوْنَ خبِيْراً بقَوَاعِدِ اللُّغَةِ العَرَبيَّةِ: مِنْ صَرْفٍ ونَحْوٍ ومَعانٍ وبَيانٍ وبَديعٍ ولُغَةٍ وإشْتِقاقٍ وتارِيْخٍ وعَرُوْضٍ وقَوَافٍ وإنْشاءٍ إلخ، لأنَّ النَّظْمَ أَرْبعَةُ أَنْواعٍ:

(١) نَظْمٌ خَالٍ مِنْ العَيْبِ وَالضَّرُوْرَةِ،
(٢) نَظْمٌ فِيهِ عَيبٌ، فيُضرَبُ بِهِ عُرْضَ الحَائطِ،
(٣) نظْمٌ فيهِ ضَرورَةٌ قَبيحَةٌ، وهٰذا مُبْتَذَل،
(٤) نظْمٌ فِيهِ ضَرورَةٌ مَقبولَةٌ، يَجوزُ للشَّاعرِ ارتِكابُها بِدُوْنِ مُؤاخذَةٍ عَليهِ. (ميزان الذهب: ٢٩)

ضرورتِ شعری: مسجع اور بلیغ کلام کے خواہش مند کے لیے ضروری ہے کہ وہ زبانِ عربی کے قواعد سے یعنی: علمِ صرف، نحو، معانی، بیان، بدیع، لغت، اِشتقاق، تاریخ، عروض، قوافی، انشاء وغیرہ سے واقف (بصیرت والا) ہو؛ کیوں کہ اَشعار چار قسموں کے ہوتے ہیں:

---

(۱) عقل بہ معنیٰ عقلِ انسانی کا کوئی منکر نہیں، ہاں! فلاسفہ کا مشہور قول یہ ہے کہ: عقول دس ہیں۔ اُن کے نزدیک واجب تعالیٰ سے پہلی صادر ہونے والی چیز عقل اول ہے، جس سے عقولِ عشرہ کی مابقیہ عقول وافلاک وجود میں آئیں، اور اُنھیں سے عالَم کا نظام چلتا ہے، اور باری تعالیٰ العیاذ باللہ عقلِ اول پیدا کرنے کے بعد معطل ہوگیا؛ حالاں کہ یہ بات فرمانِ الٰہی ﴿كُلَّ يَوْمٍ هُوَ فِيْ شَأْنٍ﴾ ''وہ ہر وقت کسی نہ کسی کام میں ہے'' کے بالکل خلاف ہے!۔ (فلاسفہ عقول کو ملائکہ کا مترادف کہتے ہیں۔) تفصیل کے لیے معین الفلسفہ ملاحظہ فرمائیں۔

(۱) وہ منظوم کلام جو نقص، عیب اور ضرورتِ شعری (وہ حالت جس کے تحت ایسا تصرُّف کیا جائے جو نثر میں نہ کیا جاتا ہو) سے بَری ہو۔

(۲) وہ مجموعۂ اشعار جس میں نقص اور عیب ہو، اَیسے کلام کو ایک طرف ڈال دیا جاتا ہے یعنی نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔

(۳) وہ مجموعۂ اَشعار جس میں قبیح (باعثِ شرم) ضرورت کا ارتکاب ہو، اور یہ گھٹیا درجے کا کلام کہا جاتا ہے۔

(۴) وہ منظوم کلام جس میں پسندیدہ (قابلِ قبول) ضرورت ہو، کہ شاعر کے لیے بدونِ مؤاخذہ اُس کا ارتکاب جائز ہے، اِس کی گیارہ صورتیں ہیں (۱)۔

---

(۱)(١)تنوينُ العَلَمِ المُنادَى: كقولِ الشَّاعرِ، وقدْ نَوَّنَ مطَرُ: [الوافر]

سَلامُ اللَّهِ يَا مَطرٌ عَلَيهَا	۞	وَلَيسَ عَليكَ يَا مَطرُ السَّلامُ

(٢)وقدْ أَشبَعُوا الحرَكة، حتَّى يتولَّدَ منها حَرفُ مَدٍّ، كقولِ إمرِئِ القَيسِ، وقدْ اَشبَعَ الكسرَةَ فتولَّدَتْ ياءٌ فيْ اِنجَلِيْ: [الطويل]

أَلَا ايُّها اللَّيلُ الطَّويلُ ألا انجَلِيْ	۞	بِصُبحٍ وَمَا الإصباحُ منكَ بِأمثَلِ

الملاحظة: الإشباعُ كثيرٌ في الضمائرِ، نحوُ: أخاكَا في أخاكَ، ولَهُوْ في لهُ.

(٣)ويجوزُ تَحريكُ ميمِ الجمعِ: كقولِ أبي أُذَينَةَ، وقدْ حرَّكَ المِيمَ فيْ "هُمُ" و"مَجدُهُمُ": [البسيط]

هُمُ أَهِلَّةُ غَسَّانٍ وَمَجدُهُمُ	۞	عَالٍ فانُ حَاوَلُوا مُلكاً فَلاَ عَجَبا

(٤)وَكذلكَ كسرُ آخرِ الكَلمَةِ، اِنْ كانَ سَاكناً، كقولِ عَنترَةَ، وقدْ كَسَرَ ميمَ أَقْدِمْ: [الكامل]

لَقَدْ شَفَى نَفسِيْ وأَبرَءَ سُقْمَها	۞	قِيلُ الفَوَارِسِ وَيْكَ عَنتَرَ أَقدِمِ

(٥)صَرفُ مَا لاينصَرِفُ: كقولِ الشَّاعرِ: وقدْ صَرَفَ "اَنْدَلُسٍ": [البسيط]

فِيْ أَرْضِ أَندَلُسٍ تُلتَذُّ نَعمَاءُ	۞	وَلَا يُفَارِقُ فِيهَا القَلبَ سَرَّاءُ

الضعیف: باب الشین کے تحت ''شاذ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں (۱)۔

ضمیر الشان: باب الشین کے تحت ''شان'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

= (٦)قَصرُ المَمدودِ، ومَدُّ المَقصورِ: كقَولِ أبيْ تَمّام فيْ مُحمَّد بنِ خالدٍ، فقَدْ قَصَرَ "الفَضَاءَ" ومَدَّ "الهُدَى": [الكامل]

وَرِثَ النَّدَى وَحَوَى النُّهىٰ وَبَنَى العُلىٰ ۞ وَجَلا الدُّجىٰ وَرَمَى الفضَا بهُدَاءِ

(٧)إِبدالُ همزَةِ القَطْعِ وَصْلاً: كقوْلِ الشَّاعِرِ، وقدْ وَصَلَ همزةَ أُمّ: [الطويل]

مَنْ يَصنَعِ المَعرُوف مَعْ غَيْرِ أهلِهِ ۞ يُلاقِيْ الذيْ لاقىٰ مُجِيرُ امِّ عَامِرِ

(٨)وبالعَكسِ (قَطعُ همْزةِ الوَصْلِ): كقوْلِ أبيْ العَتاهِيَةِ، وقدْ قطَعَ هَمزَةَ الأمْرِ منْ بَنىٰ، فقَالَ: "إِبنِ"، وهيَ هَمزةُ وَصلٍ: [المديد]

أيُّهَا البَانِيْ لهَدْمِ اللَّيَالِيْ ۞ إِبنِ مَا شِئتَ ستَلقىٰ خَرابَا

(٩)تخفيفُ المُشدَّدِ: كقوْلِ مُحمَّدِ بنِ البَشيرِ، وَخَفَّفَ شَدَّةَ تَجِفُّ: [الرجز]

لِيْ بُستَانٌ أَنِيقٌ زَاهِرٌ ۞ غَدِقٌ تُربتُهُ لَيْسَتْ تَجِفْ

(١٠)تثقِيلُ المُخَفَّفِ: كقوْلِ الشَّاعِرِ، وقدْ شَدَّدَ المِيمَ فيْ دَمٍ: [البسيط]

اَهَانَ دَمَّكَ فِرغاً بَعدَ عِزَّتِهِ ۞ يَا عَمرُو بَغْيُكَ اِصراراً عَلَى الحَسَدِ

(١١)تَسكِينُ المُتحرِّكِ وَتَحرِيكُ السَّاكِنِ: كقوْلِ أبيْ العَلَى المَعرِّي، وقدْ أَسكَنَ الجِيمَ فيْ رَجُلٍ: [البسيط]

وَقَدْ يُقَالُ: عِثَارُ الرِّجْلِ إنْ عَثَرَتْ ۞ وَلَا يُقَالُ عِثَارُ "الرَّجْلِ" إنْ عَثَرَا

وهٰذا كثيرٌ في ضميرِ الغائبِ وَالغَائبَةِ، نحوُ: وَهْوَ، فيْ "وَهُوَ". (ميزان الذهب بتقديم: ٢٩)

(۱)**ضمِّ ضمیمہ**: کہتے ہیں کسی کلمہ کے ساتھ دوسرے کلمہ کے ملانے کو، جیسے: حرف کسی دوسرے کلمہ کے ملائے بغیر مفیدِ معنیٰ نہیں ہوتا۔ (مشکل ترکیبوں کا حل، ص: ۳۱۲)

باب الطاء والظاء

الطردُ والعکسُ: باب الجیم کے تحت ''جامع مانع'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

طرداً للباب: والاستطرادُ: یراد به في العلوم ذکرُ الشَّيءِ لاعنْ قصدِهِ بلْ بتبعِيَّةِ غيرِہ،(کقوله تعالی: ﴿يٰبَنِيٓ آدَمَ قَدْ أَنْزَلْنَا عَلَيْكُمْ لِبَاساً يُّوَارِيْ سَوْاٰتِكُمْ وَرِيْشاً وَ"لِبَاسُ التَّقْوٰى ذٰلِكَ خَيْرٌ"﴾ [الأعراف: ۲۶]). (دستور العلماء۱/۱۳۰)

طرداً للباب: کسی غیر مقصود چیز کو (باب یا موضوع کی مناسبت سے) تبعاً ذکر کرنا، جیسے باری تعالیٰ نے آدم وحواء کے واقعے کو ذکر کیا ہے کہ: ہم نے تم کو جنتی لباس کے اتر جانے پر دنیوی لباس عطا فرمایا ہے اور موضعِ اِمتنان مین لباس ظاہری کو ذکر کرتے ہوئے ضمناً دین داری کے لباس کا بھی تذکرہ فرمالیا ہے۔(۱)

ظاهرُ الرِّوايَةِ: مَسَائلُ الأُصُولِ، وهيَ مَسَائلُ ظاهِرِ الرِّوَايَةِ: وهيَ مَسَائلُ المَبْسُوطِ –لمُحمَّدٍ ،ويُقالُ لهُ: الأصلُ–، ومَسَائلُ الجامِعِ الصَّغيرِ، والجامِعِ الكبِيرِ، والسِّيَرِ (الصَّغيرِ والكبِيرِ)، والزِّيَاداتِ؛

---

(۱) ملحوظہ: کبھی طرداً للباب کے لفظ کو "جعل الباب مطردا" یعنی باب میں عمومیت پیدا کرنے کے معنیٰ میں بھی استعمال کیا جاتا ہے، جیسے: بابِ اِفعال کے مضارع میں واحد متکلم کے صیغے أأکرم میں دو ہمزہ جمع ہیں، اور بہ حالتِ استفہام تین ہمزہ جمع نہ ہو جائیں؛ لہٰذا صیغۂ واحد متکلم سے ہمزۂ اِفعال کو حذف کر دیا گیا، پھر دیگر صیغِ مضارع کے شروع میں اگرچہ یہ خرابی لازم نہیں آتی؛ لیکن صیغۂ واحد متکلم کی مناسَبت سے طرداً للباب تمام صیغوں سے ہمزۂ اِفعال کو حذف کر دیا گیا۔

كلُّهَا تَأليفُ مُحمَّدِ بنِ الحَسَنِ. (الخلاصة البهيّة في مذهب الحنفية:٢٣)

ظاہر الروایۃ کے مسائل اور اصول کے مسائل وہ ہیں جو امام محمدؒ کی چھ کتابوں: جامع صغیر، جامع کبیر؛ سیرِ صغیر، سیرِ کبیر؛ مبسوط اور زیادات میں ہیں، اور مسائلِ مبسوط کو مسائل اصل سے تعبیر کیا جاتا ہے۔

فائدہ: اِن کو ''ظاہر الروایۃ'' اِس لیے کہا جاتا ہے کہ، وہ امامِ محمدؒ سے قابلِ اعتماد راویوں کے ذریعے منقول ہیں، یعنی یہ مسائل امامِ محمدؒ سے تواتر یا شہرت کے ساتھ منقول ہیں۔

نادرُ الروايَة: مَسَائلُ غيرِ ظاهِرِ الرِّوايَةِ: هيَ المَسائلُ التي رُوِيَتْ عنِ الأئِمَّةِ فيْ غيرِ الكتُبِ المَذكورةِ، إمَّا فيْ كتُبٍ لمُحمَّدٍ، كالكَيْسَانيَّاتِ، والرِّقيَّاتِ، والجُرجانيَّاتِ، والهَارُونيَّاتِ؛ أوْ فيْ كتُبِ غيرِ مُحمَّدٍ، كالمُجرَّدِ للحَسَنِ بنِ الزِّيَادِ.

مسائل النوادر: وہ مسائل ہیں جو مذکورہ بالا کتابوں میں نہیں ہیں؛ بلکہ یا تو امامِ محمدؒ کی اِن چھ کتابوں کے عِلاوہ دوسری کتب فِقہیہ جیسے: کیسانیات، جرجانیات، رِقیات اور ہارونیات میں مذکور ہیں؛ یا امامِ محمدؒ کے علاوہ کی کتابوں میں مذکور ہیں، جیسے: حسن بن زیاد کی کتاب: المجرد میں ہوں۔

فائدہ: اِن مسائل کو ''غیر ظاہر الروایت'' اِس لیے کہا جاتا ہے کہ، یہ مسائل مذکورہ بالا کتابوں کے مسائل کی طرح امام محمدؒ سے صحیح، ثابت اور مشہور روایت سے مروی نہیں ہیں۔

المُلاحَظَةُ: ومنهَا (أيْ منَ النَّوادِرِ): كرَواياتِ ابنِ سِماعَةَ

وغيرِهِ مِنْ أصحابِ مُحَمَّدٍ وغَيرِهِ مِنْ مسائلَ مُخالِفةٍ للأصولِ؛ فإنَّها غيرُ ظاهرِ الرِّوايةِ، وتُعَدُّ مِنَ النَّوادِرِ، كمَا يُقالُ: نَوادِرُ ابنِ سِماعَةَ، ونَوادِرُ هِشَامٍ، ونَوادِرُ ابنِ رُسْتُم وغَيرِهِ. (الخلاصة البهيّة في مذهب الحنفية: ٢٤)

ملاحظہ: امام محمدؒ کے اصحاب اور دیگر ائمۂ مذہب کے وہ مسائل جو مذہبِ احناف کے اصول کے مخالف ہوں، وہ بھی غیر ظاہر الروایت یعنی نادر الروایت میں داخل ہیں، جیسے: نوادر ابن سماعہ، نوادرِ ہشام اور نوادرِ ابن رُستم وغیرہ۔

الظرفية: هيَ حُلولُ الشَّيءِ فيْ غَيرِهِ حقيقةً، نحوُ: الماءُ فيْ الكُوزِ، أومَجازاً، نحوُ: النَّجاةُ فيْ الصِّدقِ. (كتاب التعريفات بيروت: ١٠٢)

ظرفیت: ایک چیز کا دوسری چیز میں حلول کرنا (اترنا اور سرایت کرنا) ہے، چاہے یہ حُلول حقیقةً ہو، جیسے: پانی مگ میں ہے، یا مجازاً حُلول ہو، جیسے: کامیابی سچ بولنے میں ہے، (کہ جب بھی سچ سے کام لیا جاتا ہے گو بہ ظاہر اُس میں نقصان نظر آئے؛ لیکن نجات اُسی میں ہوتی ہے)۔

الظَّرفُ اللَّغْوُ: هوَ مَا كانَ العَاملُ (المُتَعَلَّقُ) فيْهِ مَذكُوراً، مِثلُ: زَيدٌ كائنٌ فيْ الدَّارِ.

الظَّرفُ المُستَقِرُّ: هوَ مَا كانَ العاملُ فيهِ مُقدَّراً، مثلُ: زَيدٌ فيْ الدَّارِ. (دستور العلماء بتغيير)(۱)

ظرفِ لغو: وہ ظرف ہے جس کا عامل (متعلَّق منہ) مذکور ہو، جیسے: زیدٌ کائنٌ فيْ الدارِ۔

---

(۱) وإنما سُمي مستقِرا؛ لأن عامله يكونُ دائماً مقدّرا، فالظرفُ يستَقِر مَقام عامِله لكونه مُقدرا؛ واللَّغو يكون عامُله مذكورا فيَلغو عن أن يَقومَ مَقام مُتعلَّقه لكونِه مَذكورا. (حاشية شاه جهاني)

ظرفِ مستقر: وہ ظرف ہے جس کا عامل (متعلَّق) محذوف ہو، جیسے: زیدٌ في الدارِ. (۱)

الظن: باب الیاء کے تحت ''یقین'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

---

(۱) **ظرفیة الشئ لنفسه**: ایک چیز کا خود اُسی کے اندر ہونا، یعنی ظرف اور مظروف کا متحد ہونا، مثلاً: الکلامُ لا یَحصُلُ إلاَّ في اِسمَینِ أَوْ اسمٍ وَفِعلٍ'' (اس عبارت میں) ''اِسمَینِ'' اور ''اِسمٍ و فِعلٍ'' خود بھی ''کلام'' ہیں، تو ترجمہ ہوگا کہ: کلام نہیں حاصل ہوتا ہے؛ مگر کلام میں۔ اور ظرفیة الشيء لنفسه درست نہیں ہے؛ لہٰذا ایسے موقع پر کچھ نہ کچھ تطبیق کی شکل نکال لی جاتی ہے، مثلاً: مثالِ مذکور میں کلمۂ ''فيْ'' کو بہ معنی ''مِنْ'' لیا جائے۔ (مشکل ترکیبوں کا حل: ۳۱۲)

باب العين والغين

العادة: عِبـارَةٌ عِمَّا يَستَقِرُّ فِي النُّفوسِ مِنَ الأُمورِ المُتكَرَّرَةِ المَقبُولَةِ عِندَ الطَّبَائعِ السَّلِيمَةِ، وَهِيَ أَنواعٌ ثَلَاثةٌ:

العُرفِيَّةُ العَامَّةُ: كَوَضعِ القَدَمِ؛

العُرفِيَّةُ الخَاصَّةُ: كَاصطِلَاحِ كُلِّ طَائِفةٍ مَخصُوصَةٍ كَالرَّفعِ لِلنُّحَاةِ؛

العُرفِيَّةُ الشَّرعِيَّةُ: كَالصَّلَاةِ والزَّكَاةِ وَالحَجِّ؛ تُرِكَتْ مَعَانِيهَا اللُّغويَّةُ بِمَعَانِيهَا الشَّرعِيَّةِ. (کشاف ۳/۲۱۳)

عادت: دانش مندوں کے یہاں (عرصے سے) بار بار ہونے والے مقبول طور طریقے جو دلوں میں جماؤ لے چکے ہوں۔ اِس کی تین قسمیں ہیں: عرفیہ عامہ، عرفیہ خاصہ اور عرفیہ شرعیہ۔

عرفیہ عامہ: وضع قدم بول کر دخول مراد لینا۔

عرفیہ خاصہ: ہر فنی گروہ کی مخصوص اصطلاحات، جیسے: نحات کا لفظ ''رفع'' کو ایک معین حرکت کے لیے استعمال کرنا۔

عرفیہ شرعیہ: جیسے: لفظِ صلاۃ (بہ معنیٰ دعا) اور زکات (بہ معنیٰ پاکیزگی) اور حج (بہ معنیٰ قصد کرنا) کو مخصوص ارکان کے لیے استعمال کرنا جن کے معانیٔ لغویہ کو معانیٔ شرعیہ کی وجہ سے چھوڑ دیا گیا ہے۔

الفرق بين العرف والعادة: قَديُفرَق بينهما باستِعمال "العَادة" فيُ الأفُعَال و"العُرُفِ" في الأقوال. (كشاف ۳/ ۲٦۰)

عرف وعادت: اِن دونوں کے استعمال میں فرق یہ ہے کہ، عادت کا استعمال افعال میں ہوتا ہے، اور عرف کا استعمال اقوال میں ہوتا ہے۔

ملحوظہ: العادة محكمة والعرف قاض کا مطلب مذکورہ تفصیل کے مطابق یہ ہوگا کہ: اَفعال میں عادت کو حاکم بنایا جائے گا، اور اَقوال میں عرف فیصل ہوگا۔

العَارِضُ: العَارِضُ للشَّيْءِ مايَكونُ مَحُمولاً عليُهِ، خارِجاً عنهُ. (التعريفات الفقهيّة: ۱٤۱)

عارض: وہ شئ ہے جو چیز پر محمول ہو اور چیز (کی حقیقت) سے خارج ہو، جیسے: زید بیمار ہے۔

العَارِضُ السَّمَاوِيُّ: يَعنِيُ الأمرُ المُعُترِضُ عَلَى الأهُلِيَّةِ، منهَا: مَاثبَتَ منُ قبَلِ الشَّارعِ بِدونِ اخُتيَارِ العَبدِ، كالجُنُوُنِ، والصِّغَرِ، والعَتَهِ، والنِّسُيانِ، والنَّوُمِ والإغُمَاءِ، والرِّقِّ، والمَرَضِ، والحَيُضِ، والنِّفَاسِ، والمَوُتِ.

عارضِ سَماوی: وہ رکاوٹ ہے جو صلاحیت وقابلیت پر پیش آئے؛ عوارض سماویہ میں وہ رکاوٹیں داخل ہیں جو شارع کی طرف سے ظاہر ہوں اور بندے کے اختیار میں نہ ہوں، جیسے: دیوانگی، کم عمری، (بغیر جنون کے) کم عقل، بھولنا، نیند، بے ہوشی، غلامی، بیماری، حیض، نفاس اور موت۔

ضِدُّ العَوارِضِ السَّمَاوِيَّةِ: سَبعَةٌ: الجَهلُ، والسُّكرُ، والهَزَلُ، والسَّفَرُ، والسَّفَهُ، والخَطَأُ، والإكرَاهُ. (التعريفات الفقهيّة: ۱٤۱)

عوارضِ غیر سماوی: سات ہیں: جہالت، مدہوشی، مذاق، سفرِ شرعی، جہالت کی وجہ سے سرکشی، غلطی وچوک اور جبر وتشدّد۔

العاری: باب الشین کے تحت ''شعر'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

العَالَمُ: باب الالف کے تحت ''اَجناسِ عالیہ'' کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

عـامَّةُ الـمشـائِخِ: باب السین کے تحت ''سلف'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

العبارةُ : كلِمتانِ أوأكثرُ تترابَطُ فيمابينَهما حسبَ قواعدِ اللغةِ تَتَضمَّن معنىً مُعيَّناً. أوْ هِي الكلامُ الذيْ يُبيِّنُ مَا فيِ النفسِ من معانٍ.

(موسوعة النحو والصرف: ٤٤٢)

عبارت: قواعدِ لغتِ عربیہ کے مطابق مربوط دو یا زیادہ کلمے ہیں جو کسی معیَّن معنیٰ کو متضمِّن ہوں۔ یا تو اُس کلام کو کہتے ہیں جو متکلم کے دل کا مضمون واضح کرے۔

العبارة: هيَ الألفاظُ الدالَّةُ علَى المَعانيْ؛ لأنَّها تفسيرُ ما فيْ الضَّميرِ الذيْ هُو مَستورٌ. (التعريفاتُ الفقهية: ١٤٢)

عبارت: مراد پر دلالت کرنے والے الفاظ (بامعنیٰ الفاظ کا مجموعہ) کو عبارت کہتے ہیں؛ کیوں کہ یہ مجموعہ (درحقیقت) دل کی پوشیدہ مراد کی وضاحت ہے۔

التَّرجمة: هوَ التفسيرُ بلسانٍ آخرَ. وأَيضاً: ذكرُ سِيرةِ شخصٍ وَذكرُ أخلاقِهِ ونسبِهِ. (التعريفات الفقهية ص: ٥٥)

ترجَمہ: (کسی عبارت کو) ایک زُبان سے دوسری زبان میں تعبیر کرنا۔
کسی فردِ بشر کی سوانح عمری، اُس کی پسندیدہ خصلتیں اور سلسلۂ خاندان کو

بیان کرنا، (جیسے: ترجمة الشیخ ابی الحسن علی الندوی)۔(۱)

العَجُز: باب الشین میں ''شعر'' کے تحت ''مصراع'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

العدَدُ: هيَ الكمِّيَّةُ المُتألِّفةُ مِن الوَحداتِ، فَلا يكونُ الواحدُ عَدَداً./ مَا يُترَكَّبُ مِن الأفرادِ. (كتاب التعريفات بيروت: ١٠٥، حاشيۂ نور الأنوار: ١٢)

عدد: (یعنی گنتی) وہ مقدار ہے جو چند اِکائیوں سے مرکب ہو؛ چناں چہ ایک (حساب کا پہلا عدد) اِس تعریف میں داخل نہ ہوگا۔

ملحوظہ: حاشیتین کے مجموعے کے نصف کو عدد کہتے ہیں، مثلاً تین کے اوپر نیچے کے دو کنارے (دو اور چار) کے مجموعے (یعنی چھ) کا نصف تین کا عدد ہوتا ہے۔

العَرَضُ: باب الالف کے تحت ''اَجناسِ عالیہ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

العرضُ العام: باب الکاف کے تحت ''کلیاتِ خمسہ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

العرف: باب العین کے تحت ''عادت'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

العروض: باب الشین کے تحت ''شعر'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

---

(۱)**ترجمة الباب**: اس کی تعریف تقریباً وہی ہے جو ''عنوان'' کی تعریف ہے۔ تفصیل باب العین کے تحت ''عنوان'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔ محدِّثین کی یہ ایک اصطلاح ہے کہ، باب کے بعد ''حَدَّثَنَا'' تک جو عبارت آتی ہے اُس کو ترجمةُ الباب سے تعبیر کرتے ہیں، نیز اُسی کو 'مترجم بہ، عنوان' اور ''دعویٰ'' کہتے ہیں۔ (آئینۂ اصطلاحات ص: ۱۶۰)

عطف الخاص على العام: باب الذال کے تحت ''ذکر الخاص بعد العام'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

العزيمة: ماشُرِعَ أوَّلا غيرَمبني علىٰ أعذارِ العبادِ كفرضية الصلاةِ والصومِ وغيرِهما فقد كُتبتْ فَرضيَّةُ الصلاة بقوله: ﴿أَقِيمُوا الصَّلوٰةَ﴾ وهٰذه الفرضيةُ ثابتةٌ أوَّلًا بالنسبَةِ لِقَصرِ الصَّلَاةِ فِي السَّفَرِ وَلَيستْ مَبنِيَّةً عَلىٰ عُذرٍ مِن أَعذارِ العِبَادِ، فَلم يَقُلْ إِذَا كَانَ كَذَا فَأقيمُوا الصلَاةَ. (بدائع الصنائع ١/٥٤)

عزیمت: وہ حکم شرعی ہے جو بندوں کے اعذار پر بنیاد رکھے بغیر اول بار مشروع ہو، جیسے: صوم وصلاۃ وغیرہ کی فرضیت بندوں کے اعذار پر مبنی نہیں، مثلاً یوں فرمایا ہو کہ: اگر ایسا معاملہ ہے تو نماز قائم کرنا۔

الرخصة: هِيَ ماشُرِعَ ثانياً وكانَ بناؤُه علىٰ أعذارِ العِبادِ، ومثالُهٗ علىٰ ذلك قولُه تعالىٰ ﴿فمنْ كانَ منكُم مَرِيضاً أوْ عَلىٰ سفرٍ فَعِدَّةٌ مِّن أَيَّامٍ أُخَرَ﴾[البقرة:٨٤] حيثُ يُفيدُ إباحةَ الإفطارِ في رمَضانَ لِلمُسافرِ ثمَّ يَقضِي مَاأفطرهُ فِي أيَّام أُخَرَ غَيرِ رمَضان. (بدائع الصنائع ١/٥٤)

رخصت: وہ حکمِ شرعی جو بندوں کے اعذار (میں سہولت) کو مدنظر رکھتے ہوئے دوبارہ مشروع ہو، جیسے: باری تعالیٰ کا فرمان (پھر جو شخص تم میں بیمار ہو یا سفر میں ہو تو دوسرے ایام کا شمار رکھنا ہے) کہ اِس حکم شرعی سے ماہِ رمضان میں مسافر ومریض کے لیے افطار کرنے کی اباحت معلوم ہوتی ہے۔

العكس المُستوِي: هوَ عِبارَةٌ عنْ جعلِ الجزءِ الأوَّلِ منَ

القضيَّةِ ثانيا، وَالجزءِ الثانيُ أوَّلا معَ بقاءِ الصدق والكَيفِ بحالِهما، كمَا إِذا أردْنا عكسَ قَولنا: "كلُّ إنسانٍ حَيَوانٌ"، بَدَّلنا جزئَيه وَقُلنا: بعضُ الحيوانِ إنسانٌ، أوْ عكسَ قوْلنا، لاشيءَ منَ الإنسانِ بحَجَرٍ، قلنا: لاشيءَ من الحجرِ بإنسانٍ. (كتاب التعريفات بيروت: ۱۰۹)

عکسِ مستوی: قضیہ کے جزوِ اول کو جزوِ ثانی، اور جزوِ ثانی کو جزوِ اول بنا دینا، اِس طور پر کہ قضیے کا صدق اور کیفیت (اِیجاب وسلب) علی حالہٖ رہے، مثلاً: جب ہم کل إنسانٌ حيَوانٌ: ہر انسان حیوان ہے (موجبہ کلیہ) کا عکس لانا چاہیں تو اُس کے دونوں جزؤں کو اَدلا بدلا کریں، اور کہیں: بعضُ الحيوانِ إنسَانٌ: بعضے جاندار انسان ہیں، آئے گا؛ یا ہمارا قول: لاشيءَ منُ الإنسَانِ بحَجَرٍ: انسان کا کوئی فرد پتھر نہیں ہے (سالبہ کلیہ) کے عکس میں کہیں گے: لاشيءَ منُ الحَجَرِ بانسَانٍ: پتھر کا کوئی فرد انسان نہیں ہے۔

عكس النقيض: هوَ جعلُ نقيضِ الجزءِ الثانيُ جزءاً أوَّلا، وَنقيضِ الأوَّلِ ثانياً، مع بقاءِ الكَيفِ وَالصدقِ بحالِهما، فإذا قلنا: كلُّ إنسانٍ حيَوانٌ، كانَ عكسُهٗ: كلُّ مَا لَيسَ بِحيَوانٍ لَيسَ بإنسانٍ. (كتاب التعريفات بيروت: ۱۰۹)

عکسِ نقیض: قضیہ کے جزوِ ثانی کی نقیض کو جزوِ اول، اور جزوِ اول کی نقیض کو جزوِ ثانی بنا دینا اِس طور پر کہ قضیے کا صدق اور کیفیت علیٰ حالہٖ رہے، پس جب ہم کل إنسانٍ حيوانٌ: ہر انسان جاندار ہے، کہیں گے، تو اِس کی عکسِ نقیض: كلُّ ماليسَ بحيوانٍ ليسَ بإنسانٍ، ہر بے جان چیز لاانسان (غیرِ انسان) ہے۔

العلة: هيَ ما يَتوَقَّفُ عليهِ وجودُ الشَّيءِ، وَيكونُ خارجاً مُؤَثِّراً فيهِ.

هي في الشريعة: عِبارةٌ عَمَّا يُضافُ إليهِ وُجوبُ الحُكمِ اِبتداءً، وَذلكَ مِثلُ البَيعِ لِلمِلكِ، وَالنِّكاحِ للحلِّ، والقَتلِ للقِصاص. (حسامی: ۱۲۷؛ التعريفات الفقهية)

علت: وہ چیز ہے جس پر کسی دوسری چیز کا دار و مدار ہو اور چیز کی حقیقت سے خارج ہوتے ہوئے اُس میں مؤثر ہو، (جیسے: ٹپائی بنانے والا زید، ٹپائی کے پائے جانے کے لیے علتِ فاعلی ہے، جو ٹپائی کی حقیقت سے خارج ہے، اور ٹپائی کے وجود میں مؤثر ہے)۔

علت: (شریعت کی اصطلاح میں) وہ (خارجی) چیز ہے جس کی طرف ابتداءً حکم کے وجوب کو منسوب کیا جائے، جیسے: ''بیع'' مشتری کے لیے حکمِ ملکیت کی علت ہے، اِسی طرح ''نکاح'' حلت کی اور ''قتل'' وجوب قصاص کی علت ہے۔

العلامة: مايكونُ عَلَماً عَلى الوجودِ مِن غيرِ أن يتعَلَّقَ به وجوبٌ ولا وجودٌ كتكبيرَاتِ الصَّلاة؛ فإنَّها تَدُلُّ عَلى الانتِقالِ مِن رُكنٍ إلىٰ رُكنٍ. (كشاف ۳/۳۳۷)

علامت: وہ خارج از حقیقت چیز ہے جو کسی دوسری چیز کے پائے جانے کی محض نشانی ہو، نہ تو اُس پر دوسری چیز کا وجود موقوف ہو (جیسا کہ رکن میں ہوتا ہے)، اور نہ ہی اُس کے پائے جانے پر دوسری چیز کا پایا جانا یقینی ہو (جیسا کہ علت میں ہوتا ہے)؛ جیسے: نماز کی تکبیراتِ انتقالیہ، کہ اُن پر نہ نماز کا وجود موقوف ہے،

اور نہ ہی وجوب؛ بلکہ یہ محض ایک رکن سے دوسرے رکن کی طرف انتقال پر دلالت کرتی ہیں(١)۔

السبب: فِي الشَّرعِ: مَا يَكونُ طَرِيقاً للوُصولِ إلىٰ الحكمِ، وَلايَكونُ مُؤثراً فيهِ. (دستور العلماء٢/١٨٩)

سبب: وہ خارجی چیز ہے جس سے حکم شرعی تک رَسائی ہو اور اُس حکم کے پائے جانے میں اثر انداز نہ ہو، (جیسے: نمازوں کے اوقات نمازوں کے وجوب کے لیے اسباب ہیں)۔

الشرط: الشَّرطُ هوَ الذيْ بِمعنىٰ مَا يَتوقَّفُ عَليهِ الشَّيءُ ولَمْ يكنْ رُكناً وجُزءًا منهُ، جَمعُه الشروطُ. (٢) (دستور١/١٣٣)

---

(١) علت وحکمت میں فرق: ''علت'' وجود میں مقدَّم ہوتی ہے، اور ''حکمت'' متأخر، پس اپنے زمانے میں دونوں موجود ہوسکتی ہیں۔ (٢) علت کے ساتھ حکم ''وجوداً وعدماً'' دائر ہوتا ہے؛ لیکن حکمت کے ساتھ دائر نہیں ہوتا، یعنی حکمت کے تبدیل سے حکم نہیں بدلتا، اور اِس کا فرق سمجھنا راسخین فی العلم کا کام ہے، مثلاً: شدتِ سکراتِ موت حضور ﷺ کی، اِس کی علت قوۃ مزاج وشدتِ تعلق بالأمت ہے، اور حکمت مقامِ صبر کی تکمیل اور ترقیٔ درجات ہے۔ (تحفۃ العلماء٢/ ٢٠٥ بحوالہ ملفوظات کمالات اشرفیہ ص:٦٢، امداد الفتاویٰ ص:٢٢٣/٤)۔ جیسے: کسی ادارے کے منتظمین نے طلبا کے لیے سر میں حلق یا قصر کا اصول پاس کیا اس علت کے پیش نظر کہ طلبا انگریزی بال اور انگریزیت سے بچ جائیں تو اس اصول میں یہ حکمت بھی ہے کہ حلق کرانے میں دماغ اور بالوں کی حفاظت بھی خوب ہوگی۔

(٢) الملاحظة: ينقسم الشرط إلىٰ: عقلي وشرعي، وعادي ولغوي:

أما العقلي، فكالحياة للعلم؛ فإن العقل هو الذي يحكم بأن العلم لايوجد إلا بحياة.

وأما الشرعي، فكالطهارة للصلاة؛ فإن الشرع هو الحاكم بذلك.

وأما العادي، فكالنطفة في الرحم للولادة.

=

شرط: وہ خارجی چیز ہے جس پر کوئی حکمِ شرعی موقوف ہو؛ حالاں کہ وہ خارجی چیز نہ تو اُس حکم کا رُکن ہو اور نہ ہی اُس کا جُزو ہو، اِس کی جمع ''شروط'' آتی ہے، (جیسے: نماز کی شرطیں وضو وغیرہ)۔

الفائدة المهمة: وَجهُ الضَّبطِ أنَّ المُتعلَّقَ (للأحكامِ الشَّريعيَّةِ) إنْ كانَ داخِلًا فِي الشَّيءِ فهوَ رُكنٌ، وإلا: فإنْ كانَ مُؤَثِّراً فَعِلَّةٌ، وإلا: فإنْ كانَ مُوصِلاً إليهِ فِي الجُمْلةِ فسَبَبٌ، وإلا: فإنْ كانَ تَوَقُّفُ الشَّيءِ عَليهِ فَشَرْطٌ، وإلَّا: فهوَ عَلامَةٌ. (نظامي حاشية منتخب الحسامي: ١٢٥)

احکامِ شرعیہ سے وابستہ چیز اگر:

داخلِ شئ (داخلِ حکمِ شرعی) ہے-مثلاً نماز میں رکوع داخل ہے-تو اُسے ''رُکن'' کہا جاتا ہے۔

خارجِ حکم ہے؛ لیکن حکم میں مؤثر ہے- جیسے نکاح حِلَّت میں مؤثر ہے-، تو اُسے ''علت'' کہا جاتا ہے۔

خارجِ شئ حکم میں مؤثر نہ ہو؛ بلکہ وہ حکمِ شرعی تک رسائی کا ذریعہ ہو- جیسے اوقاتِ صلاۃ وجوبِ صلاۃ کے لیے ذریعہ ہیں-، تو اُس کو ''سبب'' کہتے ہیں۔

خارجِ شئ حکم میں نہ مؤثر ہو اور نہ ہی حکمِ شرعی تک رَسائی کا ذریعہ ہو؛ بلکہ حکمِ شرعی محض اُس پر موقوف ہو- جیسے وضو پر صحتِ صلاۃ موقوف ہے-، تو اُس کو

= وأما اللغوي، فمثل قولنا "إن دخلت الدار" مِن قولنا: "أنت طالق إن دخلت الدار"؛ فإن أهل اللغة وَضعوا هذا التركيب ليدل علىٰ أن مادخلت عليه "إنْ" هو الشرط، والآخر المعلَّق به هو الجزاء. (كشاف ٢/ ٤٩٣)

''شرط'' کہا جاتا ہے؛ ورنہ پھر وہ ''علامت'' ہے، جیسے نماز کی تکبیرات انتقالیہ۔

الملاحظة: الفَرقُ بينَ الشَّرطِ وَالرُّكنِ، قيلَ: رُكنُ الشَّيءِ مَا يَتِمُّ بِهِ، وَهوَ دَاخِلٌ فِيهِ بِخِلافِ شَرطِهِ، وَهوَ خَارِجٌ عنهُ. (كتاب التعريفات: ٨٢)

رکن: (یعنی شطرِ شئ) شئ کا وہ ضروری حصہ ہے جس سے شئ مکمل ہو، اور اُس کی حقیقت میں داخل ہو (کہ اس کے بغیر شئ متصور نہ ہو)۔

شرطِ شئ: شئ کا وہ ضروری حصہ ہے جس سے شئ مکمل ہو، اور اُس کی حقیقت میں داخل نہ ہو۔

ملحوظہ: شرطِ شئ، خارجِ شئ کو کہتے ہیں، اور شطرِ شئ، داخلِ شئ کو کہتے ہیں۔

العِلّة: مَايَجِبُ وُجودُ المَعْلُوْلِ عِندَهُ.

علت: وہ ہے جس کے پائے جانے پر معلول کا پایا جانا ضروری ہو۔

العِلَّةُ عَلىٰ قِسمَينِ: **عِلّةٌ تَامَّةٌ**، وتُسَمّٰى عِلَّةً مُستَقِلَّةً أيضاً؛ وعِلَّةٌ غيرُ تامَّةٍ، وتُسَمَّى **عِلَّةً نَاقِصَةً** وَغيرَ مُستقلَّةٍ.

علت کی دو قسمیں ہیں: علتِ تامہ یعنی علتِ مستقلہ، اور علتِ ناقصہ یعنی علتِ غیر مستقلہ۔

العلة التّامّة: هيَ جُمْلةُ الأمورِ المُعتبرَةِ فيْ تَحقُّقِ المَعلُولِ، فعِندَ وُجودِ العِلّةِ التَّامَّةِ يَتحقَّقُ المَعلُولُ بالضَّرُورَةِ. (كشاف اصطلاحات الفنون: ٣٢٠، دستور العلماء)

علتِ تامہ: وہ تمام امور جو معلول (شئ) کے پائے جانے کے لیے ضروری ہو، پس علت تامہ کے پائے جانے پر معلول کا پایا جانا یقینی ہوگا۔

العِلَّةُ النَّاقِصَةُ: مَا لَايَجِبُ وُجُودُ المَعْلُولِ عِندَهُ. (أيضاً)

علتِ ناقصہ: وہ علت جس کے پائے جانے پر معلول کا پایا جانا ضروری نہ ہو۔

المُلاحَظةُ: أمَّا النَّاقِصةُ فهيَ العِلّةُ المَادِّيَّةُ والفَاعِليَّةُ والصُّورِيَّةُ والغَائيَّةُ.

ملاحظہ: علتِ مادی، فاعلی، صوری اور غائی کو علتِ ناقصہ کہتے ہیں، (اور ان کے مجموعے کو علت تامہ کہا جاتا ہے)۔

العِلَّةُ الفَاعليَّةُ: مَايُوجَدُ الشَّيءُ لِسَببِهِ. (كتاب التعريفات: ۱۱۲)

علتِ فاعلی: وہ علت ہے جس سے معلول کا وجود سرزد ہو، (جیسے: بڑھئی چارپائی کے لیے "علتِ فاعلی" ہے)۔(۱)

العِلَّةُ المَادِّيَّةُ: مَايُوجَدُ الشَّيءُ بالقُوَّةِ. (كتاب التعريفات: ۱۱۲)

علتِ مادی: وہ مادہ ہے جس میں معلول کی استعداد ہو، (جیسے: لکڑی تخت کے لیے علتِ مادی ہے؛ کیوں کہ لکڑی میں تخت بننے کی استعداد ہے)۔

العِلَّةُ الصُّورِيَّةُ: مَايُوجَدُ الشَّيءُ بِالفِعلِ. (كتاب التعريفات: ۱۱۲)

---

(۱) العلة: مَا يَحتاجُ إليهِ الشَّيءُ في ماهيتِهِ، بأنْ لايُتصوَّرَ ذلكَ الشَّيءُ بِدونِهِ، كالقِيام، وَالرُّكوعِ، وَالسُّجودِ، وَالقَعدَةِ الأخيرَةِ للصَّلاةِ، وَيُسمّى "رُكناً". أوْ فيْ وُجودِهِ بأنْ كانَ مُؤثِّراً فيهِ أوْ فيْ مؤثِّرِهِ، ولا يُوجَدُ بدُونِهِ، كالمُصلِّيْ للصَّلاةِ، وَيُسَمَّى علةً فاعليَّةً. وَجميعُ ما يَحتاجُ إليه فيْ وُجودِهِ أوْ ماهيَّتِه، يُسمّى عِلةً تامَّةً. (رشيديه بتغيير: ۱٦)

علتِ فاعلیہ: وہ علت ہے جو کسی چیز میں بالذات مؤثر ہو یا شئ کے مؤثر میں مؤثر ہو۔

علتِ تامہ: وہ جملہ چیزیں جن کی شئ کو احتیاج ہو، چاہے بہ اعتبارِ وجود کے ہو یا بہ اعتبار ماہیت، (جس کے پائے جانے پر معلول کا پایا جانا ضروری ہو)۔

علتِ صوری: وہ صورت ہے جس کے پائے جاتے ہی معلول پایا جائے، (یعنی معلول کا وجود کسی دوسری چیز پر موقوف نہ رہے، جیسے: ''تخت کی ہیئت'' کہ جب تخت کی صورت موجود ہوجاتی ہے تو تخت بالقوۃ نہیں رہتا؛ بلکہ بالفعل موجود ہوجاتا ہے)۔

العِلَّةُ الغّائِيَّةُ: مَايُوجَدُ الشَّيءُ لأجْلِهِ. (كتاب التعريفات:١١٢)

علتِ غائی: وہ مقصد ہے جس کے پیشِ نظر فاعل سے فعل سرزد ہو، (جیسے: تخت پر بیٹھنا تخت بنانے کی علتِ غائی ہے)۔(۱)

العَلَم: هوَ ماوُضِع لشَيءٍ بعَينِه غيرَ مُتَناوِل غيرَه بوَضع واحِد، وهوَ ثلاث أقْسَام: اللقَب، والكُنيَة، والاسم. (دستور، كشاف)

عَلَم: معین شخص یا جنس کا وہ نام جو ایک ہی وضع سے ذات موضوع کے علاوہ کو شامل نہ ہو۔ علم کی تین قسمیں ہیں: لقب کنیت اور اسم۔

---

(۱) عللِ اربعہ کی جامع مثال جیسے: بڑھئی نے لکڑی کی تپائی بنائی؛ تاکہ طلبا اُس پر کتاب رکھ کر پڑھیں، تو بڑھئی ''علتِ فاعلی'' ہے اور لکڑی ''علتِ مادی'' ہے اور لکڑی کا تپائی کی شکل اختیار کرنا ''علتِ صوری'' ہے اور تپائی کو اِس لیے بنانا کہ اُس پر کتاب وغیرہ رکھی جائے ''علتِ غائی'' ہے۔ (معین الفلسفہ:۱۵۸)

غرض، غایت ومقصود، نتیجہ، فائدہ، علت غائی

اعْلمْ! إذَا ترَتَّبَ عَلىٰ فِعلٍ أثَرٌ، فذلِكَ الأثرُ مِن حَيثُ أنَّهُ نتيجَةٌ لذلكَ الفِعلِ وثَمرَتُهُ، يُسمّى فائدَةً؛ ومِنْ حَيثُ أنَّهُ عَلىٰ طَرَفِ الفعْلِ ونهايتِهِ يُسمّى غَايَةً؛ ففَائدَةُ الفِعلِ وغَايَتُهُ مُتّحدانِ بالذّاتِ ومُختَلفَانِ بالاعْتِبارِ؛ ثُمَّ ذٰلكَ الأثرُ المُسمّى بهٰذَينِ الأمْرَينِ إنْ كانَ سَبَباً لإقْدامِ الفَاعِلِ عَلىٰ ذلكَ الفِعْلِ يُسمّى بالقِيَاسِ إلَى الفَاعِلِ غَرَضاً ومَقْصُوداً، ويُسمّى بالقِيَاسِ إلىٰ فِعْلِه عِلّةً غائيَّةً؛ والغَرَضُ والعِلّةُ الغَائيَّةُ مُتّحدانِ بالذّاتِ ومُختلفَانِ بالاعْتِبارِ؛ وإنْ لَمْ يَكنْ سَبباً للإقْدامِ كانَ فَائدَةً وغاية فقَطْ، فالغَايَةُ أعَمُّ مِنَ العِلّةِ الغَائيَّةِ. (كشف الظنون ١/١٠)

اللقب: عَلم يُشعِرُ بمَدح أو ذَمٍ باعتِبَار مَعنَاه الأَصُلِيِّ. (كشاف ٤/٦٥)

لقب: (اصلی نام کے عِلاوہ) وہ نام جو معنیٰ کے اعتبار سے ملقَّب کی تعریف یا برائی کو ظاہر کرے، اور اُس کی ابتداء اَب، اُم، اِبن اور بنت سے نہ ہو۔

الكُنيَة: هوَ مايَكون مُصَدَّرا بلَفُظ الأبِ أو الابن أو الأمِّ أو البِنت. (كشاف ٤/٥٧)

کنیت: فرد یا جنس کا وہ مقرر کردہ نام جس کی ابتدا اَب، اُم، ابن اور بنت سے ہو۔

الاسم: هو ماعداهما من الأعلام. (١) (كشاف٣/٣٣٥)

اسم: لقب اور کنیت کے علاوہ اصلی نام۔

العلم الحادث: ينقسم إلىٰ ثلاثة أقسامٍ: بديهي، ضروري، واستدلالي.

العلمُ البديهي: ما لايَحتاجُ إلىٰ تقديمِ مقدِّمةٍ، كالعلمِ بوجودِ نفسهِ، وإنّ الكلَّ أعظم من الجزءِ.

العلمُ الضروري: ما يَحتاج فيهِ إلىٰ تقديمِ مقدمةٍ،

---

(١) قدُ يُطلَقُ الاسُمُ عَلىٰ مَايُقابِلُ اللَّقَبَ والكُنيَةَ، فإنَّهُ حِينئِذٍ قِسُمٌ منُ العَلَمِ، فإنَّ العَلَمَ وَهوَ مَاوُضِعَ لِشَيءٍ بِعيُنِه غيرَ مُتَناوِلٍ غيرَهُ بوَضُعٍ واحِدٍ: اسُمٌ ولقَبٌ وكنُيَةٌ؛ لأنَّ العَلَمَ إنُ كانَ مُصَدَّراً بأبٍ أوُ أمٍّ أوُ ابنٍ أوُ بنُتٍ أوُ لَا. الأوَّلُ الكُنيَةُ، والثَّاني: إنُ كانَ مُشعِراً بالمَدُحِ أوِ الذَّمِّ أوُ لَا؛ الأوَّلُ اللَّقَبُ، والثَّاني الاسُمُ. (دستور ١/ ٥٩)

خلاصۂ کلام: اسمِ علم سے اگر صرف ذاتِ مسمیٰ معلوم ہو تو اُس کو علم کہتے ہیں؛ اگر ذاتِ مسمیٰ کے ساتھ مدح یا ذم بھی معلوم ہو تو اُس کو ''لقب'' کہتے ہیں، اور اگر ذاتِ مسمیٰ کے ساتھ اُس کا باپ، ماں، بیٹا اور بیٹی ہونا بھی معلوم ہو تو اُس کو ''کنیت'' کہتے ہیں۔

تخلُّص: وہ نام جو شاعر اپنے لیے تجویز کرتا ہے، جس کو شاعر عموماً نظم کے اخیر میں ذکر کرتا ہے، جیسے شیخ شرف الدین شیرازیؒ نے اپنا تخلُّص ''سعدی'' رکھا ہے۔

كالعلمِ بثبوتِ الصانعِ.

العلمُ الضروري: ما لا يكونُ تَحصيلُه مقُدوراً بالمخلوقِ، أي يكونُ حاصلاً من غيرِ اختيارٍ للمخلُوقِ.

العلمُ الاستدلالي: هو الذي لايحصلُ بدونِ نظرٍ وفكرٍ.

العلمُ الاكتسابي: هو الذي يحصلُ بمباشرةِ الأسبابِ.

(كتاب التعريفات: ١١٠)

تفصیل باب النون کے تحت ''نظری'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

اعلمْ! أنَّ العِلمَ يَكونُ عَلىٰ وَجهَينِ:

أَحَدُهمَا يُسَمّٰى حُصولِيًّا، وَهوَ بِحصوُلِ صُورةِ الشَّيءِ عِندَ المُدرِكِ، ويُسَمّٰى بالعِلمِ الانطِباعِي أيضاً؛ لأنَّ حُصوُلَ هٰذَا العِلمِ بالشَّيءِ إنَّمَا يَتحقَّقُ بَعدَ انتِقاشِ صُورَةِ ذلكَ الشَّيءِ فِي الذِّهنِ، لا بمُجرَّدِ حُضوُرِ ذلكَ الشَّيءِ عندَ العَالِمِ.

والآخَرُ يُسَمّٰى حُضوُرِيًّا وَهوَ بحُضوُرِ الأشْيَاءِ أنُفُسِها عندَ العَالِمِ، كعِلْمِنَا بذَوَاتِنَا، والأمورِ القَائمَةِ بِهَا؛ ومِنْ هٰذَا القَبيْلِ علمُهُ تَعالىٰ بِذَاتِهٖ وبِسَائِرِ المَعلوُمَاتِ. (كشاف٣/٣٤٣)

علم کی دوقسمیں ہیں: علمِ حصولی، علمِ حضوری۔

علمِ حصولی: وہ علم ہے جو عقل مند، سمجھ دار کوکسی چیز کی صورت سے حاصل ہو، اُس کوعلمِ انطباعی (نقشی علم) بھی کہتے ہیں: کیوں کہ یہ علم، شئ کے مُدرِک کے پاس محض پائے جانے سے حاصل نہیں ہوتا؛ بلکہ اُس کی صورت کوذہن

میں لانے کے بعد حاصل ہوتا ہے، (جیسے: جب ہم اپنی ذات کے علاوہ دیگر خارج میں پائی جانے والی چیزوں کو جاننا چاہتے ہیں تو اس کی صورتیں ہمارے ذہن میں آتی ہیں یہ ''صوَرِ علمیہ'' ہیں پھر صور علمیہ کے ذہن میں آنے کے بعد حالتِ ادراکیہ یعنی جاننے کی صلاحیت اس سے مل جاتی ہے اور وہ صورتیں نقش ہو جاتی ہیں پس چیزوں کا علم ہوتا ہے)۔

علمِ حضوری: وہ علم ہے جو اشیاء کے مدرِک کے پاس بہ ذاتِ خود موجود ہونے سے حاصل ہوتا ہے، جیسے: ہماری ذوات اور اُس کے متعلقات کا علم؛ نیز باری تعالیٰ کا اپنی ذات اور دیگر تمام معلومات کا علم بھی علمِ حضوری کے قبیل سے ہے(۱)۔

العِلمُ اللَّدُنّيُ: هوَ العِلمُ الذيُ تَعلَّمَهُ العَبدُ منُ اللّٰهِ تعالىٰ -مِن غَيرِ وَاسِطةِ مَلَكٍ ونَبيٍ- بالمُشافَهةِ والمُشاهدَةِ، كمَا كانَ الخَضِرُ عليه السلام. قَالَ تَعالىٰ: ﴿وَعَلَّمْنَاهُ مِنْ لَدُنَّا عِلماً﴾ (كشاف۳/۳۵٦)

---

(۱) علم کی اوّلاً دو قسمیں ہیں: (۱) حضوری (۲) حصولی۔ پھر ہر ایک کی دو دو قسمیں ہیں: قدیم اور حادث؛ پس کل چار قسمیں ہوئیں: (۱) حصولی حادث (۲) حصولی قدیم (۳) حضوری حادث (۴) حضوری قدیم۔

پس جو چیز خود بہ خود مدرِک کے پاس موجود ہو، اُس میں کسب کا دَخل نہ ہو، تو اُس کو ''علمِ حضوری'' کہا جاتا ہے۔ اور اگر شئِ معلوم خود بہ خود موجود نہ ہو؛ بلکہ اُس میں کسب کا دخل ہو، تو اُس کو ''علمِ حصولی'' کہا جاتا ہے۔ پھر اگر علم حاصل کرنے والا قدیم ہو تو اُس علم کو ''قدیم'' کہا جاتا ہے، اور اگر علم حاصل کرنے والا حادث ہو تو علم کو ''حادث'' کہا جاتا ہے۔ مثال: انسان کو اپنے نفس کا علم ''علمِ حضوری حادث'' اور اپنے غیر کا علم ''علمِ حصولی'' حادث ہے۔ اور باری تعالیٰ کے جمیع علوم ''علم حضوری قدیم'' ہیں۔ اور ملائکہ کا علم ''حصولی قدیم'' ہے۔ (تحقیقات شرحِ اردو مرقات ص: ۲۷)

علمِ لدُنّی: وہ علم ہے جو کسی بندے کو خدا کی طرف سے بالمشافہہ کسی فرشتے یا نبی کے واسطے کے بغیر (براہِ راست) حاصل ہو، جیسے: حضرت خَضِر علیہ السلام کو حاصل ہے، باری تعالیٰ فرماتے ہیں: ﴿وَعَلَّمْنَاهُ مِنْ لَّدُنَّا عِلْماً﴾ ہم نے اُن کو اپنے پاس سے خاص طور کا علم سکھلایا تھا۔ (یعنی ایسا علم جو کسی کو خدا کی طرف سے براہِ راست بغیر استاذ حاصل ہو)۔

قَالَ بَعضُهمْ: اليَقينُ ثَلاثَةٌ: عِلْمُ اليَقيْنِ، وعَينُ اليَقيْنِ، وحَقُّ اليَقيْنِ؛ قِيلَ:

عِلْمُ اليَقِينِ: مَايَحصُلُ عنُ الفِكْرِ والنَّظْرِ.

عَينُ اليَقِينِ: مَايَحصُلُ منْ عِيَانِ العَينِ والبَصَرِ.

حقُّ اليَقِيْنِ: اجْتِماعُهمَا، وإذَا أَخْبَرَهُ الصَّادِقُ بالمُعْجِزاتِ صارَ ذلكَ حقَّ اليَقينِ. (كشاف اصطلاحات الفنون ٤/٤١٧)

بعض علَما نے یقین کے بہ اعتبار کیفیت تین درجے بیان کیے ہیں: علم الیقین، عین الیقین اور حق الیقین۔

علم الیقین: کسی چیز کی کیفیت و ماہیت سے وہ پوری آگاہی جو غور وفکر سے حاصل ہو۔

عین الیقین: وہ یقینی علم جو آنکھوں دیکھنے (مشاہدہ) سے حاصل ہو۔

حق الیقین: علم الیقین اور عین الیقین کے اجتماع سے حاصل ہونے والا پورا پورا یقین۔

ملاحظہ: جب مخبِر صادق معجزات سے مؤید یقینی خبر بیان کرے تو وہ حق الیقین ہو جاتا ہے۔

العُلُومُ المُدَوَّنَةُ: مَادَوَّنَهُ المُتشرِّعةُ لبَيانِ ألفَاظِ القُرآنِ أو السُّنَّةِ النَّبَوِيَّةِ لفُظاً وإسْناداً؛ أو لإظْهَارِ ماقُصِدَ بالقُرآنِ مِنَ التَّفسِيرِ والتَّأوِيْلِ؛ أوْ لإثْبَاتِ مَايُسْتفادُ منهما، أعْنِي: الأحْكامَ الأصْليَّةَ الاعْتِقادِيَّةَ، أوْ الأحْكامَ الفَرْعيَّةَ العَمَليَّةَ؛ أوْ تَعيِينِ مَايُتوَصَّلُ بِهِ مِنَ الأصُوْلِ فِيْ اسْتِنباطِ تِلكَ الفُرُوْعِ؛ أوْ مَادُوِّنَ لِمَدْخَلِيَّتِهِ فِيْ اسْتِخْرَاجِ تِلكَ المَعانِيْ مِنَ الكِتَابِ والسُّنَّةِ، أعْنِيْ: الفُنُوْنَ الأدَبِيَّةَ.

المُلاحَظَةُ: العُلُومُ المُدَوَّنَةُ علىٰ نَوعَينِ: الأوَّلُ: مَادَوَّنَهُ المُتَشَرِّعَةُ، وَالثَّانِي: مَادَوَّنَهُ الفَلاسِفَةُ لِتَحقِيقِ الأَشيَاءِ كَمَا هِيَ وَكَيفِيَّةِ العَمَلِ عَلىٰ وِفْقِ عُقُولِهِمْ.

وذُكِرَ فِيْ عُلُومِ المُتشَرِّعَةِ: عِلْمُ القِراءَةِ وعِلمُ الحَدِيْثِ وعِلْمُ أصُولِهِ وعِلْمُ التَّفسِيرِ وعِلْمُ الكَلامِ وعِلْمُ الفِقْهِ وعِلْمُ أصُولِهِ وعِلْمُ الأدَبِ. (كشف الظنون ١/١١)

علومِ مُدوَّنہ: وہ علوم ہیں جن کو پابند شرع گروہ نے الفاظِ قرآن کی تفصیل اور احادیثِ رسول کے سند ومتن کی وضاحت کرنے کے لیے وضع کیا ہو، (جیسے: علوم تفسیر وحدیث)۔

یا وہ علوم ہیں جن کو قرآن کے اہم مقاصد (احکام ومَطالب، اَسرار وحِکَم، عقائد وتعلیمات) اور کلامِ الٰہی کی مراد کو واضح کرنے کے لیے وضع کیا ہو، (جیسے: علوم تفسیر وکلام)۔

یا وہ علوم ہیں جو قرآن سے حاصل ہونے والے اصلی اعتقادی احکام

یا فرعی عملی احکام کو دلائل سے ثابت کرنے، یا اُن اصولوں کی تعیین کے لیے وضع کیے گئے ہوں جن سے فروعی مسائل کے استنباط تک رَسائی حاصل ہوتی ہے، (جیسے: علومِ توحید (کلام) واصولِ حدیث وتفسیر واصول فقہ)۔

یا وہ علوم ہیں جو کتاب وسنت سے مأخوذ فنونِ ادبیہ کے مسائل کا استنباط کرنے کے لیے وضع کیے گئے ہوں، (جیسے: علوم ادبیہ)۔

العلومُ الشرعيَّةُ: (هـيَ) علمُ التفسيرِ والحديثِ والفقهِ والتوحيد (الكلام).

غيرُ الشرعيَّةِ: ثلاثةُ أقسامٍ: [أدبيَّةٌ، رِياضِيَّةٌ، عقليَّةٌ].

علم کی دو قسمیں ہیں: علمِ شرعی، علمِ غیر شرعی۔

علمِ شرعی: سے مراد وہ علم ہے جو بذاتہٖ مقصود ہو، اور غیر شرعی سے مراد وہ علم ہے جو بذاتہٖ مقصود نہ ہو؛ بلکہ علومِ مقصودہ کے لیے وسیلہ وذریعہ ہو۔

علمِ شرعی کی چار قسمیں ہیں: علمِ تفسیر، علمِ حدیث، علمِ فقہ، علمِ توحید، (علمِ کلام)۔

علمِ غیر شرعی کی تین قسمیں ہیں: (۱) علمِ ادب (۲) علمِ ریاضی (۳) علمِ عقلی۔

العلومُ الأدبيةُ: هـي اثنا عشرَ، كما في شيخي زاده؛ وعدَّها بعضهمُ أربعةَ عشَرَ: اللُّغةُ، والاشتقاقُ، والتصريفُ، والنحْوُ، والمعاني، والبيانُ والبديعُ، والعروضُ، والقوافي، وقريضُ الشعرِ، وإنشاءُ النثرِ، والكتابةُ، والقراءاتُ والمُحاضراتُ، ومنه التاريخُ. (رد المحتار على الدرِّ المختار ١/١١٦)

العلومُ الرِّياضيَّةُ: وهـي عشرةٌ: التصوُّفُ، والهَندسَةُ، والهَيئةُ، والعلمُ التعليميُّ، والحسابُ، والجبرُ، والموسيقيُّ، والسِّياسةُ،

والأخلاقُ، وتدبيرُ المنزلِ.

العلومُ العقليَّةُ : ماعدا ذلكَ: المنطقُ، والجدَلُ، وأصولُ الفقهِ والدينِ، والعلمُ الإلٰهيُّ والطبيعيُّ، والطِّبُ، والميقاتُ، والفلسفَةُ، والكيمياءُ؛ كذا ذكره بعضهُم. (رد المحتار على الدرِّ المختار ١/١١٦)

علمِ ادب: بارہ علوم کے مجموعے کا نام ہے جنھیں علامہ شامی نے شیخی زادہ کے حوالے سے شمار کرایا ہے: لغت، اشتقاق، تصریف، نحو، معانی، بیان، بدیع، عروض، قوافی، قرضِ شعر، انشاءِ نثر، کتابت۔ بعضے حضرات نے چودہ شمار کیے ہیں، جس میں قرأت اور محاضرات (تاریخ) کا اِضافہ کیا ہے۔

علمِ ریاضی دس علوم کو شامل ہیں: تصوف، ھندسہ، ہیئت، علمِ تعلیمی، حساب، جبر، موسیقی، سیاست، اخلاق، تدبیرِ منزل۔

علمِ عقلی: مذکور علوم کے عِلاوہ بقیہ علوم علومِ عقلیہ میں داخل ہیں، جیسے: علمِ منطق، علمِ جدل، علمِ اصول فقہ والدین، علمِ الٰہی، علمِ طبیعی، علمِ طب، علمِ میقات، علمِ فلسفہ، اور بہ قولِ بعض: علمِ کیمیا۔

ملحوظہ: معلوم ہونا چاہیے کہ علمِ فقہ علومِ شرعیہ میں سے ہے جب کہ علمِ اصولِ فقہ علومِ غیر شرعیہ عقلیہ میں سے ہے۔

العُلُومُ العَالِيَّةُ والآلِيَّةُ : إنَّ العُلُومَ إمَّا أنْ لاتَكُونَ في نفسِهَا آلةً لتَحصِيلِ شَيءٍ آخرَ؛ بَلْ كانَتْ مَقْصُودَةً بذَواتِها، وتُسَمّٰى غَيرَ آليَّةٍ؛ وإمَّا أنْ تَكُونَ آلةً لهُ غَيرَ مَقصُودَةٍ في نفسِهَا، تُسَمَّى آليَّةً.

(كشف الظنون ١/١١؛ كشاف اصطلاحات الفنون ١/٨)

علومِ عالیہ: وہ علوم ہیں جو بذاتِ خود مقصود ہوں یعنی دوسرے علم وفن کو حاصل کرنے کا ذریعہ اور وسیلہ نہ ہوں۔

علومِ آلیہ: وہ علوم ہیں جو بذاتِ خود مقصود نہ ہوں؛ بلکہ دیگر علومِ مقصودہ کے حصول کا وسیلہ ہوں (۱)۔

علیٰ حدةٍ: حِـدَةٌ، مصدرٌ علی زِنَةِ 'زِنَةٍ و عِدَةٍ'، تَصرِيفهَا: وَحَـدَ يَحِدُ حِدَةً، كـوَعَدَ، يَعِدُ، عِدَةً، وَ وَزَنَ يَزِنُ زِنَةً؛ والعَوَامُّ بَل بَعضُ الـخَـوَاصِّ يَـقـرءُونَ "عـلـیٰ حدةً" -بالنَصَبِ- وهُو غَلَطٌ فَاحشٌ؛ لأَنَّ كَلِمَةَ علیٰ حَرُفُ جرٍّ. (دستور العلماء۲/۱۹)

علیٰ حِدَةٍ: (بہ معنیٰ: الگ، جدا) میں حِدَةٌ مصدر ہے بروزنِ زِنَةٌ وَعِدَةٌ، گردان اِس طرح ہوگی: وَحَدَ يَحِدُ حِدَةً، بروزنِ: وَعَدَ، يَعِدُ، عِدَةً، وَوَزَنَ، يَزِنُ، زِنَةً؛ اِس کے تلفُّظ میں عوام کی بات تو دُور، بعضے خواص بھی عَلَـى حِـدَةٍ کو منصوب -عَـلیٰ حِـدَةً- پڑھتے ہیں، یہ بہت بڑی غلطی ہے؛ کیوں کہ اِس میں علیٰ حرفِ جر ہے (۲)۔

---

(۱) ملاحظہ: حدیث، تفسیر اور فقہ: علومِ نقلیہ میں علومِ عالیہ مقصودہ میں داخل ہیں۔ باقی علوم، نقلیہ آلیہ غیر مقصودہ ہیں اُن کا شمار وسائل میں ہوتا ہیں۔ اِسی طرح فلسفہ اور علمِ رَمَل اور جَفَر علومِ عقلیہ میں سے علومِ عالیہ میں داخل ہیں، اور باقی علوم، عقلیہ آلیہ غیر مقصودہ ہیں۔ اور اُن کا وسائل میں شمار ہوتا ہے۔ (کشف الباری ص:۵۲)

(۲) **علیٰ سبیل البدلیة:** فرداً فرداً یعنی یکے بعد دیگرے کسی کام کا ہونا، جیسے: معرب پر رفع، نصب اور جر ایک ساتھ نہیں آتے، نمبر وار آسکتے ہیں۔

علیٰ سبیل الاجتماع: کسی کام کا ایک ساتھ یعنی اجتماعی طریقے سے ہونا، جیسے: زیدٌ وعمرٌو وَخَـالـدٌ ذهَبُوا إلیٰ بُيوتِهِمْ کے اندر "هم" ضمیر کا مرجع زید، عمرو، اور خالد ایک ساتھ ہے یعنی علی سبیل الاجتماع۔ (مشکل ص:۳۱۴،۳۱۳)

عموم المجاز: هُوَ لَفظٌ يَعُمُّ مَعناهُ بِحيثُ يَشمَلُ الحَقيقَةَ وَالمَجازَ كِلَيهِمَا. وَيُمكِنُ لَنَا أَن نَقُولَ: هُوَ لَفظٌ يعمُّ مَعنَاهُ بِحيثُ يُعدُّ الحَقِيقةُ وَالمَجازُ كِلاَهُمَا مِن أَفرادِ مَعناهُ، (مِثالُهٗ: وَضعُ القَدَمِ فِي دَارٍ وَمَكانٍ يُرادُ بِه الدُّخُول). (١) (الموجز في أصول الفقه: ١٥٦)

عموم مجاز: وہ لفظ ہے جس کے معنیٔ حقیقی میں عموم کرتے ہوئے ایسے نئے عام مجازی معنیٰ مراد لینا کہ معنیٔ حقیقی اور وہ معنیٔ مجازی جس میں لفظ مُروَّج ہے، دونوں اُس عام مجازی معنیٰ کے فرد بن جائیں۔

(جیسے: کوئی آدمی یہ قسم کھائے کہ: مَیں زید کے گھر میں قدم نہیں رکھوں گا، تو اُس یمین میں وضعِ قدم کے حقیقی معنیٰ: بغیر موزے، جوتے پہنے اور بغیر سواری کے ننگے پاؤں رکھنا، اور مجازی معنیٰ: موزے یا جوتے پہنے ہوئے داخل ہونا، اِسی طرح سواری کی حالت میں داخل ہونا؛ اِن دونوں معنوں پر مشتمل دخول کا معنیٰ مراد لیا جائے گا اور حالف ان دونوں صورتوں میں حانث ہوجائے گا۔)

عموم المشترک: هوَ أَنْ يُرادَ المَعنَيانِ معاً. (التعريفات الفقهيه ص: ١٥٢)

عمومِ مشترک: وہ عموم ہے جس میں لفظ کے دو (یا زیادہ) حقیقی معنوں کو بہ یک وقت مراد لیا جائے، (جیسے: ﴿إِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰئِكَتَهٗ يُصَلُّونَ عَلَى النَّبِيِّ﴾ میں

---

(١) مثاله (وضع القدم في دار ومكان) فله "حقيقة" وهو: وضع نفس القدم حافيا بدون خف وحذاء ومركوب؛ وله "مجاز" وهو: وضع القدم مع الخف ونحوه حتى مع المركب أيضا، بحيث يكون المرء راكبه؛ وله "عموم المجاز"، وهو: الدخول كيفما كان: حافيا، أو متنعلا، أو راكبا؛ فالدخول يشمل حقيقته ومجازه كليهما. (الموجز في أصول الفقه)

حضرات شوافع بہ یک وقت یصلون کے معانیٔ حقیقیہ: رحمتِ الٰہی اور استغفارِ ملائکہ مراد لیتے ہیں، جب کہ احناف یصلون بہ معنیٰ یعتِنُون مراد لیتے ہیں عمومِ مجاز کے طور پر)۔ عمومِ مشترک حضرات شوافع کے جائز ہے اَحناف کے یہاں جائز نہیں۔

عموم خصوص مطلق: باب النون کے تحت ''نِسبِ اربعہ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

عموم خصوص من وجهٍ: باب النون کے تحت ''نسبِ اربعہ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

عمومِ سلب: باب السین کے تحت ''سلبِ عموم'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

العُنصُرُ: الداخلُ في الشيء باعتبارِ أنه يُبتدئُ منه التركيب يسمّٰى "عُنصُرا". (دستور العلماء۲/ ۱۱۳)

عنصر: شیٔ میں داخل ہونے والا مادہ، بہ ایں حیثیت کہ اُس سے شیٔ ترکیب پاتی ہے (یعنی وہ مادہ جو کسی جسم کو تشکیل دیتا ہے)۔ عناصر چار ہیں: پانی، آگ، مٹی، ہوا۔

ملحوظہ: اُسطُقُسّاتِ اربعہ (پانی، آگ، مٹی، ہوا) اور عناصرِ اربعہ الفاظِ مترادِفہ ہیں۔ اُسطُقُس یونانی زبان کا لفظ ہے، اور عنصر عربی زبان کا لفظ ہے۔

العُنوَانُ: هوَ عُنوَانُ العُلومِ بأنْ يُذكرَ في الكَلامِ ألفَاظٌ تَكونُ مَفاتيحَ لعُلومٍ ومَداخِلَ لهَا، فمِنَ الأوَّلِ قولُهُ تعالىٰ: ﴿واتلُ عَلَيهِم نَبأَ الذِّي آتيْنَاهُ آياتِنا فَانسَلَخَ مِنهَا﴾ الآية، عُنوَانُ قِصَّةِ بلعَام، ومِنَ الثَّاني

قولُہٗ تعالیٰ: ﴿اِنطَلِقُوا إلی ظِلٍّ ذِي ثَلَاثِ شُعَبٍ﴾الآية، فيْهَا عُنوَانُ علمِ الهَندَسَةِ؛ فإنَّ الشَّكلَ المُثلَّثَ أوَّلُ الأشْكَالِ. (كشاف اصطلاحات الفنون٣/ ٣٦٤)

عنوانِ علم: کلام کی ابتدا میں ایسا مقدمہ ذکر کرنا جو مابعد آنے والے نئے مضمون کی تمہید ہو، یا نئے علوم کی تہہ تک پہنچنے کا سرچشمہ ہو؛ اول کی مثال: ﴿واتلُ علَیهِم نبأَ الذِّي اٰتَینٰهُ آیاتِنا فانسلَخَ مِنهَا﴾ اور اُن لوگوں کو اُس شخص کا حال پڑھ کر سنائیے کہ اُس کو ہم نے اپنی آیتیں دیں پھر وہ اُن سے بالکل ہی نکل گیا، اس جگہ پہلے احوالِ بنی اسرائیل کا تذکرہ تھا، اور اب علمِ احکام کے بعد اُن کے خلاف کرنے والے کی مثال بیان فرماتے ہوئے بلعام کے قصے کی ابتدا ہورہی ہے؛ اور ثانی کی مثال: ﴿انطَلِقُوا إلی ظِلٍّ ذِي ثَلَاثِ شُعَب﴾ ایک سائبان کی طرف چلو جس کی تین شاخیں ہیں، کہ اِس آیت میں علمِ ہندسہ کی بنیاد یعنی شکلِ مثلَّث کا تذکرہ ہے، جو اول الاشکال ہے(١)۔

ملاحظہ: شکل: (علم ہَندسہ میں) جسم کی وہ ہیئت ہے جو چند حدود کے ساتھ محدود ہو۔ مطلق شکل کے وجود کے لیے کم از کم تین خطوطِ مستقیمہ کا اِحاطہ ضروری ہے، گویا شکلِ مثلَّث اَول الاشکال ہے۔ تفصیل کے لیے دستور العلماء (١٦٠/٢) ملاحظہ فرمائیں۔

ملحوظہ: ترجمۃ الباب محدثین کی ایک اصطلاح ہے، اس کا مفہوم بھی تقریباً عنوان کے مفہوم سے قریب قریب ہے۔ واللہ اعلم

---

(١) عُنوان، مُعنُوَن: کسی بھی چیز کو جس لفظ سے تعبیر کیا جاتا ہے، اُس لفظ کو ''عنوان'' کہتے ہیں، اور اُس چیز کو ''معنون'' کہتے ہیں۔ (توضیح المنطق: ٢٠ حاشیہ) العنوانُ: نام، سرخی، دیباچہ، پتہ، ہر وہ چیز جس سے دوسری بات کا پتہ لگایا جائے، المُعنُوَنُ: مضمون جس کا عنوان لگایا جائے۔ (القاموس الوحید)

العَوارِضُ الذّاتيّةُ: هيَ الأمورُ الخارِجةُ عنِ الشّيءِ اللاّحقَةُ لهُ لمَا هُوَ هُوَ، أي بالذّاتِ، كالتّعجُّبِ اللاّحقِ لذاتِ الإنسَانِ منْ غَيرِ وَاسِطةِ أمْرٍ آخَرَ؛ أوْ لجُزءِهِ [الأعم]، كالحَرَكَةِ بالإرَادةِ اللاّحِقةِ للإنْسَانِ بوَاسِطةِ كوْنهِ حيَواناً [أو لجزئه المساوي، كالإدراك اللاحق للإنسان بواسطة كونه ناطقاً]؛ أوْ بِوَاسِطةِ أمْرٍ خَارِجٍ عَنهُ مُسَاوٍ لهُ، كالضِّحكِ العَارِضِ للإنْسَانِ بوَاسِطَةِ التّعجُّبِ، ويَحصُلُ لكَ التّعجُّبُ.

ومَاسِوىٰ هٰذهِ الأعْرَاضِ الأعْرَاضُ الغَرِيْبَةُ. (دستور العلماء۲/۲۷۳)

عوارضِ ذاتیہ: (۱) چیز کی حقیقت سے خارج وہ عوارض واحوال ہیں جو معروض کو بلا واسطہ پیش آتے ہوں، جیسے: تعجب انسان کو بلا واسطہ عارض ہوتا ہے۔

(۲) یا وہ عوارض ہیں جو معروض کو بہ واسطۂ جزوِ اعم عارض ہوں، جیسے: بالِا رادہ حرکت کرنا انسان کو بہ واسطۂ حیوان عارض ہوتا ہے، جو حیوان انسان کی حقیقت یعنی حیوانِ ناطق کا جزوِ اعم ہے۔

(۳) یا وہ عوارض ہیں جو معروض کو جزءِ مساوی (امر مساوی داخل) کے واسطے سے عارض ہوں، جیسے: انسان کو ادراک عارض ہوتا ہے بہ واسطۂ ناطق کے، اور ناطق انسان کا مساوی ہے، اور اُس کی حقیقت میں داخل ہے۔

(۴) یا وہ عوارض ہیں جو معروض کو حقیقت سے خارج امر مساوی کے واسطے سے عارض ہوں، جیسے: ہنسنا، انسان کو تعجب کے واسطے سے عارض ہوتا ہے: پس ہنسنا عارض ہے، انسان معروض ہے، اور تعجب انسان کا مساوی ہے، یعنی ان دونوں میں تساوی کی نسبت ہے، -کہ ہر متعجب انسان ہے، اور ہر انسان متعجب

ہے-؛ لیکن انسان کی حقیقت -حیوان ناطق- سے خارج ہے۔ اِن عوارضات کے عِلاوہ مابقیہ عوارض ''عوارضِ غریبہ'' کہلاتے ہیں۔

ملحوظہ: دستور العلماء میں عوارض ذاتیہ کی تین قسمیں مذکور ہیں، مربع کالم میں بڑھائی ہوئی چوتھی قسم کشاف سے مأخوذ ہے۔

العَوارِضُ الغرِيبةُ : (ويُقالُ لها: العوارضُ العُرفيَّةُ أيضاً)، وهيَ: العَوارضُ لأمرٍ خَارجٍ أعَمَّ منُ المَعروُضِ، كالحَرَكةِ اللاحِقَةِ لِلأبْيَضِ، بوَاسِطةِ أنَّهٗ جِسْمٌ، وهوَ أعَمُّ منُ الأبيَضِ وغَيرِه. والعَوارِضُ للخَارجِ الأخَصِّ، كالضِّحْكِ العَارضِ للحيَوانِ بوَاسِطةِ أنَّهُ إنْسَانٌ، وَهوَ أخَصُّ منُ الحيَوانِ. والعَوارِضُ بسَببِ المُبَاينِ، كالحَرَارَةِ العَارِضَةِ للمَاءِ بسَببِ النَّارِ، وهيَ مُبايِنةٌ لهٗ. (دستور العلماء۲/۲۷۳)

عوارضِ غریبہ: وہ عوارض ہیں جو معروض کو یا بہ واسطۂ امرِ اَعم عارض ہوں، جیسے: حرکت کرنا، مثلاً: ذات ابیض کاغذ کو بہ واسطۂ جسم عارض ہوتا ہے، اور جسم، اَبیض سے عام ہے، (یعنی سفید کاغذ کو جسم ہونے کی حیثیت سے حرکت لگی جس حرکت کے نتیجے میں کاغذ کی سفیدی بھی حرکت میں آئی)۔

یا بہ واسطۂ امرِ اَخص عارض ہوں، جیسے: ضحک حیوان کو بہ واسطۂ انسان عارض ہوتا ہے، اور انسان، حیوان سے خاص ہے۔

یا بہ واسطۂ امرِ مباین عارض ہوں، جیسے: حرارت پانی کو بہ واسطۂ نار عارض ہوتی ہے، اور آگ پانی میں تباین کی نسبت ہے، کہ آگ کا کوئی فرد پانی نہیں، اور پانی کا کوئی فرد آگ نہیں۔

العيب: مَا يَخلوُ عنهُ أصلُ الفِطرةِ، فالحِنطَةُ قدْ تَكونُ رَديَّةً فيُ أصلِ الخِلقةِ. فعُلمَ أَنَّ الرَّداءَةَ فيُ الحِنطةِ لَيستُ بِعَيبٍ. (حاشيۂ ھدایہ ٣/٢٣٩)

عیب: وہ نقص اور خرابی ہے جس سے اصل فطرت خالی ہو؛ چناں چہ گیہوں بسا اوقات فطری طور پر ردّی ہوتے ہیں، معلوم ہوا کہ ردّی ہونا گیہوں میں عیب نہیں ہے۔ (فطرت: وہ بنیادی حالت وکیفیت جس پر موجودکاؤ جود ابتدا سے قائم ہو)۔

عَینُ الیقینِ: باب العین کے تحت ''علم الیقین'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الغرض والغاية: باب العین کے تحت ''علت غائی'' کے حاشیے میں ملاحظہ فرمائیں۔

الغلَط: المُخالِفُ لِلوَاقعِ مِن غيرِ قَصد، ما لمْ يُعرَفْ وجهُ الصَّوابِ فيهِ. (التعريفات الفقهية: ١٥٨)

غلَط: بلا قصد خلافِ واقعہ بات، جس میں درستگی کی کوئی توجیہ معلوم نہ ہوسکے، (جیسے: جاء ني نثار کے بہ جائے جاء ني حمار زبان سے نکل گیا)۔

الغني: باب الفاء کے تحت ''فقیر'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

باب الفاء

الفاسد: باب الباء کے تحت ’’باطل‘‘ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الفاصلۃ: باب الواو کے تحت ’’وزنِ شعری‘‘ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الفاءُ الفصیحۃ: هيَ الفاءُ الدّاخلةُ علىٰ جَزاءِ الشَّرطِ المَحذوفِ، فَهيَ تُفصِحُ عَن شَرطِها وتُظهِرُ، (كقوله تعالىٰ: فإذا هم بالساهرة. [النازعات:۱۳]) (دستور۳/۱۳)

فائے فصیحہ: (مرادِ متکلم کو ظاہر کرنے والی) وہ فاء ہے جو شرطِ محذوف کی جزاء پر داخل ہو، اپنی شرط کو واضح اور ظاہر کرتی ہے، (جیسے باریٰ تعالیٰ کے فرمان: جو لوگ قیامت کو مُستبعَد کہتے ہیں وہ سمجھ لیں کہ، ہم کو کچھ مشکل نہیں؛ بلکہ ’’وہ بس ایک ہی سخت آواز ہوگی جس سے سب لوگ فوراً ہی میدان میں آموجود ہوں گے‘‘۔ اِس آیت میں فائے فصیحہ اور شرط مقدر ہے، یعنی: إذا نفخ في الصور شرط ہے، ترکیب یہ ہے: إذا مفاجاتیہ، هم مبتدا، بالساحرة كائنون محذوف کے متعلق ہوکر خبر، مبتدا اپنی خبر سے مل کر شرطِ محذوف کی جزا، شرط اپنی جزا سے مل کر جملہ شرطیہ جزائیہ ہوا۔

الفتاویٰ: باب الشین کے تحت ’’شرح‘‘ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

فَحوَی الکلام: باب المیم کے تحت ’’مفہومِ موافق‘‘ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الفرُد: باب الشین کے تحت ’’شعر‘‘ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الفَرُضُ :هوَ لغَةً التَّقدِيرُ، وشَرُعاً: مَاثَبتَ بدَليلٍ قَطُعِيٍّ لا شُبهَةَ فيهِ. (مبادئ الأصول:٣٧)

فرض: لغوی معنیٰ: مقرر کرنا، اصطلاحی معنیٰ: وہ حکم جو ایسی دلیلِ قطعی سے ثابت ہو جس میں شک کی کوئی گنجائش نہ ہو۔

الواجِبُ: منُ الوُجوُبِ، وهوَ السُّقوُطُ. وشَرُعاً: ماثَبتَ بدَليلٍ فيهِ شُبُهةٌ، كـالآيـاتِ المُؤوَّلةِ، والصَّحيُحِ منُ أخُبارِ الآحَادِ، كصَلاةِ الوِتر والعِيدَينِ. (مبادئ الأصول)

واجب: وجوب سے مشتق ہے، لغوی معنیٰ: (بلا اختیار) گرنا۔ اصطلاحی معنیٰ: وہ حکم جو ایسی دلیل سے ثابت ہو جس میں شبہ کی گنجائش ہو، جیسے: آیاتِ مؤولہ سے ثابت ہونے والا حکم، اور صحیح اخبارِ آحاد، جیسے: وتر اور عیدین کی نمازیں۔

السُّنَّة: لغَةً: الطَّريقَةُ، وشَرُعاً: مَاواظَبَ عَليهِ الرَّسوُلُ أوُ الخُلَفاءُ الرَّاشِدونَ منُ بَعدِهٖ. (مبادئ الأصول)

سنت: لغوی معنیٰ: راستہ، اصطلاحی معنیٰ: وہ طریقہ جس پر اللہ کے رسول ﷺ نے یا آپ کے بعد خلفائے راشدین نے مواظبت کی ہو۔

النَّفُلُ : لغَةً الزِّيادَةُ، وشَرُعاً: مَا هوَ زِيادَةٌ علَى الفَرائضِ والوَاجبَاتِ؛ ويُقالُ لهُ: التَّطوُّعُ والمَندُوبُ أيُضاً. (مبادئ الأصول)

نفل: لغوی معنیٰ: زیادتی، اصطلاحی معنیٰ: وہ عبادت ہے جو فرائض اور واجبات سے زائد ہو، اور اِسی نفل کو ''تطوّع'' اور ''مندوب'' بھی کہتے ہیں۔

الفرُع: باب التاء کے تحت ''تفریع'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الفصل :(مناطقہ کے نزدیک) باب الکاف کے تحت ’’کلیاتِ خمسہ‘‘ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الفصل: باب الکاف کے تحت ’’کتاب‘‘ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الفطریّاتُ: باب المیم کے تحت ’’مقدمات یقینیہ‘‘ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الفعلُ :(مقابلِ انفعال) باب الالف کے تحت ’’اجناسِ عالیہ‘‘ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الفعلیَۃ: باب القاف کے تحت ’’قوت‘‘ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الفَقیرُ المُعتَمِلُ: هوَ الصَّحيحُ القادرُ –عَلَى الكَسبِ– المُحترِفُ.

الوَسطُ: (هوَ) الذيُ له ضِياعٌ وَيَعمَلُ بِنفسِهِ.

الغنيُّ : (هوَ) الذيُ لاحاجةَ لهُ إِلىٰ عَملِهِ، لِكثرةِ أَموالِهِ وَغِلمانِهِ فهوَ الغَنيُّ.

وَقالَ عِيسَى ابنُ أَبانَ رح: الفَقيرُ هوَ الذيُ يأخذُ منُ كسبِهِ، وَلا غلَّةَ لهُ؛ فإنُ كانَ لهُ غَلّةٌ إِلاّ أَنَّها لاتَزيدُ عَلىٰ نفقتِهِ فهوَ وسُطُ الحالِ، (فإذا زادتُ) عليهِ فهُوَ غنيٌّ. (دستور العلماء١/٤٥٨)

فقیرِ معتمل: (خود) کمائی کرنے والا تن دُرُست آدمی (جس کے پاس جائداد اور اموال وغلمان نہ ہوں)۔

وسَط: (اوسط درجے والا) وہ آدمی ہے جس کے پاس جائداد (مکان، زمین واراضی) ہو اور بذاتِ خود کاروبار کرے۔

غنی: (آسودہ حال، دَولت مند) وہ آدمی ہے جس کے پاس اسبابِ معیشت (مال ودولت، حَشم وخَدم) کی بہُتات ہو، جس کی وجہ سے (بذاتِ خود) کاروبار کرنے کی ضرورت نہ ہو۔

عیسیٰ بن ابانؒ فرماتے ہیں: فقیر وہ آدمی ہے جو اپنی کمائی سے کھاتا ہو، اور اُس کے پاس اناج کا ذخیرہ نہ ہو؛ پس جس کے پاس غلہ (اناج کا ذخیرہ) ہو؛ مگر اُس کے نفقہ سے زائد نہ ہو تو وہ ''وسط الحال'' ہے؛ اور جس کے پاس اُس سے بھی زیادہ مال ہو تو وہ ''غنی'' ہے۔

فکر: باب النون کے تحت ''نظر'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

فی البدیہ: باب الشین کے تحت ''شعر'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔ (۱)

---

(۱) فی نفسہٖ، بنفسہٖ، لنفسہٖ: وُجود کی اِن تینوں قِسموں کے درمیان فرق حسبِ ذیل ہے:

في نفسہٖ: کی نسبت اُس شئ کی طرف کی جاتی ہے جو شئ اپنے وجود میں فارض کے فرض (تسلیم کرنے والے کا تسلیم کرنے) کی طرف محتاج نہ ہو، اگرچہ محل کی طرف محتاج ہو، جیسے: سفید کپڑا، کہ اِس میں سفیدی کا وجود فارض کے فرض کی طرف محتاج نہیں ہے؛ لیکن اُس کا وجود محل یعنی کپڑے کی طرف محتاج ہے، بہ ایں طور کہ کپڑے کا وجود منتفی ہوتے ہی سفیدی کا وجود بھی ختم ہو جائے گا، جو بہ واسطۂ کپڑا نمودار ہوا ہے۔

بنفسہٖ: کی نسبت اُس شئ کی طرف کی جاتی ہے جو نہ فارض کے فرض کی طرف محتاج ہو، نہ محل کی طرف محتاج ہو، (ہاں! فاعل یعنی موجِد کا محتاج ہو)، جیسے: حیوان۔

لنفسہٖ: کی نسبت اُس شئ کی طرف ہوتی ہے جو نہ فارض کے فرض کی طرف محتاج ہو، نہ محل کی طرف اور نہ فاعل کی طرف، جیسے: وجودِ باری تعالیٰ نہ فارض، نہ محل اور نہ فاعل کی طرف محتاج ہے۔ (مآرب الطلبہ: ۱۹۲)

باب القاف

القاعدة: هيَ قضيةٌ كليَّةٌ مُنطبِقةٌ علىٰ جميعِ جزئيَّاتها.

(التعريفات الفقهية: ١٦٩)

قاعدہ: وہ قولِ کلی ہے جو اپنے ماتحت تمام جزئیات پر مشتمل ہو، (جیسے: سود کے باب میں مشہور روایت: الذهب بالذهب والفضة بالفضة والبر بالبر والشعير بالشعير والتمر بالتمر والملح بالملح مثلا بمثل سواء بسواء يدا بيد. [حاشيۂ هداية] ایک قاعدۂ کلیہ ہے جو بہت سی جزئیات پر مشتمل ہے)۔

القاعدة المُطّرِدة: الاطرادُ: هوَ الجريُ علىٰ نَسَقٍ واحدٍ. فالقاعِدَة المطَّردةُ: هيَ التيُ تخلوُ مِن الشُّذوذِ والاستثناءاتِ، (نحو: كل مضاف إليه مجرور). (موسوعة: ١٠٨)

قاعدۂ مطردہ: ایک ہی نہج پر جاری رہنے والا دستور، جو مخالفتِ اُصول اور استثنائی حالات (مخصوص حالات) سے بَری اور پاک ہو، (جیسے: نُحات کا قاعدہ کہ: ”مضاف الیہ ہمیشہ مجرور ہوتا ہے“ اِس میں کسی نحوی کا اختلاف نہیں)۔

الاطِّرَادُ: اِطَّرَدَ اِفتعال سے الكَلامُ والحَديثُ: بات چیت کا ایک طرز و نہج پر جاری رہنا۔

الضابطة: حُكمٌ كليٌّ ينطَبقُ علَى الُجزئيَّات. (التعريفات الفقهية: ١٣٣)

ضابطہ: (دستور العمل) وہ حکمِ کلی ہے جو اپنی تمام جزئیات پر منطبق ہوتا ہو۔

القانون: أمرٌ كلّيٌ منطبِقٌ علىٰ جزئيّاتِه التي تُعرفُ أحكامُها منهُ، كقولِهم: الفاعلُ مرفوعٌ. (التعريفات الفقهية: ١٦٩)

أو: قضية كلية يُتعرَّف منها أحكام جزئيات موضوعها، كقول النحاة: كل فاعل مرفوع. (شرح تهذيب: ٨)

قانون: وہ امرِ کلی ہے جو اپنی اُن تمام جُزئیات پر منطبِق ہوتا ہو جن کے احکام اُس کے تحت متعارَف (ظاہر) ہوں، جیسے نحات کا قول: الفاعِلُ مَرْفُوْعٌ: ہر فاعل مرفوع ہوتا ہے(۱)۔

ملحوظہ: مذکورہ بالا تعریفات سے معلوم ہوا کہ قاعدہ، قانون اور ضابطہ؛ الفاظِ مترادفہ میں سے ہیں۔

القَافيةُ: هيَ آخرُ البيتِ، سَواءٌ أكانَتِ الكَلِمَةُ الأَخِيرَةُ مِنهُ عَلىٰ زَعْمِ الأَخفشَ، كلفظَةِ "مَوْعِد" فيْ قولِ زُهير: [الطويل]

تَزَوَّدْ إِلىٰ يَومِ الـمَمَاتِ فَإِنَّهُ		وَلَوْ كَرِهَتْهُ النَّفْسُ آخِرُ مَوْعِدِ

أوْ كمَا قالَ الخَليلُ: هيَ منْ آخرِ سَاكنٍ فيْ البَيتِ، إلىٰ أقرَبِ سَاكنٍ يَليهِ مَعَ المُتحرِّكِ الذيْ قبلَهُ، وعَليهِ تكونُ القَافيةُ:

إمَّا كلمةً: كلفظةِ "مَوْعِد" فيْ بيتِ زُهيرٍ السَّابقِ؛ أوْ أكثرَ مِنْ كلمَةٍ، مثلُ: لَمْ يَنَمْ، فيْ قَوْلِ الشَّاعرِ: [الرَّجز]

---

(۱) امرِ کلی سے جزئیات کے احکام معلوم کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ، امرِ جزئی کو صغریٰ میں ذکر کریں، پھر اُس امرِ کلی کو کبریٰ کی جگہ لائیں، جیسے: قام زیدٌ: مثال میں زیدٌ فاعِلٌ (صغریٰ ہے)، وکلُّ فاعِل مَرفوعٌ (کبریٰ ہے)، فزَیدٌ مَرفوعٌ (نتیجہ ہے)۔

لِكُلِّ مَا يُؤْذِي وإنْ قَلَّ أَلَمُ		مَا أَطْوَلَ اللَّيْلَ عَلىٰ مَنْ لَمْ يَنَمْ

أَوْ بعضَ كلمةٍ، مثلُ: لَاْلَاْ، مِنْ: زُلَاْلَاْ، فِيْ قولِ بَعضِهم:

[الوافر]

وَمَنْ يَكُ ذَا فَمٍ مُرٍّ مَرِيْضٍ		يَجِدْ مُرّاً بِهِ الماءَ الزُّلَاْلَاْ

(ميزان الذهب: ۱۲۳)

قافیہ: (بہ قولِ امامِ اخفشؒ) بیت کا آخری کلمہ، جیسے: زہیر کے شعر میں لفظِ مَوْعِدُ، (کہ وہ بیت کا کلمۂ اخیر ہے)۔

(بہ قولِ امامِ خلیل نحوی) بیت کے اخیر میں آنے والے حرفِ ساکن سے پہلے والا حرف ساکن اپنے ماقبل جس حرفِ متحرک سے ملا ہوا ہے، اُس حرفِ متحرک سے اخیر تک آنے والے حروف کو ’’قافیہ‘‘ کہتے ہیں، چاہے یہ (دو حروف ساکنہ مع ماقبل حرف متحرک ایک ہی کلمے میں ہوں)، جیسے: مَوْعِد، کہ دو حروف ساکن (واو اور دال) مع ماقبل حرفِ متحرک (میم) ایک کلمے میں جمع ہیں؛ یا یہ تینوں حروف ایک سے زائد کلموں میں ہوں، جیسے: لَمْ يَنَمْ، کہ ساکنِ اول (میمِ اول) مع ماقبل حرفِ متحرک (لام) ایک کلمہ میں ہیں، اور ساکنِ ثانی (میمِ ثانی) دوسرے کلمے میں ہے؛ یا یہ حروف ایک کلمہ سے کم میں پائے جائیں، جیسے: لَاْلَاْ کلمۂ زُلَاْلَاْ میں، کہ ساکنِ اول (الفِ اول) اور اُس سے پہلے والا حرفِ متحرک (لامِ اول)، نیز ساکنِ ثانی (الف ثانی) بعضِ کلمہ میں پائے جاتے ہیں۔

الحاصل! آخری دو ساکنوں سے پہلے جو حرف متحرک ہو وہاں سے آخری شعر تک جتنے حروف ہیں، اُن کے مجموعے کو قافیہ کہتے ہیں، لہٰذا کبھی پورا کلمہ یا بعضے

کلمہ یا زائد از کلمۂ واحدہ سے بھی قافیہ بنتا ہے۔

الفَاصِلةُ: باب الواو کے تحت ''وزنِ شعری'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

السَّجْعُ: هوَ تَواطُؤُ الفَاصِلتَينِ منَ النَّثْرِ علىٰ حَرْفٍ واحدٍ فيْ الآخِرِ، (كقول صاحب التهذيب: لازَالَ لهٗ مِنَ التَّوفِيق قِوامٌ، ومِنَ التأيِيْد عِصَامٌ، وعَلَى الله التَّوَكل وبِهِ الاعْتِصَام). (كتاب التعريفات: ۸۵)

سجع: کلامِ منثور میں دو فاصلوں کے آخرِ الفاظ کا آخری حرفوں کی شکل (حرکت وسکون) میں یکساں اور موافق ہونا، (جیسے صاحبِ تہذیب المنطق کا فرمان: لازَالَ لَهٗ إلخ: ہمیشہ رہے اُس (بیٹے) کے لیے توفیقِ خداوندی کا سہارا، اور تائیدِ الٰہی کی پناہ، اور اللہ ہی پر اعتماد اور بھروسہ ہے، اور اُن ہی کا دامن تھامنا ہے۔ اِس مثال میں فِعَال کا وزن ہے، اور اخیر میں الف اور میم آ رہے ہیں)۔

فائدہ: فاصلہ: (علمِ عروض میں) اُن تین متحرک حرفوں کی شکل کو کہتے ہیں جن کے ساتھ چوتھا حرف ساکن ہو، جیسے: کَتَبَتْ، یہ فاصلۂ صغری ہے، اور اگر چار متحرک حرفوں کے ساتھ پانچواں حرف ساکن ہو تو اُس شکل کو ''فاصلۂ کبریٰ'' کہا جاتا ہے، جیسے: سَمِعَهُمْ۔

السَّجْعُ المُتَوازِيْ: هوَ أنْ يُراعَى فيْ الكلمَتينِ الوَزْنُ وحرْفُ السَّجْعِ، كالمَحْيَا والمَجرىٰ، والقَلَمُ والنَّسَمُ. (كتاب التعريفات: ۸۵)

سجعِ مُتوازی: وہ سجع ہے جس کے دو کلمے حرفِ سجع میں یکساں ہونے کے ساتھ وزنِ عروضی میں بھی موافق ہوں، جیسے: المَحْيَا والمَجْرَى، والقَلَمُ والنَّسَمُ۔

ملحوظہ: وزنِ عروضی کی تعریف باب الواو کے تحت ''وزن شعری'' کے ضمن

میں ملاحظہ فرمائیں۔

السَّجْعُ المُطرِّفُ: هوَ أنْ تَتَّفِقَ الكلمَتَانِ فيْ حرُفِ السَّجعِ لا فيْ الوَزْنِ، كالرَّمِيْمِ والأُمَمِ. (كتاب التعريفات)

سجعِ مطرف: وہ سجع ہے جس کے دو کلمے حرفِ سجع میں یکساں ہوں نہ کہ وزنِ عروضی میں، جیسے: الرَّميم والأممِ(۱)۔

الرَّوِيُّ: هوَ الحَرُفُ الذيْ تُبْنىٰ عَليهِ القَصِيدَةُ وتُنسَبُ إليْهِ، فيُقالُ: قَصيدَةٌ دَاليَّةٌ، أوُتائيَّةٌ. (كتاب التعريفات)

روی: قافیے کا سب سے پچھلا بار بار آنے والا حرف جس پر نظم وقصیدہ کی بنیاد ہو، اور وہ قصیدہ اُسی حرف کی طرف منسوب ہو، جیسے کہا جاتا ہے: قصیدۂ دالیہ، قصیدۂ تائیہ۔

القانون: باب القاف کے تحت ''قاعدہ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

القبول: باب الالف کے تحت ''ایجاب'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

القُدرةُ: هيَ الصِّفةُ التيْ تَمكَّنَ الحيُّ معَها مِن الفِعْلِ وَتَركهِ بالإرادَةِ، أيْ كونُ الحيِّ بحيثُ يَصحُّ صُدورُ الفِعلِ عَنهُ وَعدمُ صُدورهِ بالقَصدِ ...... ثُمَّ اِعلمْ! أَن القُدرةَ التيْ يَتمكنُ بِها العَبدُ وَعَليها مَدارُ التَّكليفِ هِيَ بِمعنىٰ سَلامةِ الأسْبابِ وَالآلاتِ. (دستور۳/۶۳، ۶۵؛ كتاب التعريفات بيروت: ۱۲۲)

---

(۱) قافیہ یا تو کلام اللہ میں ہوگا یا کلام الناس میں ہوگا؛ اگر کلام اللہ میں ہے تو اُس کو ''فاصلہ'' کہتے ہیں، اور کلام الناس میں ہے تو اُس کی دو صورتیں ہیں: یا تو کلام نثر میں ہوگا، یا کلامِ نظم میں ہوگا؛ اگر نثر میں ہے تو اُس کو ''سجع'' کہتے ہیں، اور نظم میں ہے تو اُس کو ''قافیہ'' کہتے ہیں۔

قدرت: زندہ آدمی میں وہ خوبی ہے جس سے بندہ اپنی مرضی کے مطابق عمل کرنے اور چھوڑنے پر قابو پالے۔

ملاحظہ: وہ صفتِ قدرت جس کی وجہ سے بندہ بالاختیار کسی کام پر قابو پاتا ہے، اور جس پر (شریعتِ مطہرہ نے) شرعی حکم دینے اور مکلّف بنانے کا مدار رکھا ہے، وہ اسباب وآلات کا صحیح سالم ہونا ہے، (جیسے: نماز پڑھنے والے کے لیے استقبالِ قبلہ کا حکم ہے؛ لیکن اگر کوئی آدمی زیادہ بیمار ہے، یا اُس کو دشمنوں کے حملہ کرنے کا خوف ہے، تو وہ جس جہت میں ہوگا وہی اُس کا قبلہ شمار ہوگا، گویا قدرت کے فقدان سے استقبالِ قبلہ کا حکم اُس سے ساقط ہوگیا)۔

الاستطاعة: عَرَضٌ يَخلُقُهُ اللّٰهُ تَعالىٰ فِي الحَيَوانِ، يَفعَلُ بِهِ الأَفعالَ الاِختِيارِيَّةَ. (دستور العلماء١/٧٢)

استطاعت: وہ عرض (قائم بالغیر چیز) ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے جاندار میں پیدا کیا ہے، جس کے ذریعے سے وہ اختیاری کاموں کو انجام دیتا ہے، (مثلاً کھانے، پینے اور نماز پڑھنے کی طاقت کا ہونا)۔

القدرة المُمكّنة: عبارةٌ عنْ أدنىٰ قوّةٍ يَتمكنُ بها المأمورُ منْ أَداءِ ما لزِمهُ، بَدَنِيّاً كانَ أَو ماليّاً. (كتاب التعريفات بيروت:١٢٢)

قدرتِ ممکّنہ: بدنی یا مالی مأمور بہ کو ادا کرنے پر (آخری درجے کی) قدرت جس سے بندہ ادائیگیٔ وجوب پر قابو پا سکے، (جیسے: کوئی آدمی ایسے وقت بالغ ہوا کہ اب پاکی حاصل کرنے کے بعد صرف تکبیرِ تحریمہ کہہ سکتا ہے، تو اُس پر نمازِ ظہر فرض ہو جائے گی؛ کیوں کہ ہوسکتا ہے کہ باری تعالیٰ سورج کی گردش روک

لے (جیسا کہ ماضی میں ہوا ہے)، اور مکلّف اپنی نماز پوری کر لے)۔

القدرة المُيسِّرة: ما يُوجِبُ اليُسرَ علَى الأداءِ، وهيَ زائدةٌ علَى القُدرةِ المُمَكِّنةِ بدرَجةٍ واحدةٍ فِي القوَّةِ، إذْ بِهَا يَثبتُ الإمكانُ ثمَّ اليُسرُ، بخلافِ الأوْلىٰ إذْ لايثبتُ بها الإمْكانُ. (أيضا)

قدرتِ مُیسِّرہ: بدنی یا مالی مأمور بہ کو ادا کرنے کی وہ قدرت جس سے بندہ بہ آسانی وجوب کو ادا کر سکے، جیسے: نصاب کے بہ قدر مال پر سال گزرنے کے بعد ادائیگیٔ زکوۃ کا حکم ہوگا؛ لیکن مکمل سال کے گذر جانے کے بعد اگر پورا ہی نصاب ہلاک ہوجائے، تو ''قدرت میسرہ'' کے مفقود ہونے کی وجہ سے ادائیگی ساقط ہوجائے گی۔

ملاحظہ: قدرت میسرہ قوت میں قدرتِ ممکنہ سے ایک درجہ بڑھی ہوئی ہے؛ اِس لیے کہ ممکنہ میں مأمور بہ کو کرسکنا (ممکن ہونا) ہی کافی ہے، جب کہ میسرہ میں اِمکان کے ساتھ سہولت اور آسانی بھی ملحوظ ہوتی ہے۔

القدمُ الذاتي: باب الحاء کے تحت ''حادث'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

القدمُ الزماني: باب الحاء کے تحت ''حادث'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

القرينة: هُوَ ما يَدلُّ علىٰ تَعيِينِ المرادِ باللفْظِ أوْ علىٰ تعيينِ المَحذوفِ. أوْ أمرٌ يُشيرُ إلَى المَطلوبِ بلا وضع. (كتاب التعريفات: ١٢٣، بيروت؛ دراية النحو: ٧٩)

قرینہ: وہ (لفظی یا معنوی) مناسبت اور انداز ہے جو بلا وضع ملفوظ کے منشأ اور مطلب کو مقرّر کرنے یا محذوف کی تخصیص پر دلالت کرے، (لفظی قرینہ، جیسے: ضَرَبَتْ مُوسیٰ حُبْلیٰ، ضربت کا فاعل حبلیٰ ہے جو فعل کی تانیث سے معلوم ہوا؛ معنوی قرینہ: جیسے: أَکَلَ الکُمَّثْریٰ یَحْییٰ، میں أکل کا فاعل: یحییٰ ہے)۔

التَّقسِيمُ: (مُرادِفُ القِسْمَةِ) سَواءٌ كانَتْ قِسْمَةُ الكُلِّ إلَى الأَجْزاءِ، أوْ قِسْمَةُ الكُلِّيِّ إلىٰ جُزْئِيَّاتِهِ حَقِيْقِيَّةً أوْ اعْتِبارِيَّةً. قالَ مِرْزا زاهِدُ: التَّقسِيمُ: عِبارَةٌ عَنْ إِحْداثِ الكَثْرَةِ فِي المَقْسُوْمِ، فهوَ يَتَحَقَّقُ حَقِيْقِيَّةً، إِذَا كَانَ المَقْسُوْمُ مُتَّحِداً مَعَ الأَقْسامِ قَبلَ القِسْمَةِ. (کشاف۳/ ۵۶۶)

تقسیم اور قسمت کے معنیٰ: تقسیم: کُل کا اپنے اجزاء کی طرف یا کُلی کا اپنی جزئیات کی طرف بٹوانا، چاہے حقیقتاً ہو یا محض اعتباری ہو۔

تقسیم: قابل تقسیم چیز کا اجزاء (اقسام) میں بٹوارا کرنا۔

تقسیمِ حقیقی: تقسیم سے پہلے مقسوم اپنی اقسام کو شامل ہو تو اُس کو تقسیمِ حقیقی کہتے ہیں، (جیسے: ایک مَن گیہوں کو دو حصوں میں تقسیم کرنا ’’تقسیم حقیقی‘‘ ہے، اور کلمہ کو تین افراد (اسم، فعل اور حرف) میں تقسیم کرنا ’’اعتباری‘‘ کہلاتا ہے)۔

القِسْم: -بالكَسرِ- النَّصيبُ أوِ الجُزْءُ مِن الشَّيءِ المَقْسُوْمِ.
قسم: شئِ مقسوم (تقسیم شدہ چیز) کا حصہ یا جزء۔

قِسْمُ الشَّيءِ: ما يَكُون مُنْدرِجاً تَحتَهُ، كالاسْمِ للكلمَةِ.
قسمِ شئ: مقسم کا ایک فرد جو مقسم کے تحت میں آئے، جیسے: اسم، کلمہ کے

تحت میں آتا ہے۔

قسيم الشيء: ما كانَ مُقابِلاً للشيءِ مُندرِجاً معَهُ تَحتَ شَيءٍ آخرَ، كالتَّصوُّرِ للتصديقِ المُندرجَينِ تَحتَ العِلمِ. (دستور۳/۷۸)

قسیم: کسی مقسم کے تحت آنے والے افراد جو باہم ایک دوسرے کے مقابل ہوں، جیسے: اسم فعل اور حرف تینوں آپس میں قسیم ہیں اور یہ تینوں اپنے مقسم (کلمہ) کے تحت داخل ہیں۔ اسی طرح تصور وتصدیق آپس میں قسیم ہیں جو دونوں علم: مقسم کے تحت میں آتے ہیں۔

الصِّنفُ: هوَ النَّوعُ المُقيَّدُ بقَيدٍ عَرَضِيٍّ، كالانسانِ الرُّومِيِّ.

(دستور العلماء۲/۱۸۲؛ حاشیۂ هدایه۴/۱۸۱)

صنف: وہ نوع ہے جو غیرِ ذاتی قید سے مقید ہو، جیسے: رومی آدمی (یعنی نوع کا ایک فرد)۔

النَّوعُ: (فِي عرفِ الأصولِيِّينَ) كلِّيٌّ مَقولٌ علىٰ كَثيرِينَ مُتَّفِقِينَ بالأغرَاضِ، كالرَّجُلِ والمَرأةِ. (وفي عرفِ المَنطِقيِّينَ) كلِّيٌّ مَقولٌ عَلىٰ كثيرِينَ مُتَّفِقِينَ بالحَقيقَةِ. (دستور العلماء۳/۲۹۲)

نوع: (اہلِ اصول کے نزدیک) وہ کلی ہے جو ایسی جزئیات پر بولی جائے جن کی غرض (مقصد) ایک ہو، (جیسے: مرد اور عورت دونوں اہلِ اصول کے نزدیک الگ الگ انواع ہیں؛ کیوں کہ دونوں کی اَغراض مختلف ہیں)۔

نوع: (مناطقہ کے نزدیک) وہ کلی ذاتی ہے جو ایسی جزئیات پر بولی جائے جن کی حقیقت ایک ہو، (جیسے: انسان، چاہے مرد ہو یا عورت)۔

القَصْرُ: (فِي الاصْطلاحِ) تَخصِيصُ شَيءٍ بِشَيءٍ وحَصْرُهٗ فيْهِ، ويُسَمَّى الأمْرُ فيهِ مَقصوُراً، والثَّانيْ مَقْصُوْراً عليْهِ، كقَوْلنَا فيْ القَصْرِ بَينَ الـمُبتَدأِ والخَبرِ: إنَّمَا زَيدٌ قائِمٌ؛ وبَينَ الفِعْلِ والفَاعِلِ: ماضَربْتُ إلَّا زَيداً(١). (كتاب التعريفات ص: ٤٠)

قصر وحصر: (علمائے معانی کے نزدیک) ایک چیز کو دوسری چیز کے ساتھ (کسی مخصوص طریقے سے) خاص کرنا؛ جس کو خاص کیا جائے اُس کو مقصور، اور جس چیز کے ساتھ خاص کیا جائے اُس کو ''مقصور علیہ'' کہتے ہیں، جیسے زید کو حالتِ قیام میں منحصر کرتے ہوئے کہنا: إنَّمَا زَيدٌ قائِمٌ، زید کھڑا ہی ہے (یہ مبتدا خبر کے درمیان حصر کی مثال ہے)؛ اور متکلم کا اپنے ضرب کو زید پر منحصر کرتے ہوئے کہنا: ماضَرَبْتُ إلَّا زَيداً، مَیں نے زید ہی کو مارا ہے، (یہ فعل اور معمولاتِ فعل کے درمیان حصر کی مثال ہے)۔

القَصرُ الحَقِيقيُّ: تَخصِيصُ الشَّيءِ بالشَّيءِ بِحَسَبِ

---

(١) المُلاحَظَة: أنَّ المَقصُورَ علَيهِ فيْ النَّفْيِ والاسْتِثنَاءِ هوَ مَابَعدَ أداةِ الاسْتثناءِ، نحوُ: ﴿وَمَا تَوفِيقِيْ إلَّا بِاللّٰهِ﴾ اور مجھ کو جو کچھ توفیق ہو جاتی ہے صرف اللہ ہی کی مدد سے ہے۔ والمَقْصورُ عَليْهِ معَ "إنَّمَا" يَكوْنُ مُؤخَّراً فيْ الجُملَةِ وُجوباً، نَحوُ: إنَّمَا الدُّنيَا غُرورٌ؛ والمَقصورُ عليْهِ مَعَ "لَا" العَاطفَةِ هوَ الوَاقعُ قبْلَهَا، والمُقابِلُ لمَا بَعدَها، نحوُ: الفَخْرُ بالعِلْمِ لا بالمَالِ؛ والمَقْصُورُ عليْهِ معَ "بَلْ" أوْ "لٰكِنَّ" العَاطفَتيْنِ هوَ الوَاقعُ مَابَعدَهمَا، نحوُ: مَاالفخْرُ بالمَالِ بَلْ بالعِلْمِ، ومَاالفَخْرُ بالنَّسَبِ لكنْ بالتَّقْوَى؛ والمَقصُورُ عليْهِ فيْ تَقديْمِ مَاحقُّهُ التَّأخيْرُ هوَ المقدَّمُ، نحوُ: عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا. (جواهر البلاغة: ١١٧)

فائدہ: اردو میں مقصور علیہ کا ترجمہ کرتے ہوئے لفظ ''ہی'' کو بڑھایا جاتا ہے۔

الحَقيقَةِ، وفي نفسِ الأمرِ بأنْ لايَتجاوَزَهُ إلىٰ غيرِهِ أصلاً، (نحو: "لاعالِمَ فِي المَدينَةِ إلَّا عَلِيٌّ" إذَا لَم يَكُنْ فِيهَا غيرُهٗ مِنَ العُلَمَاءِ).

قصرِ حقیقی: ایک چیز کو دوسری چیز کے ساتھ خاص کرنا بہ اعتبارِ حقیقتِ حال اورصورتِ واقعہ کے ہو، بہ ایں طور پر کہ مقصور، مقصور علیہ سے بالکل متجاوز نہ ہو، (جیسے: شہر میں اگر علی کے عِلاوہ واقعی کوئی عالم نہیں ہے تو اُس وقت "لا عالِمَ فِي المَدينَةِ إلَّا عَلِيٌّ" کہنا قصرِ حقیقی کہلائے گا)۔

القَصرُ الإضَافِيُّ: هوَالإضَافةُ إلىٰ شَيءٍ آخَرَ بأنْ لايَتجاوَزَهُ إلىٰ ذٰلكَ الشَّيءِ، وإنْ أمكَنَ أنْ يَتجاوزَهُ إلىٰ شَيءٍ آخَرَ فِي الجُملَةِ، (نحو: مَاعَلِيٌّ إلَّا قائمٌ أي إنَّ لهٗ صفةَ القِيامِ لَاصفةَ القُعودِ وَلَيس الغَرَضُ نَفيُ جَميعِ الصِّفَاتِ عَنهُ مَاعَدَا صِفةَ القِيامِ). (كتاب التعريفات: ١٢٤)

قصرِ اضافی: ایک چیز کو دوسری چیز کے ساتھ مخصوص کرنا کسی خاص چیز کی طرف نسبت واضافت کرتے ہوئے ہو، بہ ایں طور کہ یہ مقصور اُسی خاص مقصور علیہ کی طرف متجاوز نہ ہو، اگر چہ یہ مقصور اُس مخصوص مقصور علیہ کے عِلاوہ کی طرف متجاوز ہو، جیسے: (ہمارے مخاطب کا یہ دعویٰ ہو کہ علی (جو عالم اور سخی ہے) بیٹھا ہوا ہے، حالاں کہ وہ کھڑا ہے، تو اُس وقت یہ کہنا کہ: ماعلي إلا قائم علی کھڑا ہی ہے، بیٹھا ہوا نہیں ہے، جیسا کہ مخاطب کا گمان ہے۔ اِس جملے کے ذریعے متکلم نے علی کے لیے ایک شئ -یعنی صفتِ قعود- کی نفی کی ہے، دوسری صفات -مثلاً علم اور شجاعت- کی نفی نہیں کی؛ اِسی قبیل سے باری تعالیٰ کا فرمان: ﴿وَمَا مُحَمَّدٌ إلَّا رَسُولٌ﴾ اور محمد ﷺ نِرے رسول ہی تو ہے (کہ اُن کو موت نہ آسکے)۔

القصيدة: باب الشین کے تحت ''شعر'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

القَضاءُ: فيُ اللُّغةِ: بمعنَى الإلزامِ، وفيُ الشَّرعِ: قولٌ مُلزِمٌ يَصدُرُ عَنُ وِلايَةٍ عامَّةٍ. (کشاف۳/۵۸۳)

قضاء: لغوی معنیٰ: لازم وواجب کرنا، شریعت کی اصطلاح میں: ولایتِ عامہ رکھنے والے (قاضی) سے صادر ہونے والا واجب التعمیل حکم۔

قضاءً: (مقابلِ دیانۃً) تفصیل باب الدال کے تحت ''دیانت'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

القضايا: القضايا بِحسُبِ حُكمِ العَقلِ عَلىٰ مَوضوعَاتِها بِالوُجوبِ وَالإِمكانِ وَالاِمتِناع ثَلاثةُ اَقسَامٍ: وَاجِباتٌ وَمُمكنَاتٌ وَمُمتَنِعاتٌ. (دستور العلماء ۳/۱۰۰)

قضایا کے موضوعات پر وجوب، امکان اور امتناع کے ذریعے حکم لگانے کے اعتبار سے عقلی طور پر قضایا کی تین قسمیں ہیں: واجبات، ممکنات، ممتنعات۔

ملحوظہ: قضایا، قضیہ کی جمع ہے، اس کی تعریف وتفصیل عن قریب آرہی ہے۔

الواجبات: فهيَ القَضايا التّيُ يَحكُمُ العَقلُ بوُجوبِ وُجودِ مَوضوعَاتِها فيُ الخَارجِ، مِثلُ: الصَّانعُ مَوجودٌ، وَالصَّانعُ قَديمٌ.

واجبات: وہ قضایا ہیں کہ عقل اُن کے موضوعات کی بابت خارج میں وجوبی (لازمی) طور پر پائے جانے کا حکم لگائے، جیسے: صانعِ عالم موجود ہے، صانعِ عالم قدیم ہے۔

الممكنات: هيَ القَضايا التيُ يَحكُمُ العَقلُ بإمكانِ وُجودِ

مَوضُوعاتِها، أيْ تَساوِيْ وُجودِها وَعدمِها فيْ الخارجِ.

ممکنات: وہ قضایا ہیں کہ عقل اُن کے موضوعات کی بابت خارج میں امکانی طور پر پائے جانے کا حکم لگائے، یعنی اُن موضوعات کا خارج میں وجود وعدم مُساوِی ہے۔

المُمتنِعات: هيَ القَضايا التيْ يَحكُمُ العَقلُ بِامتِناعِ وُجودِ مَوضُوعاتِها فيْ الخارجِ، مِثلُ: شَريكُ البَارِيْ مَعدومٌ، وَاجتِماعُ النَّقيضَينِ باطِلٌ.

ممتنعات: وہ قضایا ہیں کہ عقل اُن کے موضوعات کی بابت خارج میں وجود کے امتناع کا حکم لگائے، جیسے: باری تعالیٰ کا ساجھی ناپید ہے، دونقیضوں کا (مع وحداتِ ثمانیہ) اجتماع بے اصل ہے۔

القَضيَّةُ: قَولٌ يَحتمِلُ الصِّدقَ والكِذبَ، وقِيلَ: هوَ قَولٌ يُقالُ لقَائلِهِ: إنَّهُ صَادِقٌ فيهِ أوْ كاذِبٌ. وهيَ قِسمانِ: حَمليَّةٌ وشَرطِيَّةٌ. (مرقات:١٥)

قضیہ: وہ مرکبِ تام ہے جو (بذاتِ خود) سچ اور جھوٹ کا احتمال رکھتا ہو۔ یا وہ مرکب تام ہے جس کے کہنے والے کو سچا یا جھوٹا کہہ سکے، (جیسے: خالد تہجد گذار ہے، احمد محنتی طالبِ علم ہے)۔

قضیہ کی دو قسمیں ہیں: حملیہ، شرطیہ۔ ہر ایک کی دو دو تعریفیں کی گئیں ہیں۔

القَضيَّةُ الحَمليَّةُ: هُوَ مَاحُكِمَ فيهَا بثُبوتِ شَيءٍ لشَيءٍ أوْ نَفيِهِ عنهُ، كقَولكَ: زَيدٌ قَائمٌ، وزَيدٌ لَيسَ بقَائمٍ. (مرقات)

وقيل: الحَمليَّةُ: مَا لَاينحَلُّ الىٰ قَضِيَّتَينِ؛ بَلْ يَنحَلُّ إمَّا إلىٰ مُفرَدَينِ، كقَولكَ: زَيدٌ هُوَ قَائمٌ، فإنَّكَ إذَا حَذفتَ الرَّابِطةَ أعنِي "هُوَ" بَقِيَ: زَيدٌ

وقَـائِـمٌ، وهمَا مُفرَدانِ؛ وإمَّا إلىٰ مُفرَدٍ وقَضيَّةٍ، كمَا فيْ قولِكَ: زَيدٌ أَبُوهُ قَائِمٌ، فإذَا حَلَلْتَهُ، بَقِيَ: زَيدٌ —وهوَ مُفرَدٌ— وأبوهُ قائِمٌ، وهوَ قَضيَّةٌ. (مرقات)

قضیہ حملیہ: وہ قضیہ ہے جس میں ایک چیز کے لیے دوسری چیز کے ثابت ہونے یا نہ ہونے کا حکم لگایا گیا ہو، (اول کو موجِبہ کہتے ہیں، جیسے: قرآن سچا ہے، دوسرے کو سالبہ کہتے ہیں، جیسے: کوئی کافر جنتی نہیں ہے)۔

قضیہ حملیہ: وہ قضیہ ہے جو دو قضیوں کی طرف نہ لوٹے؛ بلکہ دو مفردوں یا ایک مفرد اور قضیہ کی طرف لوٹے، اول کی مثال: زَيدٌ هُوَ قَائِمٌ ہے، کہ اِس سے "هو" رابط کو حذف کرنے سے "زيد" اور "قائم" باقی رہیں گے، جو دونوں مفرد ہیں۔ ثانی کی مثال: زيدٌ أبوهُ قائمٌ ہے، کہ اِس کو اصل کی طرف لوٹایا جائے تو "زيد" مفرد، اور "أبوه قائم" قضیہ باقی رہے گا۔

القَضِيَّةُ الشَّرطِيَّةُ: مَا لاَيكونُ فيهِ ذلكَ الحُكمُ، أيْ ثُبوتُ شَيءٍ لشَيءٍ أوْ نَفيُه عنهُ.

وقِيلَ: الشَّرطِيَّةُ: مَايَنحَلُّ إلىٰ قَضيَّتَينِ، كقَولِنَا: إنْ كانَتْ الشَّمسُ طالِعَةً فالنَّهارُ مَوجُودٌ؛ ولَيسَ البَتةَ إذَا كانَتِ الشَّمسُ طالعَةً فاللَّيلُ مَوجُودٌ.

الفائدةُ: إذَا حُذِفَ الأدَواتُ بَقِيَ: الشَّمسُ طالعَةٌ، والنَّهارُ مَوجُودٌ.

قضیہ شرطیہ: وہ قضیہ جس میں دو نسبتوں کے درمیان اتصال (جوڑ) یا اِنفصال (جدائی) کے ہونے یا نہ ہونے کو ظاہر کیا جارہا ہو، اِس کے پہلے جزء کو "مقدَّم" اور دوسرے کو "تالی" کہتے ہیں، (جیسے: من يحفظ الدرس ينجح، یہاں دو نسبتوں میں جوڑ ہے، یا الإنسان شقي أو سعيد، یہاں دو نسبتوں میں جدائی ہے)۔

قضیہ شرطیہ: وہ قضیہ ہے جو دو قضیوں کی طرف لوٹے، جیسے: اگر سورج نکلا ہوا ہے تو دن موجود ہے۔ اِس مثال سے لفظِ ''اگر'' اور ''تو'' کو نکال دیا جائے تو یہ قضیہ دو جملوں کی طرف لوٹے گا: سورج نکلا ہوا ہے، دن موجود ہے۔ (سالبہ کی مثال) اگر سورج نکلا ہوا ہو تو رات موجود ہوگی، ایسا تلازم بالکل نہیں ہے۔

قدْ تُقسَمُ القَضيَّةُ باِعتبَارِ المَوضُوعِ. فالمَوضوُعُ إنْ كانَ جزْئيًّا وشَخْصاً معيَّناً، سُمِّيتِ القَضيَّةُ شَخْصِيَّةً ومَخْصُوصَةً، كقَوْلكَ: زَيدٌ قائِمٌ؛ وإنْ لَمْ يَكنْ جُزْئيًّا؛ بلْ كانَ كليًّا فهوَ علىٰ أنْحاءٍ: لأنَّها إنْ كانَ الحُكمُ فيْها علىٰ نَفسِ الحَقيقَةِ تُسمَّى القَضيَّةُ طَبعيَّةً، نحوُ: الإنْسانُ نَوعٌ، والحيَوانُ جنسٌ؛ وإنْ كانَ علىٰ أفرَادِها، فَلايَخلوُ: إمَّا أنْ يَكونَ كمِّيَّةُ الأفرَادِ فيْها مُبيَّناً أوْ لمْ يَكنْ، فإنْ بُيِّنَ كمِّيَّةُ الأفرَادِ تُسمّى القَضيَّةُ مَحصُورَةً، كقَوْلكَ: كلُّ إنْسانٍ حيَوانٌ، وبَعضُ الحيَوانِ إنسَانٌ؛ وإنْ لمْ يُبيَّنْ يُسمّى القَضيَّةُ مُهمَلةً، نَحوُ: الإنسَانُ لَفيْ خُسْرٍ. (مرقات: ٢٣)

قضیہ حملیہ کی موضوع کے اعتبار سے چار قسمیں ہیں: شخصیہ یا مخصوصہ، طبعیہ، محصورہ یا مسوّرہ، مہملہ۔

قضیہ شخصیہ: وہ قضیہ حملیہ ہے جس کا موضوع جزئی اور شخصِ معین ہو، (جیسے: محمد اللہ کے رسول ہیں)۔

قضیہ حملیہ کا موضوع جزئی نہ ہو؛ بلکہ کلی ہو تو اُس کی چند قسمیں ہیں:

قضیہ طبعیہ: وہ قضیہ حملیہ ہے جس کا موضوع کلی ہو اور حکم موضوع کی حقیقت پر لگایا گیا ہو، جیسے: انسان نوع ہے، اور حیوان جنس ہے۔

قضیہ محصورہ: وہ قضیہ حملیہ ہے جس کا موضوع کلی ہو اور حکم موضوع کے افراد پر (کلیت وجزئیت کی وضاحت کے ساتھ) ہو، جیسے: انسان کا ہر فرد جاندار ہے، بعض جاندار انسان ہیں۔

قضیہ مہملہ: وہ قضیہ ہے جس کا موضوع کلی ہو اور حکم موضوع کے افراد پر افراد کی مقدار بیان کیے بغیر ہو، جیسے: انسان کے اَفراد خسارے میں ہیں۔

قضیہ شرطیہ کی دو قسمیں ہیں: (۱) شرطیہ متصلہ (۲) شرطیہ منفصلہ۔

قضیہ شرطیہ متصلہ کی دو قسمیں ہیں: لزومیہ، اتفاقیہ۔

شرطیہ منفصلہ کی تین قسمیں ہیں: حقیقیہ، مانعۃ الجمع، مانعۃ الخلو

الشَّرطيَّةُ المُتصلةُ: هيَ التي حُكِمَ فيْها بثُبوتِ نِسْبةٍ عَلىٰ تَقديرِ ثُبوتِ نِسبةٍ أخرَى فيْ الإيْجابِ، وبنفْيِ نِسبَةٍ علىٰ تَقدِيرِ نِسبَةٍ أخْرىٰ فيْ السَّلبِ، كقوْلنا فيْ الإيْجابِ: إنْ كانَ زَيدٌ إنْساناً كانَ حيَواناً، وقوْلنَا فيْ السَّلبِ: ليسَ البَتَّةَ إذا كانَ زَيدٌ إنْساناً كانَ فرَساً. (مرقات: ۲۰)

شرطیہ متصلہ: وہ قضیہ ہے جس میں ایک نسبت کے ثبوت کی تقدیر پر دوسری نسبت کا ثبوت یا نفی ہو، اگر ثبوت ہے تو وہ موجبہ ہے، اور نفی ہے تو وہ سالبہ ہے، جیسے: موجبہ کی مثال: اگر زید انسان ہے تو حیوان بھی ہوگا؛ سالبہ کی مثال: یہ بات بالکل نہیں ہے کہ زید انسان ہو تو گھوڑا بھی ہو(۱)۔

---

(۱) كلّما (اداتِ شرط) كانَتِ الشَّمسُ طَالعَةً (مقدم)، فالنَّهارُ مَوجودٌ (تالی)، جب بھی سورج نکلا ہوا ہو تو دن موجود ہوگا۔ ليسَ البَتةَ كُلَّما كانَتِ الشَّمسُ طَالعَةً (مقدم)، فالليلُ مَوجودٌ (تالی)، جب سورج نکلا ہوا ہو تو ایسا کبھی نہیں ہوسکتا کہ رات موجود ہو۔

شرطیہ متصلہ کی دو قسمیں ہیں: (۱) متصلہ لزومیہ (۲) متصلہ اتفاقیہ۔

المُتصِلةُ اللُّزومیَّةُ: هيَ الشَّرطیَّةُ المُتَّصلَةُ التيُ یُحکَمُ فیُهـا بِصدُقِ التَّاليُ، أوُ رفعِهِ عَلیٰ تَقدیُرِ صِدُقِ المُقدَّمِ لعَلاقَةٍ بینُهمَا تُوجِبُ ذلكَ. (دستور العلماء۳/۱٤٥)

شرطیہ متصلہ لزومیہ: وہ قضیہ شرطیہ متصلہ ہے جس کے مقدم اور تالی میں اَیسا تعلق ہو جس کی بنا پر مقدم کے پائے جانے پر تالی کے پائے جانے یا نہ پائے جانے کا حکم لگایا جائے، (یعنی دونوں میں جدائی ناممکن ہو)، جیسے: إن كانتِ الشمس طالعة فالنهار موجود۔

المُتصلةُ الاتّفاقیَّةُ: هـيَ الشَّرطیَّةُ المُتَّصلةُ التيُ یُحکَمُ فیُهـا بِصدُقِ التَّاليُ أوُ رَفعِهِ عَلیٰ تَقدِیرِ صِدقِ المُقدَّمِ لالعَلاقةٍ بَینَهمَا؛ بلُ بمُجرَّدِ صِدُقهمَا. (دستور العلماء۳/ ۱٤٥)

شرطیہ متصلہ اتفاقیہ: وہ قضیہ شرطیہ متصلہ ہے جس کے مقدم اور تالی کے درمیان تعلُّق نہ ہونے کے باوجود اتفاقاً مقدّم کے پائے جانے سے تالی کے پائے جانے، یا تالی کے نہ پائے جانے کا حکم لگایا گیا ہو، (جیسے: إنُ تَذهبُ إلیٰ دِهليُ فنَذهَبُ إلیٰ بمَبائيُ)۔

الشَّرطیَّةُ المُنفصِلةُ: فهيَ التي حُکمَ فیهَا بالتَّنافي بینَ الشَّئینِ في موجبةٍ، وبسلبِ التنافي بینهما في سالبةٍ. (مرقات: ۳۰)

شرطیہ منفصلہ: وہ قضیہ شرطیہ ہے جس میں دو نسبتوں کے درمیان انفصال (جدائی) کے ہونے یا نہ ہونے کو ظاہر کیا گیا ہو، اول کو موجبہ اور ثانی کو سالبہ کہتے ہیں۔

موجبہ کی مثال: هٰذا الرجل مؤمن أو كافر: **یہ آدمی یا مؤمن ہے یا کافر، (یعنی مؤمن اور کافر میں جدائی ہے)۔ سالبہ کی مثال**: ليس البتة إما أن يكون أحد إنساناً أو نبياً: **کوئی چیز یا انسان ہے یا نبی، (یعنی انسانیت اور نبوّت میں جدائی ہو) ایسا ہرگز نہیں۔**

شرطیہ منفصلہ کی تین قسمیں ہیں: حقیقیہ، مانعۃ الجمع، مانعۃ الخلو۔

الشَّرْطِيَّةُ المُنفصِلةُ: علىٰ ثَلاثَةِ أَضْرُبٍ: لأَنَّها إنْ حُكِمَ فيْها بالتَّنافيْ أَوْ بعدَمِهِ بَينَ النِّسبَتيْنِ فيْ الصِّدقِ والكِذْبِ مَعاً كانَتِ المُنفصِلةُ **حقيقيَّةً**، كمَا تَقوْلُ: هٰذا العَددُ إِمَّا زَوجٌ أَوْ فَردٌ، فَلايُمكنُ اجْتمَاعُ الزَّوجيَّةِ والفَردِيَّةِ فيْ عدَدٍ مُعيَّنٍ ولاارْتِفاعُهمَا؛ وإنْ حُكمَ بالتَّنافيْ أَوْ بِعدَمِهِ صِدْقاً فقطْ كانتْ **مَانعَةَ الجمعِ**، كقوْلكَ: هٰذَا الشَّيءُ إِمَّا شَجرٌ أَوْ حَجرٌ، فلايُمكنُ أَنْ يَكونَ شَيءٌ مُعيَّنٌ شَجراً وَحجراً مَعاً، ويُمكنُ أَنْ لايَكونَ شَيْئاً مِنهمَا؛ وإنْ حُكمَ بالتَّنافِيْ وسلْبِهِ كِذْباً فَقطْ كانَتْ **مَانعَةَ الخُلُوِّ**، كقَوْلِ القَائِلِ: إِمَّا أَنْ يَكوْنَ زَيدٌ فيْ البَحرِ أَوْ لايَغرَقَ، فارْتفاعُهمَا -بأَنْ لايَكونَ زَيدٌ فيْ البَحرِ ويَغْرُقَ- مُحَالٌ، وليْسَ اجْتِماعُهمَا محالاً، بأَنْ يَكونَ فيْ البَحرِ ولايَغرَقَ. (مرقات: ٣٠)

جہت انفصال کے اعتبار سے شرطیہ منفصلہ کی تین قسمیں ہیں: حقیقیہ، مانعۃ الجمع، مانعۃ الخلو۔

حقیقیہ: وہ شرطیہ منفصلہ ہے جس کے مقدم اور تالی کے درمیان وجود اور عدم دونوں اعتبار سے انفصال (جدائی) کے ہونے یا نہ ہونے کو ظاہر کیا گیا ہو، جیسے: یہ عدد یا تو زوج ہے یا فرد، کہ ایک عددِ معین میں زوجیت وفردیت کا

اجتماع یا دونوں کا برخاست ہونا ممکن نہیں ہے۔

مانعة الجمع: وہ قضیہ شرطیہ منفصلہ ہے جس کے مقدم اور تالی کے درمیان صرف وجود کے اعتبار سے جدائی ہونے یا نہ ہونے کو ظاہر کیا جائے، جیسے: یہ شے یا درخت ہے یا پتھر، کہ ایک ہی شے کا بہ یک وقت شجر و حجر (دونوں کا جمع) ہونا، ناممکن ہے؛ ہاں! کوئی شے ایسی ہوسکتی ہے جو نہ شجر ہو نہ حجر، (یعنی اِن دونوں کے جمع ہونے میں جدائی ہے، مرتفع ہونے میں جدائی نہیں)۔

مانعة الخلو: وہ قضیہ شرطیہ منفصلہ ہے جس کے مقدّم اور تالی کے درمیان صرف عدم کے اعتبار سے جدائی ہونے نہ ہونے کو ظاہر کیا جائے، جیسے: زید یا سَمُندر میں ہے یا ڈوبنے والا نہیں، کہ اِن دو قضیوں کا اِرتفاع یعنی زید سَمُندر میں نہ ہو اور ڈوب جائے، یہ مُحال ہے؛ ہاں! اِن دونوں کا جمع ہونا مُحال نہیں، کہ زید سمُندر میں ہو اور نہ ڈوبے؛ بلکہ تیر تا رہے۔

القِطعة: باب الشین کے تحت ''شعر'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

القُوَّةُ: هي إمْكانِ حُصوْلِ الشَّيءِ فِيْ أَحَدِ الأَزْمِنَةِ الثَّلاثِ.

(ملخص دستور العلماء۳/٦٨)

قوت: تینوں زمانوں (ماضی، حال اور مستقبل) میں سے کسی زمانے میں چیز کا وجود متوقع ہو (یعنی وجود کی صلاحیت ہو)، (جیسے: زید میں پیدا ہوتے ہی لکھنے کی صلاحیت ہوتی ہے؛ لہٰذا "زید كاتب بالقوة" کہہ سکتے ہیں، اگرچہ بالفعل نہ لکھ سکے۔)

الفِعْلُ: الفِعْلُ المُقَابِلُ بالقُوّةِ هوَ التَّحَقُّقُ فِيْ أَحَدِ الأَزْمِنَةِ.

(دستور العلماء ۳/ ۲۷)

فعل: تینوں زمانوں میں سے کسی ایک زمانے میں چیز کا وجود متحقق ہو، (جیسے: زید بڑا ہو کر با قاعدہ کاتب بن گیا تو اس وقت "زید کاتب بالفعل" کہا جائے گا۔) یہ فعلیت، قوت کا مقابل ہے (۱)۔

ملاحظہ: کسی جملے میں بالفعل کا معنیٰ: یہ نسبت کسی زمانے میں پائی گئی ہے، اور بالقوۃ کا معنیٰ: یہ نسبت کسی زمانے میں پائی جا سکتی ہے۔

القول: هُوَ اللَّفظُ المُركَّبُ فيُ القَضيَّةِ المَلفوظَةِ؛ أوُ المَفهومُ المُركَّبُ العَقليُّ فيُ القَضيَّةِ المَعقُولَةِ. (كتاب التعريفات بيروت: ١٢٧)

قول: (مناطقہ کے نزدیک) مطلقاً کلامِ مرکب کو قول کہتے ہیں، چاہے وہ مرکب کلام، مرکبِ لفظی (کلام اور بات) کے قبیل سے ہو، یا مرکبِ عقلی (اعتقاد ونظریہ) کے قبیل سے ہو؛ (متکلمین حضرات اول کو "کلامِ لفظی" سے اور ثانی کو "کلامِ نفسی" سے تعبیر کرتے ہیں۔) (۲)۔

---

(۱) قوت وفعل: "قوت" کے معنیٰ ہے کہ کسی چیز کا حاصل ہوسکنا، اور "فعل" کے معنیٰ ہے: تینوں زمانوں میں سے کسی زمانے میں حاصل ہونا، یعنی کسی چیز میں کسی وصف کا ظاہر اور موجود ہونا "فعل" ہے، اور محض اُس کی صلاحیت اور استعداد ہونا اور اُس کے وصف کے وجود کا متوقع ہونا "قوت" ہے۔ (معین ص: ۴۴)

(۲) (کتبِ فقہ میں) قول کا مصداق: کبھی مجتہد کے نزدیک ایک احتمال کو ترجیح حاصل ہوجاتی ہے تو وہ احتمال اُس کی طرف منسوب کردیا جاتا ہے، اور دوسرا مرجوح احتمال روایت کی صورت میں باقی رہ جاتا ہے۔ فُقَہا ایسی صورت میں یہ تعبیر اختیار کرتے ہیں کہ: امام صاحب کا "قول" (مذہب) یہ ہے، اور اُن سے ایک "روایت" یہ ہے۔

اور کبھی کسی وجہ کو ترجیح حاصل نہیں ہوتی تو دونوں جانب امام کی رائے "مساوی" رہتی ہے، آپ فُقَہا کو دیکھیں گے کہ، وہ ایک ہی مسئلہ میں امام صاحب کے دو قول اِس طرح نقل کرتے ہیں کہ اُن دونوں قولوں کا امام صاحب کے نزدیک مساوی ہونا مفہوم ہوتا ہے، مثلاً کہتے ہیں: اِس مسئلے میں امام صاحب =

القِياس :(عند الأصوليين) هوَ تقديرُ الفرعِ بالأصلِ فيُ الحكمِ والعلَّةِ. (التعريفات الفقهيّة: ۱۷۹)

قیاس: حکم اور علت میں فرع کو اصل پر قِیاس کرنا، (یعنی یہ دیکھنا کہ جو علت اصل میں ہے وہ فرع میں پائی جاتی ہے یا نہیں؟ اور اصل کا حکم فرع میں لایا جاسکتا ہے یا نہیں؟)۔

الاستحسان: اسمٌ لدليلٍ من الأدلَّةِ الأربعةِ، يُعارضُ القِياسَ الجليَّ، ويُعملُ بهٖ إذا كانَ أقوىٰ منه، (كطهارة سؤر سباع الطير). (التعريفات الفقهية: ٢٤)(۱)

استحسان: یہ اَدِلۂ اربعہ (کتاب اللہ، سنت رسول، اجماعِ اُمت اور قیاس) میں سے ایک دلیل ہے، قیاسِ جلی کے مُعارِض ہوتی ہے، جب استحسان

= سے دو روایتیں ہیں یا دو قول ہیں۔ (آپ فتویٰ کیسے دیں؟ ص: ۵۴)

(۱) ملحوظه: نحو طهارة سؤر سباع الطير؛ فإن القياس الجلي يقتضي نجاسته؛ لأن لحمه حرام، والسؤر متولّد منه، كسؤر سباع البهائم؛ لكنا استحسَنَّاه لطهارته بالقياس الخفي، وهو إنه إنما تأكل بالمنقار، وهو عظمٌ طاهرٌ من الحي والميت، بخلاف سباع البهائم؛ لأنها تأكل بلسانها، فيختلط لعابها النجس بالماء.

سباع طیور کے جھوٹے کا پاک ہونا یہ قیاسِ خفی سے استحسان کی مثال ہے، یعنی ظاہرِ قیاس کا تقاضہ یہ ہے کہ: شکاری پرندوں کے جھوٹے ناپاک ہوں؛ کیوں کہ اُن کا گوشت ناپاک ہیں، اور لعاب (جس کی آمیزش جھوٹے میں ہوتی ہے) وہ گوشت سے پیدا ہوتا ہے، اور اِسی وجہ سے چوپائے اور درندوں کے جھوٹے ناپاک ہیں؛ لیکن قیاسِ خفی کی وجہ سے بہ طورِ استحسان ہم نے شکاری پرندوں کے جھوٹے کو پاک قرار دیا، اِس مسئلے میں قیاسِ خفی یہ ہے کہ: پرندے چونچ سے کھاتے پیتے ہیں جو کہ محض ایک خشک ہڈی ہے، اور ہڈی زندہ مردہ تمام جانوروں کی پاک ہے، بہ خلاف درندوں کے، کہ وہ زبان کی مدد سے کھاتے پیتے ہیں؛ اِس لیے پیتے وقت ناپاک لعاب پانی سے مل جائے گا۔

قیاسِ جلی کے بہ نسبت قوی ہوتو اُس پر عمل کیا جاتا ہے، جیسے: سباعِ طیور کے جھوٹے کا پاک ہونا۔

الاسْتِحسَانُ: عُدوُلٌ فيُ مَسئَلةٍ منُ مِثلِ مَاحُكِمَ بهِ فيُ نَظائرِهَا إلىٰ خِلافِهٖ بِوجهٍ هوَ أَقوىٰ. (منهاج الأصول بحوالة عون الكبير)

استحسان: فقیہ کا کسی جزئیہ میں حکم لگانے کے بابت اُس کے نظائر میں موجود قِیاسِ جلی کے موافق حکم سے اِعراض کرنا، کسی ایسی قوی جہت (قِیاسِ خفی) سے جو قِیاسِ جلی کے خلاف حکم کی متقاضی ہو(۱)۔

القِياسُ: اعْلمُ أنَّ القِياسَ عَلىٰ أرُبعَةِ أنواعٍ: [الشَّرعِيُّ، اللُّغَويُّ، الشِّبُهيُّ، العَقُليُّ المَنطقِيُّ]

قِیاس کی چار قسمیں ہیں: قِیاسِ شرعی، قِیاسِ لغوی، قِیاسِ شبہی، قِیاسِ عقلی۔

القِياسُ الشَّرعيُّ: وهوَ تَعدِيةُ الحُكمِ مِنُ الأصُلِ إلَى الفَرعِ بعِلةٍ مُتَّحدَةٍ بينَهمَا.

قِیاسِ شرعی: وہ قِیاس ہے جس میں کتاب اللہ، سنت رسول ﷺ، یا اجماع سے ثابت ہونے والے حکم کو کسی دوسرے جزئیہ کی طرف متعدی کرنا ایسی علت کی وجہ سے جو اُن دونوں میں پائی جاتی ہو، (جیسے: معاملات میں جہاں پر قدر مع الجنس کی علت پائی جائے وہاں کمی بیشی پر ربا کا حکم لگانا)۔

---

(۱) وقالَ السَّرَخسِي: القِياسُ والاستِحسَانُ فيُ الحَقيُقةِ قِياسَانِ، أحدُهمَا جَلِيٌّ، ضَعيفٌ أثرُهُ، فَسُمِّيَ قِياساً؛ والآخرُ خَفِيٌّ، قَوِيٌّ أثرُهُ فسُمِّيَ استحسَاناً أيُ قِياساً مُستَحسَناً، فالتَّرجِيحُ بالأثَرِ لابِالخَفَاءِ والظُّهوُرِ. (منهاج الأصول والمبسوط، بحوالة العون الكبير: ٦٣)

القِياسُ اللُّغويُّ : وهوَ تَعديَةُ الاسُمِ منُ مَوضَعٍ إلىٰ مَوضعٍ آخَرَ، كتَعديةِ اسُمِ الخَمرِ إلىٰ سَائرِ الأشرِبةِ المُحرَّمةِ لعِلَّةِ مُخامرَةِ العَقلِ.

قِیاسِ لغوی: وہ قِیاس ہے جس میں ایک اسم کو اپنی جگہ سے دوسری جگہ کی طرف کسی علتِ مشترکہ کی وجہ سے متعدّی کرنا، جیسے: لفظِ خمر (انگوری شراب)، مخامرۃُ العقل کی علت کی وجہ سے تمام حرام شرابوں کے لیے بولا گیا ہے۔

القِياسُ الشِّبهيُّ: وهوَ تَعديةُ الحُكمِ مِنُ صُورَةٍ إلىٰ صُورةٍ بعِلةِ المُشاكلَةِ فيُ الصُّورَةِ، كمَا يُقالُ فيُ القَعدَةِ الأخِيرَةِ: إنَّها قَعدَةٌ، فَلاتَكونُ فَرُضاً، كالقَعدَةِ الأوُلىٰ.

قِیاسِ شبہی: وہ قِیاس ہے جس میں مشاکلت فی الصورۃ کی علت کی وجہ سے کسی ایک صورت کا حکم دوسری صورت کی طرف متعدی کیا جائے، جیسے کوئی شخص قعدۂ اخیرہ کی عدمِ فرضیت پر استدلال کرتے ہوئے کہے کہ: قعدۂ اخیرہ چوں کہ شکل وصورت میں قعدۂ اُولیٰ کے مانند ہے، اور قعدۂ اُولیٰ فرض نہیں ہے؛ لہٰذا قعدۂ اخیرہ بھی فرض نہیں!۔

القِياسُ العَقليُّ: (أي المَنطِقيُّ) وهوَ قَولٌ مُؤلَّفٌ مِنُ القَضَايا (أيُ الصُّغرىٰ والكُبرىٰ) بحَيثُ مَتَى سَلَّمُنا لزِمَ منُها قَولٌ آخرُ، كما يُقالُ: العَالمُ مُتغيِّرٌ، وكلُّ مُتغيرٍ حادِثٌ؛ فالعَالمُ حادِثٌ. (حاشية نورالأنوار: ٨؛ أصول الشاشي)

قِیاسِ عقلی: وہ قول ہے جو ایسے مقدمات سے مرکب ہو جن کے تسلیم کر لینے کے بعد ایک دوسرے قول کا تسلیم کرنا لازم آئے، جیسے: العالَم متغيرٌ، وكل

متغير حادث؛ کو تسلیم کر لینے سے العالم حادث کا تسلیم کرنا لابُدّی اور لازم ہے۔

القِياس: قولٌ مؤلَّفٌ من قضايَا، مَتَى سُلِّمَتُ لزِمَ عنُهما لذَاتها قَولٌ آخَرُ، كقوُلنَا: العَالَمُ مُتغيِّرٌ، وكلُّ مُتغيِّرٍ حادِثٌ؛ فإنهُ مؤَلَّفٌ منُ قَضيَّتينِ ولزِم عنُها: إنَّ العَالَمَ حادِثٌ، وَهوَ القِياسُ العَقليُّ والمَنطِقيُّ، ويُسَمّٰى بالدَّليُلِ أيُضاً. (كشاف اصطلاحات الفنون٣/٥٢٥) (١)

---

(١)ملحوظة: القياس (عندَ المنطقيين) قولٌ [سَواءٌ كانَ المُركبُ مَلفوُظاً أوُ معُقولاً] مؤَلَّفٌ منُ قَضاياإِذاسُلِّمَ، يَلزمُ لذاتِهِ قوُلٌ آخرُ [المركب معقولاً]. (دستورالعلماء٣/ ٧٦) والقِيَاس= =علىٰ أنوَاع: القِيَاس البَسِيُط، القِيَاس المُرَكَّب، وَالقِيَاس المُضُمَر.

القِيَاس البَسِيُط: قَوُلٌ مُؤَلَّف مِنُ قَضِيَّتَيُن مَتٰى سُلِّمَت لَزِم عَنُهُما لِذَاتِهما قَوُل آخَرُ، نَحوَ: مُحَمَّد مُجُتَهِد، وَكُلُّ مُجُتَهِد نَاجِح؛ مُحَمَّد نَاجِح.

القِيَاس المُرَكَّب: قَوُلٌ مُؤَلَّف مِنُ ثَلاث قَضَايا أوُ أَكُثَر مَتٰى سُلِّمَت لَزِم عَنُها لِذَاتِها قَوُل آخَرُ، نَحوَ: مُحَمَّد مُجُتَهِد، وَكُلُّ مُجُتَهِد نَاجِح، وَكُلُّ نَاجِح مَحُبُوب، وَكُلُّ مَحُبُوب سَعِيُد؛ مُحَمَّد سَعِيُد.

ذَهَب المَناطِقَة إلىٰ أنَّه لَيُس قِيَاساً وَاحِداً؛ بَلُ هُوَ قِيَاس مُرَكب مِنُ عِدَّة أَقُيِسَة، كَمَا أنَّ فِي المِثَال المَذُكُور ثَلٰثة أَقُيِسَة؛ لٰكِن طُوِيَت فِي كُلِّ قِيَاس النَّتِيُجَةُ اِخُتِصَاراً وَوُضِعَتِ المُقَدَّمَات مُتَتَالِيَة.

القِيَاس المُضُمَر: هُوَ قِيَاس مُرَكَّب مِنُ مُقَدَّمَتَيُن مِثُل القِيَاس البَسِيُط؛ لٰكِن إحدىٰ مُقَدَّمَتَيُن طُوِيَت، وَاكتُفِي عَنُها بالمُقَدَّمَة الأخرىٰ؛ لِكون المُقَدَّمَة المَطُوِيَّة مَعُلُوُمَة، فَيَكون القِيَاس مِن مُقَدَّمَة وَاحِدَة مَذكُورَة وَالأخرىٰ مَطُوِيَّة للعِلُم بِهَا، وَمِثَال ذٰلِك: مَا لَوُ سَأَل إنُسَان عَنُ حُكم النَّبِيُذ، فَقُلُتَ لهُ: "النَّبِيُذ مُسُكِرٌ"؛ فأَصُلُ هٰذَا القِيَاس كامِلا: النَّبِيُذ مُسُكِر، وَكُلُّ مُسُكِر حَرَام؛ فالنَّبِيُذ حَرَام؛ لٰكِن لَمَّا كانَ مِنَ المَعُلُوُم أنَّ كُلَّ مُسُكِر حَرَام، اِكتَفٰى المُجِيُب بمُقَدَّمَة وَاحِدَة، وَأَضُمَر الأُخرىٰ. (المنطق القديم: ١٩٩، ٢٠٠) ملخصاً

قِیاس: دو یا زائد قضیوں سے مرکب ایسا قول جن کے تسلیم کرنے سے خود بہ خود ایک نیا قضیہ ماننا پڑے، جیسے ہمارا قول: دنیا قابلِ تغیر ہے، اور ہر قابلِ تغیر چیز فانی ہے؛ پس یہ قول ایسے دو قضیوں سے مرکب ہے جن کو تسلیم کرنے سے یہ ماننا پڑتا ہے کہ، دنیا فانی ہے۔ اِسی قِیاس کو قِیاسِ عقلی، قِیاسِ منطقی اور دلیل نام دیا جاتا ہے۔

التمثيل: هوَ حُجَّةٌ يَقعُ فيهِ بيانُ مُشارَكةِ جزئيٍ لجُزئيٍ آخرَ فيُ علَّةِ الحُكمِ، ليُثبَتَ ذلكَ الحُكمُ فيُ الجُزئيِّ الأوَّلِ، كمَا يُقالُ: النَّبيذُ حَرامٌ؛ لأنَّ الخَمرَ حرامٌ، وعلَّةُ حرمتِهِ الاِسكارُ، وَهوَ مَوجودٌ فيُ النَّبيذِ. (دستور العلماء ۱/۲۳۸)

تمثیل: وہ حجت ہے جس میں کسی ایک جزئی کی دوسری جزئی کے ساتھ کسی حکمِ خاص کی علت میں باہم شرکت بیان کرنا؛ تاکہ دوسری جزئی کا حکم پہلی جزئی میں احوال کا جائزہ لیا گیا ہو۔

الاستقراء: هوَ الحُجَّةُ التيُ يُستَدلُّ فِيهَا مِن اِستِقراءِ حكمِ الجُزئِيَّاتِ عَلىٰ حُكمِ كُلِّيِّهَا؛ فإن كانَ الاستدلالُ فيها من اِستقراءِ حكمِ جميعِ الجزئياتِ فالاِستقُراءُ تامٌّ، وإلّا فناقص. (دستور العلماء ۱/۱۱۵)

استقراء: وہ حجت ہے جس میں جزئیات کے احوال وکیفیات کا جائزہ لینے کے بعد معلوم ہونے والے حکم کو پوری کلی کے لیے ثابت کیا گیا ہو۔

استقرائے تام: وہ استقراء ہے جس میں تمام جزئیات کے احوال کا جائزہ لیا گیا ہو، (جیسے: محدِّثین کا قول: الصحابةُ كلهم عُدُولٌ)۔

استقرائے ناقص: وہ استقراء ہے جس میں بعض جزئیات کے

بھی ثابت کیا جائے، جیسے یوں کہا جائے کہ: نبیذ حرام ہے؛ اِس لیے کہ شراب حرام ہے، اور شراب کے حرمت کی علت نشہ ہے، اور یہی علت نبیذ میں بھی پائی جاتی ہے۔

القِيَاسُ الاقْتِرانيُ : مَـا لا يَكُونُ عَيْنُ النَّتِيجَةِ وَلاَ نَقِيضُهَا مَـذكُـوراً فِيْـهِ بـالـفِعْلِ، مِثلُ: العَالَمُ مُتغيِّرٌ، وكُلُّ مُتغيِّرٍ حَادِثٌ؛ فالعَالَمُ حادِثٌ. (دستور العلماء٣/٧٧)

قِیاسِ اقترانی: وہ قِیاس ہے جس میں نتیجہ یا نقیضِ نتیجہ (اپنی پوری ہیئت وترتیب کے ساتھ) قیاس میں موجود نہ ہو (بلکہ صرف اجزاء بغیر ترتیبِ نتیجہ کے مذکور ہوں، اور اُس میں لفظِ ''لیکن'' مذکور نہ ہو)، جیسے: دنیا تغیر پذیر ہے، ہر تغیر پذیر چیز حادث ہے؛ دنیا حادث ہے۔

القِيَاسُ الاسْتِثْنائِيُّ : مَايكونُ عَينُ النَّتيجَةِ أَوْ نَقِيضُهَا مَذْكُوراً فيْـهِ بالفِعْلِ، مِثْلُ: إنْ كانَ هٰذَا إنْسَاناً كَانَ حَيَواناً؛ لٰكنَّهُ إنْسَانٌ، يَنتجُ: إنَّهٗ حَيَوانٌ؛ أَوْ لٰكنَّهُ لَيْسَ بحَيَوانٍ، يَنتجُ: إنَّه لَيْسَ بإنْسَانٍ. (دستور العلماء ٣/٧٧) (١)

قِیاسِ استثنائی: وہ قِیاس ہے جس میں نتیجہ یا نقیضِ نتیجہ اپنی پوری ہیئت اور اجزاء کے ساتھ قیاس میں موجود ہو، (اُس کا پہلا مقدمہ ہمیشہ شرطیہ ہوتا ہے اور مقدمتین کے درمیان لفظ ''لیکن'' آتا ہے) جیسے: اگر یہ انسان ہے تو حیوان ہے؛

---

(١)القِياس: هو قول مؤلف من قضايا يلزم عنها قول آخر بعد تسليم تلك القضايا، فإن كان النتيجة أو نقيضها مذكورا فيه يسمى استثنائيا، كقولنا: إن كان زيد إنسانا كان حيوانا؛ لكنه إنسان، ينتج: فهو حيوان، وإن لم يكن النتيجة ونقيضها فيها مذكورا يسمى اقترانيا، كقولك: زيد إنسان، وكل إنسان حيوان، ينتج: زيد حيوان. (مرقات)

لیکن یہ چیز انسان ہے، تو نتیجہ نکلے گا: وہ یقیناً حیوان ہے؛ اور اگر یہ کہے: لیکن یہ حیوان نہیں ہے، تو نتیجہ نکلے گا: تو وہ انسان نہیں ہے۔

مَوضوعُ النَّتيجةِ فيُ القِياسِ الحَمليِّ يسمّٰی ”أصغَرَ“، ومَحمولُه يُسمّٰی ”أكبَرَ“، والمُقدمةُ التي فِيهَا الأصغرُ تُسمّٰی ”صُغریٰ“؛ والتيُ فيهَا الأكبرَ ”كُبریٰ“؛ والجُزءُ الذي تَكرر بَينَهُمَا يُسمّٰی ”حَداً أوُسطَ“. (مرقات:۲۶)

اصغر: نتیجۂ قیاس حملی کے موضوع کو ”اصغر“ کہتے ہیں۔

اکبر: نتیجۂ قیاس حملی کے محمول کو ”اکبر“ کہتے ہیں۔

حدِّ اوسط: جو چیز قیاس کے مقدموں میں مکرَّر رہو، اُس کو ”حدِ اوسط“ کہتے ہیں۔

صغریٰ: قِیاس کے جس مقدمہ میں اصغر مذکور ہو اُس کو ”صغریٰ“ کہتے ہیں۔

کبریٰ: قِیاس کے جس مقدمہ میں اکبر مذکور ہو اُس کو ”کبریٰ“ کہتے ہیں۔

نتیجہ: صغریٰ اور کبریٰ سے حدِ اوسط کو حذف کر دیا جائے پھر جو باقی رہے گا وہ ”نتیجہ“ ہے، جیسے: خدا کا ہر منکر کافر ہے، اور ہر کافر دوزخی ہے، تو نتیجہ نکلا کہ: خدا کا ہر منکر دوزخی ہے، مثال بالا میں:

صغریٰ		کبریٰ	
خدا کا ہر منکر	کافر ہے	ہر کافر	دوزخی ہے
اصغر	حدِّ اوسط	حدِّ اوسط	اکبر
خدا کا ہر منکر	کافر ہے	ہر کافر	دوزخی ہے
خدا کا ہر منکر دوزخی ہے			

ملحوظہ: نتیجہ کی عربی تعریف باب النون کے تحت ''نتیجہ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

القِياسُ البرهاني: الجدلي، الخطابي، السفسطي، الشعري: باب الصاد کے تحت ''صناعاتِ خمسہ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

القِياسي: (سَماعی کا مقابل) باب السین کے تحت ''سَماعی'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

القيد: القَيدُ أوِ التَّكمِلةُ: هوَ (فيُ النَّحوِ) كلُّ ما فيُ الجملةِ عَدا المُسنَدِ وَالمُسنَدِ إليهِ. (موسوعة: ٥٣٤)

قید: (نحات کے نزدیک) جملے کا ہر وہ کلمہ ہے جو مسند اور مسند الیہ کے عِلاوہ ہو، (یعنی وہ کلمہ جو جملے کی تکمیل کا ذریعہ ہو)۔

القيد الاتفاقي: هُوَ القَيدُ الَّذِي لَايَنفِي الحُكمُ عِندَ عَدَمِهِ (مستفاد بالكوكب ٢/٢١٢)

قید اتفاقی: وہ قید ہے جس کے منتفی ہونے سے حکمِ مذکور منتفی نہ ہو (جو درحقیقت وضاحت کے لیے ہو)۔

القيد الاحترازي: هُوَ القَيدُ الَّذِي يَنفِي الحُكمُ عِندَ عَدَمِهِ. (أيضاً)

قید احترازی: وہ قید ہے جس کے منتفی ہونے سے مذکورہ حکم منتفی ہو جائے۔

باب الکاف

الکبریٰ: باب القاف کے تحت ''قِیاس'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الکتاب: في الأصلِ مصدرٌ يطلقُ علَى المكتُوبِ، وفي الاصطلاحِ: طائفةٌ منَ المَسائِلِ اُعتبرتْ مُستقلَّةً، سواءٌ كانَت مستقلة في نفسها، ككتابِ اللقطَةِ؛ أوْ تابعةً لما بعدَها، ككتُبِ الطهارَةِ؛ أوْ مُستَتْبَعَةً لما قبلَها، ككتاب الصلاة. (حاشية هداية ١/١٥)

کتاب: دراصل كَتَبَ (ن)، سے مصدر ہے، جس کا اِطلاق مکتوب (تحریر) پر ہوتا ہے۔ اصطلاحی معنیٰ: مسائل کا وہ مجموعہ جس کو مستقل بالذات ہونے کی حیثیت دی گئی ہو، چاہے وہ مجموعہ واقعتاً مستقل بالذات ہو، جیسے: کتاب اللُّقطة کے مسائل؛ یا وہ مجموعہ مضامینِ مابعد سے متصل ہو، جیسے: كتابُ الطَّهارة (کتاب الصلاۃ کے مضامین سے متصل ہے)؛ یا مضامینِ ماقبل سے لاحق ہو، جیسے: کتاب الصَّلاۃ۔

المراد بالکتاب: مَا يُكتَبُ فيهِ. وَعندَنا إِذا اُطلِقَ فهُوَ القرآنُ الكريمُ، كلامُ اللهِ المَلِكِ العَلَّامِ. وَفقهاؤُنا أَطلقُوهُ عَلىٰ مُختصَرِ القُدُورِيْ. وَعندَ النُّحاةِ الكتابُ لسيبويهِ. (التعريفات الفقهية: ١٨٠)

کتاب سے مراد: لکھے ہوئے اَوراق کا مجموعہ، اور (مسلمانوں کے نزدیک) لفظِ کتاب کو جب مطلق بولا جاتا ہے تو ہر بات سے واقف بادشاہ کا کلام (قرآن کریم) مراد ہوتا ہے، اور فقہائے اَحناف کے نزدیک حالتِ اِطلاق میں ''مختصر القدوری'' مراد ہوتی ہے، اور نُحات کے نزدیک اِمامِ سیبویہ کی کتاب مراد ہوتی ہے۔

محمل الكتاب: الكِتابُ المُؤلَّفُ:

إِمَّا عِبارةٌ عَن الألفَاظِ المُعيَّنةِ الدَّالةِ عَلَى المَعانِى المَخصُوصَةِ، وَهٰذا هوَ الظَّاهرُ. وَإِمّا عَن النُّقوشِ الدَّالةِ عَلىٰ تِلكَ المَعانِي بتوسُّطِ تِلكَ الألفاظِ. وَإِمّا عَن المَعانِيُ المَخصوصَةِ؛ لٰكنُ لا مُطلقاً؛ بَلُ منُ حَيثُ أَنَّها مَدلولةٌ لِتِلكَ الألفاظِ وَالنُّقوشِ. وإِما عَن المُركبِ عَن الثَّلاثةِ المَذكورةِ. أو عَن الاِثنَينِ مِنهَا. (دستور ۳/ ۱۳۵)

کتاب کا محمل: کَتَبَ یَکْتُبُ کِتَاباً و کَتْباً سے **مصدر** ہے، **بسا اوقات** کتاب سے تحریر مراد ہوتی ہے، اور کتاب کے اطلاق میں پانچ احتمالات ہو سکتے ہیں:

(۱) خاص معانی پر دلالت کرنے والے ”معیّنہ الفاظ“ کو کتاب کہتے ہیں، اور یہی معنیٰ متبادر ہے۔

(۲) بہ واسطۂ معیّنہ الفاظ، معانیٔ مخصوصہ پر رہنمائی کرنے والے ”نقوش“ (نشانات) کو کتاب کہتے ہیں۔

(۳) ”معانیٔ مخصوصہ“ کو کتاب کہتے ہیں، بہ ایں حیثیت کہ وہ الفاظ ونقوش کے مدلول ہیں۔

(۴) معینہ الفاظ، نقوش اور معانیٔ مخصوصہ کے مجموعے کو کتاب کہتے ہیں۔

(۵) اِن تینوں میں سے کوئی بھی دو اُمور (الفاظ ومعانی، الفاظ ونقوش، معانی ونقوش) کو کتاب سے تعبیر کیا جائے۔

الكرّاسة: مَجموعَةٌ صَغيرةٌ دونَ الكتابِ؛ تَقوُلُ فيُ هٰذه الكراسةِ عشرُ وَرَقاتٍ. (التعريفات الفقهيه: ۱۸۱)

کرّاسہ: کتاب کے علاوہ چھوٹا ذخیرہ، کہا جاتا ہے: یہ کتابچہ دس اَوراق پر مشتمل ہے۔

الكتاب: اِس کی تعریف اوپر گذر چکی۔

الباب: طائفةٌ مِنَ المَسائِلِ اِشتمَلتْ عَلىٰ نوْعٍ واحدٍ. (حاشية كنز الدقائق: ٢٤)

باب: ایک ہی قسم کے مسائل پر مشتمل مجموعہ۔

الفصل : طائفةٌ مِنَ المَسائِلِ تَغَيَّرَتْ أَحكامُها بِالنِّسبَةِ إلىٰ مَاقبلَها. (حاشية هدايه ص:٢٢)

فصل: مسائل کا وہ مجموعہ جو (کتاب وباب کے) احکامِ بالا سے مختلف ہو، (جیسے صاحبِ ہدایہ نے كتاب الهبة کے اختتام پر فصل في الصدقة کو بیان فرمایا ہے: لما كانت الصدقة تشارك الهبة في الشروط وتخالفها في الحكم، ذكرها في كتاب الهبة، وفصل لها بفصل. (هدايه٣/٢٩٢))

الكَسْب: هوَ الفِعلُ المُفضيُ إلىٰ اِجْتِلابِ نفعٍ أوْ دَفعِ ضَرَرٍ. وَلايُوصفُ فِعلُ اللهِ تَعالىٰ بأنَّهُ كَسْبٌ؛ لِكَونِهِ مُنزَّهاً عَن جَلبِ نَفعٍ أوْ دَفعِ ضَررٍ.

وَأَيضاً الكَسبُ: هُوَ مُباشَرةُ الأَسبابِ بالاِختِيارِ وَهوَ المَعنىٰ بِقولِهِمْ: الكسبُ صَرفُ العَبدِ قُدرتَهُ.

(فإن قِيل) مَا الفَرقُ بَينَ الكَسبِ وَالخَلقِ؟

(قُلنا): صَرفُ العَبدِ قُدرتَهُ وَإرادتَه اِلَى الفِعلِ كسبٌ. وَإيُجادُ

اللّٰهِ تَعالیٰ الفِعلَ عَقیبَ ذلكَ الصَّرفِ خَلقٌ.

وَالـمَقدورُ الوَاحدُ داخِلٌ تَحتَ القُدرتَینِ؛ لکنْ بِجِهتَینِ مُختلفَینِ، فـالفِعلُ مَقدورُ اللّٰهِ تَعالیٰ بِجِهة الإیُجادِ، ومقدورُ العَبْدِ بِجهة الکَسْبِ. فَلایَلزَمُ تَوارُدُ الـعِـلتَینِ المُستقلتَینِ عَلَی المَعلولِ الوَاحدِ الشَّخصيِ، وَهوَ مَحالٌ. (دستور العلماء ۳/ ۱٤٠)

کسب: (۱) جلبِ منفعت یا دفعِ مضرت تک پہنچانے والا کام۔

(۲) اسباب وآلات کو ارادہ واختیار سے کام میں لانا، اور یہی مراد ہے اُن کی تعریف: الکسبُ: صرفُ العبدِ قدرَتهُ سے، یعنی بندے کا اپنی قدرت کو صَرف کرنا۔

ملاحظہ: تاثیر الٰہی کو کسب سے تعبیر نہیں کیا جا سکتا؛ کیوں کہ وہ ذات، جلبِ منفعت ودفعِ مضرَّت سے مُبرّا ہے۔

کسب وخَلق میں فرق: اگر یہ پوچھا جائے کہ: کسب وخلق کے درمیان کیا فرق ہے؟ تو اِس کا جواب یہ ہے کہ: بندے کا اپنی قدرت وارادۂ فعل کو کام میں لانا ''کسب'' کہلاتا ہے، اور بندے کی کاوش کے بعد باری تعالیٰ کا اُس فعل کو وجود میں لانا ''خلق'' کہلاتا ہے۔

الحاصل! ایک ہی عمل دو مختلف الجہت قدرتوں کے تحت داخل ہے، چناں چہ یہی عمل اِیجاد واختراع کی جہت سے باری تعالیٰ کی قدرت میں ہے، اور کسب وکمائی کی جہت سے بندے کی قدرت میں ہے؛ لہٰذا متعیَّن معلول واحد پر دو مستقل علتوں کے ایک ساتھ جمع ہونے کا نقض (جو محال ہے) لازم نہ آئے گا۔

الكُلُّ عَلَى نوعَينِ:

مَجمُوعِيٌّ: مِثلُ: كُلُّ إنسَانٍ لايُشبِعُهُ هٰذَا الرَّغِيفُ.

إفُرادِيٌّ: مِثلُ كُلُّ إنسَانٍ حَيوانٌ.

ففِي الأوَّلِ: يَكونُ الحُكمُ بإثْبَاتِ المَحمُولِ لمَجمُوعِ أفرادِ المَوضوعِ أوْ نَفيهِ عنهُ، وفِي الثَّانِي: يَكونُ الحُكمُ بإثْبَاتِ المَحمُولِ لِكلِّ واحِدٍ منُ أفْرَادِ مَوضوُعِهِ ونَفيِهِ عَنهُ(ا). (دستور العلماء۳/۹۸)

تعریفات اور مثالوں کے مواقع میں جہاں لفظ ''کُلٌّ'' کا استعمال ہوتا ہے، وہ تین معانی میں مستعمل ہوتا ہے:

کل بہ معنیٰ کلی: (یعنی وہ لفظ ''کُلٌّ''، جس میں موضوع کی ماہیت پر حکم لگایا گیا ہو، نہ کہ موضوع کے افراد کے لیے)، جیسے: كُلُّ إنسَانٍ نَوعٌ، انسان ایک کلی ہے، جو نوع ہے۔

کُل مجموعی: وہ کُل ہے جس میں موضوع کے جملہ افراد پر محمول کے اِثبات یا نفی کا حکم لگایا گیا ہو، جیسے: كلُّ إنسَانٍ لايُشبِعُهُ هٰذَا الرَّغِيفُ، یہ چپاتی جملہ اَفرادِ انسان کو سیر نہیں کرسکتی۔

کُل اِفرادی: وہ کُل ہے جس میں موضوع کے اَفراد پر محمول کے اِثبات کا

(ا) المُلاحَظَةُ: اعُلمُ أنَّ لفُظَ الكُلِّ بمَعنَى الكُليِّ، مِثلُ كُلُّ إنسَانٍ نَوعٌ؛ وبمَعُنَى الكُلِّ المَجمُوعِي، نحوُ: كلُّ إنسَانٍ لايَسعُهُ هٰذهِ الدَّارُ؛ وبمَعنَى الكُلِّ الإفُرادِيِّ. والفَرقُ: بينَ المَفهوُمَاتِ الثَّلاثَةِ ظَاهِرٌ، والمُعتَبرُ فيُ القِياسَاتِ والعُلومِ هُوَ المَعنَى الثَّالثُ، والمُشتَمِلُ عَليهِ هيَ المَحصُورَةُ؛ أمَّا الأولىٰ فَطَبعِيَّةٌ، والثَّانيَةُ شَخصِيَّةٌ أوُ مُهمَلَةٌ، والتِيُ اشتَمَلَتُ عَلَى البَعُضِ المَجمُوعِي فمُهمَلةٌ. (أنوار العلوم حاشيه سلم العلوم:۱۰۷)

حکم اِنفرادی طور پر (ہر ہر فرد پر) لگایا گیا ہو، جیسے: كلُّ إنسَانٍ حيَوانٌ، انسان کا ہر ہر فرد حیوان ہے۔

ملحوظہ: عامۃً استعمال ہونے والا لفظِ ''کُلّ'' کل اِفرادی ہوتا ہے، اور اُس وقت یہ قضیہ محصورہ شمار ہوگا۔(۱)

الكلامُ اللّغوُ: ضَمُّ الكلامِ مَا هوَ ساقِطُ العِبرَةِ منهُ، وهوَ الذيُ لامعنىٰ لهُ فيُ حقِّ ثُبوتِ الحكمِ، (نحو قول الزوج: "أنت طالق أمس" وقد نكحها اليوم؛ فكلامُه لغوٌ). (كتاب التعريفات: ١٩٤)

کلامِ لغو: کلام میں ایسی عبارت ذکر کرنا جو غیر معتبر ہو یعنی اس عبارت کا ثبوتِ حکم سے کوئی تعلق نہ ہو، (جیسے: زید نے ہندہ سے آج نکاح کیا اور کہا: أنت طالق أمس تُو کل گذشتہ سے طلاق والی ہے، یہ کلام لغو ہے، یہ تو ایسا ہی ہے کہ وہ یوں کہے: أنت طالق قبل أن أخلق)۔

الكلام اللفظي: هوَ المُركبُ مِن الألفاظِ وَالحُروفِ الدّالةِ علىٰ معنًى فِي نفسِ المُتكلمِ. (دستور۳/۱۵۵)

کلامِ لفظی: مرادِ متکلم پر دلالت کرنے والے الفاظ اور حروف کا مجموعہ۔

الكلام النفسي: هو مَعنًى فيِ نفسِ المُتكلمِ يَدلُّ عَليهِ بِالعبارةِ أو الُكتابةِ أوِ الإشارةِ، كمَا أشَارَ إليهِ الأخُطَلُ:

---

(۱) ملاحظہ: مُهمَلاتُ العُلومِ فيُ حُكمِ المَحصورَةِ الكُليَّةِ: تعریفات وغیرہ مواقع میں استعمال ہونے والے مہمل قضایا، اگرچہ بہ ظاہر قضایا مہملہ ہیں؛ لیکن وہ محصورہ کلیہ کے حکم میں ہوتے ہیں۔ تفصیل ''انوار المطالع فی ہدایات المطالع'': ۱۲۸ [مطبوعہ: ادارۃ الصدیق ڈابھیل] پر ملاحظہ فرمائیں۔

إِنَّ الـكَـلامَ لَفِي الْفُؤَادِ، وَإِنَّمَا		جُعِـلَ اللِّسَانُ عَلَى الفُؤَادِ دَلِيْلاً

والـمُـرادُ بـالـمَـعْـنـىٰ: مَـايُقابِلُ النَّظْمَ والألفَاظَ، لامَا فيْهِ يُقابِلُ الذَّاتَ. (دستور العلماء ٣/٩٦)

کلامِ نفسی: متکلم کے دل کا وہ مفہوم جس پر الفاظ، تحریر اور اشارہ دلالت کرتا ہو، اِسی کلامِ نفسی کی طرف اخطل شاعر نے اشارہ کیا ہے: ''حقیقت میں کلام تو دل ہی میں ہوتا ہے، زبان تو محض دل کا ترجُمان اور مُعبِّر ہے''۔

ملحوظہ: کلام کرنے سے پہلے ہر متکلم اپنے دل ودماغ میں معانی کا ایک مجموعہ تیار کرتا ہے، اُس ذہنی خاکے کو ''کلامِ نفسی'' کہا جاتا ہے، پھر اُن معانی کو جن الفاظ سے تعبیر کرتا ہے اُس کو ''کلامِ لفظی'' کہا جاتا ہے۔

الـكـلـي: کلی کی تعریف باب الجیم کے تحت ''جزئی'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الـكُلِّيَّاتُ الخَمْسُ: (عِـنـدَ المَنطقِيِّينَ) وتُسَمّٰى بـ ''إِيْسَا غُـوجِـيْ'' أيـْضاً. وَهِيَ: الجِنْسُ، والفَصْلُ، والنَّوْعُ الحَقِيقِيُّ، والخَاصَّةُ المُطلَقَةُ، والعَرْضُ العَامُّ. (كشاف اصطلاحات الفنون: ٣٢)

کلیاتِ خمسہ: (اِیساغوجی)، کلی ذاتی کی تین قِسمیں ہیں: جنس، نوع، فصل؛ اور کلی عرضی کی دو قِسمیں ہیں: خاصہ، عرض عام۔

الجِنْسُ: هوَ كليٌّ مَقوُلٌ عَلىٰ كَثيرِينَ مُخْتَلِفِيْنَ بالحَقائِقِ فِيْ جَوابِ مَا هُوَ؟، كالحَيَوانِ؛ فإنَّهُ مَقُوْلٌ عَلَى الإنْسَانِ والفَرَسِ والغَنَمِ إذا سُئِلَ عنْها بـ ''مَا هِيَ''؟ ويُقالُ: الإنْسَانُ والفَرَسُ مَا هُمَا؟ فالجَوابُ: حَيَوانٌ. (مرقات: ١١)

جنس: (مناطقہ کے نزدیک) وہ کلی ذاتی ہے جو "ماھو" کے جواب میں ایسی جزئیات پر بولی جاوے جن کی حقیقتیں الگ الگ ہوں، جیسے: حیوان جنس ہے؛ کیوں کہ وہ انسان، گھوڑا، بکری وغیرہ پر "مــاھــي" کے جواب میں بولا جاتا ہے، جن کی حقیقتیں الگ الگ ہیں، مثلاً جب کہا جائے کہ: انسان اور فرس کیا ہیں؟ تو جواب میں حیوان واقع ہوگا۔

الجنس : (عِـنـدَ الـفُقَهاء) كُلِّيٌّ مَقُولٌ عَلىٰ كَثِيرِينَ مُختَلِفِينَ بِالأَغرَاضِ دُونَ الحَقَائِقِ، كَالإنسَانِ؛ فَإِنَّهٗ مَقُولٌ علىٰ كَثِيرينَ مُختَلِفِينَ بِالأَغرَاضِ فَإِن تَحتَهٗ رَجُلاً وَامرَأَةً.

وَالـغَـرَضُ مِـن خِـلـقَـةِ الـرَّجُلِ هُوَ كَونُهٗ نَبِيًّا وَإِمَاماً وَشَاهِداً فِي الحُدُودِ وَالقِصَاصِ وَمُقِيماً لِلجُمُعِ وَالأَعيَادِ وَنَحوِهٖ، وَالغَرَضُ مِن خِلقَةِ المَرأَةِ كَونُهَا مُستَفرِشَةً آتِيةً بِالوَلَدِ مُدَبِّرَةً لِأُمُورِ البَيتِ. (كشاف ٣٠٢/١)

جنس: (فقہاء کے نزدیک) وہ کلی ہے جو ایسی جزئیات پر بولی جائے جن کی اَغراض الگ الگ ہوں، جیسے: انسان، کہ اِس کے تحت مرد وعورت ہیں جن دونوں کے تخلیق کی غرضیں مختلف ہیں: ''مرد'' نبی، امام وغیرہ بن سکتا ہے، اور ''عورت'' بچہ جنتی ہے، اور گھریلو کام کاج انجام دیتی ہے۔

النَّوعُ : هـوَ كُـلـيٌّ مَـقُولٌ عَلىٰ كَثيرِينَ مُتَّفِقِينَ بالحَقائقِ فِي جَوابِ مَا هُوَ؟، كَالإِنسَانِ مِنُ الحَيوَانِ. (مرقات: ١١)

نوع: وہ کلی ذاتی ہے جو "مــا ھــو" کے جواب میں ایسی جزئیات پر بولی جائے جن کی حقیقت ایک ہو، جیسے: انسان نوع ہے، کہ وہ زید عمر، بکر وغیرہ پر

ماھُمْ؟ کے جواب میں بولا جاتا ہے، جن کی حقیقت ایک ہے۔

الملاحظة: النوع (فِيْ عُرفِ الأُصوُلِيِّينَ) كلّيٌّ مَقوُلٌ عَلىٰ كَثيرِيْنَ مُتَّفقِيْنَ بالأغراضِ، كَالرَّجلِ وَالمَرْأةِ، (وفي عرفِ المَنطِقِيّينَ) كليٌّ مَقولٌ عَلىٰ كَثيرِينَ مُتَّفقِينَ بِالحَقيقَةِ. (دستور۳/ ۴۹۰)

نوع: (اہلِ اصول کے نزدیک) وہ کلی ہے جو ایسی جزئیات پر بولی جائے جن کی غرض (مقصد) ایک ہو، (جیسے: مرد اور عورت دونوں اہلِ اصول کے نزدیک الگ الگ انواع ہیں؛ کیوں کہ دونوں کی اَغراض مختلف ہیں)۔

نوع: (مناطقہ کے نزدیک) وہ کلی ذاتی ہے جو ایسی جزئیات پر بولی جائے جن کی حقیقت ایک ہو، (جیسے: انسان، چاہے مرد ہو یا عورت)۔

الفَصلُ: هوَ كليٌّ مَقوُلٌ عَلَى الشَّيءِ فيُ جَوابِ أيِّ شَيءٍ هوَ فيُ ذاتِهِ؟، كمَا إذَا سُئِلَ: الإنسَانُ بـ"أيِّ شَيءٍ" هوَ فيُ ذاتِهِ؟ فيُجَابُ: بأنَّهُ نَاطِقٌ. (مرقات: ۱۲)

فصل: وہ کلی ذاتی ہے جو ایسی جزئیات پر بولی جائے جن کی حقیقت ایک ہو، اور وہ دوسری حقیقتوں سے اُس حقیقت کو جدا کردے، جیسے: ناطق انسان کا فصل ہے، کیوں کہ وہ زید، عمر، بکر وغیرہ پر أي شيء هو في ذاته کے جواب میں بولا جاتا ہے جن کی حقیقت ایک ہے، اور وہ انسان کو دوسری حقیقتوں سے یعنی بیل، بکری وغیرہ سے جدا بھی کرتا ہے۔

کلی عرضی کی دو قسمیں ہیں: خاصہ، عرضِ عام

الخَاصَّةُ: هوَ كُلِّيٌّ خَارِجٌ عَنْ حَقيُقَةِ الأفُرَادِ، مَحمُولٌ عَلىٰ

أفـرَادٍ واقِـعَةٍ تَحتَ حَقيُقةٍ واحِدَةٍ فَقَطُ، كالضَّاحِكِ للإنُسَانِ والكَاتِبِ لهٗ. (مرقات: ۱۳)

خاصہ: وہ کلی عرضی ہے جو اپنے اَفراد کی حقیقت سے خارج ہو، اور ایک حقیقت کے تحت واقع تمام یا بعض اَفراد کے ساتھ خاص ہو، جیسے: ضاحک اور کاتب، انسان کا خاصہ ہے، کیوں کہ وہ زید، عمر، بکر وغیرہ کے ساتھ خاص ہے جن کی ماہیت ایک ہے۔

ملحوظہ: خاصہ: چاہے ایک حقیقت کے تمام افراد کے ساتھ خاص ہو، جیسے: لکھنے کی صلاحیت کا ہونا انسان کا خاصہ ہے، اور تمام اَفراد میں پایا جاتا ہے۔ یا بعضے اَفراد کے ساتھ خاص ہو، جیسے باقاعدہ کاتب ہونا، انسان کا خاصہ ہے؛ لیکن بعضے اَفراد میں پایا جاتا ہے؛ اول کو خاصۂ شاملہ اور ثانی کو خاصۂ غیر شاملہ کہتے ہیں۔

العَرُضُ العَامُّ: هـوَ الـكُـلـيُّ الخَارِجُ المَقولُ علىٰ أفُرَادِ حَـقيُـقةٍ واحِـدَةٍ وعَلىٰ غَيرِهَا، كالمَاشِي المَحُمُولِ عَلىٰ أفُرَادِ الإنُسَانِ والفَرَسِ. (مرقات: ۱۳)

عرضِ عام: وہ کلی عرضی ہے جو ایک حقیقت کے افراد کے ساتھ خاص نہ ہو؛ بلکہ چند مختلف حقیقتیں رکھنے والے افراد پر صادق آئے، جیسے: ماشی (پاؤں سے چلنے والا) ہونا انسان کا عرضِ عام ہے؛ کیوں کہ وہ انسان، فرس، بقر، غنم وغیرہ مختلف حقیقتیں رکھنے والے افراد پر صادق آتا ہے۔

الكليات الفرضية: هِيَ الَّتِيُ لايُمكنُ صِدقُها في نفسِ الأمرِ عَلىٰ شيءٍ من الأشياءِ الُخارِجيَّةِ والذَّهنيةِ، كالـ"لا شيئً" والـ"لا مَوجودَ"

والـ”لَّامُمْكِنَ“ بِالإمكانِ العامِّ؛ فإنَّ كلَّ ما يُفرضُ في الُخارجِ فهوَ شيءٌ في الخارجِ ضَرورةً، وكُلُّ ما يُفرَضُ في الذهنِ فهوَ شَيءٌ في الذهنِ ضرورةً، فلايَصدقُ فيُ نفسِ الأمرِ علىٰ شيءٍ منُهما أنَّه ”لاشَيءَ“.

وكُلُّ ما فيُ الخَارجِ يَصدقُ عليهِ أنَّه مَوجودٌ فيهِ، وكُلُّ مَا فيُ الذهنِ يَصدقُ عليهِ أنهٗ مَوجودٌ في الذهنِ، فلايُمكنُ صِدقُ نقيضِهِ، أَعنِيُ الـ”لاموجودَ“ علىٰ شيءٍ أصلًا. (دستور٣/١٦٨)

کلی فرضی: وہ کلی ہے جو خارجی اور ذہنی کسی چیز پر منطبق نہ ہو سکے، جیسے لاشیٔ، لاموجود (معدوم) اور لاممکن (غیر ممکن الوجود)؛ (کہ اِن کا کوئی خارجی یا ذہنی فرد موجود نہیں)؛ کیوں کہ اگر ہم خارج میں اُس کا کوئی فرد خارج میں تسلیم کریں تو وہ شیٔ ہوگا نہ کہ لاشیٔ؛ اِسی طرح اگر لاشیٔ کا کوئی فرد ذہن میں تصور کریں تو وہ بھی واجبی طور پر شیٔ ہوگا۔ الحاصل! خارج یا ذہن میں موجود کسی بھی چیز پر لاشیٔ کا اطلاق نہ ہوگا۔

نیز ہر وہ چیز جس کا مصداق خارج میں ہو تو وہ خارج میں موجود ہے (نہ کہ لاموجود)؛ اور ہر وہ مفہوم جو ذہن میں پایا جائے تو وہ ذہن میں تو موجود ہے، پس اِن دونوں پر ''موجود'' کی نقیض: ''لاموجود'' قطعاً صادق نہ آئے گی، (کہ وہ دونوں نقیضین ہیں، اور نقیضین کا اجتماع مُحال ہے)۔

الكل والكلي: باب الجیم کے تحت ''جزء، جزئی'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الكنايةُ: باب التاء کے تحت ''تشبیہ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الكُنيةُ: باب العین کے تحت ''عَلَم'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الكَيفيَّةُ النفسَانيَّةُ: صفةٌ راسِخةٌ للنَّفس، فإنَّ للنَّفسِ تَحصُلُ هَيئةٌ، أي صفة بسبب فعلٍ منَ الأفعالِ، وَيُقالُ لِتلكَ الهَيئَةِ عند الحكماء كيفيةٌ نَفسانَّةٌ؛ ثُمَّ هيَ تُسَمّٰى "حالَةً" مَا دامتْ سريعَةَ الزَّوالِ، فإذا صارتْ بطيئةَ الزَّوالِ وَحصَلَ لَها الرسوخُ بالتَّكرار، وَمُمارسَةِ النَّفسِ بِها تُسمّٰى "مَلَكَةً". (دستور۳/ ۳۸۰)

واعلَمْ أنَّ الكَيْفِيَّاتِ النَّفْسَانِيَّةَ إنْ كانَتْ راسِخَةً فِيْ مَوْضُوْعِهَا أيْ مُسْتَحْكَمَةً فيْهِ بِحَيْثُ لايَزُوْلُ عَنْهُ أصْلاً أوْ يَعْسُرُ زَوَالُهَا سُمِّيَتْ مَلَكَةً، وإنْ لَمْ تَكُنْ راسِخَةً فيْهِ سُمِّيَتْ حالاً لقبُوْلِهِ التَّغيِيْرَ والزَّوَالَ بِسُهُوْلَةٍ. (كشاف: ٤، ٢٤)

کیفیتِ نفسانیہ: انسان کی صفتِ راسخہ کو کہتے ہیں؛ کیوں کہ کسی کام کے کرنے سے نفس میں ایک کیفیت پیدا ہوتی ہے جس کو حُکَما ''کیفیتِ نفسانیہ'' سے تعبیر کرتے ہیں، اس کی دو قسمیں ہیں: ملکہ اور حال۔

مَلکہ: نفس کی وہ کیفیت ہے جو بہ وجہِ مُزاولت ومُمارَست دیر پا ہو، چاہے وہ بالکل زائل نہ ہو یا اس کا زائل ہونا دشوار ہو، (جس کے ذریعے متعیَّنہ کام کی مہارت اور سلیقہ پیدا ہو جائے)۔

حال: نفس کی وہ کیفیت ہے جو بہ وجہِ عدمِ ممارست تغیُّر پذیر اور جلد زائل ہونے والی ہو، (جیسے: فنِ کتابت ابتدائی مرحلے میں ''حال'' کہلاتا ہے، اگر ممارَست چھوٹ جائے تو وہ کیفیت ختم ہو جائے گی؛ لیکن بار بار کتابت سے فن

میں مہارتِ تامہ پیدا ہو جائے گی، یہ ممارَست ''ملکہ'' کہلاتا ہے)۔(۱)

---

(۱) **ملحوظہ:** ملکہ اور حال کی مذکورہ دو تعریفوں میں فرق یہ ہے کہ: اول تعریف کے مطابق حال و ملکہ دونوں کیفیتِ نفسانیہ کی قسمیں ہیں اور کیفیتِ نفسانیہ صفتِ راسخہ کو کہتے ہیں، گویا اس تعریف کے مطابق حال میں بھی صفتِ راسخہ ہوتی ہے؛ جب کے دوسری تعریف کے مطابق - جو مشہور بھی ہے- حال نفس کی صفتِ طاریہ ہوتی ہے نہ کہ راسخہ۔ یہی بات ابن سینا نے ''مقولات'' میں بیان کی ہے: إن الكيفيات التي يتعلق بالأنفس منها مايكون راسخاً في المتكيّف بها رسوخاً لايزول أو يعسر زواله، وبالجملة لايسهل زواله، ويسمى "ملكة"؛ ومنها ما لايكون راسخاً بل يكون مذعنا للزوال سهل الانتقال فيسمى "حالاً". (موسوعة مصطلحات المنطق: ۱۰۰۰)

باب اللام

لا بشرطِ شيء: باب الالف کے تحت ''اعتباراتِ ثلاثہ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

اللّازمُ: مَا يَمتنِعُ انفِكاكُهُ عَنْ الشَّيءِ، أيْ لَايَجُوزُ أنْ يُفارِقَهُ. (كشاف اصطلاحات الفنون ٤/٨٩)

لازم: وہ چیز ہے جس کا شیِٔ ملزوم سے جدا ہونا **ممتنع** ہو۔

اللازِمُ البَيِّنُ: هوَ الذِيْ يَكْفِيْ تَصوُّرُهُ مَعَ تَصوُّرِ مَلزُومِهٖ فِيْ جَزْمِ العَقْلِ باللزُّوْمِ بينَهمَا؛ إنَّمَا ذُكرَ الجزْمُ، إذْ لوْ كانَ كافِياً فِيْ الظَّنِّ باللُّزُومِ لمْ يَكنْ بَيِّناً.

عرضِ لازم کی دو قسمیں ہیں: لازمِ بیّن، لازمِ غیر بین۔

لازمِ بیّن: وہ لازم ہے جس کا ملزوم کے ساتھ تصوُّر کرنا لازم وملزوم کے درمیان لزومیت کا یقین دلانے والا ہو، (جیسے: بصر کا تصوُّر عمیٰ کے لیے لازم ہے، کہ نابینا اُسی کو کہا جاتا ہے جس میں بینائی کی صلاحیت ہو، دیوار کو کوئی عمیٰ نہیں کہتا۔ اور جیسے: چار کے تصوُّر کے ساتھ زوجیت کا تصور کرنا)۔

غَيرُ البيِّنِ: هوَ الذِيْ يَفتَقِرُ جَزْمُ الذِّهْنِ باللُّزُومِ بَينَهما، إمَّا إلىٰ وَسَطٍ فيَكُوْنُ نَظَرِيّاً، وإمَّا إلىٰ أمْرٍ آخَرَ سِوىٰ تَصوُّرِ الطَّرَفَينِ والوَسَطِ، كالحَدْسِ والتَّجرِبَةِ ونَحوِهِمَا. (دستور العلماء ٤/٩١)

لازمِ غیر بین: وہ لازم ہے جس میں لزومیت کا یقین کرنے کے لیے لازم وملزوم کے تصور کے علاوہ (حدّ اوسط یا حدس وتجربہ وغیرہ) کی ضرورت ہو، (جیسے: عالَم کے لیے حدوث لازم ہے؛ لیکن طرفین کا تصوُّر اِس لزومیت کو سمجھانے والا نہیں ہے؛ بلکہ اُن کے مابین لزومیت کو سمجھنے کے لیے نظر قائم کرنے کی ضرورت ہے کہ: دنیا تغیُّر پذیر ہے، ہر تغیر پذیر چیز فانی ہے، اِس کا لازمی نتیجہ یہ ہے کہ: دنیا فانی ہے)۔

ملحوظہ: حدس وتجربے کی تفصیل باب المیم کے تحت ''مقدمات یقینیہ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

اللازم الأعم: أنْ يُوجَدَ اللازمُ بدونِ المَلزومِ، وأَيُضاً يُوجدُ معَ المَلزومِ. وأمَّا المَلزومُ فإنهُ لايُوجدُ بدونِ اللازمِ أصلاً. مثالهُ: الحيوانُ فإنَّه لازمٌ للإنسانِ، فإنَّهٗ يوجدُ بدونِ الإنسانِ وَيُوجدُ أَيضاً مَعَ الإنسانِ، وأَمَّا الإنسانُ فهوَ المَلزومُ، لايُوجدُ بدونِ الحيَوان. (حاشیہ نور الانوار ص:۲۹)

لازم، لزوم کا اسم فاعل ہے، اور اہلِ اصول کے نزدیک لزوم کے معنیٰ لایمکن رفعہ یعنی جس کا رفع ملزوم سے ممکن نہ ہو، جیسے: انسان سے حیوانیت کا رَفع ممکن نہیں ہے۔ (کشاف)

لازمِ اعم: اُس لازم کو کہتے ہیں کہ لازم، ملزوم کے بغیر بھی پایا جائے اور ملزوم کے ساتھ بھی پایا جائے، جب کہ ملزوم بغیر لازم کے بالکل نہ پایا جائے، جیسے: حیوان انسان کا ''لازمِ اعم'' ہے؛ کیوں کہ حیوان، بدونِ انسان کے بھی پایا جاتا ہے (جیسے: بقر، غنم وغیرہ)، اور انسان کے ساتھ بھی پایا جاتا ہے، جب کہ

ملزوم (انسان) بدونِ حیوان کے بالکل نہیں پایا جاتا۔

اللازم المُساوي: أَنْ لایُوجدَ اللازمُ بدونِ المَلزومِ وَلا یُوجدَ المَلزومُ بدونِ اللازمِ، کالإنسانِ والنَّاطقِ. (أیضاً)

لازمِ مساوی: وہ لازم ہے کہ جس میں نہ لازم، ملزوم کے بغیر پایا جائے، اور نہ ہی ملزوم، بغیر لازم کے پایا جائے، جیسے: انسان اور ناطق (بہ معنیٰ: کلیات کا اِدراک کرنے والا)۔

اللوازم: تُطلَقُ علیٰ مَعْنَیَیْنِ: (أولیَّة) کالضَّوءِ اللّازمِ لِلشَّمسِ، والزَّوجیةِ للأَربعةِ. و (ثانویَّة) کاللزومِ الَّذِیْ بینَ اللّازمِ والمَلزومِ؛ وأَمَّا اِنتفاءُ اللازمِ یَستلزِمُ انتفاءَ المَلزومِ فمخصوصٌ بِاللوازمِ الأَوَّلیةِ فقطُ، دونَ الثَّانیةِ. (دستور۳/ ۱۹۷)

لازم: اِس کا اطلاق دو معنوں کے لیے ہوتا ہے: لازمِ اَوَّلی، لازمِ ثانوی:

لازمِ اَوَّلی: جیسا کہ سورج کے لیے دھوپ کا ہونا لازم ہے، کہ دھوپ والا ہونا سورج سے جدا ہونا ممتنع ہے؛ اِسی طرح چار کے لیے زوجیت کا ہونا لازم ہے۔ اور یہی وہ لازم ہے جس کے بابت قاعدہ ہے کہ: لازم کا مُنتَفی ہونا ملزوم کے نابود ہونے کو مستلزِم ہے۔

لازمِ ثانوی: لازم وملزوم کے درمیان کی لزومیت کے لیے لزوم کا ہونا لازمِ ثانوی کہلاتا ہے(۱)۔

---

(۱) ملحوظہ: اولاً اور ثانیاً کا مطلب یہ ہے کہ، کسی لفظ کا کلی کے بعض افراد پر صادق آنا دوسرے بعض پر صادق آنے کے لیے علت ہو، جیسے: لفظ ''موجود'' ایک کلی ہے، اُس کے اَفراد ذاتِ باری اور دیگر موجودات =

الملازمة: هـيَ وَالتَّلازمُ وَالاستِلزامُ فيُ اصطلاحهِم بمَعنىٰ واحدٍ، وهوَ: كَونُ الحُكمِ(المَلزومِ) مُقتَضِياً لحُكمٍ آخرَ(اللازم)، بأنْ يكونَ إذا وُجِدَ المُقتضِيُ وُجدَ المُقتَضىٰ وَقتَ وُجودِهٖ، كَكَوْنِ الشَّمسِ طالِعةً، وَكونِ النَّهارِ مَوجوداً، فإن الحكمَ بالأوّلِ مُقتضٍ للحُكمِ بالآخَرِ. (رشيديه ص:١٧)

ملازمہ واستلزام: ملزوم کا حکم، لازم کے حکم کا تقاضہ کرے، اِس طور پر کہ جب کبھی مقتضِی (ملزوم کا حکم) پایا جائے تو مقتضا (لازم کا حکم) بھی پایا جائے، جیسے: طلوعِ شمس کے لیے دن لازم ہے، تو دن کے لیے طلوعِ شمس لازم ہے۔ (اِس مثال میں ملزوم یعنی طلوعِ شمس کا حکم، لازم یعنی دن کے حکم کا یعنی طلوع شمس کا تقاضہ کرتا ہے)۔ اِسی طرح آگ کے لیے (دن ہو یا رات) دھواں لازم ہے، تو دھواں کے لیے دن، رات (دونوں ہی) میں آگ ضروری ہے؛ یہ اَور بات ہے کہ دھواں دن میں نظر آتا ہے رات میں نظر نہیں آتا۔

ملاحظہ: ملازمہ، تلازم اور استلزام اہلِ مناظرہ کے نزدیک ایک ہی معنیٰ میں مستعمَل ہیں؛ (لیکن اہلِ مناظرہ کے علاوہ کے نزدیک: لزوم واستلزام دونوں

= ہیں؛ مگر موجود کا صدق ذاتِ باری پر اولاً ہے، اور دیگر موجودات پر ثانیاً ہے، یعنی ذاتِ باری کا وجود دیگر موجودات کے وجود کے لیے علت ہے، بالکل اِسی طرح چار کے عدد کے لیے زوجیت لازم ہے، یہ لزومِ اوّلی ہے؛ پھر اس لزومیت کا نتیجہ یہ ہوگا کہ، چار کی طرف زوجیت کے لزوم کی نسبت (مثلاً: چار کے لیے زوجیت لازم ہے) جب بھی پائی جائے، تو یہ لزوم کی نسبت بھی لازم ہوگی، (یعنی چار کے لیے زوجیت کا لازم ہونا بھی لازم ہوگا)؛ پس خاص اِس نسبت کے لحاظ سے چار کے لیے زوجیت اور زوجیت کے لیے چار لازم ہوگا؛ لیکن اِس لزوم کے لازمِ ثانوی ہونے کی وجہ سے قاعدۂ کلیہ: ''لازم کا منتفی ہونا ملزوم کے منتفی ہونے کو مستلزم ہے'' جاری نہیں ہوگا۔

امتناع الانفکاک من احد الجانبین کے معنیٰ میں مستعمل ہوتے ہیں اور ملازمت وتلازُم باہمی مُشارکت یا تشارُک فی المفہوم کی وجہ سے امتناع الانفکاک عن الطرفین کے معنیٰ میں مستعمل ہوتے ہیں)۔

الاستلزام: طَلبُ لُزومِ الشَّيءِ، أيُ كَونُ الشَّيءِ طالباً لأنُ يَكونَ شيءٌ آخرُ لازماً لهُ. (دستور العلماء ۱/ ۸۱) (۱)

استلزام: شیٔ کے لزوم کا طلب کرنا، یعنی شیٔ کا اس بات کو مقتضِی ہونا کہ دوسری شیٔ اس کا لازم ہو، (مثلاً: آگ مقتضِی ہے کہ حرارت اس کے لیے لازم ہو)

الملازمة العقلية: عَدمُ إمكانِ تصوُّرِ المَلزومِ بِدونِ تَصوُّرِ لازمِهٖ للعَقلِ.

ملازمۂ عقلیہ: وہ لازم ہے جس میں لازم کا تصور کیے بغیر ملزوم کا تصور کرنا عقلاً ناممکن ہو۔

الملازمة العادية: هيَ أَنُ يُمكِنَ للعَقلِ تَصوُّرُ المَلزومِ بِدونِ تَصوُّرِ لازمِهٖ، كفَسادِ العالَمِ عَلىٰ فرضِ تَعدُّدِ الآلِهةِ، لإمكانِ الاتِّفاقِ. (دستور ۳/ ۳۸۰)

ملازمۂ عادیہ: وہ لازم ہے جس میں لازم کا تصور کیے بغیر ملزوم کا تصور کرنا عقلاً ممکن ہو؛ (لیکن عادۃً ممکن نہ ہو)، جیسے: تعدُّدِ اِلٰہ کے تسلیم کرنے پر عالَم میں

---

(۱) الملازمة واللزوم والتلازم: فيُ اللغةِ اِمتِناعُ اِنفِكاكِ شَيءٍ عنُ آخرَ، وَفيُ الاصطلاحِ: كونُ أَمرٍ مُقتَضِياً لآخرَ عَلىٰ مَعنىٰ أَنهُ يَكونُ بِحيثُ لوُ وَقعَ يَقتَضِي وُقوعَ أمرٍ آخرَ، كطُلوعِ الشَّمسِ للنَّهارِ، وَالنَّهارِ لِطلوعِ الشمسِ، وَكالدُّخانِ للنَّارِ فيُ اللَّيلِ وَالنَّهارِ وَالنَّارِ للدُّخانِ كذلكَ، وإنُ كانَ الدخانُ مرئيّاً فيُ النَّهارِ وَغيرَ مَرئيٍ فيُ الليلِ. (دستور ۳/ ۳۸۰)

فساد کا ہونا لازم ہے؛ لیکن یہ بات عقلاً ممکن ضرور ہے کہ، تمام معبودانِ باطلہ کسی امر پر متفق ہوجائیں اور عالم میں فساد نہ ہو۔

ملحوظہ: بنابریں فرمانِ الٰہی: ﴿لَوْ كَانَ فِيْهِمَا آلِهَةٌ إِلَّا اللّٰهُ﴾ مقدّم اور ﴿لَفَسَدَتَا﴾ تالی کے درمیان تلازم قطعی نہیں ہے؛ بلکہ عادت پر مبنی ہے، کہ عامۃً حکام بشری کے تعدُّد کے وقت باہمی نزاع ہوتا رہتا ہے۔

اللطیفۃ: باب النون کے تحت ''نکتۃ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

اللف والنشر: أَنْ يُلَفَّ شيئَانِ مَثَلاً ثم يُرْدَفَا بتفسيرِهما أَوْ بِمَا يُناسِبُهما جُمْلةً، اِعتماداً علىٰ أَنَّ السَّامعَ الْفَطِنَ يَرُدُّ إِلىٰ كلٍّ منهُمَا ما هوَ لهٗ. فإِنْ كانَ عَلَى التَّرتيبِ بِأَنْ كان الأَوَّلُ لِلأولِ والثاني لِلثانِيْ وهٰكذا فاللَّفُّ والنَّشرُ علَى التَّرتيبِ؛ وإِلَّا فعَلىٰ غيرِ الترتيبِ. كقولهِ تعالىٰ ﴿ومِنْ رَحْمَتِهِ جَعَلَ لَكُمُ اللَّيْلَ وَالنَّهارَ لِتَسْكُنُوْا فيهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهِ﴾ فإنه تَعالىٰ ذَكَرَ اللَّيْلَ والنَّهارَ علَى التَّفصِيْلِ ثمَّ ذَكَرَ ما للَّيْلِ: وهوَ السُّكُوْنُ فيهِ، وَما للنَّهارِ: وهو الاِبْتِغاءُ مِنْ فَضْلِ اللّٰه علَى الترتيبِ. (دستور۳/ ۲۰۳)

لف ونشر: اہلِ بیان کے نزدیک کسی مسئلے میں مثلاً دو چیزوں کو اِکٹھا (اجمالاً) ذکر کرنا، پھر اور دو چیزیں بیان کرنا جو پہلی دو سے نسبت رکھتی ہوں، اِس اعتماد پر کہ سمجھ دار مخاطب ہر ایک کو اُس کے مناسب منسوب اِلیہ سے ملالے گا، پس اگر پہلی ترتیبِ ذکری بعد میں بھی برقرار ہو تو اُسے ''لفّ ونشر مرتّب'' (لف ونشر غیر مشوّش) کہتے ہیں، اور اگر بعد والی ترتیب برعکس ہو تو اُسے لفّ ونشر غیر مرتّب (لف ونشر مشوّش) کہتے ہیں۔

(اول کی مثال) جیسے: باری تعالیٰ کا فرمان: ﴿وَمِنْ رَحْمَتِهِ جَعَلَ لَكُمُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ لِتَسْكُنُوا فِيهِ وَلِتَبْتَغُوا مِنْ فَضْلِهِ﴾ اور اپنی مہربانی سے بنا دیے تمھارے واسطے ''رات اور دن'' کہ اس (رات) میں ''چین'' بھی کرو اور ''تلاش بھی کرو (دن میں) کچھ اُس کا فضل'' اور تا کہ تم شکر کرو، اِس میں باری تعالیٰ نے رات اور دن کی وضاحت فرمائی، پھر تفصیل کرتے ہوئے اولاً رات کا مناسب: آرام کرنا، اور ثانیاً دن کا مناسب: روزی کی تلاش کرنا، کو ذکر کیا ہے۔

اللفظ المفرد: هوَ اللَّفظُ الذي لا يَدلُّ جزءُهٗ عَلىٰ جُزءِ مَعناهُ. (دستور العلماء۳/۳۵۱) (۱)

لفظِ مفرد: وہ لفظ ہے جس میں لفظ کا جز، معنیٰ کے جز پر دلالت نہ کرے، (جیسے: لفظِ ''زید'' ذاتِ زید پر دلالت کرتا ہے؛ لیکن ''ز، ی، اور دال'' ذاتِ زید کے کسی خاص عضو پر دال نہیں)۔

المعنى المفرد: هوَ المَعنَى الذي لايَدلُّ جزءُ لفظِهٖ عَلىٰ جزءِهٖ(أي على جزء معناه). (دستورالعلماء)

معنیٔ مفرد: وہ معنیٰ ہے جس کے لفظ کا جزو معنیٰ کے جزو پر دلالت نہ

---

(۱) المُفرَدُ يَقَعُ صِفةَ اللفُظِ والمَعنىٰ، ولٰكنَّ اللفظَ المُفرَدَ هوَ اللَّفظُ الذِي لايَدلُّ جُزءُهُ عَلىٰ جُزءِ مَعنَاهُ؛ والمَعنَى المُفرَدُ: هوَ المَعنَى الذِي لايَدلُّ جُزءُ لَفظِهٖ عَلىٰ جُزئِهٖ؛ ثُمَّ المُفرَدُ الذِي لايَدلُّ جُزؤُهُ عَلىٰ جُزءِ مَعنَاهُ هوَ مُقابِلٌ للمُركَّبِ.

وقد يُطلَقُ المُفرَدُ ويُرادُ بهٖ مَايُقابِلُ المُضَافَ، فيُقالُ: هٰذَا مُفرَدٌ أيْ لَيسَ مُضافاً، وقَدْ يُطلَقُ ويُرادُ بهٖ مَايُقابِلُ الجُملَةَ، فيُقالُ: هٰذَا مُفرَدٌ أيْ لَيسَ بجُملَةٍ، والمُفرَدُ بِهٰذَا المَعنىٰ شَامِلٌ للمُركَّبَاتِ التَّقيِيدِيَّةِ، والوَاحِدِ والمُثَنّى والمَجمُوعِ. (دستور العلماء۳/۲۱۲)

کرے، (جیسے: لفظ ''عبداللہ'' مرکب ہے؛ لیکن نام رکھنے کی صورت میں اپنے معنیٰ (اللہ کا بندہ) کے جُز پر دلالت نہیں کرتا)۔

اللقب: باب العین کے تحت ''علم'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

اللَّمسُ: باب الحاء کے تحت ''حاسہ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

لنفسہ: باب الفاء کے تحت ''فی نفسہٖ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

باب المیم

مَاكانَ: هوَ النَّظرُ إلَى المَاضِيُ، نحوُ: ﴿وَاٰتُوا اليَتٰمىٓ أمُوَالَهُمُ﴾ أيُ الذِيُنَ كانُوا يَتامىٰ ثُمَّ بَلَغُوا؛ فاليَتَامىٰ مَجازٌ مُرُسَلٌ، عَلاقتُهُ اعُتبَارُ مَاكَانَ. (جواهر البلاغة: ۱۸۰)

اعتبارِ ماکان: سابقہ حالت (زمانۂ گذشتہ) کا لحاظ کرتے ہوئے مجازاً کسی لفظ کا اطلاق کرنا، جیسے: باری تعالیٰ کا فرمان: ﴿وَآتُوا اليَتَامىٰ أمُوَالَهُمُ﴾، اور جن بچوں کا باپ مرجائے اُن کے مال اُنھیں کو (یعنی اُن بالغین کو جو پہلے یتیم تھے) پہنچاتے رہو؛ یہاں پر لفظِ یتامیٰ میں مجاز ہے (نابالغ بول کر بالغ مراد لینا)، جس کا علاقہ (غیرِ تشبیہ میں سے) اعتبارِ ماکان ہے۔

مَايَكُونُ: هوَ النَّظرُ إلَى المُستقبِلِ، نَحوُ: طَحَنتُ خُبزاً، أيُ حَبّاً يَؤُولُ أمُرُهُ إلىٰ أنُ يَكُونَ خُبزاً، فَخُبزاً مَجازٌ مُرُسَلٌ، عَلاقتُهُ: اعُتِبارُ مَايَؤُولُ إلَيهِ، ومِثلُهُ: ﴿إنِّيُ أرَانِي أعُصِرُ خَمُراً﴾، أيُ عَصِيُراً يَؤُولُ أمُرُهٗ إلىٰ خَمُرٍ؛ لأنَّهُ حَالَ عَصُرِهٖ لايَكُونُ خَمُراً، فالعَلاقَةُ هُنَا: اعُتِبَارُ مَايَؤُولُ إلَيهِ. (جواهر البلاغة: ۱۸۰)

اعتبارِ مایکون، مایؤول: لاحِقہ حالت (زمانۂ آئندہ) کا لحاظ کرتے ہوئے مجازاً کسی لفظ کا اطلاق کرنا، جیسے: مَیں نے روٹی (یا آٹا) پِسوایا، یعنی ایسے دانوں کو پِسوایا جو مستقبل میں روٹی بننے والے تھے، یہاں پر لفظِ "خبز" میں مجاز ہے (کہ روٹی بول کر دانہ مرادلیا)، جس کا علاقہ اعتبارِ مایکون ہے؛ اور جیسے: باری تعالیٰ کا

فرمان: ﴿إِنِّـي أَرَانِـي أَعْـصِـرُ خَمْراً﴾، مَیں اپنے کوخواب میں دیکھتا ہوں کہ شراب نچوڑ رہا ہوں؛ یعنی مَیں انگور کا رَس نچوڑتا ہوں جو رَس مستقبل میں شراب ہونے والا ہے؛ کیوں کہ رَس نچوڑتے وقت شراب نہیں ہوتی؛ بلکہ بعد میں ہوتی ہے، چناں چہ یہاں بھی مایؤول کا علاقہ ہے۔

مادَّةُ القياس :باب الصاد کے تحت ''صناعات خمسہ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المانع: باب الجیم کے تحت ''جامع'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الماهيةُ: باب الحاء کے تحت ''حقیقت'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

ما هو، ومراده :باب الحاء کے تحت ''حقیقت'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المباديات: باب الراء کے تحت ''رؤس ثمانیہ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المباشرة: كَوْنُ الحرَكةِ بِدونِ توسُّطِ فِعلٍ آخرَ، كحرَكةِ اليَدِ. (كتاب التعريفات ص: ١٩٩)

مباشَرت: جنبش کا دوسرے عمل کے توسُّط کے بغیر (براہِ راست) وجود میں آنا، جیسے: تالا کھولتے ہوئے ہاتھ کی حرکت مباشرۃً ہے (نہ کہ چابی کی حرکت، کہ وہ ہاتھ کی حرکت کے واسطے سے وجود میں آئی ہے)۔

المُبالغَةُ : أنْ يَدَّعِيَ المُتكلِّمُ لوَصفٍ بُلوغَهُ في الشِّدَّةِ أوْ الضَّعفِ حَداً مُستبْعَداً أوْ مُستَحِيلاً، نَحوُ: ﴿ظُلُمَاتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ، إذَا أَخْرَجَ يَدَهُ لَمْ يَكَدْ يَرَاهَا﴾. والمُبالَغةُ تنحصرُ في ثَلاثَةِ أنواعٍ:

التَّبلِيغُ، الإِغْرَاقُ، الغُلُوُّ. (جواهر البلاغة: ٢٣٠)

مبالغہ: متکلم کا کسی کی تعریف یا بُرائی کے وصف کو اِس درجہ بڑھا چڑھا کر بیان کرنا جو دُور اَز قِیاس اور ناممکن ہو، جیسے باری تعالیٰ کا فرمان: ﴿ظُلُمَاتٌ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ، إِذَا أَخْرَجَ يَدَهُ لَمْ يَكَدْ يَرَاهَا﴾، اِن (کافروں کے اعمال) کی مثال ایسی ہے جیسے کسی گہرے سمندر میں پھیلے ہوئے اندھیرے، کہ سمندر کو ایک موج نے ڈھانپ رکھا ہو، جس کے اوپر ایک اَور موج ہو، اور اُس کے اوپر بادل؛ غرض اوپر تلے اندھیرے ہی اندھیرے، اگر کوئی اپنا ہاتھ باہر نکالے تو اُسے بھی دیکھ نہ پائے۔

مبالغہ کی تین قسمیں ہیں: تبلیغ، اِغراق اور غُلو۔ اول دوم کے لیے کتبِ بلاغت ملاحظہ ہو۔

الغُلُوُّ: إِنْ كَانَ الاِدِّعَاءُ (أَيِ ادِّعَاءُ المُتَكَلِّمِ لِوَصْفٍ بُلُوْغَهُ فِي الشِّدَّةِ أَوِ الضَّعْفِ حَداً) مُسْتَحِيلاً عَقْلاً وَعَادَةً، وَالمَقْبُوْلُ مِنْهُ كَقَوْلِهِ: ﴿يَكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْئُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ، نُوْرٌ عَلَى نُوْرٍ﴾ [النور] (جواهر البلاغة: ٢٣٠ بتقديم وزيادة.)

غلو: متکلم کا کسی میں تعریف یا بُرائی کے وصف کو اس درجہ بڑھا چڑھا کر بیان کرنا جو عقلاً اور عادۃً محال ہو؛ (جیسے: شاعر کا قول تَكَادُ قِسِيُّهُ مِنْ غَيْرِ رَامٍ ۞ تُمَكِّنُ فِي قُلُوْبِهِمُ النِّبَالاَ: قریب ہے کہ اُن کی کمانیں بغیر تیر چلائے دشمنوں کے دلوں میں تیروں کو جما دے)۔ غلوِّ مقبول کی مثال باری تعالیٰ کا فرمان: ﴿يَكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْئُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ، نُوْرٌ عَلىٰ نُوْرٍ﴾ اُس کا تیل اگر

اُس کو آگ بھی نہ چھوئے، تاہم ایسا معلوم ہوتا ہے کہ خود بہ خود جل اُٹھے گا، نورٌ علی نورٍ ہے۔

ملحوظہ: غلوِ مقبول کی تین قسمیں ہیں، اُن میں سے پہلی قسم وہ ہے جس میں لفظ کادَ یا لَوْ کو استعمال کیا گیا ہو، لو کی مثال باری تعالیٰ کا فرمان ﴿لَوْ أَنْزَلْنَا هٰذَا القُرْآنَ عَلىٰ جَبَلٍ لَرَأَيْتَهٗ خَاشِعاً مُتَصَدِّعاً مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ﴾ ہے۔ تفصیل کے لیے ''جواہر البلاغۃ'' کو ملاحظہ فرمائیں۔

المَبحث: باب الدال کے تحت ''دعویٰ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المتقدمین والمتأخرین: باب السین کے تحت ''سلف'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المترادف: هوَ اللَّفظُ الذيْ يكونُ مَعناهُ المَوضوعُ لهٗ واحداً، وَيكونُ لِذٰلكَ المَعنىٰ لَفظٌ آخرُ مَوضوعٌ لهٗ أَوْ أَلفاظٌ كذٰلكَ. (دستور۳/۲۴۱)

مترادف: وہ لفظ ہے جس کا معنیٰ موضوع لہٗ ایک ہو اور اُسی معنیٰ کو ادا کرنے کے لیے مزید ایک یا چند اَور الفاظ موضوع ہوں، (بہ الفاظِ دیگر: دو یا چند لفظوں کا ظاہری اختلاف کے باوجود ہم معنیٰ ہونا، جیسے: لَیثٌ اور أسدٌ، دونوں کا ترجمہ ''شیر'' ہے)۔

المُتصَرِّفۃُ: باب الحاء کے تحت ''حاسہ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المتن: باب الشین کے تحت ''شرح'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

متن الحدیث: باب السین کے تحت ''سند الحدیث'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المُتواتراتُ: باب المیم کے تحت ''مقدمات یقینیہ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

مَثَل: مَتَى شَاعَ اِستِعمالُ المَجازِ المُركَّبِ عَلىٰ سَبيلِ الاِستِعارَةِ سُمِّيَ مَثَلاً. (سفينة البلغاء:۱۰۸)

مَثَل: (کہاوت) جب استعارۂ تمثیلیہ کا استعمال عام ہوجاتا ہے تو وہی مَثَل کہلاتا ہے۔

ملاحظہ: استعارۂ تمثیلیہ: وہ بامعنیٰ جملہ جو بہ وجہِ مشابہت معنیٔ موضوع لہٗ کے عِلاوہ میں مستعمل ہو، بہ شرطے کہ معنیٔ اصلی کو مراد لینے سے مانع کوئی قرینہ بھی ہو۔ (تفصیل باب التاء کے ضمن میں ''تشبیہ'' کے تحت ملاحظہ فرمائیں)۔

المِثالُ: هوَ المُشارِكُ فِي أحدِ الأوصافِ، سَواءٌ كانَ مُشاركاً فِي جميعِ الأوصافِ أوْ لَا. (دستور۳/۱۴۸)

مِثال: وہ نُمونہ ہے جو اپنے مماثل کے کسی ایک وصف میں شریک ہو؛ چاہے مُماثل کے جملہ صفات میں شریک ہو یا نہ ہو۔

والفرقُ بينهمَا: أَنّ المِثْلَ هوَ المُشارِكُ فِي جَميعِ الأَوصافِ. (دستور۳/ ۱۴۸)

مِثْل: وہ نُمونہ ہے جو اپنے مُماثل کے جملہ صفات میں شریک ہو(۱)۔

---

(۱) وَلِهٰذا قالَ اللّٰهُ تَعالىٰ ﴿لَيسَ كَمِثْلِهِ شَيءٌ﴾، فلا يُقالُ: لَيسَ مثلَه شَيءٌ؛ وَلا بأْسَ بأنْ يُقالَ: لهُ تَعالىٰ مِثالٌ، كمَا يُقالُ: إنَّ العَقلَ مِثالُ الشَّمسِ؛ لأنَّهُ كمَا يَنكشِفُ المَحسوسَاتُ بالشَّمسِ يَنكشِفُ المَعقولاتُ بالعَقْلِ، فالعَقلُ يُشارِكُ الشَّمسَ فِي الاِنكشافِ، وَلا يُقالُ: إنَّ العَقلَ مِثلُ الشَّمسِ. (دستور۳/۱۴۸)

الشاهد: هوَ (في العَرَبيَّةِ) قَولٌ عربيٌ (شِعرٌ أو نثرٌ) قِيلَ في عَصرِ الاِحتِجاجِ يُوردُ للاحتِجاجِ بِهِ عَلىٰ قَولٍ أوْ رأيٍ أوْ قاعِدةٍ. (موسوعةص: ٤٠٥)

شاہد: وہ عربی عبارت (قولِ باری، قولِ نبوی، یا قولِ فصیح عرب: شعر ہو یا نثر) جو کسی رائے یا قاعدے کو ثابت کرنے کے موقع پر بہ طورِ استدلال نقل کی جائے۔

والفرقُ بينَ المِثالِ وَالنَّظيرِ: أنّ المِثالَ يَكونُ جزئيّاً للمُمَثَّلِ بِخلافِ النَّظيرِ.

وَالفرقُ بينَ الأمثلةِ وَالشَّواهدِ: أنَّ الأَمثلةَ أَعمُّ مِن الشَّواهدِ؛ لأنَّ الشَّواهدَ تُستعمَلُ في كلامِ اللّٰه تَعالىٰ وكلامِ النبيِّ ﷺ، وَكلامِ الفُصحاءِ. وَالأمثلةُ فيُها وَفيُ الكلامِ الذيُ يُؤلِّفُهُ المُعلِّمُ مَثلاً للتَّمثيلِ وَالتَّفهيمِ. وَالمُثُلُ –بالضَّمَّتَينِ– جمعُ المِثالِ. (دستور۳/۱٤۸)

مثال ونظیر میں فرق: مثال، اپنے ممثَّل لہٗ کی جزئیات میں سے ایک جزئی ہوتی ہے، جب کہ نظیر جزئی نہیں ہوتی، (جیسے: كلُّ فاعلٍ مرفوعٌ، کی مثال میں بہ طورِ نمونہ: ضربَ زيدٌ کو پیش کرنا مثال کہلاتا ہے، اور زيدٌ عالمٌ کو پیش کرنا نظیر کہلاتا ہے، کہ وہ درحقیقت فاعل نہیں ہے؛ ہاں! اِس عبارت میں زید مرفوع ضرور ہے، جیسے فاعل مرفوع ہوتا ہے)۔

مثال اور شاہد میں فرق: مثال، شاہد سے عام ہے(۱)؛ کیوں کہ شاہد کا

---

(۱) مثال: اُس کلام کو کہتے ہیں جن سے قاعدۂ کلیہ کی وضاحت مقصود ہو۔
شاہد: اُس شخص کے کلام کو کہتے ہیں جس کا کلام محاورات میں معتمَد علیہ اور قابلِ وثوق ہو، اور وہ کلام قاعدۂ کلیہ کی تقریر کے لیے لایا گیا ہو۔ بہ ایں وجہ دونوں (مثال وشاہد) کے درمیان عام وخاص مطلق کی نسبت ہے، مثلاً: جو چیز شاہد بننے کی صلاحیت رکھتی ہے وہ مثال بھی بن سکے گی، اِس کا عکس نہ ہوگا۔ (مآرب الطلبہ: ۱۹۹)

اِطلاق کلامِ الٰہی، کلامِ نبوی ﷺ اور کلامِ فصحائے عرب کے ساتھ خاص ہے، جب کہ مثال میں مذکورہ عبارتوں کے عِلاوہ عام مؤمنین کی وہ عبارتیں بھی داخل ہیں جو بہ طورِ نمونہ سمجھانے کے لیے لاتے ہیں۔

المثنوي: باب الشین کے تحت ''شعر'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المُجادلۃ: باب المیم کے تحت ''معارَضہ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المَجاز: باب التاء کے تحت ''تشبیہ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المَجاز المُرسَل: باب التاء کے تحت ''تشبیہ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

علاقات المَجازِ المُرسَلِ: العُمدَةُ في أنوَاعِ العَلاقةِ الاستِقرَاءُ، ويَرتقِي مَاذكرَهُ القَومُ إلىٰ خَمسَةٍ وعِشرِينَ: (دستور العلماء ٣/١٥١)

مجازِ مرسَل: مجازِ مرسَل کے علاقوں کا مدار تتبُّع اور تلاش پر ہے، جو علُما کے ذکر کے مطابق پچیس سے زائد ہیں:

أحَدُها: إطلاقُ السَّبَبِ عَلَى المُسبَّب، والثَّاني: عَكسُهُ، (نحو: ﴿وَالسَّمَاءَ بَنَيْنَاهَا بِأَيْدٍ﴾ [أي بقوةٍ]، وقال تعالىٰ: ﴿وَيُنَزِّلُ لَكُم مِّنَ السَّمَاءِ رِزْقًا﴾ [أي مطراً]).

سببیت کا عَلاقہ ہو، یعنی سبب بول کر مسبَّب مراد لیا جائے، جیسے: (اور ہم نے آسمان کو قدرت سے بنایا) میں ید بول کر قوّت مراد لینا؛ مسببیت کا علاقہ ہو، یعنی مسبَّب بول کر سبب مراد لیا جائے، جیسے: (اور وہ آسمان سے تمھارے لیے رزق بھیجتا ہے) یہاں رزق بول کر بارش کو مراد لیا گیا ہے۔

والثَّالثُ: إطْلاقُ اسمِ الكلِّ عَلَى الجُزْءِ، والرَّابعُ: عَكسُهُ، (نحو: ﴿يَجعَلُونَ أصَابِعَهُم فِيْ آذَانِهِم﴾ [أي أناملهم]، وقال تعالىٰ: ﴿فَتَحْرِيْرُ رَقَبَةٍ﴾ [أي عتقُ عبدٍ مؤمنٍ أوْ أمةٍ مؤمنةٍ]).

کلیت وجزئیت کا علاقہ ہو، یعنی کُل بول کر جز مراد لیا جائے، جیسے: ﴿وہ ٹھونس لیتے ہیں اپنی انگلیاں اپنے کانوں میں﴾ اس مثال میں اُنگلی بول کر اُنگلی کا اوپر والا پور مراد لینا؛ یا جُز بول کر کُل مراد لیا جائے، جیسے: ﴿ایک غلام یا لونڈی کا آزاد کرنا﴾ اس میں گردن بول کر گردن والا (ذات) مراد لینا۔

والخَامسُ: إطْلاقُ اسْمِ المَلزُومِ عَلَى اللازِمِ، والسَّادِسُ: عَكسُهُ، (نحو: طلع الضوءُ [أي الشمسُ]، ملأتْ الشمسُ المكانَ [أي الضوءُ]).

ملزوم بول کر لازم مراد لینا، جیسے: سورج گھر میں داخل ہوا، اِس مثال میں سورج بول کر روشنی مراد لینا؛ یا لازم بول کر ملزوم مراد لینا، جیسے یوں کہیں: روشنی نکلی، اس میں روشنی بول کر سورج مراد لینا۔

والسَّابعُ: إطلاقُ أحَدِ المُتَشابِهيْنِ عَلَى الآخَرِ، كإطْلاقِ الأسَدِ عَلَى الشُّجاعِ.

دو مشابہ چیزوں میں سے ایک بول کر دوسرا مراد لینا، جیسے: شیر بول کر بہادر آدمی مراد لینا۔

والثَّامنُ إطلاقُ اسْمِ المُطلقِ عَلَى المُقيَّدِ، (نحو: ﴿فتحريرُ رقبةٍ﴾) [أي مؤمنةٍ]. والتَّاسِعُ: عَكسُه، (نحو: لكلِّ فرعَونٍ موسىٰ).

مطلق بول کر مقید مراد لینا، جیسے: ﴿تو ایک غلام یا لونڈی کا آزاد کرنا﴾

میں غلام بول کر مؤمن غلام مراد لینا؛ اور مقید بول کر مطلق مراد لینا، جیسے: ہر ظالم کی سرکوبی کے لیے کوئی نیک بندہ پیدا ہو جاتا ہے۔

والعَاشِرُ: إطْلاقُ اسْمِ الخَاصِّ عَلَى العَامِّ، والحَادِي عَشَرَ: عَكسُهُ، (نحو: قَضِيَّةٌ لاأَبَا حَسَنٍ لَهَا، وَقولِه تَعالىٰ: ﴿الذِينَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ﴾ [المراد منه: نعيم بن مسعود]).

خاص لفظ بول کر عام مراد لینا، جیسے: ابوحسن (کنیتِ علی) بول کر فیصل مراد لینا؛ عام بول کر خاص مراد لینا، جیسے: ﴿یہ ایسے لوگ ہیں کہ لوگوں نے اُن سے کہا﴾ میں لوگ بول کر نعیم بن مسعود مراد لینا۔

والثَّانِي عَشَرَ: حَذْفُ المُضافِ، نَحو: ﴿وَاسْئَلِ القَرْيَةَ﴾ أيْ أهْلَها.

مضاف کو حذف کرنا، جیسے: قریہ بول کر اہلِ قریہ مراد لینا۔

والثَّالثُ عشَرَ: [حَذفُ المَوصوفِ]، نحوُ: أنَا ابنُ جَلا، أيْ رَجُلٌ جَلا.

موصوف کو حذف کرنا، جیسے: مَیں مشہور کا بیٹا ہوں، یعنی مشہور آدمی کا بیٹا ہوں (مشہور آدمی ہوں)۔

والرَّابع عشَرَ: تَسمِيَةُ الشَّيءِ باسْمِ مَا لَهٗ تعَلُّقٌ بالمُجاوَرةِ، كالغَائطِ للفَضَلاتِ.

شئ بول کر متعلقِ شئ مراد لینا، جیسے: غائط (کشادہ زمین) بول کر کشادہ زمین میں کیے جانے والا بول وبَراز مراد لینا۔

والخَامسُ عشَرَ: تَسمِيَةُ الشَّيءِ باسْمِ مَايَؤُولُ إليْهِ، نحوُ: ﴿إنِّي

أرَانِيْ أعْصِرُ خَمْراً﴾، أيْ عِنَباً يَؤُوْلُ إِلَى الخَمْرِ.

چیز کا ما یکون (مستقبل کی حالت) کے اعتبار سے نام رکھنا، جیسے: ﴿میں اپنے کو خواب میں دیکھتا ہوں کہ شراب نچوڑ رہا ہوں﴾، اِس مثال میں مستقبل میں شراب ہونے والی انگور پر شراب کا اِطلاق کیا گیا ہے۔

والسَّادِسُ عَشَرَ: تَسمِيةُ الشَّيءِ باسْمِ مَا كانَ، نَحوُ: هٰذَا عَبدٌ للمُعتَقِ (بالفتح).

چیز کا ما کان (ماضی کی حالت) کے اعتبار سے نام رکھنا، جیسے: آزاد شدہ آدمی پر غلام کا اِطلاق کرنا۔

والسَّابعُ عشَرَ: إطْلاقُ اسْمِ المَحلِّ عَلَى الحَالِ، نَحوُ: جَرَى المِيزَابُ.

محل کا اطلاق حال پر کرنا، جیسے: پائپ بول کر پائپ کا پانی مراد لینا۔

والثَّامِنُ عشَرَ: عَكسُهُ، نَحوُ: ﴿فأمَّا الَّذِيْنَ ابيَضَّتْ وُجُوهُهُم فَفِيْ رَحْمَةِ اللّٰهِ﴾ أيْ فِيْ الجنَّةِ؛ لأنَّها مَحلُّ الرَّحمَةِ.

حال کا اطلاق محل پر کرنا، جیسے: ﴿اور جن کے چہرے سَفید ہو گئے ہوں گے وہ اللہ کی رحمت میں ہوں گے﴾، اِس میں رحمت بول کر رحمت کی جگہ یعنی جنت مراد لیا ہے۔

والتَّاسعُ عَشَرَ: إطْلاقُ اسْمِ آلَةِ الشَّيءِ عَلَيهِ، نَحوُ: ﴿وَاجْعَلْ لِيْ لِسَانَ صِدْقٍ فِيْ الآخِرِيْنَ﴾، أيْ ذِكراً حَسَناً.

شئی کے آلہ کا اطلاق شئی پر کرنا، جیسے: ﴿اور میرا ذکر آئندہ آنے والوں

میں جاری رکھ﴾، اِس میں لسان بول کرذ کرِحسن مرادلیا ہے۔

والعِشْرُوْنَ: إطْلاقُ اسمِ الشَّيءِ عَلىٰ بَدَلِه، نَحوُ: فُلانٌ أَكَلَ الدَّمَ، أيُ الدِّيَّةَ.

احد البدلین کا اِطلاق دوسرے پر کرنا، جیسے: دَم (خون) بول کر دیت مرادلینا۔

والحَادِيُ والعِشْرُوْنَ: النَّكِرَةُ تُذكَرُ للعُمُوْمِ، نَحوُ: ﴿عَلِمَتُ نَفُسٌ مَّاقَدَّمَتُ﴾ أيُ كُلُّ نَفُسٍ.

نکرہ موضعِ اثبات میں عموم کا فائدہ دے، جیسے: ﴿ہر شخص اپنے اگلے اعمال کوجان لےگا﴾ میں نفسٌ بول کر كلُّ نفسٍ مرادلینا۔

والثَّانِيُ والعِشْرُوْنَ: إطْلاقُ اسمِ أحَدِ الضِّدَّينِ عَلَى الآخَرِ، نَحوُ: ﴿وَجَزَاءُ سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِثْلُهَا﴾.

احد الضدین کا اطلاق دوسرے پر کرنا، جیسے: ﴿کسی بُرائی کا بدلہ اسی جیسی برائی ہے﴾، آیتِ مذکورہ میں "سَيِّـئَة" کا اطلاق دومعنوں پر کیا گیا ہے: اول سیئۃ سے ظلم کرنا مراد ہے، اور ثانی سے ظلم کا بدلہ لینا مراد ہے، جن دونوں میں سے اول ناجائز ہے، جب کہ ثانی یعنی ظلم کے برابر بدلہ لینا جائز اور مباح ہے، اُس پر مجازاً سیئہ کا اِطلاق کیا گیا ہے۔

والثَّالثُ والعِشْرُوْنُ: إطْلاقُ المَعرَّفِ باللامِ وإرَادةِ واحِدٍ مُنكَّرٍ، نَحوُ: ﴿اُدْخُلُوا البَابَ﴾، أيُ بَاباً مِنُ أبُوَابِه.

معرَّف باللام کا اطلاق نکرہ پر کرنا، جیسے: ﴿اور دروازہ میں داخل

ہو جاؤ﴾ الباب **معرفہ (خاص دروازہ) بول کر** بابٌ من الأبواب **مراد لینا۔**

والـرَّابِعُ والعِشْرُوْنَ: إطْلاقِ الحَذْفِ، نَحوُ: ﴿يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُم أنْ تَضِلُّوا﴾، أيْ لِئَلَّا تَضِلُّوا.

کسی حرف وکلمہ کو حذف کرنا، جیسے: ﴿اللہ تعالیٰ تم سے اِس لیے بیان کرتے ہیں کہ تم گمراہی میں نہ پڑو﴾، مثالِ مذکور میں 'لا' حرفِ نفی کو حذف کیا ہے۔

والـخَـامِـسُ والـعِشْرونَ: الزِّيادَةُ، نَحوُ: ﴿لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ﴾. فافْهَمْ واحْفَظْ. (دستور العلماء ۱۵۱/۳)

کسی حرف وکلمہ کو زیادہ کرنا، جیسے: ﴿کوئی چیز اُس کے مثل نہیں﴾، مثالِ مذکور میں تشبیہ کے معنیٰ کے لیے دو کلمے ہیں جن میں ایک زائد ہے۔

الـفائدة المهمة: ومن المجاز المرسلِ: إطلاق المصدر على المفعول، في قوله تعالىٰ: ﴿صُنْعَ اللّٰهِ الَّتِيْ أَتْقَنَ كُلَّ شَيْءٍ﴾، أي مصنوعَه (**یہ خدا کا کام ہوگا جس نے ہر چیز کو مضبوط بنا رکھا ہے**)۔ (جواهر البلاغة: ۱۸۰)

وإطـلاق الفاعلِ على المصدر، في قوله تعالىٰ: ﴿لَيْسَ لِوَقْعَتِها كَاذِبَةٌ﴾ أي تكذيبٌ (**جس کے واقع ہونے میں کوئی خلاف (جھوٹ) نہیں**)۔

وإطـلاق الـفـاعـلِ عـلى المفعول، في قوله تعالىٰ: ﴿لا عَاصِمَ الْيَوْمَ مِنْ أَمْرِ اللّٰهِ﴾ أي لا معصومَ (**نوح علیہ السلام نے فرمایا کہ: آج اللہ کے قہر سے کوئی بچانے والا نہیں ہے**)۔

وإطلاق الـمـفـعـول عـلى الـفاعل، في قوله تعالىٰ: ﴿حِجَاباً مَسْتُوْراً﴾ أي ساتراً، (**اور جب آپ قرآن پڑھتے ہیں تو ہم آپ کے اور جو**

لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے، اُن کے درمیان میں ایک (چھپانے والا) پردہ حائل کردیتے ہیں)۔ (جواهر البلاغة: ۱۸۰)

المُجانَسَةُ: باب الالف کے تحت ''اتحاد'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المُجدِّد: باب المیم کے تحت ''محقِّق'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المَجَلَّةُ: باب الراء کے تحت ''رِسالہ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المُجمَل: مَا اجتَمعتُ فيهِ المَعنيانِ أوُ المَعانيُ من غيرِ رُجحانٍ لأَحدِها عَلَى البَاقيُ، فاشتَبهَ المُرادُ بهِ اِشتِباهاً لايُدرَكُ إلا بِبيانٍ منُ جهةِ المُجمِلِ. (دستور۳/۲۵۱)

مجمل: وہ کلام ہے جس میں کسی ایک معنیٰ کی فوقیت کے بغیر مختلف معانی ملحوظ ہوں، اِس طور پر کہ مُجمِل کی طرف سے وضاحت کیے بغیر مراد غیر واضح ہو۔

المحاضرة: حُضورُ القَلبِ معَ الحَقِّ فيُ (الاستِفاضَةِ) منُ أَسماءِهِ تَعالیٰ. (دستور العلماء۳ /۲٦۲)

محاضرہ: حق تعالیٰ کے اسمائے حسنی میں مشغول ہونے (مراقبہ کرنے) کے نتیجہ میں دل کا استحضارِ حق میں ڈوبے رہنا۔

المُحال: مَا يَمتنعُ وُجودُهٗ فيُ الخَارجِ. (دستور۳/۲۵۸)

مُحال: وہ چیز ہے جس کا وجود خارج میں ناممکن ہو۔

الفَرق بَينَ المُحَال وَالمُمتَنِع : أنَّ المُحال مَا لايَجُوز كَونُه وَلاتَصوُّرُه؛ مِثل قَولِك: الجِسمُ أَسوَدُ أَبيَض فِي حَال وَاحِدَةٍ؛ وَالمُمتَنع: مَالايَجُوز كَونُه وَيَجُوز تَصوُّرُه فِي الوَهمِ، وَذٰلِك

مِثْل قَولِك للرَّجُلِ: عِشْ أَبَداً، فَيَكونُ هٰذا مِنَ المُمْتَنِع؛ لأَنَّ الرَّجُلَ لايَعِيُشُ أبَداً مَعَ جَوَاز تَصَوُّر ذٰلِك فِي الوَهْم. (الفروق اللغوية: ٥٥)

مُحال اور ممتنع کے درمیان فرق یہ ہے:

مُحال: وہ امر ہے جو خارج میں نہ پایا جائے اور نہ ہی اُس کا تصوُّر کیا جاسکے، جیسے: معیَّن جسم کا ایک ہی وقت میں سیاہ وسفید ہونا مُحال ہے۔

ممتنع: وہ امر ہے جو خارج میں نہ پایا جائے؛ البتہ اُس کا تصور کیا جاسکے، جیسے کسی کو دعا دیتے ہوئے کہنا: ''تو ہمیشہ ہمیش زندہ رہے!'' کہ کسی کا ابد تک زندہ رہنا ممتنع ہے، اگرچہ اِس کا تصور کیا جاسکتا ہے۔

المحذوف: باب المیم کے تحت ''مقدر'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المحقق: بالكسرِ مَنْ يُحقِّقُ المَسائلَ بِدلائِلِهَا، ومحَقق (بالفتحِ) الأمرُ الثَّابتُ، والمُرادُ بالمُحَقِّقِ فيُ إطْلاقَاتِ مُتأخِرِيْ عُلمَاءِ الحَنَفيَّةِ هوَ الكمالُ بنُ الهُمامِ، صَاحبُ فَتحِ القَدِيْرِ. (رد المحتار بحوالة الخلاصة البهية: ٤٧؛ دستور ٣/ ٢٦٣)

محقِّق: وہ عالم ہے جو مسائل کو دلائل کے ذریعے مستحکَم اور مضبوط بنائے، (یعنی پختہ ومدلَّل کلام کرے)؛ محقَّق: پایۂ ثبوت کو پہنچی ہوئی بات۔

ملاحظہ: متأخِّرین علمائے اَحناف کے یہاں محقِّق سے صاحبِ فتح القدیر علامہ ابن ہُمام مراد ہوتے ہیں۔

المُدَقِّق: مَنْ يُحقِّقُ المَسألةَ بِدليلِها، وَذٰلكَ الدَّليلَ بدليلٍ آخرَ. (دستور ٣/ ٢٧٣)

مدقِّق: وہ عالم جو مسائل کو دلائل کے ذریعے مستحکم کرے، پھر اُن دلائل پر بھی مدلَّل کلام کرے۔(۱)

المُجدِّد: (فيُ حديثٍ) "إِنَّ اللّٰهَ يَبعثُ لهٰذهِ الأُمةِ على رأسِ كلِّ مأةِ سنةٍ، منُ يُجدِّدُ لها دِينَها". [رواه أبو داود مرفوعا] مَنُ يحيُ ما اندرَسَ مِن العملِ بالكتابِ وَالسُّنةِ، قالهُ العلقمي فيُ شرحِ الجامعِ الصَّغيرِ؛ وَالمرادُ مِن رأسِ كلِّ مأةٍ آخرُ كلِّ مأةٍ. (التعريفات الفقهية: ١٩٥)

مجدِّد: ہر صدی کے اوائل میں پیدا ہونے والا وہ مصلح جو اُمورِ دینیہ میں مروَّجہ بدعات کی اصلاح کرتا ہے، اور کتاب وسنت کے مِٹے ہوئے احکام کو زندہ کرتا ہے۔

المُجرَّبات: باب المیم کے تحت "مقدمات یقینیہ" کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المُخلَص: (بفتحِ اللام) مَنُ صَفاه اللّٰهُ تَعالىٰ عنُ الشِّركِ وَالمَعاصِيُ. و(بكسرِها) منُ أَخلصَ العِبادةَ لِلّٰهِ تَعالىٰ. وقيلَ: منُ يَخُفي حَسناته كمَا يَخفَي سيِّئاته. (دستور٣/٢٦٧)

مخلَص: وہ آدمی جس کو باری تعالیٰ نے شرک کی غلاظت اور معاصی کی گندگیوں سے نجات دی ہو۔

---

(۱) محقِّق: وہ عالم جو اشیاء کو دلائل کے ساتھ بیان کرنے والا ہو۔ اور مدقِّق: وہ عالم جو اشیاء کو دلائل کے ساتھ بیان کرتے ہوئے مقدماتِ دلائل کو بھی بیان کرنے والا ہو۔ دونوں کے درمیان عام وخاص مطلق کی نسبت ہے؛ محقِّق، اَعم مطلق ہے اور مدقِّق، اخص مطلق ہے۔ (حاشیۂ میبذی بحوالہ مآرب الطلبہ: ۲۳۹)

مخلِص: وہ نیک نیت آدمی جو خلوصِ نیت سے خدا کی عبادت کرے؛ یا وہ آدمی جو اپنی نیکیوں کو ایسے چھپائے جیسے اپنی بدیوں کو چھپاتا ہے۔

المُدَّعِیُ: (اسمُ الفاعلِ)، مَنْ إِذا ترَكَ دَعواهُ تُرِكَ، أيْ لايُجبَرُ عَلَى الخُصومَةِ إِذا ترَكهَا؛ لأنَّ لهٗ حقَّ الطَّلبِ، فإِذَا ترَكَ لاسَبيلَ عَليهِ. (دستور۳/ ۲٦۸)

وقيل المُدَّعِيُ: منْ لايَستحقُّ إلاّ بحجةٍ، كالخارِجِ. والمُدَّعىٰ عليهِ: منْ يكونُ مُستحِقاً بِقولهٖ منْ غيرِ حجةٍ، كـ"ذيُ اليدِ".

وقيلَ: المُدَّعيُ منْ يَتمسَّكُ بغيرِ الظَّاهرِ، والمدعىٰ عليهِ مَن يَتمَسَّكُ بالظّاهِرِ. وقالَ محمدٌ: (في الأصل) المُدعىٰ عليهِ هوَ المُنكِرُ. (هدايه۳/۲۰۱)

مدَّعی: (اِس کی تین تعریفیں کی گئی ہیں:) وہ دعوے دار ہے جو اپنے مطالبے سے دست برداری کرے تو اُسے خصومت پر مجبور نہ کیا جائے؛ کیوں کہ نالش اُس کا حق ہے، اگر چھوڑ دے تو اُس پر کوئی تنگی نہیں، (برخلاف مدعیٰ علیہ کے، کہ اُس کو خصومت پر مجبور کیا جاتا ہے)۔

مدَّعی: وہ دعوے دار جو حجت کیے بغیر متنازَع فیہ کا حق دار نہ ہو، جیسے: غیرِ قابض۔

مدَّعی: وہ دعوے دار جو خلافِ ظاہر رائے پر جما رہے۔

مدَّعیٰ علیہ: وہ خَصم جو (مدعی کے بینہ پیش نہ کرنے کی صورت میں) بلا دلیل وحجت محض اپنے قول سے حق دار بنے، جیسے: قابض۔

مدَّعیٰ علیہ: وہ خَصم جو موافقِ ظاہر رائے پر ہو، (یعنی ظاہری حال اُس کا

شاہد ہو، جیسے: قابض)۔

المُدَّعیٰ: (النَّتیجَةُ)، مَایَحصُلُ بعدَ إتیَانِ الدَّلیلِ والحُجَّةِ ویَلزَمُ منهُ، وَهيَ قبلَ الدَّلیلِ مُدَّعیً، وبعدَهٗ نَتیجَةٌ؛ فهُمَا مُتَّحدانِ بالذَّاتِ ومُتغایِرانِ بالاعتِبارِ. (دستور العلماء۳/۴۵۸)

مُدّعیٰ: دلیل اور حجت سے لازم آنے والے قول کو دلیل ذکر کرنے سے پہلے مُدَّعیٰ کہا جاتا ہے، اور دلیل ذکر کرنے کے بعد نتیجہ کہا جاتا ہے، جیسے: دنیا کا فانی ہونا ثابت کرنا، یہ مُدَّعیٰ ہے جب اِس پر دلیل قائم کی جائے کہ: دنیا تغیُّر پذیر ہے (صغریٰ)، ہر تغیر پذیر چیز حادث ہے (کبریٰ)، اِس کا لازمی نتیجہ یہ ہوگا کہ: دنیا فانی ہے (نتیجہ)؛ گویا نتیجہ اور مُدَّعیٰ دونوں ذات کے اعتبار سے متحد ہیں، فرق صرف اعتباری ہے۔

المُدقق: باب المیم کے تحت ''محقق'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المَدلول: باب المیم کے تحت ''مفہوم'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المَرجَع: مَکانُ رجوعِ الشَّيءِ أوْ زَمانُهٗ، وَیَحتمِلُ أنْ یکونَ مَصدراً مِیمیاً بِمعنَی الرُّجوعِ. (دستور العلماء۳/ ۲۸۳)

مَرجع: رَجع (ض) سے رجوعاً کا اسمِ ظرف ہے، بہ معنیٰ: لوٹنے کی جگہ یا زمانہ، یا بہ معنیٰ رجوع، مصدرِ میمی ہے (وہ اصل مأخذ جس کی طرف علمی تحقیق کے لیے رجوع کیا جائے)۔

المُرَجَّز: باب الشین کے تحت ''شعر'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المُرکب: باب الباء کے تحت ''بسیط'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المُرِيد: مِنَ الإرادةِ، (وَعندَ أَربابِ السُّلوكِ): مَنِ انقَطعَ إِلَى اللّٰهِ تَعالىٰ عَنْ نَظرٍ وِاستبُصارٍ وَتجرُّدٍ عنْ إرادتِهِ. (دستور٣/ ٢٧٩)

مُرید: (صوفیاء کے نزدیک) وہ پاکیزہ آدمی جو بصارت وبصیرت کے ساتھ خواہشات سے الگ تھلگ ہوکر اللہ کا ہو رہے۔

المُراقَبة: اِستدامَةُ علمِ العَبدِ بِاطِّلاعِ الرَّبِّ عَليهِ فيْ جَميعِ أَحوالهِ. (دستور٣/٢٨٣)

مُراقبہ: بندے کا برابر یہ استحضار رکھنا کہ پروردگارِ عالَم اُس کے تمام احوال سے باخبر ہے۔

المِزاح: (بالكَسْر) مُباسطةٌ لا تُؤذيُ المَخاطبَ وَلا تُوجبُ حقارتَه، بخلافِ الهَزلِ وَالسِّخريَّةِ. (دستور٣/٢٨٨)

مِزاح: وہ بے تکلُّفانہ خوش طبعی جو مخاطَب کو نہ تکلیف پہنچائے، اور نہ ہی اُس کی سُبکی ہو؛ برخلاف بیہودہ گوئی اور ٹھٹھا (مذاق) اُڑانا۔

المُسَاوات: (فی البلاغۃ) باب الالف کے تحت ''اِیجاز'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المُسَاوات: (فی العربیۃ) باب الالف کے تحت ''اتحاد'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المسألة: هيَ القَضيَّةُ التيُ بُرهنَ عَليها فيُ العِلمِ وَتُطلبُ فيهِ، فلابدَّ أنْ تكونَ نَظريَّةً. (دستور٣/٢٩٨؛ التعريفات الفقهيّة:٢٠٣)

مَسئلہ: وہ قضیہ (دِینی قاعدہ) ہے جس پر دلیل قائم کی جائے، اور (خصم

سے) برہان کا مطالبہ کیا جائے؛ اِس سے معلوم ہوا کہ ہر مسئلہ کا دلیل وحجت سے ثابت ہونا ضروری ہے۔

مسئلہ ومبحث: دعویٰ کو کہتے ہیں اِس حیثیت سے کہ اُس پر یا اُس کی دلیل پر اعتراض ہوتا ہے، یا اُس کا قابلِ تحقیق ہونا لازم آتا ہے۔ (تفصیل باب الدال کے ضمن میں ''دعویٰ'' کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔)

مسائلُ النوادر: باب الظاء کے تحت ''ظاہر الروایت'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المُسجّعُ: باب الشین کے تحت ''شعر'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المُسَلَّمَاتُ : هيَ قِسمٌ مِنَ المُقدّماتِ الظَّنيَّةِ، وَهي قَضَايَا تُسَلَّمُ عند الخَصْمِ، ويُبنىٰ عَليهَا الكَلامُ لدَفعِهٖ؛ سَواءٌ كانَتْ مُسلَّمَةً فيمَا بَينَهُمَا، أوْ بَينَ أهْلِ العِلمِ، كتَسليمِ الفُقَهاءِ مَسَائلَ أصولِ الفِقهِ، كمَا يَستَدِلُّ الفَقيهُ عَلىٰ وُجوبِ الزَّكاةِ فِي حُليِّ البَالغَةِ لقَولِهٖ عَليهِ السَّلامُ: فَفِي الحُليِّ زَكاةٌ؛ فَلوْ قالَ الخَصْمُ: هٰذَا خَبرٌ واحِدٌ، فلانُسَلِّمُ حُجِّيتَهُ، فنَقولُ: قَدْ ثَبَتَ ذلكَ فِيْ أصولِ الفِقْهِ، ولابُدَّ أنْ تَأْخُذَه ههُنا مُسَلَّماً.

(کشاف اصطلاحات الفنون: ٢/٤١٣)

مسلَّمات: (تسلیم شدہ تمہیدات) وہ ظنی مقدمات ہیں جو خَصم کے نزدیک مسلَّم ہوں، جن پر اعتماد کرتے ہوئے خصم کے دعوے کو رَد کیا جائے؛ چاہے یہ مقدمات (صرف) خصمین کے یہاں مسلَّم ہوں یا اہلِ علم کے یہاں، جیسے: فقہاء کے اصولی مسائل کو تسلیم کرنا، مثلاً: فقیہ کسی بالغہ عورت کے زیور میں وجوبِ زکاۃ پر

نبی کریم ﷺ کے ارشادِ عالی سے استدلال کرے: ''زیور میں زکاۃ ہے''، پس اگر خصم کہے کہ: یہ تو خبرِ واحد ہے جس کی حجیت ہمیں تسلیم نہیں، تو ہم کہیں گے: اصولِ فقہ میں خبرِ واحد کی حجیت مسلَّم ہو چکی ہے، جس کو یہاں پر بھی قبول کرنا ہوگا۔ (۱)

المشائخ : (في اصطلاحِ الحنَفيّةِ) من لمْ يُدرِك الإمامَ أبا حَنيفَةَ مِن علمَاءِ مَذهبِهِ. هٰذا هوَ الاصطِلاح العَامُّ لَدىٰ عُلمَاء الحَنفيّةِ، وقَد يَخرج بعضُهمُ عنه، كصَاحبِ الهِدَاية، حَيثُ يُرِيْدُ بقَولِهِ "مَشَائِخُنَا" عُلمَاءَ مَاوراءَ النَّهرِ مِن بُخاریٰ وسَمَرقَندَ. (الخلاصة البهيّة في مذهبِ الحنفيّة: ٤٧)

مشائخ: احناف کے یہاں وہ عُلمائے احناف مراد ہیں جنھوں نے امام صاحب کے زمانے کو نہ پایا ہو، ہاں صاحب ہدایہ وغیرہ "مشائخنا" کے لفظ سے علمائے بخاریٰ وسمرقند کو مراد لیتے ہیں۔

المُشابهَةُ: باب الالف کے تحت ''اتحاد'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المُشاكلَةُ: باب الالف کے تحت ''اتحاد'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المُشاهدَاتُ : باب المیم کے تحت ''مقدماتِ یقینیہ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المُصادرَةُ على المَطلوُبِ : المُصادرةُ علَى المَطلو بِ عندَهمُ عبارةٌ عنْ جَعلِ المُدَّعىٰ عينَ الدَّليلِ أوْ جزأہٗ مَثلاً، لا كونَ الدَّليلِ مُستلزِماً لهٗ، ألا ترَى! انَّهٗ مامِنْ دَليلٍ إلا وَيكونُ كذٰلكَ. (دستور۳/۳۱۳)

---

(۱) **مسمیٰ**: لفظ بول کر جس چیز کو بتایا جائے اُس کو ''مسمیٰ'' کہتے ہیں، جیسے: تپائی اسم ہے، اور وہ خاص لکڑی کی بنی ہوئی چیز ''مسمیٰ'' ہے۔ (توضیح ص:۳۲ حاشیہ:۱)

مُصادَرت علی المطلوب: مُدّعیٰ (نتیجۂ قِیاس) ہی کو عینِ دلیل یا جزوِ دلیل بنانا۔ ہاں! دلیل یعنی قِیاس کا نتیجے کو مُستلزم ہونا مصادَرت علی المطلوب نہیں ہے؛ کیوں کہ دلیل تو اِسی غرض سے قائم کرتے ہیں کہ وہ نتیجہ کو مُستلزم ہو۔

المصادرة: هيَ التيْ تُجعلُ النَتيجَةُ جزءَ القِياسِ، أوْ يلزَمُ النَتيجَةُ مِنْ جزءِ القِياسِ، كقولِنا: الإنسانُ بَشرٌ، وَكلُّ بشرٍ ضَحاكٌ، يَنتجُ: إنَّ الإنسانَ ضَحَّاكٌ؛ فالكبرىٰ هٰهنا وَالمطلوبُ شيءٌ واحدٌ؛ إذ البشرُ وَالانسانُ مُترادِفانِ، وَهوَ اتِّحادُ المَفهومِ فَتكونُ الكبرىٰ والنَّتيجةُ شيئاً واحداً. (كتاب التعريفات:۲۱۸)

ملاحظہ: نتیجۂ قِیاس کو جزوِ قِیاس بنانا، یا ایسے قضیے کو جزءِ قِیاس بنانا جو نتیجے کو مستلزم ہو، ''مصادرت'' کہلاتا ہے، جیسے: ہر انسان بشر ہے (صغریٰ)، ہر بشر ضحاک ہے (کبریٰ)؛ تو ہر انسان ضحاک ہے (نتیجہ)۔ اِس مثال میں کبریٰ اور نتیجہ ایک ہی چیز ہے؛ کیوں کہ بشر اور انسان الفاظِ مترادفہ میں سے ہیں۔

الفَائدَةُ: قِيلَ: المُصادَرَةُ عَلَى المَطلوُبِ أرْبعَةُ أوْجهٍ: الأوَّلُ: أنْ يَكوْنَ المُدَّعىٰ عَينَ الدَّليلِ، والثَّانيْ: أنْ يَكوْنَ المُدَّعى جُزْءَ الدَّليْلِ، والثَّالِثُ: أنْ يَكوْنَ المُدَّعى مَوقوُفاً عَليهِ صِحَّةُ الدَّليْلِ، والرابعُ: أنْ يَكوْنَ مَوقوُفاً عليهِ صِحَّةُ جُزءِ الدَّليْلِ. (كشاف اصطلاحات الفنون ۳۲/۳)

مصادَرت علی المطلوب کی چار صورتیں ہیں: (۱) دعویٰ (مدَّعیٰ) کو بعینہٖ دلیل بنانا، (جیسے: اَمر کا موجب وجوب ہے، اِس دعوے کی دلیل باری تعالیٰ کا فرمان: ﴿فَلْيَحْذَرِ الذيْنَ يُخالِفُوْنَ عَنْ أَمْرِهِ أنْ تُصِيْبَهُمْ فِتْنَةٌ أوْ يُصِيْبَهُمْ عَذَابٌ أَلِيْمٌ﴾، سو جو لوگ اللہ کے حکم کی (جو بہ واسطۂ رسول پہنچا ہے، جس میں وجوبِ استیذان بھی

داخل ہے) مخالفت کرتے ہیں، اُن کو اِس (بات) سے ڈرنا چاہیے کہ اُن پر (دنیا میں) کوئی آفت (نہ) آن پڑے، یا اُن پر (آخرت میں) کوئی دردناک عذاب نازل (نہ) ہوجائے؛ (کیوں کہ مخالفتِ امر، موجبِ سُخط ہے)۔ (بیان القرآن)

اِس مثال میں مصادَرت علی المطلوب ہے؛ کیوں کہ دلیل میں صیغۂ "فَلْیَحْذَرْ" خود امر ہے؛ لہٰذا اِس سے استدلال کرنا مدعیٰ کو عین دلیل بنانا ہے)۔

(۲) دعویٰ کو دلیل کا جز بنانا، (جیسے: کوئی یہ دعویٰ کرے کہ: زید بیٹا ہے، اور اُس کی دلیل یوں بیان کرے کہ: زید باپ والا ہے (صغریٰ)، ہر باپ والا بیٹا ہے (کبریٰ)؛ لہٰذا زید بیٹا ہے (نتیجہ)۔ تو یہ مصادر علی المطلوب (یعنی دعوے کو دلیل کا جز بنانا) ہے؛ کیوں کہ مثالِ مذکور میں صغریٰ یعنی "زید باپ والا ہے" نتیجے کے درجے میں ہے؛ اِس لیے کہ کسی آدمی کے لیے یہ ثابت کرنا کہ اِس کا کوئی باپ ہے، یہی تو اُس کے بیٹا ہونے کو ثابت کرتا ہے)۔

(۳) دعوے پر دلیل کی صحت موقوف ہو، (جیسے: "حدیثِ رسول ﷺ حجت شرعیہ ہے"، یہ مدعیٰ ہے، اِس کے مستدَل میں کوئی آدمی کسی حدیث کو پیش کرے تو یہ مصادَرت علی المطلوب ہے؛ کیوں کہ خصم کہے گا کہ: اولاً قرآن سے حدیث کی حجیت تو ثابت کرو، پھر حدیث پیش کرنا! لہٰذا ایسے موقع پر فرمانِ الٰہی: ﴿وَمَا یَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰی إِنْ هُوَ إِلَّا وَحْيٌ یُّوْحٰی﴾ وغیرہ کو پیش کرنا ہوگا، کہ: حدیث وحی ہے، اور وحی حجتِ شرعیہ ہے؛ لہٰذا حدیث حجتِ شرعیہ ہے)۔

(۴) دعوے پر جزوِ دلیل کی صحت موقوف ہو (یہ ساری صورتیں باطل ہیں، کیوں کہ وہ دَور کو مُستلزم ہیں)۔

المِصداقُ ومصداقِ شئ: باب الصاد کے تحت ''صدق'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المَصدَرُ المَبنِيُّ للفَاعِلِ، المَصْدرُ المَبنِيُّ للمَفعوُلِ: إنْ أُضِيفَ المَصدَرُ إلَى الفَاعِلِ كانَ مَبنِياً للفَاعلِ؛ وإنْ أُضِيفَ إلَى المَفعوُلِ كانَ مَبنِيّاً لِلمَفعُوْلِ؛ وإنْ لَمْ يُذكَرْ مَعَهُ شَيءٌ منْهُمَا كانَ مُحتَمَلاً للمَعنَيَيْنِ، فهوَ القَدرُ المُشْتَرِكُ. (دستور العلماء ۱۹۱/۳)

مصدر مبنی للفاعل: (مصدر معروف) وہ مصدر ہے جس کو فاعل کی طرف منسوب کیا جائے، جیسے: نَصَرَ يَنْصُرُ سے نَصْرٌ مدد کرنا۔

مصدر مبنی للمفعول: (مصدر مجہول) وہ مصدر ہے جس کو مفعول کی طرف منسوب کیا جائے، جیسے: نُصِرَ يُنْصَرُ سے نَصْرٌ مدد کیا جانا۔

ملاحظہ: جب مصدر کے ساتھ فاعل یا مفعول کو ذکر نہ کیا جائے تو وہ مصدر دونوں معنوں کا مُحتَمِل ہوگا، پس ضَرْباً مصدرِ معروف کا ترجمہ ''مارنا'' سے کیا جائے گا؛ اور ضَرْباً، مصدرِ مجہول کا ترجمہ ''مارا جانا'' سے ہوگا۔

المِصراع: باب الشین کے تحت ''شعر'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المَصْلَحَةُ: مَايُرَتَّب عَلَى الفِعْل وَيَبعَثُ عَلَى الصَّلاح، وَمِنهُ سُمِّيَ مَايَتَعَاطَاه الإنْسَان مِنَ الأعْمَال البَاعِث عَلىٰ نَفْعِهِ ''مَصْلَحَةً''.

(التعريفات الفقهية: ۲۰۸)

مَصلَحت: وہ منفعت ہے جو عمل پر جمائے اور نیک روی پر اُبھارے، اسی بنا پر انسان نفع بخش اعمال میں منہمک ہونا بھی مصلحت کہا جاتا ہے۔

مَضمُونُ الجُملَةِ : (عِندَ النُّحاةِ) قدْ يُرَادُ بِهِ مَصدَرُ تِلكَ الجُمـلَةِ المُضَافُ إلَى الفَاعِلِ، أيُ فيمَا إذَا كانَ مَناطُ الفَائدَةِ نِسبَةَ المُسنَدِ إلَى الفَاعِلِ، فمَضمُونُ قَامَ زَيدٌ –مَثلًا– قِيَامُ زَيدٍ؛ وإلَى المَفعوُلِ، أيُ فيمَا إذَا كانَ مَناطُ الفَائدَةِ النِّسبَةَ الإِيقاعِيَّةَ، فمَضمُونُ: ضُرِبَ زيدٌ –عَلَى البِنَاءِ للمَفعُوُلِ– ضَرُبُ زيدٍ، بمَعْنىٰ مَضْرُوُبِيَّةُ زيدٍ.

الملاحظةُ: وقَدْ يُرَادُ بِهٖ، مَايُفهَمُ مِنُ الجُمُلةِ، ولَمْ تَكنِ الجُمُلةُ مَوضوُعَةً لهٗ، كالِاعْتِرافِ المَفهوُمِ منْ قَوْلنَا: لهٗ عَلَيَّ أَلْفُ درُهمٍ. (كشاف اصطلاحات الفنون ۳/ ۱۲۵)

مضمونِ جملہ: اِس کا اطلاق چند چیزوں پر ہوتا ہے:

(۱) جب جملے میں فائدے کا مدار فاعل کی طرف منسوب ہونے والے فعل یا شبہِ فعل کی نسبت پر ہو، تو اُس وقت مضمونِ جملہ سے وہ مصدر مراد ہوگا جو فاعل کی طرف مضاف ہو، چناں چہ قامَ زیدٌ کا مضمونِ جملہ قِیامُ زَیدٍ ہوگا۔

(۲) جب جملے میں فائدے کا مدار مفعول کی طرف منسوب ہونے والے فعل یا شبہِ فعل کی نسبتِ اِیقاعی (مفعولی) پر ہو، تو اُس وقت مضمونِ جملہ سے وہ مصدر مراد ہوگا جو مفعول کی طرف مضاف ہو، چناں چہ ضُرِب زَیدٌ کا مضمونِ جملہ مَضرُوبیَّةُ زَیدٍ ہوگا۔

فائدۂ جلیلہ: بسا اوقات مضمون جملہ کا اطلاق جملے کے مفہوم (منشائے متکلم) پر بھی ہوتا ہے حالاں کہ وہ جملہ اُس مفہوم کے لیے موضوع نہیں، جیسے: لهُ عَليَّ أَلفُ درُهمٍ سے مفہوم ہونے والے ''اقرار'' کو مضمونِ جملہ کہہ دیتے ہیں۔

ملحوظہ: مضمونِ جملہ کی اِن دونوں تعریفوں کا فرق اِس مثال سے واضح ہوتا ہے کہ آپ ﷺ نے واقعۂ عسل میں شہد کو "هي حرام علي" کہہ کر حرام فرمادیا، اب بہ قاعدۂ نحات اِس کا مضمونِ جملہ "عَلَيَّ حُرمَة العَسَل" ہوگا؛ لیکن اِس جملے کا مفہوم اور منشاء یمین ہے، جو تحریمِ حلال سے ثابت ہوتی ہے، کہ اِس پر باری تعالیٰ نے لفظ ''یمین'' کا اطلاق فرمایا۔

المُطابقةُ: باب الالف کے تحت ''اتحاد'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المُطّرد: (بہ معنیٰ قِیاسی) باب السین کے تحت ''سماعی'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المَطلَع: باب الشین کے تحت ''شعر'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المُطلق: ضِدُّ المُقيَّدِ، فهوَ مَا يَدلُّ عَلىٰ واحدٍ غيرِ مُعيَّنٍ، أوْ مَالمْ يُقيَّدُ ببعضِ صِفاتِهِ وَعَوارِضِهِ. (دستور٣/ ٣٢٠)

مطلق: (بے قید) وہ لفظ ہے جو کسی ایک غیر معیَّن پر دلالت کرے۔ وہ لفظ جو کسی صفت یا رُخ سے مقید نہ ہو(١)۔

المُقيّد: ضِدُّ المُطلقِ أعنيْ مَا قُيِّدَ ببَعضِ صِفاتِهِ وَعَوارِضِهِ. (دستور٣/ ٣٦٥)

مقید: (مطلق کی ضد) وہ لفظ جس کو کسی صفت یا عارض سے مقیَّد (مخصوص) کیا گیا ہو۔

---

(١) مطلقاً: "مَفعُولاً مُطلقاً" مَنصوُباً بالفتحةِ الظَّاهِرَةِ، عَلىٰ اِعتبارِ أَنَّها بِمعنىٰ "البَتَّةَ"، وَمنهمْ مَنْ يُعربُها "نَائبَ ظرْفِ زمانٍ" [أي مفعولاً فيه] منصوباً بالفتحةِ؛ لِدلالتِها عَلىٰ صفةِ الزَّمَنِ المَحذوفِ، فتكونُ بمعنىٰ "غَيرِ مُحدَّدٍ"، أوْ "غيرِ مُقيَّدٍ". (موسوعة ص: ٦٣٢)

مطلق الشيء؛الشيء المطلق: باب المیم کے تحت ’’مفرد مطلق‘‘ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المظانّ: بتشديدِ النُّونِ، جَمعُ المَظَنَّةِ كالمَضارِّ –بتَشديدِ الرَّاءِ المُهمَلةِ– جَمعُ المَضرَّةِ، وَالمَظنَّةُ: المَكانُ، وَمَكانُ الظَّنِّ. (دستور۳/۳۲۶)

مظانٌّ: مَظَنَّةٌ کی جمع ہے، بہ معنیٰ: گمان کی جگہ، وہ جگہ جہاں کسی چیز کے وجود کا گمان ہو،- بروزنِ مَضارٌّ، جو مَضَرَّةٌ بہ معنیٰ: نقصان، تکلیف کی جمع ہے،- يقالُ: فُلانٌ مَظَنَّةُ الخَيرِ، وفِي المَسْئَلَةِ مَظَنَّةُ اِعْتِرَاضٍ.

ملاحظہ: مظان سے وہ مآخذ ومراجع بھی مراد لیے جاتے ہیں جن کی طرف محقّق دورانِ تحقیق رجوع کرتا ہے۔ (القاموس الوحید)

المظنونات: هيَ القَضايا التي يُحكمُ فيُها حُكماً راجِحاً، مَع تجويزِ نقيضِهِ، كقولِنا: فلانٌ يَطوفُ باللَّيلِ، وكلُّ منْ يَطوفُ باللَّيلِ فهوَ سارقٌ. والقِياسُ المركبُ من المَقبولاتِ وَالمَظنوناتِ يُسمّى خَطابَةً. (كتاب التعريفات: ۲۲۱)

مظنونات: وہ قضایا ہیں جن سے ذہن میں غالب گمان پیدا ہو جائے جانبِ مخالف کے احتمال کے ساتھ، جیسے: زید رات کو پوشیدہ طور پر گلیوں میں پھرتا ہے، اور جو پوشیدہ طور پر گلیوں میں پھرتا ہے وہ چور ہوتا ہے، لہٰذا زید چور ہے، (اِس سے ’’غالب گمان‘‘ ہوا، یقین نہیں)۔

ملاحظہ: وہ قِیاس جو مقبولات ومظنونات سے مرکب ہو اُسے ’’قِیاسِ خَطابیٰ‘‘ کہتے ہیں۔

المَقبولات : هيَ قَضايا تُؤخذُ مِمَّنْ يُعتقَدُ فيهِ، إمَّا لأمرٍ

سماويٍ منَ المُعجزاتِ وَالكراماتِ، كالأنبياءِ والأولياءِ؛ وإمّا لاختصاصِهِ بِمزيدِ عقلٍ ودينٍ، كأهل العلمِ والزُّهدِ؛ وهيَ نافعةٌ جدّاً فيْ تعظيمِ أمرِ اللّٰهِ، والشَّفقةِ علىٰ خلقِ اللّٰهِ. (كتاب التعريفات: ٢٢٧)

مقبولات: بلند مرتبہ حضراتِ انبیاء واولیاء کے وہ قضایا (اقوال) ہیں جن کو لوگ -معجزات وکرامات دیکھ کر- صرف حسنِ ظن کی بنا پر تسلیم کرتے ہیں، (جیسے: الحرصُ مِفتاحُ الذُّلِّ: لالچ ذلت کی کنجی ہے۔ الصَّبرُ مِفتاحُ الفَرَجِ: صبر خوش حالی کی کنجی ہے۔ عزَّ منْ قنَعَ، ذلَّ منْ طَمِعَ: قناعت کرنے والے کو عزت ملی، لالچ کرنے والا ذلیل ہوا)۔

نیز عُلما وزُہّاد کے وہ اَقوال ہیں جن کو لوگ عقل مندی یا دین داری کے اِضافے سے متعلق ہونے کے سبب تسلیم کرتے ہوں۔ مقبولات کی یہ قسم اللہ کے اَوامر کی عظمت اور مخلوقاتِ الٰہیہ کی خیر خواہی میں بڑی مفید ثابت ہوتی ہے، (کیوں کہ ہر زمانے میں اصحابِ معجزات وکرامات بہ نسبت عُلما وزُہّاد کے کم ہوتے ہیں)۔

المُعارَضة: (عند النُّظّار) إقامةُ الدَّليلِ عَلىٰ خِلافِ مَا أَقامَ الدَّليلَ عَليهِ الخَصمُ، والمُرادُ بالخِلافِ مَا يُنافيْ مُدَّعَى الخَصمِ، سَواءٌ كانَ نَقيضَهُ، أوْ مُساوِيَ نَقيضِهِ، أَوْ أخَصَّ مِنهُ؛ لا ما مُغايِرهُ مطلَقاً كما يُشعِرُ بِهِ لفظُ الخَصمِ. (رشيديه ص:٢٢)

معارَضہ: (اہلِ مناظرہ کے نزدیک) خَصم کی قائم کردہ دلیل کے مخالف ایسی برہان قائم کرنا جو خصم کی دلیل کی نقیض ہو، یا نقیض کے ہم پلّہ ہو، یا خَصم کی دلیل کے بہ نسبت خاص ہو؛ ہاں! عناد وسرکشی میں خصم کی اُس دلیل سے بالکل غیر مناسب

اور مُغایِر دلیل (جس کا خَصم کی دلیل سے کوئی واسطہ نہ ہو) قائم کر لینا، -جیسا کہ: لفظِ خَصم (حریف، مقابل) سے معلوم ہوتا ہے- مُعارَضہ نہیں کہلاتا۔

فائدہ: وہ دلیل جو خصم کی دلیل کے بالکل مغایر ہو (یعنی دونوں میں کوئی جوڑ ہی نہ ہو) اُسے معارَضہ نہیں کہا جا سکتا۔

مُعارضةٌ بالمِثل: إِنِ اتَّحدَ صُورتَا هُمَا بأَنْ تَكونَا عَلَى الضَّربِ الاوَّلِ مِن الشَّكلِ الاوَّلِ مَثلاً مَعَ اختِلافِهمَا فيُ المَادّةِ تُسمّى "مُعارَضةً بالمِثلِ".

معارَضہ بالمثل: وہ معارضہ ہے جس میں خُصمین کے دلائل صرف صورتِ قِیاس میں متحد ہوں، نہ کہ مادۂ قیاس میں، مثلاً: دونوں کے دلائل اَشکالِ اَربعہ میں سے شکلِ اول پر ہوں۔

ملاحظہ: صورتِ قِیاس اور اشکال کو باب الصاد کے تحت ''صورتِ قِیاس'' کے ضمن میں، اور ''مادۂ قِیاس'' اور ''صناعاتِ خمسہ'' کو باب الصاد کے تحت ''صناعاتِ خمسہ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

مُعارضةٌ بالقلب: إِنِ اتَّحدَ دَليلاهُمَا بأَنِ اتَّحدَ فيُ المَادةِ وَالصُّورةِ جميعاً كمَا فيُ المُغالطاتِ العَامَّةِ الوُرودِ، تُسمّى "مُعارَضةً بالقَلبِ"، (مِثلُ قَول الشَّوافِع: الكُفَّار جِنسٌ يُجلَد بِكرُهم مِأة (دلیل)، فيُرجَم ثَيِّبُهمُ (مدعی)، كالمُسلِمين. قُلنا: المُسلِمُونَ إنَّما يُجلَدُ بِكرُهم مِأة (مدعی)؛ لأنَّه يُرجَم ثَيِّبُهم (دلیل). [رشيديه حسامى ۱۱۳]).

معارَضہ بالقلب: وہ معارضہ ہے جس میں خُصمین کے دلائل صورتِ

قِیاس اور مادّۂ قِیاس دونوں میں متحد ہوں، جیسا کہ مغالطاتِ عامۃ الورود میں ہوتا ہے، جیسے شوافع کا قول ہے کہ: کفار ایک ایسی جنس ہے، جن کے غیر شادی شدہ کو ایک سو کوڑے مارے جاتے ہیں؛ لہٰذا اُن کے شادی شدہ کو مسلمانوں کی طرح رَجم کیا جائے گا، ہم کہیں گے کہ: مسلمان کے غیر شادی شدہ کو ایک سو کوڑے مارے جاتے ہیں؛ کیوں کہ اُن کے شادی شدہ کو رجم کیا جاتا ہے۔

ملاحظہ: مغالطاتِ عامۃ الورود کی تحقیق باب المیم کے تحت ''مغالطہ'' کے ضمن میں آرہی ہے۔

مُعارضةٌ بالغير: إِنْ لَمْ يَتَّحِدْ دَليلاهُمَا لا صُورةً وَلا مَادَّةً، تُسمّٰى ''مُعَارضةً بالغَيْرِ''. (دستور۳/۳۳۸)

معارضہ بالغیر: وہ معارضہ ہے جس میں خصمین کے دلائل نہ صورتِ قِیاس میں متحد ہوں اور نہ ہی مادۂ قِیاس میں متحد ہوں۔

المُجادَلة: هيَ المنازعة لا لاظهار الصواب؛ بل لإلزام الخصم.

مجادلہ: (علمِ مناظرہ میں) وہ مباحثہ مع دلائل ہے جس کا مقصد اظہارِ حق کے بہ جائے خصم کو اِلزام دینا (خصم پر دلیل میں غالب آنا) اور خاموش کرنا ہو۔

المُكابَرَةُ : منعُ المَعلومِ مُطلقاً أيْ مِن كلِّ وجهٍ (أي منْ كل جِهتَي الحَقيقةِ وَالمَجازِ) مُكابرَةً. (رشيديه:۳۶)

مکابَرہ: (علمِ مناظرہ میں) عِناد وسرکشی میں معلوم چیز کا حقیقت ومجاز دونوں اعتبار سے انکار کرنا۔

المُناقضَةُ: فيُ اللُّغةِ إِبطالُ أحدِ القَولينِ بالآخرِ، وَفي

الاصطلاحِ: مَنعُ مُقدِّمةٍ مُعيَّنَةٍ منْ مُقدماتِ الدَّليلِ. (دستور۳/۳۹۱)

مناقضہ: لغوی معنیٰ: دو قولوں میں سے ایک کو دوسرے کے ذریعے کالعدم کرنا، اصطلاحی معنیٰ: قِیاس کے مقدمات میں سے کسی خاص مقدمے پر دلیل طلب کرنا، (جیسے: مدعی نے دعویٰ کیا کہ: عالم حادث ہے، پھر اِس پر دلیل قائم کی کہ: عالم متغیر ہے، اور ہر متغیر چیز حادث ہے۔ اِس دلیل پر معترض کہتا ہے کہ: عالم متغیر ہے وہ ہمیں تسلیم نہیں ہے)۔

ملاحظہ: مناقضہ، نقضِ تفصیلی اور منع ایک ہی چیزیں ہیں۔

المُعتَزلة: أَصحابُ وَاصِل بنِ عَطاء الغزالِيِّ، لمَّا اِعتَزلَ عنْ مَجلسِ الحَسنِ البِصريِّ، يُقرِّرُ أَنَّ مُرتكِبَ الكبيرةِ لَيسَ بِمؤمنٍ وَلا كافرٍ، وَيُثبتُ مَنزلةً بينَ المَنزلتَينِ، فقالَ الحَسنُ البِصريُ: "قدْ اِعتزلَ عنَّا"، فسُمُّوا بالمُعتزَلَةِ. (دستور۳/۳٤۱)

معتزلہ: واصل بن عطا غزالی کے معتقدین مراد ہیں۔ (وجہ تسمیہ:) جب واصل بن عطا اپنے معتقدین کو لے کر حسنِ بصریؒ کے حلقۂ درس سے یہ فیصلہ کرتے ہوئے خارج ہوگیا کہ، گناہِ کبیرہ کا ارتکاب کرنے والا نہ مؤمن رہتا ہے نہ کافر، اور اُس نے اسلام وکفر کے درمیان ایک نیا درجہ قائم کیا، اِس پر حسنِ بصریؒ نے فرمایا: ''یہ ہم اہلِ سنت والجماعت سے معتزل (کنارہ کش) ہوگیا''، اِسی وجہ سے اُن کا نام معتزلہ رکھا گیا۔

المُعَرَّبُ: هُوَ اللَّفظُ الأعُجميُّ الذيُ دخلَ اللغةَ العَربيَّةَ، وَاصبحَ مِن ألفاظِها بعدَ تغييرِه غالباً، بالزِّيادةِ أوُ النَّقُصِ أوِ القَلْبِ.

(موسوعة النحو والصرف: ٦٣٤)

مُعَرَّبْ: وہ عجمی لفظ ہے جو (حرکت یا حرف میں) کمی بیشی یا تغیر کے بغیر عربی زبان میں اس طرح داخل ہوگیا ہو گویا وہ عربی زبان ہی کا لفظ ہے، (جیسے: دَہلیز سے دِھْلِیْزٌ، فہرست سے فِهْرِسٌ، اور دِیبا سے دِیباج، ایک قسم کا ریشم)۔ مُعَرَّبْ: بضمِ میم وفتحِ عین وتشدیدِ راء، تعریب کا معنیٰ: عجمی کو عربی بنانا۔ (۱)

الدَّخِيلُ: هُوَ اللفظُ الذِي دَخَلَ العَرَبيَّةَ دُونَ تغْيِيرٍ، كالتلِيفُون. (مقدمة معجم الوسيط:١٦)

دَخیل: وہ عجمی لفظ ہے جو بغیر کسی تبدیلی کے بجنسہٖ عربی زبان میں داخل ہوگیا ہو، (مثلاً اس پر اعراب کا اِجرا ہوتا ہو یا اس کی جمع بنالی گئی ہو، جیسے: فِرْدَوْسٌ بمعنیٰ: باغ، رومی زبان کا لفظ ہے اس کی جمع فَرَادِیْسُ آتی ہے)۔

المعرفةُ: باب الحاء کے تحت ''حقیقت'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المُعرِّف: المُعرِّفُ بكسرِ الراءِ المُهمَلةِ (شناسہ کنندہ) وَعندَ المَنطقيِّينَ: مُعرِّفُ الشَّيءِ مَا يُقالُ وَيُحمَلُ عَليهِ لإفادَةِ تَصوُّرِه، وَهوَ حَقيقيٌّ وَلفظيٌّ: ثمَّ الحَقيقيُّ إمَّا حقيقيٌّ أَوْ اِسمِيٌّ، ثمَّ كلُّ واحدٍ منهما حَدٌّ وَرسْمٌ، ثُمَّ كلُّ واحدٍ مِن الحَدِّ وَالرَّسمِ تامٌّ وَناقِصٌ. (دستور٣/٣٢٨)

مُعرِّف: وہ قول (تعریف) ہے جس کو شیِٔ معرَّف کی حقیقت معلوم

---

(۱) الملاحظة: اختلف في وقوعهِ في القرآنِ، فقيلَ بوقوعهِ، وهو مرويٌّ عن ابنِ عباسٍ ؓ وعكرَمةَ ؓ، ونفاه الأكثرونَ؛ ودليلُ المثبتينَ: أنّ ''المشكاة'' هنديَّةٌ، و''الاستبرق'' و''السِّجيل'' فارسيّتانِ، و''القِسطاسُ'' روميَّةٌ. وقولُ الأكثر –لانسلِّمُ ذلكَ؛ لجواز كونهِ مما اتفق فيهِ اللُّغتان، كالصابونِ والتنور– بعيدٌ لندرةِ مثلهٖ، والاحتمالات البعيدةُ لاتدفع الظهور وهو المدعى. (كشاف اصطلاحات الفنون ٣/١٩٥)

کرنے یا معرَّف کو ماعدا سے ممتاز کرنے کے لیے معرَّف پر محمول کیا جائے، (جیسے: الإنسان حیوان ناطق میں الانسان موضوع ومبتدا ہے، اور حیوان ناطق محمول وخبر ہے۔ اِس تعریف میں حیوان ناطق کا حمل الانسان موضوع پر انسان کی حقیقت کے انکشاف کے لیے کیا ہے۔ اور الانسان ماش مستقیم القامة انسان چلنے والا، سیدھے قد والا ہوتا ہے، اِس تعریف میں ماش ومستقیم القامة کا حمل موضوع پر انکشافِ حقیقت کے لیے نہیں ہے؛ بلکہ انسان کو ماعدا (فرس وشجر وغیرہ) سے ممتاز کرنے کے لیے کیا ہے)۔

معرِّف کی دو قسمیں ہیں:

مُعرِّف حقیقی، معرِّفِ لفظی۔ پھر معرِّفِ حقیقی کی دو قسمیں ہیں: تعریف حقیقی بحسب الحقیقت، تعریفِ حقیقی بحسب الاسم۔ پھر معرِّف حقیقی کی دو قسموں میں سے ہر ایک کی چار قسمیں ہیں: حدِّ تام، حد ناقص؛ رسمِ تام، رسمِ ناقص۔ تفصیل ''حدِّ تام'' میں ملاحظہ فرمائیں۔

المَعقولاتُ الأُولیٰ: مَا یَکونُ مِصداقُهُ ومَایُحاذِیهِ مَوجوداً فيُ الخارِجِ، کالإنسانِ وَالحیَوانِ، فإنَّهُ یُتصورُ أوَّلًا، وَیُحاذِیهِ أمرٌ فيُ الخارجِ. (دستور العلماء۳/۳۳٤)

معقولاتِ اُولیٰ: وہ معقولات ہیں جن کا مصداق اور مقابل (افراد) خارج میں موجود ہوں، جیسے: انسان اور حیوان، کہ اولِ وہلہ اُن کا تصوّر کیا جاتا ہے، اور اُن کا مصداق یعنی افرادِ انسان وحیوان خارج میں پائے جاتے ہیں۔

المَعقولاتُ الثانیة: مَا یُتصوَّرُ ثانیاً، وَلا یُحاذیهِ أمرٌ فيُ

الخارجِ؛ فإنَّ كليةَ الانسانِ وَنوعيتَهٗ يُتصوَّرُ بعدَ تَصورِہٖ منْ غيرِ أنْ يُحاذِيها شَيءٌ فِيْ الخارجِ. (دستور۳/ ۳۳٤، ۳۳٥)

معقولاتِ ثانیہ: وہ معقولات ہیں جو دوسرے مرحلہ میں متصوَّر رہوں اور خارج میں اُس کے بالمقابل چیز کا وجود نہ ہو، جیسے: انسان کے کلی ہونے اور نوع ہونے کا تصوُّر کرنا، انسان کے تصور کے بعد ہی ہوتا ہے، اور خارج میں کلیت ونوعیت کے مقابل کی کوئی چیز نہیں پائی جاتی، (یعنی خارج میں کلی ہونا الگ سے نہیں پایا جاتا؛ بلکہ اَفراد کے ضمن میں پایا جاتا ہے)۔

المُعمّٰی: باب الشین کے تحت ''شعر'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المَعنَويُّ: هوَ الذيْ لايكونُ للّسانِ فيهِ حظٌّ، وإنَّما هوَ مَعنىً يُعرَفُ بالقلبِ. (کتاب التعریفات: ۲۲۲)

معنوی: وہ حالت وکیفیت جس کو سمجھنا اور سمجھانا زبان سے ممکن نہ ہو؛ کیوں کہ یہ ایک ایسی چیز ہے جس کو دل میں محسوس کیا جاتا ہے، (جیسے: آم اور گڑ کی مٹھاس کا فرق)۔

(خلافِ لفظی) وہ چیز ہے جس کے سمجھنے میں زبان کا دَخل نہ ہو؛ کیوں کہ وہ ایک ایسی چیز ہے جس کا اِدراک دل سے ہوتا ہے(۱)۔

المعنیٰ: باب المیم کے تحت ''مفہوم'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

---

(۱) معنویات: عرفِ عام میں حقائق ومعانی کو ''معنویات'' سے تعبیر کرتے ہیں، مذکر کے لیے ''هو هو'' اور مؤنث کے لیے ''هي هي'' دو چیزوں میں اتحاد بتانے کے لیے محاورہ ہے۔ (تفصیل ''حقیقت وماہیت'' کے ضمن میں مذکور ہے۔)

المُغالطةُ: قِيـاسٌ فـاسدٌ، إِمَّا مِن جِهةِ المَادَّةِ، أَوُ منُ جهةِ الـصُورـةِ، أَوُ مـنُ جهتِهـمَا معاً؛ مُفيدٌ للتَّصديقِ الخَبَرِيُ أَوُ الظنيِّ الغَيرِ الـمُطـابقينِ الوَاقعَ، (مِثَالُ الأَوَّلِ: كُلُّ إِنسَانٍ بَشَرٌ، وَكُلُّ بَشَرٍ ضَحَّاكٌ، فَكُـلُّ اِنسَانٍ ضَحَّاكٌ. وَمِثَالُ الثَّانِي: اَلانسَانُ حيوَانٌ، وَالحَيوَانُ جِنسٌ، فَالاِنسَانُ جِنسٌ). (دستور العلماء٣/٣٤٦)

أَوُقَولٌ مُؤَلَّفٌ من قَضاياشَبيهةٍبالقَطعيَّةِأَوُبالظَّنيَّةِ أَوُ بالمَشهورَةِ.

(كتاب التعريفات بيروت:١٥٥، التعريفات الفقهيه: ٢١١)

مغالَطہ: (غلط دلیل) وہ قِیاس ہے جو صورتِ قِیاس، مادۂ قِیاس، یا دونوں میں بگاڑ کی وجہ سے باطل اور بے نتیجہ ہو، اور خلافِ واقع (جھوٹی) تصدیقِ خبری یا تصدیقِ ظنی کا فائدہ دے۔

مادے کے اعتبار سے فساد کی مثال: ہر انسان بشر ہے، ہر بشر ضحاک ہے، تو ہر انسان ضحاک ہے، یہ مغالَطہ ہے؛ کیوں کہ بشر اور انسان ایک ہی چیز ہے، اِسی کو مصادَرت علی المطلوب کہتے ہیں۔

صورتِ قیاس میں فساد کی مثال: انسان حیوان ہے، اور حیوان جنس ہے، تو انسان جنس ہے، یہ قیاس کی شکلِ اول ہے، جس میں کبریٰ کا کلی ہونا شرط ہے اور وہ مفقود ہے؛ اور مستدل اس قاعدے کی بنا پر یوں کہتا کہ: ”ہر حیوان جنس ہے“ تو اس کا بطلان ظاہر ہوجاتا۔

مغالطہ: وہ قِیاس ہے جو ایسے مقدمات سے مرکب ہو جو مقدماتِ یقینیہ، ظنیہ یا مشہورہ کے مانند ہوں۔

المُغَالطَاتُ العَامَّةُ الوُرُوْدِ : هيَ التِي يُمكِنُ بِهَا إِثْبَاتُ المَطلوُبِ وإِثبَاتُ نَقيُضِهِ، كمَا يُقالُ: المُدَّعىٰ ثَابِتٌ؛ لأَنَّهُ لوْ لمْ يَكنْ ثابِتاً لكَانَ نَقيُضُهُ ثابِتاً؛ وعَلىٰ تَقدِيرِ أَنْ يَكوُنَ نَقيُضُهُ ثابِتاً، لَكانَ شَيءٌ مِنَ الأَشيَاءِ ثابِتاً.

فلزِمَ مِنْ هٰذِهِ المُقدَّمَاتِ هٰذِهِ الشَّرْطِيَّةُ: إِنْ لَمْ يَكنِ المُدَّعىٰ ثابِتاً، لكانَ شَيءٌ مِنَ الأَشيَاءِ ثابِتاً. وينْعَكسُ بعَكسِ النَّقيُضِ إِلىٰ هٰذَا: إنْ لمْ يَكنْ شَيءٌ مِنَ الأَشيَاءِ ثَابتاً، لكانَ المُدَّعىٰ ثَابتاً، هٰذَا خُلفٌ، ضَروُرَةَ أَنَّ المُدَّعىٰ شَيءٌ مِنَ الأَشيَاءِ، فعَلىٰ تقدِيرِ: أَنْ لايَكوُنَ شَيءٌ مِنَ الأَشيَاءِ ثَابتاً، لوْ كانَ المُدَّعىٰ ثَابتاً، لزِمَ ثُبُوْتُ الشَّيءِ عَلىٰ تَقدِيرِ نَفيِهِ. (دستور العلماء۳/۲۰۹)

مغالطۂ عامۃ الورود: اِس کو مغالطۂ عامۃ الورود اِس لیے کہا جاتا ہے کہ، یہ ہر جگہ جاری ہوسکتا ہے، جیسے: فرض کیجیے کہ، تمھارے ہاتھ میں پنسل ہے، تو زید یوں کہے کہ: مان لو! یہ قلم ہے؛ ورنہ اِس کی نقیض: لاقلم صادق ہوگی؛ -کیوں کہ اگر لاقلم ہونا بھی تسلیم نہیں کروں گے تو اِرتفاعِ نقیضین لازم آئے گا جو محال ہے،- اور جب اِس کی نقیض (لاقلم ہونا) صادق آئے گی تو شَيءٌ مِنَ الأَشيَاءِ ہونا صادق آئے گا، جس سے یوں شکل بن جائے گی کہ: المُدَّعىٰ ثَابتٌ؛ وإلَّا (أي وإنْ لمْ يكنِ المُدَّعىٰ ثابتاً) فنَقيُضُهُ ثابِتٌ؛ وكلَّمَا كانَ نَقيُضُهُ ثابِتًا كانَ شَيءٌ مِنَ الأشيَاءِ ثابِتاً: اِس میں سے جب حداوسط کو -جو نَقيضُهُ ثابتٌ ہے- گرادیا جائے تو نتیجہ یہ نکلے گا: كلَّمَا لمْ يَكنِ المُدَّعىٰ ثَابتاً، كانَ شَيءٌ مِنَ الأَشيَاءِ ثَابتاً، اور چوں کہ ہر قضیہ کو اُس کی عکسِ نقیض لازم ہوا کرتی ہے؛ اِس لیے جب اِس کی

عکسِ نقیض نکالی جائے گی تو اِس کی صورت یوں ہوگی کہ: كلّما لم يَكنْ شَيءٌ مِنَ الأشْيَاءِ ثَابتاً، كانَ المُدَّعىٰ ثَابتاً، اور یہ بالبداہت باطل اور محال ہے؛ کیوں کہ جب شَيءٌ مِنَ الأشْيَاءِ یعنی کوئی بھی چیز ثابت نہ ہو تو مدعیٰ کیوں کر صادق آئے گا؛ کیوں کہ مدعیٰ بھی تو شَيءٌ مِنَ الأشْيَاءِ ہے، اب اگر آپ کا مدّعی ثابت آئے گا تو پھر ایسے مدّعی کو ثابت کرنا لازم آئے گا جس کی نفی شَيءٌ مِنَ الأشْيَاءِ کے ضمن میں پہلے کر چکے ہو! اور یہ محال بہ وجہِ عدمِ تسلیم مدعیٰ لازم آیا، اِس سے ہمارا مدّعی ثابت ہوا کہ: تمھارے ہاتھ میں پنسل نہیں ہے؛ بلکہ قلم ہے۔

اِس مغالطہ کا جواب یہ ہے کہ: عدمِ ثبوتِ شَيءٌ مِنَ الأشْيَاءِ محال ہے، اور عدمِ ثبوت شَيءٌ مِنَ الأشْيَاءِ کی تقدیر پر ثبوت مدعیٰ بھی محال ہے، تو یہاں ایک محال، دوسرے محال کو مُستلزم ہوا، اور یہ (ایک محال کا دوسرے محال کو مستلزم ہونا) محال نہیں ہے؛ کیوں کہ کتبِ منطق میں ہے: جَوَّزُوا اِسْتلزَامَ المُحالِ للمُحالِ؛ یہ ہے مغالطۂ عامۃ الورود کی تقریر اور اُس کا جواب۔

المُفْتِي: هوَ الفَقيهُ الذِي يُجيبُ فِي الحوادِثِ والنَّوَازِلِ، ولهُ ملَكَةُ الاستنباطِ. (التعريفات الفقهيّة: ٢١٢)

مُفتی: وہ ماہرِ علمِ فقہ جو وارِدات وحالات کے مسائل کا (شرعی فیصلے کے مطابق) جواب دے۔

المُفتىٰ بهِ: هوَ القَولُ الرَّاجحُ منَ الأقوَالِ المُختَلفَةِ فِي المَسْئلَةِ، رَجَّحَهُ أهلُ التَّرجيحِ منَ الفُقهاءِ. (التعريفات الفقهيّة: ٢١٢)

مُفتیٰ بہ: کسی مسئلے کے اقوالِ مختلفہ میں سے وہ پسندیدہ قول جس کو اہلِ ترجیح

فقہاء نے فوقیت دی ہو۔

اعلم! أنّ مُطلَق المُفرد يعبَّر عنه بـ"مُطلَقِ الشَّيءِ، وهو: الذيُ يتحَقّق بتحقُّقِ جَميعِ أفرادهِ، وينتفي بانتِفاء فردٍ مَّا.

ويجري فيه أحكام العُموم والخُصوص جميعاً.

وأما المُفرد المُطلق فيُعبَّر عنه بـ"الشَّيءِ المُطلَق، وهو: الذيُ يتحقَّق بتَحقُّق فردٍمَّا ولاينتفي بانتفاء ه؛ بل بانتفاء جميع الأفراد.

ويجري فيهِ أحكام العُمومِ فقطُ. (مستفاد من شروح سلم العلوم)

مفردِ مطلق: وہ مفرد ہے جو اپنے تمام افراد کے پائے جانے سے متحقق ہو، اور کسی بھی ایک فرد کے منتفی ہونے سے وہ مفرد نابود ہوجائے، گویا لفظِ شیٔ بول کر اُس کے جمیع اقسام مراد لینا (یہ لابشرطِ شیٔ کا درجہ ہے)۔

مطلق مفرد: وہ مفرد ہے جس کے افراد میں سے کسی بھی ایک فرد کے تحقق سے اُس کا تحقق ہوجائے، اور جب تک اُس کے جمیع افراد کا انتفاء نہ ہو تب تک وہ شیٔ منتفی نہ ہو (یہ بشرطِ شیٔ کا درجہ ہے)۔

جیسے: الكلمة المطلقة (مطلق کلمہ) وہ ہے جس میں اُس کی تینوں قسمیں: اسم، فعل، حرف پائیں جائیں، اُس وقت مطلق کلمہ کا وجود ہوگا۔ پھر اُس کی تقسیم کریں کہ: مطلق کلمہ (اسم، فعل اور حروف تینوں) کی دو قسمیں ہیں: معرب، مبنی؛ گویا معرب مبنی ہونا اسم فعل اور حرف تینوں میں پایا جاتا ہے، خاص کسی ایک قسم میں نہیں۔ اور جب مطلق الكلمة (کلمۂ مطلق) کی تقسیم کی جائے تو وہاں کلمہ کی کسی ایک قسم (خواہ: وہ اسم ہو یا فعل وحرف) کے تحقق سے

کلمۂ مطلق کا تحقق ہو جائے گا، پھر اُس کی تقسیم کی جائے کہ کلمۂ مطلق (یعنی اسم) کی دو قسمیں ہیں: منصرف، غیر منصرف۔

ملاحظہ: یہی حال مفردِ مطلق، مطلق مفرد کا ہے نیز وجودِ مطلق، مطلق وجود اور حصولِ مطلق، مطلق حصول وغیرہ کا بھی ہے(۱)۔

اعلم: أن ما يُستفادُ من اللفظِ باعتبارِ أنهٗ فُهِمَ منهٗ، يسمّى مفهوماً؛ وباعتبارِ أنه قُصِدَ منهٗ يسمّى معنىً ومقصوداً؛ وباعتبارِ أن اللفظَ دالٌّ عليه يسمّى مدلولاً. (شرح تهذيب:١٢)

مفہوم، معنیٰ اور مدلول: یہ تینوں الفاظ بہ حیثیتِ مصداق متحد ہیں؛ البتہ اعتباری فرق یہ بیان کیا جاتا ہے کہ:

مفہوم: لفظ سے حاصل ہونے والی صورتِ ذہنیہ کو کہتے ہیں، بہ ایں حیثیت کہ وہ لفظ سے عقل میں سمجھی جاتی ہے۔

معنیٰ: لفظ سے حاصل ہونے والی صورتِ ذہنیہ (مقصد اور مراد) کو کہتے ہیں، بہ ایں حیثیت کہ لفظ سے اُس کا قصد کیا جاتا ہے۔(۲)

---

(۱) الملاحظة: والفرقُ بَينَ الشَّيءِ المُطلقِ، وَمُطلقِ الشَّيءِ كـ"الوُجودُ المُطلقُ وَمُطلقُ الوُجودِ"، بأَنَّ الأوَّلَ مُقيَّدٌ بقَيدِ الإِطلاقِ والثَّاني مُطلقٌ منهُ، فالأَوَّلُ أَخصُّ، وَالثاني أَعَمُّ. وَقِسْ عَليهِ الـ"حُصوُلُ المُطلقُ وَمُطلقُ الحُصولِ" والتَّصوُّرُ المُطلقُ وَمُطلقُ التَّصوُّرِ. (دستور ٣/٣٢٢)

خلاصۂ کلام: اوپر ذکر کردہ مثال –الكلمة المطلقة اور مطلق الكلمة– کے درمیان عموم خصوص مطلق کی نسبت ہے، کہ جب کبھی الكلمة المطلقة (مطلق کلمہ) کا وجود ہوگا، وہاں وہاں مطلق الكلمة (کلمۂ مطلق) کا وجود ضروری ہے؛ لیکن ہر جگہ مطلق الكلمة کے پائے جانے کے وقت الكلمة المطلقة کا پایا جانا ضروری نہیں، گویا اول خاص ہے اور ثانی عام ہے۔

(۲) معانی: معنیٰ کی جمع ہے، معنیٰ کا لغوی ترجمہ ہے: مقصود اور مراد، اور اصطلاح میں "حقیقت و ماہیت اور=

مدلول: لفظ سے حاصل ہونے والی صورتِ ذہنیہ کو کہتے ہیں، بہ ایں حیثیت کہ اُس پر لفظ دلالت کرتا ہے، (جیسے: لفظِ ''زید'' سے ذات سمجھ میں آتی ہے اِس حیثیت سے ذاتِ زید کو ''مفہوم'' کہا جائے گا؛ اور اِس حیثیت سے کہ لفظ زید سے ذاتِ زید کو مراد لیا جاتا ہے اس کو ''مقصود و معنیٰ'' کہا جائے گا؛ اور اِس حیثیت سے کہ یہ لفظ ذاتِ زید پر دلالت کرتا ہے، ''مدلول'' کہا جائے گا)۔

المفهوم: هوَ (عندَ الأُصولِيِّينَ) خِلافُ المَنطوُقِ، وَهوَ ما دلَّ عليهِ اللَّفظُ لا فيُ محلِّ النُّطقِ، بأنُ يكونَ حكماً بغيرِ المَذكوُرِ. (التعريفات الفقهيه ص: ۲۱۳)

مفہوم: (اہلِ اصول کے نزدیک) خلافِ منطوق کو کہتے ہیں، یعنی وہ معنیٰ جو لفظ کا مدلول تو ہو؛ لیکن لفظ کے نطق سے یہ معنیٰ مقصود نہ ہو۔

المَنطوق: هوَ ما دلَّ عليهِ اللفظُ فيُ محلِّ النُّطقِ، وَخلافُهُ المَفهومُ. (التعريفات الفقهية: ۲۱۹)

منطوق: وہ معنیٰ جو لفظ کا مدلول ہو اور محلِ نطق میں مقصود بھی ہو، یعنی اُسی معنیٰ کی ادائیگی کے لیے لفظ کو لایا گیا ہو۔

مَفهُومُ المُوَافقَةِ: هوَ أنُ يَكونَ المَسكوُتُ عنهُ مُوافِقاً فيُ حُكمِ المَذكوُرِ.

=عقلی مفہوم'' کو بھی معنیٰ کہتے ہیں، اور حقیقت و ماہیت، ما به الشيء هو هو (جس سے چیز کا وجود ہو اور چیز کی بنیاد میں داخل ہو) کو کہتے ہیں، جیسے: انسان کی ماہیت ہے حیوانِ ناطق؛ کیوں کہ اِس سے انسان کا قِوام ہے، اور حیوانِ ناطق ایک عقلی مفہوم ہے، خارج میں مستقلاً اُس کا وجود نہیں۔

وفـيُ "الإتقانِ": مَفهومُ المُوافقَةِ: هوَ مَايُوافِقُ حُكمُه المَنطُوقَ، فإنْ كـانَ أوْلَى يُسَمّى فَحوَى الخِطابِ، كدَلالَةِ: ﴿فَلاَ تَقُلْ لَهُمَا أُفٍّ﴾ عَلىٰ تَـحـرِيْـمِ الضَّرْبِ؛ لأنَّهُ أشَدُّ، وإنْ كانَ مُسَاوِياً يُسَمّى لَحنَ الخِطَابِ أيْ مَعْنَاهُ، كدَلالَةِ ﴿إنَّ الذِينَ يَأْكُلُونَ أَمْوَالَ اليَتمىٰ ظُلْماً﴾ عَلىٰ تَحرِيمِ الإحْرَاقِ؛ لأنَّهُ مُسَاوٍ للأَكْلِ فِيْ الإتْلافِ. (كشاف اصطلاحات الفنون ٤٧٥/٣، بحذف)

مفہومِ موافق: وہ مفہوم ہے جس کے بابت (نص میں) سکوت اختیار کیا گیا ہو؛ لیکن اس کا حکم نص میں مذکورہ صورت کے موافق ہو۔

اِس کی دو قسمیں ہیں: فحوائے کلام، لحن کلام۔

فحوائے کلام: مسکوت عنہ کا حکم بہ درجۂ اَولیٰ مذکور کے موافق ہو، جیسے باری تعالیٰ کا فرمان: ﴿فَلاَ تَقُلْ لَهُمَا أُفٍّ﴾ ماں باپ کو اُف نہ کہو، اِس امرِ مذکور سے مسکوت عنہ یعنی والدین پر دست درازی کی حرمت بہ درجۂ اَولیٰ سمجھ میں آتی ہے۔

لحنِ کلام: وہ مفہوم ہے جس کا حکم منطوق کے حکم کا مساوی ہو، جیسے باری تعالیٰ کا فرمان: ﴿إنَّ الذِينَ يَأْكُلُونَ أَمْوَالَ اليَتمىٰ ظُلْماً﴾ یقین رکھو کہ جو لوگ یتیموں کا مال ناحق کھاتے ہیں وہ اپنے پیٹ میں آگ بھر رہے ہیں، اِس آیت میں ظلماً یتیموں کا مال کھانے پر وعید مذکور ہے جس سے یتیموں کا مال جلانے کی وعید بھی سمجھ میں آتی ہے، کہ دونوں اِتلاف میں مُساوی ہیں۔

مَفهُومُ المُخالَفَةِ: هوَ أنْ يكُونَ المَسكوتُ عَنهُ مُخالفاً للمَذكورِ فِي الحُكمِ إثْبَاتاً ونَفْيًا، ويُسَمّى "دَلِيلَ الخِطَابِ"، نَحوَ قَولِه تَعالىٰ: ﴿فَاجْلِدُوهُمْ ثَمَانِيْنَ جَلْدَةً﴾، فيفهم أنَّ الزائدَ علىٰ الثمانينَ غيرُ

واجب. (كشاف اصطلاحات الفنون: ۳، ٤٧٥) (۱)

مفہومِ مخالف: وہ مفہوم ہے جس میں مسکوت عنہ مذکور کی ضد ہو، اس کو ''دلیلِ خطاب'' بھی کہتے ہیں، جیسے باری تعالیٰ کے فرمان: اور جو لوگ (زنا کی) تہمت لگائیں پاکدامن عورتوں کو (جن کا زانیہ ہونا کسی دلیل یا قرینۂ شرعیہ سے ثابت نہیں) اور پھر چار گواہ (اپنے دعوے پر) نہ لاسکیں، تو ایسے لوگوں کو اَسی درّے لگاؤ اور ان کی کوئی گواہی کبھی قبول مت کرو!، اس حکمِ مذکور کا مفہومِ مخالف یہ ہے کہ: پاکدامن عورتوں پر تہمت لگانے والے کو اسی سے زائد لگانے نہ لگانے کا تذکرہ نص میں مذکور نہ ہونے کی بنا پر زائد کوڑے لگانا واجب نہیں۔

المَقبولات: باب المیم کے تحت ''مظنونات'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المُقتضا: عن قریب ''مقدر'' کے ضمن میں آرہا ہے۔

المقدر: (عند أهل الأصول) كلُّ لفظٍ حُذِفَ مِن التَّلفُّظِ لاالنِّيةِ، فهُوَ مُقدَّرٌ. وَلِذا قالوُا: المُقدَّرُ كالمَلفوُظِ، (نحو قوله تعالى:

---

(۱) فائدة: مفهوم المخالفة لم يعتبره الحنفية، والشافعي اعتبره؛ وفي "جامع الرموز" في بيان الوضوء: مفهوم المخالفة كمفهوم الموافقة معتبر في الرواية بلاخلاف؛ لٰكن في "اجازة الزاهري": أنه غير معتبر. والحق أنه معتبر إلاأنه أكثري لاكلي كما في حدود النهاية وغيرها. (كشاف اصطلاحات الفنون: ۳، ٤٧٦)

مفهومُ المُوافقة: مَا يُفهمُ منُ الكَلامِ بِطريقِ المُطابَقةِ. **مفہومِ موافق:** وہ معنیٰ ومفہوم جو کلام سے بہ طریقِ دلالتِ مطابقی سمجھا جائے۔ (دستور۳/ ۲۱۲)

مفهوم المخالفة: مَا يُفهمُ منُ الكلامِ بِطريقِ الِالتِزامِ. **مفہومِ مخالف:** وہ معنیٰ ومفہوم جو کلام سے بہ طریقِ دلالتِ التزامی سمجھا جائے۔ (دستور۳/ ۲۱۲)

ملحوظہ: ہوسکتا ہے کہ یہ اصطلاح فقہاء کے علاوہ مناطقہ وغیرہ کی ہو، واللہ اعلم وعلمہ اتم۔

﴿يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمۡ أَنۡ تَضِلُّوۡا﴾ أَيۡ أَنۡ لَاتَضِلُّوۡا). (دستور۳/ ۳۵۸)

مقدر: (اہل اصول کے نزدیک) ہر وہ کلمہ ہے جو صرف ادائیگی کے وقت عبارت سے پوشیدہ ہو؛ لیکن دل میں موجود ہو، اِسی وجہ سے یہ مسلَّمہ قاعدہ ہے: لفظِ مقدر، ملفوظ کے حکم میں ہوتا ہے، (جیسے: باری تعالیٰ کا فرمان: اللہ تعالیٰ تم سے اس لیے بیان کرتے ہیں کہ تم گمراہی میں نہ پڑو، یہاں أن کے بعد حرفِ نفی "لا" محذوف بہ معنیٰ مقدر ہے)۔

المُقۡتَضیٰ: (عِنۡدَ الأصُوۡلِيِّيۡنَ) هوَ مَا أُضۡمِرَ فيۡ الكَلامِ ضَرُورَةَ صِدقِ المُتَكلِّمِ ونَحوِهِ، أيۡ مَا لاصِحَّةَ لهُ إلا بإدۡرَاجِ شَيۡءٍ آخَرَ ضَرورَةَ صِحَّةِ كَلامِهٖ، كقَوۡلِهٖ تَعالىٰ: ﴿وَاسۡئَلِ القَرۡيَةَ﴾ أيۡ أهۡلَ القَرۡيَةِ. (التعريفات الفقهية: ۲۱۴)

مُقۡتَضا: (اہلِ اصول کے نزدیک) وہ غیر منطوق (کلمہ یا جملہ) ہے جس کو متکلم کی سچائی وغیرہ قرائن کی بناء پر عبارت سے محذوف ماننا ضروری ہو، جس کو داخل کیے بغیر کلام صحیح نہ ہوتا ہو، جیسے باری تعالیٰ کا فرمان: ﴿وَاسۡئَلِ القَرۡيَةَ﴾ بستی سے پوچھو، یعنی بستی میں رہنے والوں سے پوچھو۔

التقدير والحذف: التَّقديرُ فيۡ اللُّغةِ: **اندازہ کردن**، وَعِندَ أربابِ العَرَبيَّةِ إسقاطُ اللَّفظِ مَعَ الإبۡقاءِ فيۡ النِّيَّةِ. والحَذفُ: أَعَمُّ منهُ لعدَمِ اشتِراطِ هٰذا الإبقاءِ فِيهِ. (دستور العلماء بيروت ۴/ ۲۳۲)

تقدیر: (اہلِ عرب کے نزدیک) کسی کلمے کو عبارت سے حذف کر دینا اور نیت میں باقی رکھنا۔

ملاحظہ: تقدیر وحذف کے درمیان کا فرق اُصولی ہے؛ ورنہ بسا اوقات ایک لفظ کو دوسرے کی جگہ استعمال کیا جاتا ہے، جیسے: صاحبِ ہدایۃ النحو نے مفعول فیہ کی بحث میں "بتقدیر في" فرمایا ہے؛ حالاں کہ وہاں "في" محذوف ہے۔ اِسی طرح باری تعالیٰ کے فرمان ﴿أن تضلوا﴾ میں لا مقدر ہے؛ لیکن اُس کو محذوف سے تعبیر کرتے ہیں۔

حذف: عبارت سے کسی کلمے کو گرا دینا نیت میں بقا کی شرط کے بغیر؛ گویا حذف عام ہے اور تقدیر خاص ہے، (جیسے: رُبَّ قَبلٍ خَيرٌ مِن بَعدٍ: بہت سی پہلے کی چیزیں بعد کی چیزوں سے بہتر ہوتی ہیں، اِس جگہ قَبلُ وبَعدُ کا مضاف الیہ لفظ اور نیت دونوں اعتبار سے ساقط ہے)۔

الملاحظة: هٰذهِ الثَّلاثَةُ مِنْ قَبيلِ غَيرِ المَنطُوقِ؛ لٰكنَّ الأوَّلَ يَشتَمِلُ الثَّابتَ لتَصحيحِ الكَلامِ لُغةً أوْ شَرعاً أوْ عَقلاً؛ والثَّاني مُختَصٌّ باللُّغَةِ؛ والثَّالثُ بالعَقلِ والشَّرعِ. (حاشية أصول الشاشي)

مقدَّر، مقتضیٰ اور محذوف: یہ تینوں چیزیں غیر منطوق کے قبیل سے ہیں، اور اِن میں باہمی فرق یہ ہے کہ، مقدَّر کو ثابت مانا جاتا ہے؛ تاکہ کلام لغوی، شرعی یا عقلی اعتبار سے صحیح ہو جائے، اور شئِ محذوف کو اِس لیے مانا جاتا ہے؛ تاکہ کلام لغوی اعتبار سے صحیح ہو جائے؛ اور مقتضا کو اِس لیے مانا جاتا ہے؛ تاکہ کلام عقل اور شریعت کے اعتبار سے درست ہو جائے۔

المُقدَّماتُ اليَقينِيَّةُ: القَضايا التي يَحصُلُ مِنها التَّصديقُ اليَقينيُّ، وهيَ إمّا ضَروريَّةٌ أو نَظَريَّةٌ؛ والضَّروريَّةُ سِتَّةٌ عَلى

المَشْهُورِ: الأوَّلِيَّاتُ، والفِطْرِيَّاتُ، والمُشَاهَداتُ، والحَدْسِيَّاتُ، والمُجرَّبَاتُ، والمُتَوَاتِرَاتُ. (كشاف ٤/٤١٦) (١)

---

(١)**المُقدَّماتُ اليقينيَّةُ**: -التيْ هيَ مَبادئُ العُلوم النَّظريّة- هيَ المُقدَّماتُ الكليَّة المُطابِقة للأمُور المَوجودَةِ التيْ نَقبَلها ونصدِّقُ بها، ويَستعمِلها كلُّ واحدٍ منَّا منْ جهَة يقين نفسه بمطابَقتِها للأمُور مِنْ غيرِ أنْ يتَّكل أحَد منَّا علىٰ شَهادة غيرِه له، ومِن غيرِ أنْ يستند فيها إلىٰ ما يراه غيره. (موسوعة المنطق: ٩٧١)

مُقدَّماتٌ غيرُ يقينية: وهيَ نوعانِ: نوعٌ يَصلح للظنيَّات الفِقهيَّة، ونوُع لايَصلح لذٰلك أيْضاً.

أمَّا النوْع الأوّل: وهوَ الصَّالِح للفِقهيَّات دون اليَقينيَّات، وهيَ ثلٰثة أصنَاف: مَشهوُراتٌ ومَقبولاتٌ ومَظنوناتٌ.

وأمَّا النَّوعُ الثاني: مالايَصلُح للقَطعيَّات ولاللظنيَّات؛ بلْ لايصْلح إلا التلبيسَ والمُغالَطة (أي المخادَعَة). (معيار العلم للغزالي بحوالة: موسوعة مصطلحات علم المنطق عند العرب)

المُقدَّمات المَشهورَة: عندَ الجميع، ينبغِي أنْ يكونَ المَفهوم منها مَعنىً واحداً بعَينه في العدد عندَ الجميع. وتُقبل هٰذه المُقدّمات، والآراءُ تستَعمَل منْ غيرِ أن تُمتحَن وتُسبَر، ويعلمَ هلْ هيَ مُطابِقة للأمور المَوجودة أو غيرِ مطابِقة لها؛ بلْ تقبَل علىٰ أنها آراءٌ فقط من غير أن يُعلَم منها شيء أكثر من أنَّ جميعَ الناس يَرونَ فيها أنَّها كذا أو ليسَتْ كذا. (موسوعة مصطلحات المنطق: ٩٦٩)

المقدمات المقبولة: هيَ كلُّ مَاقبِلتْ عن واحِد مرتضًى أو جَماعة مرتضِين. (موسوعة مصطلحات المنطق: ٩٧٠)

المقدمات المظنونة: هيَ القَضايا التي يُحكمُ فيُها حُكماً راجِحاً، مَع تجويزِ نقيضِهِ، كقولنا: فلانٌ يَطوفُ باللَّيْلِ، وكلُّ منْ يَطوفُ باللَّيْلِ فهوَ سارقٌ. والقِياسُ المركبُ من المَقبولاتِ وَالمَظنوناتِ يُسمّى خَطابَةً. (كتاب التعريفات: ٢٢١)

(٢): المُقدَّمَاتُ عقلَيَّةٌ أوْ نقْليَّةٌ: فإنَّ النَّقلَ قدْ يُفيدُ القَطعَ؛ نَعمْ النَّقلُ الصِّرفُ ليْس كَذٰلكَ.

واليَقينُ: هوَ الاعْتقَادُ الجَازِمُ المُطابِقُ الثَّابتُ؛ وأصولُها: الأوَّليَّاتُ، والفِطْرِيَّاتُ، والمُشَاهَداتُ (الحسِّيات والوِجدَانيَّاتُ)، والحَدْسِيَّاتُ، والمُجرَّبَاتُ، والمُتَوَاتِرات.

مقدماتِ یقینیہ: وہ مقدمات ہیں جو یقین کا فائدہ دیں (جن سے قیاسِ برہانی مرکب ہوتا ہے)، اِن کی دو قسمیں ہیں: بدیہیہ، نظریہ۔

مقدماتِ بدیہیہ کی چھ قسمیں ہیں: اوّلیات، فطریات، مشاہدات، حدسیات، مجرَّبات، متواترات۔

الأوَّلِيَّاتُ: هيَ قَضايَا يَجزِمُ العَقلُ فيُهَا بمُجرَّدِ الِالتِفَاتِ والتَّصوُّرِ، لايَحتَاجُ إلىٰ وَاسِطَةٍ، كقَوُلكَ: الكُلُّ أعظَمُ منُ الجُزءِ. (مرقات:٤٥)

اوّلیات: وہ قضایا ہیں جن کے مضمون پر یقین کرنے کے لیے تصورِ طرفین کے سِوا کسی واسطے (دلیل) کی حاجت نہ ہو، جیسے: کُل اپنے جُز سے بڑا ہوتا ہے۔

الفِطرِيَّاتُ: هيَ مَا يَفتَقِرُ إلىٰ وَاسِطَةٍ غَيرِ غَائبَةٍ عَنِ الذِّهنِ أصلاً، ويُقَالُ لهٰذهِ القَضايَا "قَضَايا قِيَاسَاتُهَا مَعَهَا"، نَحوُ: الأربَعَةُ زَوجٌ؛ فإنَّ مَنُ تَصَوَّرَ مَفهُومَ الأربَعَةِ وتَصوَّرَ مَفهُومَ الزَّوجِ –بأنَّهُ هوَ الذِي يَنقَسِمُ بمُتَسَاوِيَينِ– حَكَمَ بَداهَةً بأنَّ الأربَعَةَ زَوجٌ. (مرقات:٤٥)

فطریات: ان کا دوسرا نام "قَضایا قِیاسَاتُها مَعَها" ہے، یہ وہ قضایا ہیں جن کے مضامین پر یقین ایسے دلائل سے حاصل ہو جو تصورِ طرفین کے وقت ہی عام طور پر ذہن میں رہتے ہیں، جیسے: چار جُفت ہے، اِس قضیہ کے ذہن میں آنے کے ساتھ ساتھ دلیل بھی ذہن میں حاضر رہتی ہے، وہ یہ کہ چار برابر دو حصوں پر منقسم ہوجاتا ہے (صغریٰ)، اور جو عدد دو برابر حصوں میں منقسم ہو وہ جُفت ہے (کبریٰ)، لہٰذا چار جفت ہے (نتیجہ)، نیز جیسے: الحَمدُ لله الذي هَدانا سَواء الطَّريق: تمام تعریفیں اُس اللہ (تمام صفاتِ کمالیہ سے متصف، ہمیشہ سے ہمیش تک رہنے والی

ذات) کے لیے ہیں، جس نے ہمیں مَیانہ راستہ دکھایا۔ یہ دعویٰ مع الدلیل ہے۔

الحَدْسِیّات: وَهيَ ظُهورُ المَبَادِيْ دَفْعَةً واحِدَةً منْ دوْنِ أنْ يَكوْنَ هُنَاكَ حَرَكَةٌ فِكرِيَّةٌ. (مرقات: ٤٥)

حَدسیات: وہ ایسے قضایا ہیں جن کے مضمون کا علم (بغیر نظر وفکر کے) فوری طور پر دلائل کے ذریعے ہو، (جیسے کسی ماہرِ نحو سے پوچھا گیا کہ: ضُرِبَ زَيْدٌ میں زید پر کونسی حرکت ہوگی؟ اُس نے فوراً جواب دیا کہ: زید پر رفع آئے گا۔ یہاں رفع کا یقین ایک چٹ پٹ دلیل سے ہوا، وہ یہ کہ زید نائب فاعل ہے (صغریٰ)، اور ہر نائب فاعل مرفوع ہوتا ہے (کبریٰ)؛ لہٰذا زید مرفوع ہے (نتیجہ)۔

المُشَاهَدات: وَهيَ قَضَايَا يُحكَمُ فيْها بِوَاسِطَةِ المُشَاهَدَةِ والاحْسَاسِ، وَهيَ تَنقَسِمُ إلىٰ قِسْمَينِ:

الأوَّلُ: مَاشُوهِدَ بإحْدَى الحَواسِّ الظَّاهِرَةِ وَهيَ خَمسٌ: البَاصِرَةُ، والسَّامعَةُ، والشَّامَّةُ، والذَّائقَةُ، واللامِسَةُ؛ ويُسَمّٰى هٰذَا القِسْمُ بالحِسِّيَّاتِ.

والثَّانِيُ: مَا أُدرِكَ بالمُدْرِكاتِ مِنُ الحَواسِّ البَاطِنةِ التِيُ هيَ أيْضاً خَمْسٌ: الحِسُّ المُشتَرَكُ (المُدرِكُ للصُّوَرِ)، والخِيَالُ التِيُ هي خِزَانَةٌ لَهُ، والوَهْمُ المُدرِكُ للمَعَانِي الشَّخْصيَّةِ والجُزْئيَّةِ، والحَافظَةُ التِيُ هي خِزَانَةٌ لِلمَعانِي الجُزْئيَّةِ، والمُتَصرِّفُ التِيُ تَتصَرَّفُ فيُ الصُّوَرِ والمَعَانِيُ بالتَّحْلِيْلِ والتَّرْكيْبِ؛ ويُسَمّٰى هٰذَا القِسْمُ بالوِجْدَانيَّاتِ. (مرقات: ٤٥)

مشاہدات: وہ قضایا ہیں جن کے مضمون پر یقین حواسِ ظاہرہ یا حواسِ باطنہ کے ذریعے حاصل ہو۔ اول کی مثال: آفتاب روشن ہے۔ اِن کو حِسّیات کہتے

ہیں۔ دوم کی مثال: جیسے بھوک پیاس لگ رہی ہے، اِن کو وِجدانیات کہتے ہیں۔

حواسِ ظاہرہ پانچ ہیں: (۱) قوت باصرہ: دیکھنے کی قوت (۲) قوتِ سامعہ: سننے کی قوت (۳) قوتِ ذائقہ: چکھنے کی قوت (۴) قوتِ شامہ: سونگھنے کی قوت (۵) قوتِ لامسہ: چھونے کی قوت۔

حواسِ باطنہ پانچ ہیں: (۱) حسِ مشترک (۲) خیال (۳) وہم (۴) حافظہ (۵) مُتصرِّفہ۔ (تفصیل ''حواس'' کے ضمن میں ہے)۔

التَّجرِبيَّات: هيَ قَضَايَا يَحكُمُ العَقلُ بوَاسِطَةِ تكرارِ المُشَاهدَةِ وعَدَمِ التَّخلُّفِ حُكماً كلِّياً، كالحُكمِ بأنَّ شَرابَ السَقمُونيَا مُسهِلٌ للصَّفرَاءِ. (مرقات:٤٥)

تجربیات: وہ قضایا ہیں جن کے مضمون پر یقین بار بار تجربہ اور حکمِ کلی سے عدمِ تخلُّف کی بِنا پر حاصل ہوا ہو، جیسے: تجربہ کار لوگوں کے وہ واقعات جو تجربات کے بعد کہے گئے ہیں، جیسے: سَقمونیا دَست آور دوا ہے۔

المُتَواتِرات: هيَ قَضايَا يُحكَمُ بهَا بِوَاسِطَةِ إخبَارِ جماعَةٍ يَستَحيلُ العَقلُ تَواطُؤُهُم عَلَى الكِذْبِ؛ واختَلفُوا فِي أقلِّ عَددِ هٰذِهِ الجَماعَةِ، قِيلَ: إنَّ أقلَّه أربعَةٌ، وقِيلَ: عَشَرَةٌ، وقِيلَ: أربَعُونَ. (مرقات:٤٥)

متواترات: وہ قضایا ہیں جن کے مضامین پر یقین ایسی جماعت کے نقل کرنے سے حاصل ہو جن کا کِذب بیانی پر متفق ہونا محال ہو۔ ایسی جماعت کے افراد کے بابت اختلاف ہے: بہ قولِ بعض: کم از کم چار افراد ہوں، بہ قولِ بعض: دس افراد ہوں، اور بہ قولِ بعض: چالیس افراد ہوں۔

المقدّمة: مَا يُتوقّفُ عَليهِ صحةُ الدَّليلِ، أَعمُّ منُ أنُ يَكونَ جُزءاً مِن الدَّليلِ أَو لاَ. (رشيديه ص:١٩)

مقدّمہ: وہ تمہید ہے جس پر دلیل کی صحت موقوف ہو، چاہے وہ دلیل، قِیاس کا جز ہو یا نہ ہو، (اسی کو "مقدمۃ الدلیل" بھی کہتے ہیں، تفصیل آگے ملاحظہ فرمائیں)۔

مقدمة القِياس: القَضيَّةُ التي جُعلتُ جزءَ قِياسٍ، يسمىّ مقدمة، (نحو: مُحمَّدٌ مُجتَهِدٌ، وكُلُّ مُجتَهِد ناجِحٌ، وكُلُّ ناجِح مَحبُوبٌ، وكُلُّ مَحبُوب سَعِيدٌ؛ مُحَمَّدٌ سَعِيدٌ). (مرقات)

مقدمۂ قِیاس: وہ قضیہ ہے جس کو قِیاس یا حجت کا جزو بنایا جائے، جیسے مثالِ مذکور میں کل چار قضایا کو جزوِ دلیل بنایا گیا ہے۔

مقدمة الدليل: عِبارةٌ عمَّا يُتوقَّفُ عَليهِ صِحَّةُ الدَّليلِ أَعمُّ مِن أنُ يَكونَ جزءً منهُ –كالصُّغرىٰ والكُبرىٰ– أوُ لا، كشَرائطِ الأدِلَّةِ. (١) (دستور٣/٣٦٢)

---

(١) وللاستثنائيِّ شروطٌ: فلو لم يكن الشروط لم يُنتجُ، فهو إنُ كان مركباً من متصلةٍ (أولىٰ) و حمْليةٍ (أُخرىَ)، فشرطُ إنتاجه: إيجابُ الشرطيةِ المتصلةِ معَ لزومهِ وكليةِ أحدٍ من الشرطيةِ أوالقضيةِ الاستثنائيّةِ، وإما إنُ كانَ مركبا من منفصلةٍ أولىٰ وحمليةٍ أخرَى، فشرطُ إنتاجهِ: إيجابُ المُنفصِلة مع العِنادِ، وكلية واحد من الشرطيةِ، أوالقضية المُستثناةِ.

وللاقتراني أيضاً شروط: فإنُ كان الشكل الأولُ فشرطُ إنتاجهِ: ايجابُ الصُّغرىٰ وكليةُ الكبرىٰ؛ وإنُ كان الثاني فشرطُ إنتاجه: اختلافهما في الكيف وكلية الكبرَى؛ وإن كان الثالثُ فشرطُه: إيجابُ الصغرَى مع كليةِ أحدهما؛ وإن كانَ الرابعُ فشرطُ إنتاجه: إما إيجابُهما مع كلية الصغرىٰ أو اختلافُهما مع كليةِ إحداهما. وباقي التحقيق فى كتب المنطق.(أنوار المَطالع في هدايات المطالع)

مقدمۂ دلیل: وہ تمہید ہے جس پر دلیل کی صحت موقوف ہو، چاہے وہ دلیل کا جز ہو۔ جیسے: صغریٰ وکبریٰ۔ یا جز نہ ہو، جیسے: دلیلوں کے نتیجہ دینے کی شرطیں۔

مقدمة العلم: هِـيَ مَا يُتوقَّفُ عليهِ الشُّروعُ فيُ مَسائِلِهِ (منَ المَعانيِ المَخصوصَةِ)؛ أَوُ الشروعُ علىٰ وجهِ البصيرةِ. (دستور العلماء۳/۲۱۷)

مقدمۂ علم: وہ مخصوص باتیں ہیں جن کے جاننے پر فن اور مسائل فن کا علیٰ وجہ البصیرت شروع کرنا موقوف ہوتا ہے۔

مقدمة الكتاب: هِيَ طائِفةٌ مِن الكلامِ تُذكرُ قبلَ الشُّروعِ في المقاصدِ، لِارتباطِها بهٖ، ونفُعِها فيهٖ؛ سواءٌ توقَّفَ عليه الشروعُ أَوُ لَا. (دستور العلماء ب۳/۲۱۷)

مقدمۂ کتاب: مقاصد سے پہلے ذکر کردہ مخصوص باتیں جن سے مسائلِ کتاب مربوط ہوں، اور مسائلِ کتاب کو سمجھنے میں مفید ہو؛ چاہے مقاصد کا سمجھنا اس پر موقوف ہو یا نہ ہو۔

الملاحظة: الكتاب: إمّا عبارة عن الألفاظ، أو المعاني، أو المجموع منهما. فمقدمةُ الكتاب: إما طائفة من الألفاظ، أو المعاني، أو المجموعُ منهما. (دستور العلماء ب۳/۲۱۷)

مقدمۃ الکتاب میں کتاب سے مراد یا تو الفاظ ہیں، یا معانی ہیں، یا پھر اِن دونوں کا مجموعہ ہیں، بنابریں مقدمہ میں بھی یہ تین احتمالات جاری ہوں گے۔

المقسم: اس کا مفہوم باب القاف کے تحت ''قِسم'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المُقَفّٰی: باب الشین کے تحت ''شعر'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

مقول فی جوابِ ما ھو :باب الحاء کے ضمن میں ''حقیقت'' کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

المقولاتُ العشر :باب الالف کے تحت ''اجناسِ عالیہ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المقید: باب المیم کے تحت ''مطلق'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المکابرۃ: باب المیم کے تحت ''معارَضہ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المَکروهُ: مُطلقاً مَا هوَ راجحُ التَّركِ.

مکروہ: وہ فعل جس کا ترک اَولیٰ اور پسندیدہ ہو۔ اِس کی دو قسمیں ہیں: مکروہِ تحریمی، مکروہِ تنزیہی۔

المکروهُ التحریمی: إنْ کَانَ (المکروہ) إلَی الحَرامِ أَقربُ یَکونُ مَکرُوهاً تحریمیّاً، وَکراهتُه تَحریمیةٌ، (مثاله: اِختِضَابُ الشُّعُور بالأسْوَدِ). (دستور العلماء ۳/ ۳۷۰)

مکروہِ تحریمی: وہ مکروہ ہے جو حرام سے زیادہ قریب ہو؛ اِس کی کراہت، تحریمی ہوگی، جیسے: کالا خضاب لگانا مکروہ تحریمی ہے؛ کیوں کہ آقا ﷺ نے اِس کے بارے میں وعید بیان فرمائی ہے۔

المکروهُ التنزیهی: إنْ کانَ (المکروہ) إلَی الحِلِّ أَقربُ یَکونُ مَکروهاً تَنزیُهِیّاً، وَکراهتُهُ تَنزیهیَّةٌ، (نحو: الأَذَانُ بدُونِ الوُضُوءِ).

(دستور ۳/ ۳۷۰)

مکروہِ تنزیہی: وہ مکروہ ہے جو حلال سے زیادہ قریب ہو؛ اِس کی کراہت، تنزیہی ہوگی، جیسے بغیر وضو کے اذان کہنا مکروہ تنزیہی ہے۔

الملازمةُ: باب اللام کے تحت ''لزوم'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الملازمةُ العقلية : باب اللام کے تحت ''لزوم'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الملازمةُ العادیةُ: باب اللام کے تحت ''لزوم'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المَلَک: هوَ جِسمٌ لَطیفٌ نُورانِيٌّ یَتشَکَّلُ بأَشکالٍ مُختَلفةٍ. (دستور ٣/ ٣٧٢)

فرشتہ: وہ پُرنور مقدّس اور لطیف جسم جو مختلف رُوپ اختیار کرے۔

المَلَکةُ : باب الکاف کے تحت ''کیفیت نفسانیہ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المُماثَلةُ: باب الالف کے تحت ''اتحاد'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المُمکِنُ: مَالایَجِبُ وُجُودُهُ، أوْ: مَالایمتَنِعُ وُجودُهُ ولاعَدمُهُ. (کشاف ٤/٢٧٥)

ممکن: جس کا نہ عدم ضروری ہو نہ وجود، (اِسی لیے ممکن اپنے وجود میں اور اپنی بقاء میں ہمیشہ غیر یعنی مُوجِد کا محتاج ہوتا ہے)۔

الوَاجِبُ: هوَ المَوجُودُ الذِي یَمتَنِعُ عَدمُهُ؛ فإنْ کانَ وُجُودُهٗ لِذَاتِهِ أيْ لایَکُونُ مُحتاجاً فِي وُجودِهِ إلیٰ غَیرِهِ، فهُوَ الوَاجِبُ لذَاتِهِ،

ووَاجِبُ الوُجوُدِ لذَاتِهٖ؛ وإنْ كانَ لغَيرِهٖ فهُوَ واجِبُ الوُجوُدِ لغيرِهٖ. (دستور العلماء ٣/٢٩٨)

واجب: وہ ہستی ہے جس کا عدم **ممتنع** ہو، (یعنی اُس کا وجود ضروری ہو)۔ فلاسفہ کے نزدیک واجب کی دو قسمیں ہیں: واجب لذاتہٖ، واجب لغیرہٖ۔

واجب لذاتہٖ: وہ ہستی ہے جس کا وجود ذاتی ہو یعنی وہ اپنے وجود میں غیر کا محتاج نہ ہو، (ایسی ہستی صرف اللہ تعالیٰ کی ہے)۔

واجب لغیرہٖ: وہ **ممکن** ہستی ہے جس کو غیر (یعنی اللہ تعالیٰ) کی طرف سے وجود ملا ہو، اور وہ کبھی معدوم نہ ہو، (جیسے: عقولِ عشرہ فلاسفہ کے خیال کے مطابق **واجب لغیرہٖ** ہیں، اور تعلیماتِ اسلامی کی رُو سے کوئی چیز **واجب لغیرہٖ** نہیں ہے)۔

المُمتَنِعُ: هوَ الذِي يَكوُنُ عَدَمُهُ فِي الخَارِجِ ضَرُورِيّاً. (دستور العلماء ٣/٢٣١)

ممتنع: وہ ہے جس کا خارج میں نہ ہونا ضروری ہو، (یعنی کسی چیز کا موجود نہ ہوسکنا، جیسے: شریکِ باری تعالیٰ، اجتماعِ ضدین اور ارتفاعِ ضدین وغیرہ)۔

من حیث: باب الحاء کے تحت ''حیثیت'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المناسَبۃُ: باب الالف کے تحت ''اتحاد'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المناقضۃُ: باب المیم کے تحت ''معارضہ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المَنسوخ: مِن النَسخِ وهُو لغةً: الإزَالَةُ، وشَرعًا: وُرُودُ دَلِيلِ شَرْعِيٍ مُتَرَاخِياً عَن دَليلِ شَرعِيٍ مُقْتَضِياً خِلَافَ حُكمِهٖ. (دستور ٣/ ٤١٢)

منسوخ: لغوی معنیٰ: منسوخ اور کالعدم کیا ہوا؛ اہلِ شرع کے نزدیک: ایک

حکمِ شرعی کے بعد دوسرے حکمِ شرعی کا وارد ہونا جو پہلے کے مخالف حکم کا متقاضی ہو۔

المَنطِقُ : تِسعَةُ أبْوابٍ عَلىٰ مَا هوَ المَشهوُرُ: الأوَّلُ: بَابُ الكلّيَّاتِ الخَمسِ، الثَّانيُ: بَابُ التَّعرِيفَاتِ، الثَّالثُ: بابُ التَّصدِيقَاتِ، الرَّابِعُ: بَابُ القِياسِ، الخَامسُ: البُرُهانُ، والسَّادِسُ: الخَطَابَةُ، السَّابِعُ: الجَدَلُ، الثَّامِنُ: المُغالطَةُ (أي السَّفُسَطَةُ)، التَّاسِعُ: الشِّعْرُ؛ وهٰذِهِ الخَمسُ الأخيرَةُ هيَ الصِّناعَاتُ الخَمسُ. (دستور٢/٣٥)

منطق: علمِ منطق کُل نو ابواب پر مشتمل ہے: کلیاتِ خمسہ، تعریفات، تصدیقات، قیاس، قیاسِ برہانی، قیاسِ خطابی، قیاسِ جدلی، مغالطہ اور قیاسِ شعری۔

المَنطوق: باب المیم کے تحت ''مفہوم'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

المنع: طَلبُ الدَّليلِ علىٰ مُقدِّمةٍ مُعيَّنةٍ. وَيُسمّى ذلكَ الطلبُ ''مُناقَضةً'' وَنقضاً تفصيلياً أَيضاً، كمَا يُسمّى مَنُعاً. (رشيديه ص:١٨)

منع: تفصیل باب المیم کے تحت ''معارضہ ومناقضہ'' کے ضمن میں گذر چکی ہے۔

النقض : وهوَ فيُ اللُّغةِ: الكَسرُ، (وفيُ اِصطلاحِ النُظّارِ): إِبطالُ دَليلِ المُعلِّلِ بَعدَ تَمامِهِ، مُتمسِّكاً بِشاهدٍ يَدلُّ عَلى عَدمِ اِستِحقاقِهِ للاِستِدلالِ بِهِ.

وهو (أي عَدمُ استحقاقِهِ): استلزامهٗ فسادًا مّا، أعمُّ من أنُ يكونَ تَخلُّفَ المدلوُلِ عنُ الدليلِ، بأنُ يوجدَ الدليلُ في موضَعٍ ولَم يوجدَ المدلوُلُ فيهِ، أوُ فساداً آخر. (رشيديه، بتغييرص:٢٠)

نقض: لغوی معنیٰ: توڑنا، اہلِ مناظرہ کے نزدیک: معلِّل (دلیل سے ثابت کرنے والے) کی دلیل کے مکمل ہوجانے کے بعد خصم کی دلیل کے نا قابلِ استدلال ہونے پر دلالت کرنے والے شاہد کے ذریعے خصم کی دلیل کو لغو قرار دینا۔

ملاحظہ: خصم کی دلیل کا نا قابلِ استدلال ہونا کسی فساد کے مستلزم ہونے کی وجہ سے ہوگا؛ چاہے وہاں پر تخلُّف المدلول عن الدلیل ہو اس طور پر کہ کسی جگہ مستدِل کی دلیل پائی جارہی ہے مگر مدلول نہیں پایا جارہا، یا کسی اَور فساد سے ہو(۱)۔

ملاحظہ: لفظِ ”مناقضہ“ اور ”نقض“ اہلِ مناظرہ کے نزدیک الفاظِ مترادفہ میں سے ہیں۔

المنقول: هوَ اللفظُ المَوضوعُ لمَعنىً، المَشهورُ اِستِعمَالُهٗ في المَعنَى الثَّاني "المَنقولِ إِليهِ"، لِمُناسبَةٍ بِحيثُ كثُر اِستعُمالُهٗ في الثانيُ، وَ هُجرَ في الأَوّلِ بِحيثُ لا يُستعمَل فيهِ إلا معَ القَرينةِ. وإِنمَا وَصفنَا المَعنى الثَّانِي بـ "المَنقوُلِ إِليُهِ" تَنبيُهاً علىٰ أَنَّ المُرادَ بالمَعنَى الثَّانِي: المَنقوُلِ إِليهِ سَواءٌ كانَ ثانياً أَوُ ثالثاً؛ لأَنّ كلَّ مَنقولٍ إليهِ ثانٍ منَ المَنقوُلِ. (دستور٣/ ٤٠٨)

منقول: وہ لفظِ موضوع ہے جس کا استعمال کسی مناسَبت سے معنیٔ لفظی کے عِلاوہ دوسرے معنیٰ میں مشہور ہوگیا ہو، اِس طور پر کہ معنیٔ ثانی کے لیے اُس کا استعمال بہ کثرت ہوتا ہو، اور معنیٔ اول کو ایسا چھوڑ دیا ہو کہ قرینہ کے وقت ہی معنیٔ اول مراد ہو؛ ورنہ عامۃً معنیٔ ثانی (معنیٔ منقول الیہ) مراد ہوتا ہو، (جیسے: لفظ ”صلاۃ“

---

(۱) نقض: نقض کی دو قسمیں ہے: نقضِ اجمالی اور نقضِ تفصیلی۔ [۱] نقضِ اجمالی پوری دلیل پر لا نسلم کہنا [۲] نقضِ تفصیلی دلیل کے مقدمۂ معینہ پر لا نسلم کہنا۔ (میزان العلوم:۴۹)

کو اہلِ لغت نے دعا کے لیے وضع کیا تھا، پھر اہلِ شرع اِس کو مخصوص رکن (نماز) کے لیے اِس قدر استعمال کرنے لگے، کہ اب ''صلاۃ'' سے نماز ہی سمجھ میں آتی ہے، حتیٰ کہ اگر کوئی آدمی صلاۃ کو دُعا کے معنیٰ میں استعمال کرے تو اس کے لیے ایسا قرینہ ذکر کرنا ضروری ہو گیا ہے، جس سے یہ معلوم ہو کہ یہاں صلاۃ سے دعا مراد ہے نہ کہ نماز)۔

فائدہ: معنئ اول سے معنئ موضوع لہٗ اور معنئ ثانی سے معنئ منقول الیہ مراد ہے۔ (گویا لفظِ اول وثانی برائے رُتبہ مستعمل ہے، نہ کہ برائے عدد)؛ اِس لیے کہ ہر منقول الیہ، منقول عنہ کا ثانی ہے۔

المُوجب: هوَ أثرُ الفاعلِ المُوجِبِ.

وَالفَرقُ بينَ المُوجَبِ -بالفتح-، وَبينَ المُقتَضىٰ أنَّهٗ مُتقدَّمٌ وَالمُوجَبُ مُتأخَّرٌ، كمَا يُفهمُ مِن التلويحِ، حَيثُ قالَ: والفَرقُ بَينهمَا هوَ أَنَّ المُقتضَى مُتقدمٌ بِمعنىٰ أَنْ يَكونَ الشَّيءُ حَسَناً ثُمَّ يَتعلقُ بِهِ الأمرُ، ضَرورةَ أنَّ الأمرَ لايَتعلَّقُ إلا بِما هوَ حَسَنٌ. وَالمُوجبُ مُتأخَّرٌ بمعنىٰ أَنَّ الأمرَ يُوجِبُ حسنةً مِن جِهةِ كَونہٖ إِتياناً بالمَأمورِ بہٖ، وَلايُتصوَّرُ ذلكَ إِلا بَعدَ وُرودِ الأمرِ بہٖ. (كشاف٣/ ٤٤٤)

مقتضا: وہ حسنیت ومصلحت ہے جو امرِ شرع کے پہلے مأمور بہ کی ذات میں پائی جائے، جس حسنیت کے تقاضے سے امر پایا گیا ہے؛ کیوں کہ اوامرِ شرعیہ امورِ حسنہ سے وابستہ ہوتے ہیں، (جیسے نماز، کہ اِس میں حُسنیت ذاتی ہے؛ کیوں کہ نماز میں بندہ اپنے قول وفعل سے از اول تا آخر پروردگار کی تعظیم کرتا ہے،

لہٰذا اس کا مُقتضا یہ ہے کہ وہ واجب ہو)۔

موجب : وہ حسنیت ومنفعت ہے جو امرِ شرع کے بعد سمجھ میں آئے؛ کیوں کہ مأمور بہ کو بجالانا امرِ مستحسن ہے، (جیسے: حدودِ شرعیہ کو قائم کرنا، جس میں درحقیقت بندوں کو تکلیف پہنچانا ہے؛ لیکن اِس کی منفعت امرِ شرعی کے بعد سمجھ میں آئی، - کہ اِس میں لوگوں کو معاصی پر ڈانٹنا ہے، اور ڈانٹ ڈپٹ اقامتِ حدود ہی سے حاصل ہوتی ہے - اور امرِ شرعی کا موجب وجوب ہے)۔

الملاحظة: موجب الأمر والمقتضىٰ والحكم: الأَثَرُ الثَّابتُ بالأَمرِ، وَهيَ أَلفاظٌ مُترادفةٌ عِندَ الفُقهاءِ. (حاشية نور الأنوار بحوالة مشكوٰة الأنوار)

موجب، مقتضی اور حکم کی تعریف فقہاء کے نزدیک "الأثر الثابت بالأمر" - یعنی امر سے پایا جانے والا شرعی فیصلہ - سے کریں، تو اُس وقت یہ تمام الفاظِ مترادفہ ہوں گے۔

المَوجُودُ فِي نَفسِ الأمرِ، الخَارِجِيُّ، الذِّهنِيُّ:

المَوجُودُ في نفسِ الأمرِ : اعلَمْ أَنَّ مَعنىٰ كَونِ الشَّيءِ مَوجُوداً فِي نفسِ الأمرِ أنّه مَوجُودٌ في نَفسِه (١)، فالأمرُ هوَ الشَّيءُ؛ ومَحصَلُهُ: أَنَّ وُجودَهُ ليسَ مُتعلِّقاً بفَرضِ فارضٍ واعتِبارِ مُعتبِرٍ، مَثلاً: المُلازَمَةُ بَينَ طُلوعِ الشَّمسِ ووُجودِ النَّهارِ مُتحقِّقَةٌ قَطعاً فِي ذاتِها، سَواءٌ وُجِدَ فارِضٌ أَوْ لَمْ يوُجَدْ، وسَواءٌ فَرَضَها أَوْ لَمْ يَفرِضْها. (دستورالعلماء٣/٢٥٥)

---

(١) مَعناهُ نَفسُ الشَّيءِ فِي حدِّ ذاتِهِ، فالمُرادُ بالأمرِ هوَ الشَّيءُ بنَفسِه، فإذَا قُلتَ -مَثَلا-: الشَّيءُ مَوجُودٌ فِي نَفسِ الأمرِ، كانَ مَعناهُ: أَنَّهُ مَوجودٌ في حدِّ ذاتِهِ؛ ومَعنىٰ كَونِه مَوجُوداً في حَدِّ ذاتِهِ: أَنَّ وُجودَهُ ليسَ باعتِبارِ المُعتَبِرِ وفَرَضِ الفارِضِ. (كشاف:٤/٢٢٤)

موجود: شئ موجود کی بہ اعتبار وجود کے تین نوعیتیں ہیں: موجود فی نفس الامر، موجود خارجی، موجودِ ذہنی۔

موجود فی نفسِ الامر: کسی چیز کا نفس الامر میں موجود ہونے کا مطلب یہ ہے کہ، اُس کا وجود فی نفسہٖ اور واقعی ہے جو کسی فارض کے فرض کرنے پر موقوف نہیں ہے، جیسے: طلوعِ شمس اور وجودِ نہار کے درمیان لزومیت، ایک واقعی چیز ہے؛ چاہے کوئی اُس کو ماننے والا ہو یا نہ ہو، یا کوئی اُسے تسلیم کرے یا نہ کرے، بہر حال یہ ایک نا قابلِ انکار حقیقت ہے۔

المَوْجُوْدُ الخَارِجِيُّ: مَایَکُوْنُ اتِّصَافُهُ بالوُجُوْدِ خَارِجَ الذِّهنِ. (کشاف ٤/٢٩٦)

موجود خارجی: وہ موجود ہے جو خارج از ذہن وجود سے متَّصِف ہو (یعنی صرف ذہنی وجود نہیں؛ بلکہ خارج میں بھی اُس کا وجود ہو، جیسے: زید عمر، آسمان زمین وغیرہ)۔

المَوْجُوْدُ الذِّهنِيُّ: هوَ مَایَکُوْنُ اِتصافُهُ بالوُجُوْدِ فِيْ الذِّهْنِ. (کشاف ٤/٢٩٦)

موجود ذہنی: وہ موجود ہے جو محض عقلی طور پر پایا جائے، یعنی صرف ذہن میں موجود ہو، (جیسے: چار کے عدد کا جفت یعنی قابلِ تقسیم ہونا)۔(١)

---

(١) موجوداتِ ثلاثہ میں نسبت: (١) موجودِ نفس الامری، موجودِ خارجی سے عام ہے، پس جو بھی چیز خارج میں موجود ہوگی وہ نفس الامری میں ضرور ہوگی؛ مگر اِس کا برعکس ہونا ہمیشہ ضروری نہیں؛ کیوں کہ طلوعِ شمس اور وجودِ نہار میں جو ملازمت ہے وہ نفس الامر میں موجود ہے؛ مگر خارج میں (وہ ملازمت کا زید وعمر کے وجود کی طرح) موجود نہیں ہے۔

(٢) موجودِ نفس الامری اور موجودِ ذہنی کے درمیان عموم وخصوص من وجہٍ کی نسبت ہے، چار=

الموضوع: (کلمۂ موضوع) باب الواو کے ضمن میں ''وضع'' کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

موضوع العلم: مَـا يُبحثُ فيهِ عَنْ أَعْراضِهِ الذَّاتيَّةِ. (دستور العلماء ٣/٤٣٢)

علم کا موضوع: وہ اصل شئ جس کے عوارضِ ذاتیہ سے اُس علم میں بحث کی جائے۔

موضوعِ سخن: وہ مضمون یا مرکزی نقطہ جس پر متکلم اپنے کلام یا مضمون نگار اپنے مضمون کی بنیاد رکھتا ہے، مدارِ گفتگو، (جیسے: سیرتِ رسول ﷺ کے مضمون پر گفتگو کرنے والا اپنے کلام کا مدار اُسی پر رکھتا ہے)۔ (القاموس الوحید: ٩٨)

المَوْعِظَةُ: تَـلْيِيـنُ القُلوبِ الفَاسدةِ وَتدميعُ العُيونِ الجامِدةِ وَإِصلاحُ الأَعمالِ الفَاسدةِ. (دستو٣/٤٤٧)

موعظت: سخت دلوں کو نرم کرنا، اور خشک آنکھوں کو اَشک بار کرنا، اور بُرے اعمال کی اصلاح کرنا(١)۔

= کا جفت ہونا مادۂ اجتماعی ہے، جب کہ اِس کا تصور کیا جائے تو وہ ذہن میں بھی موجود ہوگا اور نفس الامر میں بھی۔ اور وہ حقائق جن کا تصور ہی نہیں کیا جا سکتا، جیسے ذاتِ باری، وہ پہلا مادۂ افتراقی ہے، وہ موجود فی الذہن نہیں ہیں؛ البتہ موجود فی نفس الامر ہیں؛ اور جھوٹے قضایا دوسرا مادۂ افتراقی ہے، مثلاً پانچ کا جفت ہونا، اگر اِس کا تصور کیا جائے تو وہ صرف ذہن میں موجود ہوگا، نفس الامر میں موجود نہیں ہوگا کیوں کہ وہ کاذب ہے۔ (معین الفلسفہ ص: ٤٠، ٤١۔ تفصیل کے لیے ملاحظہ فرمائیں: دستور العلماء ٣/ ٤٢٩)

(١) **مَولَوِی**: مَوْلیٰ کی طرف منسوب ہے، زاہد، (المنجد: ١١٠٧)۔ اِس کا اصل مادہ ''و، ل، ی'' ہے، اِس کی جمع مَوَالِيُ ہے۔

مؤرخِ شہیر حضرت مولانا قاضی اطہر مبارکپوری اپنے مضمون ''مآثر ومعارف'' ص: ١٦٨/ پر یوں تحریر فرماتے ہیں: مولوی ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ خالص عجمی اور تُرکی ذہن کی پیداوار ہے، آٹھویں =

=صدی ہجری کے بعد سے مولوی کا لقب خاص طور سے علُما اور مدرِّسین کے لیے استعمال ہونے لگا، اور اِس کا رواج زیادہ تر علمائے رُوم میں ہوا، حتی کہ بعض علماء ''مولوی زادہ'' کے لقب سے مشہور ہوئے۔ (کشکول:٣٠٩)

بہ قول حضرت تھانویؒ: مولوی اُس کو کہتے ہیں جو مولیٰ والا ہو، یعنی علمِ دین بھی رکھتا ہو اور متقی بھی ہو، خوفِ خدا، اخلاقِ حمیدہ وغیرہ بھی رکھتا ہو؛ صرف عربی جاننے سے آدمی مولوی نہیں ہو جاتا؛ کیوں کہ مَولوی میں نسبت ہے ''مولیٰ'' کی طرف، یعنی مولیٰ والا، سو جب تک وہ اللہ والا ہے اُسی وقت تک ''مَولوی'' بھی ہے، لائقِ اتباع بھی ہے، اور جب اُس نے یہ رنگ بدلا اُسی وقت سے وہ مولوی نہ رہا۔

عالم: عالم کہتے ہے متقی مُتَّبِعِ سنت کو۔ (تحفۃ العلماء ٢/٢٠٣ بتقدیم)

حضرت: یہ عربی لفظ ہے، اور فارسی و اردو میں بھی مُستعمَل ہے۔ الحضرة، الحضور: يقال كلَّمتُهُ بحضرةِ فلانٍ. یعنی حضرت کے معنیٰ موجودگی کے ہے۔ اور مجازاً لفظِ حضرت کے ذریعے اونچے عزت دار شخص کو تعبیر کیا جاتا ہے، اور اب یہ لفظ بالعموم مسمیٰ کی تعظیم کے لیے ''جناب'' کے ہم معنیٰ ہو کر استعمال ہوتا ہے، جیسے کہا جاتا ہے حضرة رئيس الحفلة یعنی جناب صدرِ جلسہ۔ عربی میں یہ لفظ ہمیشہ مضاف ہو کر آتا ہے، اِسی وجہ سے اگر منادیٰ کی جگہ واقع ہو تو منصوب ہوتا ہے، یہ عربی میں ''تائے مدورہ'' کے ساتھ اور فارسی و اردو میں ''تائے مستطیلہ'' سے لکھا جاتا ہے، بعض لوگ لفظِ حضرت اور جناب دونوں کو ایک ساتھ لکھتے ہیں جو غلط ہے۔ (ملخَّص کشکول: ٤١٧)

علماء الآخرة وصفاتهم

(١) منها: أنْ لا يُطالبَ الدنيا بعلمِه۔

(٢) منها: أن لايخالفَ فعلُه قولَه؛ بل لايأمرَ بالشيءِ ما لمْ يكنْ هو أوَّل عاملٍ بهِ.

(٣) منها: أن يكونَ عِنايتُه بتحصيلِ العلمِ النافعِ فيْ الآخرةِ، المُرغِّب فيْ الطاعاتِ، مُجتنباً للعلومِ التيْ يقلُّ نفعُها ويكثرُ فيها الجدالُ، والقيلُ والقالُ۔

(٤) منها: أنْ يكونَ غيرَ مائلٍ إلىٰ الترفُّهِ في المَطعمِ والتجمُّلِ في الاثاثِ والمَسكن؛ بلْ يؤثّر الاقتصادَ فيْ جميعِ ذلكَ، وَيتشبَّه فيهِ بالسلفِ -رحمهم الله-، ويَميل إلى الاكتفاءِ بالأقلِّ فيْ جميعِ ذلكَ.

(٥) منها: أن يكونَ مُستقصياً عن السَّلاطينِ، فلايدخلَ عليهمْ البتةَ مادامَ يَجدُ=

……

= إلىٰ الفرارِ عنهمْ سَبيلاً؛ بلْ ينبغيْ أن يَحترزَ عنْ مُخالطتِهمْ وإنْ جاؤُوا إليه.

(٦)منها: أنْ لايكونَ مُسارعاً الىٰ الفُتيا، بلْ يكونَ متوقِّفاً ومُحترزاً ما وَجد الخلاصَ سَبيلاً.

(٧)منها: أنْ يكونَ أكثرُ اِهتمامِه بعلمِ الباطنِ ومُراقبةِ القلبِ، مَعرفةِ طريقِ الآخرةِ وسُلوكِه وصدقِ الرَّجاءِ فيْ انكشافِ ذلكَ من المُجاهدةِ والمراقبةِ.

(٨)منها: أنْ يكونَ شديدَ العِنايةِ بتقويةِ اليَقينِ، فإنّ اليقينَ هوَ رأسُ مالِ الدينِ۔

(٩)منها: أنْ يكونَ حَزيناً مُنكسراً مُطرقاً صامتاً يَظهرُ أثرُ الخَشيةِ عَلىٰ هَيئتِه وكِسوتِه وحرَكتِه وسُكونِه، ونُطقِه وسكوتِه. لا يَظهرُ إليه ناظرٌ إلّا وكانَ نظرُه مُذكِّراً لِلّٰه تَعالىٰ، وكانتْ صورتُه دليلاً عَلىٰ عمَله، فالجوادُ عينُه مرآتهٗ، وعلماءُ الآخرة يُعرفونَ بسِيماهمْ فيْ السكينةِ والذلةِ والتَّواضع.

(١٠)منها: أنْ يكونَ أكثرُ بحثِه منْ علمِ الأعمالِ، وعمَّا يُفسدها ويُشوّش القلوبَ ويَهيج الوَسواسَ ويُثير الشرَّ، فإنَّ أصلَ الدينِ التوقِّي من الشرِّ.

(١١)منها: أنْ يكونَ اِعتمادُه فيْ علومِه عَلىٰ بصيرتِه وإِدراكِه بِصفاء قلبِه، لا عَلىٰ الصحفِ والكتُب، لا علىٰ تَقليدِ ما يَسمعه منْ غَيرِه.

(١٢)منها: أنْ يكونَ شَديدَ التوقي منْ مُحدثاتِ الأمورِ، وَإن اتفقَ عَليها الجُمهور فلا يَغرمهٗ إطباقُ الخلقِ عَلىٰ مَا أُحدث بعدَ الصحابةِ ﷺ، وليكنْ حريصاً علىٰ التفتيشِ عنْ أَحوالِ الصحابةِ وسيرتِهم وأعمالِهم. (ملخص احياء العلوم١/٧٨؛)

علمائے آخرت کی علامات

(۱)اپنے علم سے دنیا نہ کماتا ہو۔

(۲)اُس کے قول وفعل میں تعارض نہ ہو، کہ دوسروں کو خیر کا حکم کریں اور اُس پر عمل نہ کریں، حق تعالیٰ کا ارشاد ہے: ﴿أَتَأْمُرُوْنَ النَّاسَ بِالبِرِّ وَتَنْسَوْنَ اَنْفُسَكُمْ﴾ [بقره، ع:۵]۔

(۳)ایسے علوم میں مشغول ہو جو آخرت میں کام آنے والے ہوں، نیک کاموں میں رغبت کرنے والے ہوں، ایسے علوم سے احتراز کریں جن کا آخرت میں کوئی نفع نہیں ہے یا نفع کم ہے۔ =

مؤثر: مَا لَهٗ تأثيرٌ فِيْ الشَّيْءِ، إِمَّا تامٌّ، فهوَ العِلةُ التَّامةُ؛ أَوْ غَيرُ تامٍّ، فهوَ العِلةُ النَّاقصَةُ. وَالمُرادُ بالتأثيرِ التَّامِّ عَدمُ الاِحتِياجِ فِيْ إِيجادِ المَعلولِ إلىٰ شَيءٍ آخرَ. (دستور ٣/٤٤٨)

= (۴) کھانے پینے کی اور لباس (وغیرہ) کی عمدگیوں اور بہترائیوں کی طرف متوجّہ نہ ہو؛ بلکہ اِن چیزوں میں مَیانہ رَوی اختیار کریں، اور بزرگوں کے طرز کو اختیار کرے۔

(۵) سلاطین اور حُکّام (اور اُمراء) سے دُور رہیں، (بلا ضرورت) اُن کے پاس ہرگز نہ جائیں؛ بلکہ وہ خود کبھی آئیں تو ملاقات کم رکھیں۔

(۶) فتویٰ صادر کرنے میں جلدی نہ کریں، مسئلہ بتانے میں بہت احتیاط کریں، حتی الوسع اگر کوئی دوسرا اہل ہو تو اُس کا حوالہ کر دے۔

(۷) باطنی علم یعنی سلوک کا اہتمام بہت زیادہ ہو، اپنی اصلاحِ باطن اور اصلاحِ قلب میں بہت زیادہ کوشش کرنے والا ہو، کہ یہ علومِ ظاہرہ میں بھی ترقی کا ذریعہ ہے۔

(۸) اُس کا یقین اور ایمان اللہ تعالیٰ شانہٗ کے ساتھ بڑھا ہوا ہو، اور اُس کا بہت زیادہ اہتمام اُس کو ہو۔

(۹) اُس کی ہر حرکت وسکون سے اللہ کا خوف ٹپکتا ہو، اُس کی عظمت وجلال اور ہیبت کا اثر اُس شخص کی ہر اَدا سے ظاہر ہوتا ہو: اُس کے لباس سے، اُس کی عادات سے، اُس کے بولنے سے، اُس کے چپ رہنے سے؛ حتیٰ کہ ہر حرکت وسکون سے یہ بات ظاہر ہوتی ہو، اُس کی صورت دیکھنے سے اللہ تعالیٰ شانہ کی یاد تازہ ہوتی ہو۔

(۱۰) اُس کا زیادہ اہتمام اُن مسائل سے ہو جو اعمال سے تعلق رکھتے ہیں، جائز ناجائز سے تعلُّق رکھتے ہیں۔

(۱۱) اپنے علوم میں بصیرت کے ساتھ نظر کرنے والا، محض لوگوں کی ''تقلید'' میں اور اتباع میں اُن کا قائل نہ بن جائے، اصل اتباع حضورِ اقدس ﷺ کے پاک ارشاد کا ہے۔

(۱۲) ''بدعات'' سے بہت شدت اور اہتمام سے بچتا ہو، کسی کام پر آدمیوں کی کثرت کا جمع ہو جانا کوئی معتبر چیز نہیں ہے؛ بلکہ اصل اتباع، حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے۔ (ملخص فضائلِ اعمال ۲/۳۶۶)

مؤثر: وہ چیز جس کا کسی دوسری چیز میں اثر ہو، اگر یہ تاثیر مکمل طور پر ہو تو وہ علتِ تامہ ہے؛ ورنہ علتِ ناقصہ ہے۔

تاثیرِ تام سے مراد: وہ تاثیر ہے جس میں معلول کو وجود میں لانے کے لیے کسی دوسرے مؤثر کی ضرورت نہ ہو، (علتِ تامہ و ناقصہ کی تعریف ومثال باب العین کے تحت ''علت'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائے)۔

باب النون

النادر: باب الشين کے تحت ''شاذ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

نادر الرواية: باب الظاء کے تحت ''ظاہر الروایت'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الناطق: مُدركُ المَعقولاتِ، فَصلٌ قَريبٌ للانُسانِ منُ النُّطقِ بِمعنىٰ إِدراكِ المَعقولاتِ، لا مِن النُّطقِ الظَّاهرِي. (دستور۳/۴۵۶)

ناطق: معقولات (کلیات) کا اِدراک کرنے والا، یہ انسان کا فصلِ قریب ہے، یہاں نطق سے نطقِ باطنی مراد ہے نہ کہ نطقِ ظاہری (بولنا)۔

النتيجة: مَا يَحصُلُ بَعدَ إِتيانِ الدَّليلِ وَالحُجةِ وَيلزَمُ منهُ، وَهيَ قَبلَ الدَّليلِ ''مُدعىٰ'' وَبعدَهُ ''نَتيُجةٌ''، فَهمَا مُتَّحدان بالذَّاتِ وَمُتغايرانِ بالاِعتِبارِ،(نحو: العالَمُ حَادِثٌ؛ لأَنَّ العالَمَ مُتغَيَّرٌ، وَكُلُّ مُتغيِّرٍ حَادِثٌ، فَالعَالَمُ حَادِثٌ). (دستور۳/۴۵۸)

نتیجہ: دلیل اور حجت کو مکمل کرنے کے بعد حاصل ہونے والا اور دلیل و حجت سے لازم آنے والا قول۔

ملاحظہ: اُسی نتیجے کو دلیل قائم کرنے سے قبل ''مُدّعیٰ'' کہا جاتا ہے، اور دلیل قائم کرنے کے بعد ''نتیجہ'' کہا جاتا ہے، خلاصۂ کلام: مدعیٰ اور نتیجہ ذات کے اعتبار سے ایک ہیں، حیثیت کے اعتبار سے مختلف ہیں، (جیسے: عالَم حادث ہے، یہ ایک مدّعیٰ ہے، اِس کو ثابت کرنے کے لیے دلیل دی کہ: عالم تغیر پذیر ہے، ہر تغیر

پذیر چیز حادث ہے، اس کا نتیجہ یہ نکلے گا: عالَم حادث ہے)۔

النِّزَاعُ اللَّفْظِيُّ : هو المُخاصَمَةُ فيْ إطْلاقِ اللَّفْظِ والاصْطِلاحِ، لافيْ المَعنىٰ.

النِّزَاعُ المَعنَوِيُّ: هوَ مَا كانَ فيْ مَعنَاهُ. (التعريفات الفقهية: ۲۲۷)

نزاعِ لفظی: وہ اختلاف اور جھگڑا جو عرف ولغت اور اصطلاح سے متعلّق ہو، معنیٰ سے متعلق نہ ہو، (جیسے: مبتدا اور خبر کے درمیان- جب کہ دونوں معرفہ ہوں- ایک ضمیر لاتے ہیں، جیسے زید هو القائم، اِس ضمیر کو بصریین "ضمیر فصل" کہتے ہیں، اور کوفیین "عماد" سے تعبیر کرتے ہیں، یہ نزاع "نزاعِ لفظی" کے قبیل سے ہے)۔

نزاعِ معنوی: وہ اختلاف ہے جو لفظ کے معنیٰ ومطلب سے متعلق ہو۔ (الحاصل نزاعِ معنوی پر کوئی ثمرہ مرتب ہوتا ہے جب کہ نزاعِ لفظی پر کوئی ثمرہ مرتب نہ ہوگا)

النِّسبَةُ: تُطلَقُ عَلىٰ مَعانٍ: مِنهَا:

النسبةُ : قِيَاسُ شَيءٍ إلىٰ شَيْءٍ؛ وبِهٰذا المَعنَى يُقالُ: كلُّ مَفْهُومٍ إذَا نُسِبَ إلىٰ مَفهُومٍ آخَرَ، سَواءٌ كانَا كُلِّيَّيْنِ أوْ جُزْئِيَّيْنِ؛ أوْ أحُدهُمَا كلِّياً والآخَرُ جُزْئِيًّا، فالنِّسبَةُ بينَهمَا مُنحصِرَةٌ فيْ أربَعٍ:

المُسَاواةُ، والعُمومُ مُطلَقاً، ومِنْ وَجهٍ، والمُبَايَنَةُ الكليَّةُ؛ وذانكَ لأنهُمَا إنْ لَمْ يَتصَادَقَا عَلىٰ شَيءٍ أصلاً فهُمَا " **مُتبَايِنان**" تبَايُناً كلياً؛ وإنْ تَصادَقَا، فإنْ تَلازَمَا فيْ الصِّدْقِ فهُمَا "**مُتسَاوِيانِ**"؛ وإلَّافإنِ اسْتلزَمَ صِدقُ

أَحدِهمَا صِدقَ الآخرِ فبَينَهمَا “**عُمومٌ وخُصوصٌ مُطلقاً**”، والمَلزوُمُ أخَصُّ مُطلَقاً واللازِمُ أعمُّ مُطلقاً؛ وإنْ لمْ يَستلزِمْ فبَينَهمَا “**عُمومٌ وخُصوصٌ منْ وَجهٍ**”، وكلٌّ منهُمَا أعَمُّ منَ الآخَرِ مِنْ وَجهٍ، وهوَ كونُهٗ شَامِلا للآخَرِ ولغَيرِہٖ، وأخَصُّ منهُ منْ وَجهٍ، وهوَ كوُنُهٗ مَشمُولًا للآخَرِ. (كشاف اصطلاحات الفنون١٦٩:٤/٣١:٤)

نسبت: ایک چیز کا دوسری چیز سے تعلُّق اور رَبط ہونا۔ اس اعتبار سے دو کلیوں دو جزئیوں، یا ایک کلی اور ایک جزئی کے درمیان مذکورہ چار نسبتوں میں سے کسی ایک نسبت کا ہونا ضروری ہے۔

تساوی: ایسی دو کلیوں کے تعلُّق کو کہا جاتا ہے جن میں سے ہر ایک کلی دوسری کلی کے تمام اَفراد پر صادق آئے، (جیسے: مؤمن اور جنّتی، کیوں کہ ہر مؤمن جنّتی ہے اور ہر جنّتی مؤمن ہے)؛ ایسی دو کلیوں کو ‘‘متساویین’’ کہتے ہیں۔

تباین: ایسی دو کلیوں کے تعلُّق کو کہا جاتا ہے جن میں سے کوئی بھی کلی دوسری کلی کے کسی بھی فرد پر صادق نہ ہوسکے، (جیسے: چاول اور مچھلی، کیوں کہ کوئی چاول مچھلی نہیں اور کوئی مچھلی چاول نہیں)؛ ایسی دو کلیوں کو ‘‘متباینین’’ کہتے ہیں۔

عموم خصوص مطلق: ایسی دو کلیوں کے تعلُّق کو کہا جاتا ہے جن میں سے ایک کلی دوسری کلی کے تمام افراد پر لازمی طور پر صادق آئے، اور دوسری کلی پہلی کلی کے تمام افراد پر صادق نہ آئے؛ بلکہ بعض افراد پر صادق آئے، ملزوم کو ‘‘خاص مطلق’’ اور لازم کو ‘‘عام مطلق’’ کہتے ہیں، (جیسے: لڈو اور مٹھائی: کیوں کہ ہر لڈو کے لیے مٹھائی ہونا لازم ہے؛ لیکن ہر مٹھائی مثلاً: امرتی، گلاب

جامن وغیرہ لڈو نہیں ہے؛ تو مٹھائی (لازم) عام اور لڈو (ملزوم) خاص ہے۔

عموم خصوص من وجہٍ: ایسی دو کلیوں کے تعلُّق کو کہا جاتا ہے جن میں ہر ایک کلی دوسری کلی کے بعض افراد پر صادق آئے، بعض پر نہیں، یعنی ہر کلی دوسری کلی سے مِن وجہٍ عام ہو، کہ وہ دوسری کلی کو بھی شامل ہو اور اُس کے عِلاوہ کو بھی شامل ہو، اِسی طرح ہر کلی دوسری کلی سے مِن وجہٍ خاص ہو، اِس طور پر کہ ہر ایک دوسری کے افراد کے تحت پائی جائے، ایسی دو کلیوں کو ''عام خاص مِن وجہٍ'' کہتے ہیں، جیسے: ذہین اور عالم، کیوں کہ بعض ذہین عالم ہے، بعض نہیں؛ اِسی طرح بعض عالم ذہین ہیں بعض نہیں۔

النسبةُ الكلاميَّةُ: نسبتِ کلامیہ، ذہنیہ، خارجیہ کی تفصیل باب الصاد کے تحت ''صدق'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

النسيان: تفصیل باب السین کے تحت ''سہو'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

النصيحة: هيَ الدُّعاءُ وَالطَّلبُ إلىٰ مَا فِيهِ الصَّلاحُ، وَالنَّهيُ عمَّا فيهِ الفَسادُ. (دستور ۳/۴۶۷)

نصیحت: اچھی چیز کی طرف دعوت دینا، اور بُری چیز سے روکنا۔

النظر والفكر: تَرتِيبُ أمُورٍ مَعْلُومَةٍ للتَّأدِّي إلىٰ مَجهُولٍ نَظَرِيٍّ تَصوُّرِيٍّ أوْ تَصدِيقِيٍّ. (دستور ۳/۳۱) (۱)

---

(۱)قال الشيخ أبو الحسن الأشعري: إن حُصول العِلمِ عَقيبَ النَّظُر الصَّحيح بالعَادة، أيْ عادَة اللّٰهِ قَد جَرَت بخَلقِ العِلْم بَعْد النَّظُر كمَا أنَّها قَد جَرَت بخَلْقِ الحَرق عَقِيب المُمَاسَّة بالنارِ ولَيسَ بوَاجب عَليه تَعالىٰ، فَلهُ أنْ يخْلُق وأن لايَخلقَ، فيَكونُ عادِياً. (دستور العلماء:۳،۲۸۱)

نظر وفکر: انجانے تصوُّر وتصدیق کو حاصل کرنے کے لیے جانے ہوئے امور کو ترتیب دینا۔

الملاحظة: اعلَمْ! أنَّ النَّظَرَ والفِكْرَ كالمُترادِفينِ؛ لأنَّ بينَهُمَا تَغايُراً اعتِبارِيًّا، بأنَّ مُلاحَظَةَ مَا فيهِ الحَرَكةُ مُعتبَرةٌ في النَّظرِ وغيرُ مُعتَبَرَةٍ في الفِكرِ. (دستور٣/٣١)

نظر وفکر یہ دونوں الفاظِ مترادفہ میں سے ہیں البتہ اعتباری فرق یہ ہے، کہ نظر میں حرکتِ ذہنیہ ملحوظ ہوتی ہے اور فکر میں ملحوظ نہیں ہوتی۔

النظريُّ: هُوَ مَا يتوقّف حُصوله عَلىٰ نَظَر وكَسُب، أيْ يَكوْنُ مترَتَّبا عَلىٰ النَّظَر، كتَصَوُّر النَّفُسِ والعَقُلِ؛ وكالتَّصُديق: بأنَّ العَالَمَ حادِثٌ. وَيُقابِلهُ البَدِيهيُّ. (كشاف: ٣، ١٠٨/ دستور العلماء/ كتاب التعريفات)

البديهي: هوَ الذِيْ لَمْ يتوقَّف حُصولُه عَلىٰ نظُر وكَسُبٍ، ويُسَمّٰى بـ"الضَّرُوْرِيِّ" أيُضاً، كتَصَوُّر الحَرارَة والبُرودَة، وكالتَّصُدِيق بأنَّ النَّفُيَ والإثبَاتَ لايَجتَمِعان ولايَرتَفِعان. (كشاف: ٣، ١٠٨/كتاب التعريفات)

نظری: وہ علمِ حادث ہے جس کا حصول نظر وکسب (تصور میں تعریف کرنے پر اور تصدیق میں دلیل دینے) پر موقوف ہو۔ تصورِ نظری کی مثال: نفس اور عقل کا تصور، تصدیقِ نظری کی مثال عالَم فانی ہے۔

ملحوظہ: مذکورہ معنیٰ کے لحاظ سے اِس کا مقابل بدیہی ہے۔

بدیہی: وہ علمِ حادث ہے جس کا حصول نظر وکسب پر موقوف نہ ہو، اُسے علمِ ضروری بھی کہا جاتا ہے، تصورِ بدیہی کی مثال: گرمی اور ٹھنڈی کا تصور کرنا؛ تصدیقِ

بدیہی کی مثال: انکار واقرار (آپس میں ایسی ضد ہیں جو) نہ بہ یک وقت جمع ہوں گی اور نہ ہی ایک ساتھ مرتفع ہوں گی (۱)۔

ملاحظہ: بدیہی کا دوسرا نام ضروری ہے، پھر ضروری و اکتسابی دونوں کا اطلاق دو الگ الگ معانی پر ہوتا ہے:

ضروری: مقابلِ اکتسابی، مقابلِ استدلالی۔

اکتسابی: مقابلِ ضروری، مقابلِ استدلالی۔

الضَّرورِيُّ: (مقابِل للاكتِسَابي) مَالايَكوُنُ تَحصِيلُه مَقدُوراً للمَخلوُق، أيُ يَكوُنُ حاصِلاً مِن غَيرِ اختِيَار للمَخلوُق، كالعلمِ بوجوده. (كشاف: ۳، ۱۰۸)

الضروري: (مقابِل للاستِدْلالي) مايَحصُل بدونِ نَظرٍ وفِكر فيُ دَليل. فمِنُ هٰهنا جَعَل بعضُهمُ العِلُمَ الحاصِل بالحَواسِّ اكتِسَابيًّا أي حاصِلاً بمُباشَرَة الأسُبَاب بالاخُتِيار، وبعضُهمُ ضَرورِيًّا أي حاصِلاً بدُونِ الاستِدلال.

---

(۱) نظریہ: مخصوص اور اصولی رائے جس کے ذریعے علمی اور فنی مسائل کا تجزیہ کیا جائے، نظریہ فطری بھی ہوتا ہے اور کسبی بھی، کہ انسان مطالعہ اور معلوماتِ حاصلہ کے بعد اپنی ایک اصولی رائے قائم کر لیتا ہے، اور پھر اُسی کو مسائل کی جانچ کا معیار بنالیتا ہے، جمع: نظریات ہے۔ (القاموس الوحید)

ملحوظہ: اہل سنت والجماعت اور فرقِ باطلہ میں فرق یہاں سے سمجھا جاسکتا ہے کہ: فرقۂ اہل سنت والجماعت نصوص اور دلائلِ نقلیہ کے جائزہ اور مکمل مطالعہ کرنے کے بعد اپنا ایک نظریہ قائم کرتے ہیں پھر اس کے مطابق عمل کرتے ہیں، جب کہ فرقِ ضالہ عموماً پہلے اپنا ایک نظریہ قائم کر لیتے ہیں پھر اس کے مطابق نصوص کو اس پر منطبق کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

ضروری: (مقابلِ اکتسابی) وہ علمِ حادث ہے جو مخلوق کو بلا اختیار حاصل ہو، جیسے: اپنے وجود کا علم۔

ضروری: (مقابلِ استدلالی) وہ علمِ حادث ہے جو دلیل میں غور وفکر کیے بغیر حاصل ہو۔ بنابریں بعضے حضرات نے حواس (ظاہرہ) سے حاصل ہونے والے علم کو ''علمِ اکتسابی'' کہا ہے، یعنی وہ علم جو بالاختیار اسباب کو کام میں لگانے سے حاصل ہو۔ اور بعضے حضرات نے حواس سے حاصل ہونے والے علم کو ''علمِ ضروری'' کہا ہے، یعنی بغیر استدلال کے حاصل ہونے والا علم۔ پس اکتسابی کا اطلاق بھی دو جگہوں پر ہوتا ہے: مقابلِ ضروری، مقابلِ استدلالی۔

الاكتِسَابي لهٗ أيضاً إطلاقانِ:

الاكتِسَابي: (مقابلٌ للضروريِّ المقابلِ للاكتسابي): ما يَكونُ بمُباشَرَة الأسْبَابِ بالاختِيارِ، كَالإصغَاءِ وَتَقليبِ الحَدَقَةِ وَنَحوِ ذٰلِكَ فِي الحِسِّيَّاتِ، وهوَ الاكتِسَابُ المُقابِلُ للضَّرُورِيِّ بالمَعنىٰ الأوَّل.

الاكتِسَابي: (مقابلٌ للضروريِّ المُقابلِ للاستدلالي) مايَكوُن تَحصِيلُه بالفِكرِ والنَّظُرِ في المُقدَّمَات. (كشاف: ۳، ۱۰۸؛ دستور العلماء)

اکتسابی: (اُس ضروری کا مقابل جو اکتسابی کے بالمقابل ہے) وہ بدیہی علم ہے جو کسب یعنی بالاختیار اسباب کو کام میں لگانے سے حاصل ہو، جیسے: حسیات کی مثال: کان سے سن کر یا آنکھوں سے دیکھ کر حاصل ہونے والا علم۔

اکتسابی: (اُس ضروری کا مقابل جو استدلالی کا مقابل ہے)، وہ نظری علم جو مقدمات (دلیل) میں غور وفکر کرنے سے حاصل ہو۔

الاستدلالي: هوَ الذِيُ لايَحصُلُ بدُونِ نَظَرٍ وفِكرٍ. (كتاب التعريفات)

علمِ استدلالی: وہ علم ہے جو بغیر غور وفکر کے حاصل نہ ہو۔

مذکورہ قسموں کو بہ سہولت سمجھنے کے لیے حسب ذیل نقشہ ملاحظہ فرمائیں:

علمِ حادث

علم ضروری | علم اکتسابی

مقابل اکتسابی	مقابل استدلالی	مقابل ضروری	مقابل استدلالی
بلااختیار حاصل ہونے والاعلم	بلادلیل بلااختیار حاصل ہونے والاعلم	بالاختیار حاصل ہونے والاعلم	بالدلیل حاصل ہونے والاعلم
جیسے: اپنے وجود کاعلم	جیسے: چار کے لیے زوجیت	جیسے: کان لگا کر یا دیکھ کر علم حاصل کرنا	جیسے: حدوث عالم کاعلم

بالضَّرورَة : وهـيَ حُـصولُ العِلمِ بلانَظرٍ وكَسُبٍ، وكلُّ مَا عُلمَ بالضَّرُورةِ فهوَ لايَحتاجُ إلىٰ دليلٍ. (النبراس: ۳۳)

بالضرورۃ: علم کا بغیر غور وفکر کے حاصل ہونا، اور ہر بدیہی طور پر حاصل ہونے والاعلم دلیل کامحتاج نہیں ہوتا۔

بالبَداهَة :اِعلَـمُ! أنَّ لهُـمُ فـيُ البَـدِيهِـيِّ والـضَّرُورِيِّ اصُطِلاحاتٍ مُختلِفةً تختلِطُ علىٰ النَّاظِرِ:

بالبداہۃ: معلوم ہونا چاہیے کہ، بدیہی اور ضروری میں اہلِ علم کی چند مختلف اصطلاحات ہیں، جو دیکھنے والے کو اشتباہ میں ڈال دیتی ہیں:

فـأحَدُها: (وهوَ المشهورُ) العِلمُ إنُ حصَل بالدَّليلِ فـ"نَظَرِيٌّ"، ويُسَمّـى الـكَسُبِيُّ والاسُتِـدُلالـيُّ. وإنُ حَصَل بلادَليلٍ فـ"ضَرُورِيٌّ" مُنقَسِمٌ إلىٰ سَبعةٍ فمنهٗ:

۱)أوّليٌّ: يُسمیٰ البَدِيهِيُّ، كالعِلمِ بأنَّ الكُلَّ أعْظَمُ مِنَ الجُزْءِ،
۲)فِطْرِيٌّ: كالعِلمِ بأنَّ الأرْبَعَة مُنْقَسِمَةٌ بمُتَساوِيينِ،
۳)حِسِّيٌّ: كالعِلمِ بالمُبْصَراتِ،
٤) وِجُدانيٌّ: كالعِلمِ بالجُوْعِ والعَطَشِ،
٥) حَدُسِيٌّ: كالعلمِ بأن القمرَ مستضيئٌ بالشمسِ،
٦)تجربيٌّ: كالعلمِ بأنَّ السَنَاءَ مُسهِلٌ،
۷)تواتُرِيٌّ: كالعِلمِ بوُجودِ بَغُداد.

(۱)علمِ حادث دلیل سے حاصل ہوتو وہ نظری، کسبی اور استدلالی کہلاتا ہے، جیسے حدوثِ عالم کا علم، اور اگر بلا دلیل حاصل ہو تو وہ ''علمِ ضروری'' کہلاتا ہے جس کی سات قسمیں ہیں:

اَوّلی: جس کو بدیہی کہا جاتا ہے، جیسے اس بات کا علم کہ: کل اپنے جز سے بڑا ہوتا ہے۔

فطری، جیسے اس بات کا علم کہ: چار کا عدد دو حصوں میں برابر تقسیم ہوتا ہے۔

حِسی، جیسے مثلاً دیکھی جانے والی چیزوں کا علم۔ وِجدانی، جیسے: بھوک اور پیاس کا علم ہونا۔

حَدسی، جیسے اس بات کا علم کہ: چاند سورج سے روشنی حاصل کرتا ہے۔

تجربی، جیسے اس بات کا علم کہ: سَنا دست آور دوا ہے۔

تواتری، جیسے: شہر بغداد کے وجود کا علم۔ (اِن کی تفصیل ''مقدماتِ یقینیہ'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں)۔

وثـانيها: أنَّ العِلمَ إنْ كانَ للقُدْرَةِ مَدخَل في حُصولِه فـ"اكتِسَابيٌّ" مُـنـقَسِـم إلـىٰ نَظَرِي وحِسِّيٍّ وحَدْسِيٌّ وتَجْرِبِيٌّ وتواتُرِيٌّ، وإنْ لَمْ يَكُنْ للقُدْرَة مَدخَل فيُ حُصولِه فـ"ضَرُورِيٌّ" مُنقَسِم إلىٰ أوَّلِيٍّ وفِطْرِي ووِجْدانِي.

(۲) علم حادث کے حصول میں اگر قدرت کا دخل ہو تو وہ ’’علمِ اکتسابی‘‘ ہے، جس کی پانچ قسمیں ہیں: نظری، حسی، حدسی، تجربی اور تواتری؛ اور اگر علمِ حادث کے حصول میں قدرت کا دخل نہ ہو تو وہ ’’علم ضروری‘‘ ہے، جس کی تین قسمیں ہیں: اَولی، فطری اور وجدانی۔

وثالثها: العِلمُ إنْ كانَ بلااختِيَار فـ"ضَرُورِيٌّ"، وإلا فـ"كَسْبِيٌّ" مُنقَسِم إلىٰ ضَرورِيّ حاصِل بلااستِدْلال، واستِدْلالي حاصِل معَه. (نبراس:۶۷)

(۳) علمِ حادث کا علم بلا اختیار ہو تو وہ ’’علم ضروری‘‘ ہے؛ ورنہ بالاختیار حاصل ہونے والا علم بغیر استدلال کے ہو تو وہ ’’کسبی‘‘ ہے اور استدلال کے ذریعے حاصل ہو تو وہ ’’استدلالی‘‘ کہلاتا ہے۔

النظم: باب الشین کے تحت ’’شعر‘‘ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

النظير: باب المیم کے تحت ’’مثال‘‘ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

النعت: باب الشین کے تحت ’’شعر‘‘ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

نَفْسُ الأمْرِ: باب المیم کے تحت ’’موجود‘‘ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

النفلُ: باب الفاء کے تحت ’’فرض‘‘ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

النقض: باب المیم کے تحت ’’منع‘‘ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

النقطة : شَـيءٌ ذوْ وَضـعٍ لايَـقبَلُ القِسمَةَ، لاعَقْلاً وَلاوَهْماً

وَلاقَطُعاً وَلا كسُراً.

النُقطَةُ: طَرفُ الخَطِّ،

وَالخَطُّ: طَرُفُ السَّطُحِ،

وَالسَطحُ: طَرفُ الجِسُمِ.

فالسَّطحُ غيرُ مُنقسِمٍ فيُ العُمُقِ، وَالخَطُّ غيرُ مُنقسِمٍ فيُ العَرُضِ والعُمُقِ، وَالنقطةُ غيرُ مُنقسِمةٍ فيُ الطُّوُلِ، وَالعرضِ، وَالعمقِ. (شرح تهذيب:۱۷؛ دستور ۴۸۳/۳)

نقطہ: (خط کے کنارے کو کہتے ہیں) وہ ایسا عرض ہے جو طول، عرض اور عُمق میں عقلاً ووہماً؛ قطعاً وکسراً (کاٹ کر اور توڑ کر) کسی بھی طرح تقسیم کو قبول نہ کرتا ہو۔

خط: سطح کے کنارے کو کہتے ہیں، اور وہ ایسا عرض ہے جو صرف طول میں تقسیم کو قبول کرتا ہے۔

سطح: جسم کے کنارے (نہایت) کو کہتے ہیں، اور وہ ایسا عرض ہے جس میں صرف طول وعرض ہوتا ہے، عمق نہیں ہوتا؛ اِس لیے وہ صرف طول وعرض میں تقسیم قبول کرتا ہے(۱)۔

---

(۱) الحاصل! ''جسم'' مثلاً: تپائی، طول، عرض، عمق؛ تینوں میں تقسیم کو قبول کرتی ہے۔ اِس کے کنارہ کو- جس پر کتاب وغیرہ رکھی جاتی ہے- ''سطح'' کہا جاتا ہے، جو طول وعرض میں قابلِ تقسیم ہے نہ کہ عُمق میں، اِس سطح کے بالکل آخری کنارہ پر ایک لمبی لکیر نکلتی ہے جو صرف طول میں تقسیم کو قبول کرتی ہے، اُسے ''خط'' کہا جاتا ہے، اُس خط کے آخری کنارے کو جس کی نہ طول میں تقسیم ہوتی ہے نہ عرض وعُمق میں، اُسے ''نقطہ'' کہتے ہیں۔

النکتة : هیَ مَسئلةٌ لطیفَةٌ أُخرجتْ بِدقَّةِ نظرٍ أوْ إمعانِ فکرٍ. وَبِعبارةٍ أُخریٰ: هيَ الدَّقیقةُ التِي تُحصَّلُ بإِمعانِ النَّظرِ، سُمِّیتْ بِها لِتاثیرِها فيُ النُّفوسِ. (دستور العلماء بیروت٣/٤٨٥)

نکتہ: وہ دَقیق (غامض) علمی مسئلہ جو بڑے غور وفکر سے حاصل ہو، (یعنی وہ بلیغ کلام جو ہر ایک کی سمجھ میں نہ آسکے)۔

وجہ تسمیہ: نکتہ کے لغوی معنیٰ: داغ، زمین کُریدنے کا اثر، اور نکتہ بھی دلوں میں اثر کرتا ہے۔ (۱)

اللطیفة: هيَ کلُّ إِشارةٍ دقیقةِ المَعنٰی تَلوحُ للفَهمِ لاتَسعُها العِبارةُ، کطُعومِ الأَذواقِ. (دستور العلماء بیروت٣/١٩٨)

لطیفہ: مراد کو واضح کرنے والی باریک وغامض علامت جو ذہن میں آئے؛ لیکن سمجھانے کے موقع پر الفاظ کے دائرے میں نہ آئے، جیسے: ذائقہ دار چیزوں کے مزے، کہ اُن کا تعلق سمجھانے سے نہیں ہے؛ بلکہ چکھنے سے ہے۔

النقل: باب الالف کے تحت ’’اقتباس‘‘ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

النقیض: باب التاء کے تحت ’’تناقض‘‘ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

النوع: باب القاف کے تحت ’’قسم‘‘ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

النوع: باب الکاف کے تحت ’’کلیاتِ خمسہ‘‘ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

النِّیَّة: (في اللُّغةِ) القَصدُ وَأَیضاً اِنبعاثُ القَلبِ نَحوَ مَا یَراہُ

---

(۱) نکتہ کے معنیٰ ہے: مزے دار اور دلچسپ بات، اِس کی جمع ’’نِکات‘‘ آتی ہے۔ اور نقطہ کے معنیٰ ہے: بنیادی بات، کسی بحث کا مرکزی مضمون، اِس کی جمع ’’نُقاط‘‘ آتی ہے۔ (رحمۃ اللہ الواسعۃ)

مُـوافِـقـاً لِغَرَضٍ مِن جَلْبِ نَفعٍ أوْ دَفعِ ضَرٍّ، حَالاً او مَآلاً. وَفيُ الشَّرعِ: قَصدُ الطَّاعةِ وَالتَّقرُّبِ إِلَى اللّٰهِ فيُ إِيُجادِ الفِعلِ. (دستور۳/۴۹۶)

نیت: بہ معنیٰ دلی ارادہ، دل کا اپنے گمان کردہ صحیح مقصد - یعنی جلبِ منفعت یا دفعِ مضرّت - کو پورا کرنے کے لیے آمادہ ہونا؛ چاہے یہ مقصد فوری طور پر حاصل ہو یا مستقبل میں حاصل ہو۔ شریعت کی اصطلاح میں: کسی کام کو وجود میں لانے کے لیے حکمِ شارع کی بجا آوری اور قربِ خداوندی حاصل کرنے کا ارادہ کرنا۔

النَّيِّفُ: هُـوَ الـجُـزءُ الأوَّلُ مِن العَددِ المُركَّبِ، وَهوَ مِن أَحدَ عَشرَ إِلىٰ تِسعَةَ عَشرَ. (دستور۳/ ۴۹۵)

نیف: گیارہ سے انیس تک مرکب عدد کے جزءِ اول (یعنی ایک سے نو تک کے اعداد) کو نیف سے تعبیر کرتے ہیں۔

باب الواو

الواجب: (اصطلاحِ فقہاء) باب الفاء کے تحت ''فرض'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الواجب: باب المیم کے تحت ''ممکن، ممتنع'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الواجبات: باب القاف کے ضمن میں ''قضایا'' کے تحت ملاحظہ فرمائیں۔

الوتِد: باب الواو کے تحت ''وزنِ شعری'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الوِجدانُ وَالمُشَاهدَةُ: إدراكُ الشَّيءِ بإِحدَى الحَواسِّ الخَمسِ الظَّاهِرةِ أوِالبَاطِنةِ، فإنْ كانَ الإحسَاسُ بالحِسِّ الظَّاهِرِ فَهُوَ المُشاهَدةُ، وَإنْ كانَ بالحِسِّ البَاطِنِ فَهوَ الوِجدانُ. (دستور العلماء ۱/۵۵)

مشاہدہ: حواسِ خمسہ ظاہرہ میں سے کسی کے ذریعے شیٔ کا ادراک کرنا، جیسے سیاہی وسفیدی کا ادراک کرنا۔

وِجدان: حواسِ خمسہ باطنہ میں سے کسی کے ذریعے شیٔ کا اِدراک کرنا، جیسے: کسی میں سخاوت اور بخیلی کا ادراک کرنا۔

ملحوظہ: حواسِ ظاہرہ وباطنہ کی تفصیل باب الحاء کے تحت ''حواس'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الوجود: اعلَمْ! أنَّ للشَّيءِ فِي الوُجودِ أربَعَ وُجودات:

وجود: شیٔ موجود کی بہ اعتبار وجود کے چار نوعیتیں ہیں: وجودِ حقیقی، وجودِ ذہنی، وجودِ لفظی اور وجودِ کتابی۔

الوُجوُدُ الحَقيقِيُّ: وَهوَ حَقيقَتُهُ المَوجُودَةُ فيْ نَفْسِها (أيْ فيْ الخَارِجِ). (دستور العلماء۳/۳۰۹)

وجودِ حقیقی: چیز کا خارج میں اپنی ذات (حقیقت) کے ساتھ پایا جانا، (جیسے: ذات زید کا وجود)۔

الوُجوُدُ الذِّهْنِيُّ: وَهوَ وُجودُهُ الظِّلِّيُّ المِثالِيُّ المَوجُودُ فيْ الذِّهْنِ. (دستور العلماء۳/۳۰۹)

وجودِ ذہنی: چیز کا ابتدائی درجے میں بہ طور نمونے کے صرف ذہن وخیال میں پایا جانا، (جیسے: کوئی مضمون تحریر کرنے سے پہلے ایک ذہنی خاکہ تیار کیا جاتا ہے، جس کو بعد میں لفظوں یا تحریر سے تعبیر کیا جاتا ہے، یہاں پر ذہنی خاکے کو "وجودِ ذہنی" کہا جاتا ہے، اور لفظوں سے تعبیر کو "وجودِ لفظی" اور تحریر سے تعبیر کرنے کو "وجودِ کتابی" سے تعبیر کیا جاتا ہے)۔

الوُجوُدُ اللَّفْظِيُّ: وَهوَ وُجودُ لَفْظِهِ الدَّالِّ عَلَى الوُجُودِ الخَارِجِيِّ والمِثالِ الذِّهْنِيِّ. (دستور العلماء۳/۳۰۹)

وجودِ لفظی: چیز کے وجودِ حقیقی اور وجودِ ذہنی پر دلالت کرنے والے لفظ کا پایا جانا۔

الوُجوُدُ الكِتَابِيُّ: وَهوَ وُجُودُ النُّقُوشِ الدَّالَّةِ عَلَى اللَّفْظِ الدَّالِّ عَلَى الشَّيْءِ. (دستور العلماء۳/۳۰۹)

وجودِ کتابی: چیز کے وجودِ حقیقی ووجودِ ذہنی پر دلالت کرنے والے نقوش کا پایا جانا۔

المُلاحَظةُ: الوُجودانِ الأوَّلانِ لايَختلِفانِ باختِلافِ الأمَمِ، والأخِيرَانِ قَدْ يَختلفَانِ باختِلافِهِمْ، كاختِلافِ اللُّغَةِ العَرَبيَّةِ والفارسيَّةِ؛ والخَطُّ العَرَبيُّ والفَارَسِيُّ والهِنْدِيُّ. وبِهٰذِهِ الوُجُودَاتِ الأرْبَعِ صَرَّحَ المُحقِّقُ التَّفتَازَانِيُّ فِيْ شَرْحِ العَقائِدِ، بقَولِهٖ: إنَّ للشَّيْءِ وُجُوداً فِي الأعْيَانِ، ووُجُوداً فِيْ الأذْهَانِ، ووُجُوداً فِيْ العِبارَةِ، ووُجُوداً فِيْ الكِتَابَةِ؛ فالكِتَابَةُ تَدُلُّ عَلَى العِبارَةِ، وَهيَ عَلىٰ مَافِيْ الأذْهانِ، وَهوَ عَلىٰ مَا فِيْ الأعْيَانِ(١). (دستور العلماء۳/۳۰۹)

ملاحظہ: پہلی دو قسموں کا وجود اُمتوں کے اختلاف کے باوجود متفاوِت نہیں ہوتا، ہاں! عربی، فارسی وغیرہ زُبانوں اوراُن کی تحریرات کے متفاوت ہونے کی وجہ سے اشیاء کے وجودِ لفظی اور وجودِ کتابی میں اختلاف ہوتا ہے۔ یہی وہ چار وجود ہیں جن کی تصریح محقّق علامہ تفتازانی نے اِس طرح فرمائی ہے کہ: ہر چیز کا ایک وجود خارج میں ہوتا ہے، ایک وجود ذہن میں ہوتا ہے، ایک وجود لفظوں میں ہوتا ہے اور ایک وجود تحریر میں ہوتا ہے؛ پس وجودِ تحریری، وجودِ لفظی پر دال ہے؛ اور وجودِ لفظی وجودِ ذہنی پر دال ہے؛ اور وجودِ ذہنی وجودِ خارجی پر دال ہے۔

---

(١)فَائدَةٌ: إنَّ هٰهُنَا ثَلاثةَ اعْتِبارَاتٍ: الأوَّلُ: اعْتبَارُ مِنْ حَيْثُ هُوَ، والثَّانِيُ: اعْتبَارُهُ مِنْ حَيْثُ أنَّهُ مُقتَرِنٌ باللَّوازِمِ الخَارِجيَّةِ، والثَّالثُ: اعْتِبارُهُ مِنْ حَيْثُ أنَّهُ مُقتَرِنٌ باللَّوَازِمِ الذِّهنِيَّةِ؛ فالشَّيْءُ مِنْ حَيْثُ هُوَ مَعلوْمٌ بالذَّاتِ لِحُصُوْلِ صُورَتِهِ فِيْ الذِّهنِ، وَمَوجوْدٌ فِيْ الخَارِجِ والذِّهنِ مَعاً، لِحُصوْلِهِ فِيْ الخَارِجِ بِنفْسِهٖ وفِيْ الذِّهْنِ بِصُورَتِهٖ. والشَّيْءُ مِنْ حَيْثُ أنَّهُ مُقتَرِنٌ بالعَوارِضِ الخَارِجيَّةِ مَعلوْمٌ بالعَرَضِ، لتَحقُّقِ العِلْمِ عندَ انْتفَائِهٖ، ومَوجُوْدٌ فِيْ الخَارِجِ فَقَطْ، لتَرَتُّبِ الآثَارِ الخَارِجيَّةِ عَليهِ دُونَ الذِّهنيَّةِ. (كشاف اصطلاحات الفنون٤/٢٩٩)

الوزنُ الشعريُّ: أرْكـانُ علمِ العَروضِ وأوْزانُهُ وتَفاعيْلُه، وهيَ مُتحرِّكاتٌ وسَكَنَاتٌ مُتَتابعَةٌ عَلىٰ وَضْعٍ مَعروفٍ يُوزَنُ بِهَا، أيُّ بَحرٍ منَ البُحورِ الآتيَةِ.

وتَتَركَّبُ هٰذهِ الأوْزانُ منْ ثَلاثَةِ أشْياءَ: أسْبَابٌ، وأوْتَادٌ، وفَواصِلُ؛ وهٰذهِ الثَّلاثةُ تَتكوَّنُ منْ حُروْفِ التَّقطِيعِ العَشْرَةِ المَجموْعةِ فيْ "لَمَعتْ سُيُوفُنَا"، وَلاتَترَكَّبُ منْ غيرِها أبداً.

وهيَ تنْقسِمُ إلىٰ: سَبَبٍ، وَوَتِدٍ، وفَاصِلَةٍ.

اوزانِ علمِ عروض: ارکان، اوزان اور تفاعیلِ علمِ عروض: وہ لگاتار (یکے بعد دیگرے آنے والی) حرکات وسکنات ہیں جو قواعدِ علمِ عروض کے مطابق ہوں، جن پر اشعار تیار کیے جاتے ہیں؛ چاہے وہ کوئی سی بھی بحر سے متعلق ہو۔ وزنِ شعری تین چیزوں سے ترکیب پاتی ہے: اسباب، اوتاد اور فواصل۔ (۱)

---

(۱) اوزانِ مستعملہ:

وزن	کلو	گرام	ملی گرام
رتی	......	......	۱۲۱:۵۰
دانق	......	......	۸۵۰
درہم	......	۳	۶۲
تولہ	......	۱۱	۶۶۴
اوقیہ	......	۱۲۲	۴۷۲
صاع	۳	۱۴۹	۲۸۰
چھٹانک	......	۵۸	۳۲
نیاتولہ	......	۱۰	......

وزن	کلو	گرام	ملی گرام
قیراط	......	......	۲۱۳
ماشہ	......	......	۹۷۲
مثقال	......	۴	۳۷۴
استار	......	۱۹	۵۲۱
رطل	......	۳۹۸	۶۰
وسق	۱۸۸	۹۵۶	۸۰۰
پرانہ تولہ	......	۱۱	۶۶۴
نیاتولہ	......	۱۰	......

(سعادت جنرل نالج)

السَّببُ: عِبارَةٌ عنْ حرْفيْنِ: فإنْ كانَا مُتحرِّكيْنِ فهوَ ”السَّببُ الثَّقيلُ“، كقوْلكَ: لِمَ، بِكَ، لَكَ[//]، وإنْ كانَ الأوَّلُ مُتحرِّكاً والثانيْ سَاكناً فهوَ ”السَّببُ الخَفيفُ“، كقَولكَ: هَبْ، لِيْ[/☆]. (ميزان الذهب)

سبب: علم عروض میں دو حرفوں کو سبب سے تعبیر کیا جاتا ہے، پس اگر وہ دونوں حرف متحرک ہوں تو اُسے ”سببِ ثقیل“ کہا جاتا ہے، جیسے: لِمَ، بِكَ، اور لَكَ[//]؛ اور اگر پہلا حرف متحرک ہو اور دوسرا ساکن، تو اس کو سببِ خفیف کہتے ہیں، جیسے: هَبْ، لِيْ[/☆]۔

الوَتِدُ: عِبارَةٌ عنْ مَجموعِ ثَلاثَةِ أحُرُفٍ (اثْنانِ مُتَحرِّكانِ وثَالثُهُمَا سَاكنٌ)، ويُسمّى الوَتِدَ المَجموعَ، كقَولكَ: نَعَمْ، غزَا[//☆]؛ أوْ مُتَحرِّكانِ يَتوسَّطهُمَا حَرفٌ ثالثٌ سَاكِنٌ، كقَولكَ: مَاتَ، نَصْرُ[/☆/]، ويُسمّى: الوَتِدَ المَفروقَ. (ميزان الذهب)

وتِد: تین حروف کے مجموعے کو وتد کہتے ہیں، پس اگر اُس میں دو حروف متحرک ہوں اور تیسرا ساکن ہو تو اُس کو ”وتد مجموع“ کہتے ہیں، جیسے: نَعَمْ، غَزَا[//☆]؛ اور اگر دو متحرک حرفوں کے درمیان کوئی ساکن حرف ہو تو اُس کو ”وتد مفروق“ کہتے ہیں، جیسے: مَاتَ، نَصْرُ[/☆/]۔

الفَاصِلةُ: ثَلاثةُ أوْ أرْبعةُ مُتحرِّكاتٍ تُسمّى ”الفَاصِلةَ الصُغرىٰ“، كقَولكَ: سَكَنُوْا، مُدُنَنْ[///☆] وإن كان الساكنُ بعدَ أربَعَةِ مُتحرِّكاتٍ تُسمّى ”الفاصِلةُ الكبرىٰ“، كقوْلكَ: قَتلَهُمْ، مَلِكُنَا[////☆].

فاصلہ: تین یا چار حرفوں کے بعد ساکن حرف ہو تو اُس کو فاصلہ کہتے ہیں،

پس اگر تین حروف متحرک ہو (اور چوتھا ساکن ہو) تو اُس کو ’’فاصلۂ صغریٰ‘‘ کہتے ہیں، جیسے: سَکَنُوا، مُدُناً (مُدُنَنْ)[///☆]؛ اور اگر حرفِ ساکن چار متحرک حروف کے بعد ہو تو اُس کو ’’فاصلۂ کبریٰ‘‘ کہتے ہیں، جیسے: قَتَلَهُمْ، مَلِكُنَا [////☆]۔

التَّفَاعِيلُ: التي تَتَوَلَّدُ مِنْ ائتِلافِ الأسْبَابِ مَعَ الأوْتادِ والفَوَاصِلِ عَشَرَةٌ:

فَعُولُنْ[//☆/☆]، مَفَاعِيلُنْ[//☆/☆/☆]، مُفَاعَلَتُنْ [//☆///☆]، فَاعِلاتُنْ[/☆//☆/☆]، فَاعِلُنْ[/☆//☆]، فَاعِ لاتُنْ [/☆//☆/☆]، مُسْتَفْعِلُنْ[/☆/☆//☆]، مُتَفَاعِلُنْ[///☆//☆]، مَفْعُولَاتُ[/☆/☆/☆/]، مُسْتَفْعِ لُنْ[/☆/☆//☆]. (میزان الذهب: ۱۳)

ملاحظہ: اسباب، اَوتاد اور فواصل کی ترکیب سے پیدا ہونے والے اوزان دس ہیں۔

وزن نکالنے کا طریقہ باب الباء کے تحت ’’بحر‘‘ کے حاشیے میں ملاحظہ فرمائیں۔

الوَسَط: باب الفاء کے تحت ’’فقیر‘‘ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الوَسْط: بِسكونِ الثَّانِي عَامٌّ مِنْ أَن يَكونَ حَقيقيّاً أَوْ لَا، بِخِلافِ الوَسَطِ بِالتَّحرِيْكِ، فإِنَّهُ لايُطلَقُ إلَّا عَلَى الوَسْطِ الحَقيقِي، وَأَيضاً الفَرقُ بَينَهمَا: أَنَّ الأَوّلَ ظَرفٌ وَالثَّانِي اِسمٌ. (دستور۳/۵۲۷)

وسْط: دو کناروں کے اندر کا حصہ، خواہ بالکل بیچ میں ہو یا نہ ہو (درمیانی درجے کا)۔

وسَط: کسی چیز کا مرکز جو دو کناروں کے بالکل بیچ ہو (وسطِ حقیقی)۔

ملاحظہ: (۱) اِن دونوں میں لفظاً اور حقیقتاً دونوں اعتبار سے فرق ہے: لفظی فرق 'سین' کی حرکت سے ظاہر ہے، اور معنوی فرق یہ ہے کہ: اول ظرف ہے اور ثانی اسم ہے۔

(۲) جہاں لفظِ وسط کی جگہ لفظِ "بین" رکھ سکتے ہو تو وہ بالکل درمیانی معین حصہ ہوتا ہے، ورنہ دو کناروں کے درمیان والا کوئی بھی غیر معین حصہ مراد ہوتا ہے؛ نیز ساکن الاوسط کا ترجمہ "درمیان" سے ہوتا ہے، اور متحرک الاوسط کا ترجمہ "معتدِل" سے کیا جاتا ہے، جیسے باری تعالیٰ کا فرمان: ﴿وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ أُمَّةً وَّسَطًا﴾، اور اِسی طرح کیا ہم نے تم کو امتِ معتدِل۔ (رحمۃ اللہ الواسعۃ ۱/۷۳) لفظِ وسط کا بہترین قاعدۂ کلیہ ملاحظہ فرمائیں: إِذَا سُكِّنَ تُحُرِّكَ وإِذَا تُحُرِّكَ سُكِّنَ. (انعام الباری ۲/۵۱۶) یعنی جب "وسْط" کو بالسکون پڑھیں تو دو کناروں کے درمیان کا کوئی غیر معین حصہ مراد ہوگا، اور "وسَط" بالفتح پڑھیں تو وسطِ حقیقی (بالکل بیچ والا معین حصہ) مراد ہوگا۔

الوسيلة: مَا يُتقرَّبُ بِهِ إِلَى الغَيرِ وَحَصلَ الوُصوُلُ إليْهِ.

(دستور ۳/ ۵۲۷)

وسیلہ: وہ واسطہ ہے جس سے غیر کا تقرب حاصل کیا جائے اور غیر سے قربت حاصل ہو۔

الوضع: فِي اللُّغةِ: جَعلُ اللَّفظِ بِإزاءِ المَعنىٰ (وفِي اِصطلاحِ أَصحابِ العَرَبيَّةِ): تَخصِيصُ شَيءٍ بِشَيءٍ بِحَيثُ مَتىٰ أُطلِقَ أَوْ أُحِسَّ الشَّيءُ الأوَّلُ فُهِمَ مِنهُ الشَّيءُ الثَّانيُ. (دستور ۳/۵۳۱)

وضع: لغوی معنیٰ: لفظ کو کسی معنیٰ کے لیے طے کرنا۔ اصطلاحی معنیٰ: ایک چیز کو دوسری چیز (موضوع) کے لیے ایسا مخصوص کرنا کہ جب اول کا اطلاق کیا جائے یا اُس کو جانا جائے تو اِس سے دوسری چیز سمجھ میں آئے۔

الوعظ: هوَ التَّذكيرُ بالخَيرِ وَالنَّصيُحَةِ. (دستور۳/۵۳٤)

وعظ: وہ مذہبی تقریر جس میں نیکی اور خیر خواہی کرنے کو یاد دلایا جائے۔

الوَقَار: التَّأنِّي فيُ التَّوجُّهِ نَحوَ المَطلوبِ. (دستور۳/٥٤٠)

وقار: مقصود کی طرف متوجّہ ہونے میں آہستہ روی اختیار کرنا۔

الوهم: باب الیاء کے تحت ''یقین'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

باب الهاء والياء

الهَجو: الشَّتمُ بالشِعرِ. (دستور٣/٥٥٠)

ہجو: شعر میں کی جانے والی عیب گری۔

الهِـدايةُ الموصِلة: (عِـنـدَ الأَشـاعِرَةِ) إِراءةُ الطَّريقِ المُوصِلِ فيْ نَفسِ الأمرِ إِلَى المَطلوبِ. (وعِندَ المُعتزلةِ: هيَ الدَّلالةُ المُوصِلةُ أَيْ الإِيْصالُ إِلَى المَطلوب. (دستور٣/٥٥١)

ہدایت: اَشاعرہ کے نزدیک یقینی طور پر مقصود تک پہنچانے والے راستے کی رہنمائی کرنا؛ معتزلہ کے نزدیک: مقصود تک پہنچا دینا، (جیسے: جامع مسجد جانے والے کو راستے کی راہ نُمائی کرنا، یا جامع مسجد تک پہنچا دینا)۔

هَلُمَّ جرّاً: تَعبيرٌ يُقصَدُ بِهِ الاِستمرارُ، ولَيسَ المَقصودُ الجَرُّ الحِسِّيُّ، بَلُ التَّعمِيمُ. (موسوعة ص: ٧٠٢)

هَلُمَّ جَراً: وہ محاورہ ہے جس سے کسی فعل کے دوام اور تسلسُل کا قصد کیا جاتا ہے، (علیٰ ہٰذا القِیاس: اِس پر دوسروں کو بھی قِیاس کرو)۔

هوهو: باب الحاء کے تحت ”حقیقت“ کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

الهوىٰ: مَيلانُ النَّفسِ إِلىٰ مَا تَستلِذُّهُ مِن غَيرِ داعِيةِ الشَّرعِ، جَمعُهُ الأَهُواءُ. (دستور٣/٥٥٦)

ہویٰ: بغیر سببِ شرعی کے نفس کا ایسی چیز کی خواہش کرنا جس سے وہ لُطف اندوز ہو۔

هُويت: باب الحاء کے تحت ''حقیقت'' کے ضمن میں ملاحظہ فرمائیں۔

اليقينُ: هُوَ اعتِقادُ الشَّيءِ بأنَّه كذا، مَعَ اعتِقادِه –بأنَّه لايُمكِنُ أنْ يَكونَ إلا كذا– اعتِقاداً مُطَابِقاً ثابتاً غيرَ مُمكِنِ الزَّوالِ.

الملاحظة: القَيدُ الأوّل يُخرِج الظَّنَّ، والثانيُ الجَهلَ المُركبَ، والثَّالثُ اعتِقادَ المُقلِّد. (كشاف اصطلاحات الفنون: ٤، ٤١٦)

یقین: کسی نسبتِ خبری (کے پائے جانے یا نہ پائے جانے) کا پختہ علم جو واقع کے مطابق ہو اور تشکیکِ مشکِّک سے زائل نہ ہو۔

الظَّنُ: تَجوِيزُ أمرَينِ أحَدُهمَا أرجَحُ مِنَ الآخَرِ (فهو الظن)، والمَرجُوحُ يُسَمىٰ بـ"الوَهمِ".

المُلاحظة: الشَّكّ والظنّ والوَهمُ بحَسَب اللغَة يَكاد لايفرقُ بينَهما. كذا في الكرُماني. (كشاف: ٣، ١٨٧)

ظن: نسبتِ خبری کا وہ علم جس میں دل کسی ایک حکم (نفی یا اِثبات) کو ترجیح کے ساتھ قبول کرے، جانبِ مرجوح کو ''وہم'' کہا جاتا ہے۔

الوَهمُ: قَدْ يُطلَقُ علىٰ الاعتِقَاد المَرجوحِ، والمُرادُ بالاعتِقادِ التَّصدِيقُ والحُكمُ.

المُلاحظةُ: المُختَار أنّ الوَهمَ مِنْ قَبِيلِ التَّصوُّرِ. (كشاف: ٤، ٣٦٩)

وہم: جانبِ راجح کے بالمقابل دل میں آنے والا خیال واحتمال۔

الشَّكُّ: تَجوِيزُ أمرَينِ ليسَ لأحَدِهمَا مَزِيَّةٌ عَلىٰ الآخَرِ.

(كشاف: ٣، ١٨٧)

شک: کسی نسبتِ خبری کا وہ علم جو نفی واِثبات میں ایسا دائر ہو کہ ان میں سے کسی ایک کو دوسرے پر ترجیح نہ ہو۔

الجَهلُ المُرَكَّبُ: هُوَ عِبَارَةٌ عَنْ اعتِقَادٍ جازِمٍ غَيرِ مُطابِقٍ، سَواءٌ كانَ مُستَنَداً إلىٰ شُبُهَةٍ أو تَقلِيدٍ. (فليسَ الثُّباتُ مُعتَبَرا فيْ الجَهُل المُرَكبِ). (كشاف ١/٣٤٤)

جہلِ مرکب: خلافِ واقع کسی نسبتِ خبری کا پختہ علم، خواہ یہ پختگی وہم کی پیداوار ہو یا کسی کی (اندھی) تقلید کا نتیجہ ہو، (جیسے: بدعتی لوگ اندھی تقلید کے نتیجے میں اپنے سُنّی ہونے کا اعتقاد رکھے ہوئے ہیں)۔

التَّقلِيدُ: اِتِّباعُ الإنسَانِ غَيرَهٗ فِيْ مايَقُولُ أوْ يفُعَلُ مُعتَقِداً للحَقِّيَّةِ مِنْ غَيرِ نَظَرٍ إلىٰ الدَّلِيُلِ. (كشاف٣/٥٠٨)(ا)

تقلید: ایک کا دوسرے کے قول یا فعل کی- اس کو حق ٹھہراتے ہوئے- بے دلیل پیروی کرنا۔

یقین: نفس کا کسی حکم کے یقینی ہونے کا اعتقاد رکھنا، کہ یہ حکم ایسا ہی ہے،

(ا)اليَقينُ: (فيُ العُرفِ) هوَ التَّصدِيقُ الجَازِمُ المُطابِقُ الثَّابتُ. وبِعبَارَةٍ أُخرىٰ: هوَ اعُتِقادُ الشَّيُءِ بأنَّهُ لايُمكنُ إلاَّ كَذَا، مُطابِقاً للوَاقِع، غَيرَ مُمكنِ الزَّوَالِ. وبالقَيدِ الأوَّلِ يَخرُجُ الظَّنُّ، فإنَّهُ اعتِقادُ الشَّيءِ بأنَّهُ كَذَا، مَعَ احُتِمالِ مَرُجوُحٍ لنَقيُضِهٖ؛ وبالقَيدِ الثَّانِيُ أعُنِيُ مُطابِقاً للوَاقِع، يَخرُجُ "الجَهُلُ المُرَكَّبُ"؛ وبالقَيدِ الثَّالثِ يَخرُجُ "اعتِقادُ المُقلِّدِ"، فإنَّهُ غَيرُ راسِخٍ، مُمكنُ الزَّوالِ بتَشكيُكِ المُشَكِّكِ؛ والشَّكُّ: عِبَارَة عنُ تَساوِي طَرفَيُ الخَبرِ، أيُ وُقوُعُهُ ولاوُقوُعُه، وأرَادُوا بالشَّكِّ هٰهُنَا الظَّنَّ؛ وإلافَلا شَيءَ مِنُ هٰذهِ الأفعَالِ بمَعَنَى الشَّكِّ المُقتَضِيُ لتَساوِيُ الطَّرُفَينِ؛ وإنُ لَمُ يَتسَاوَيا فالطَّرُفُ الرَّاجِحُ "ظَنٌّ"، والمَرجُوُحُ "وَهُمٌ". (دستور٣/٣٣٤)

واقع کے مطابق ہے، جو (شک میں ڈالنے والے کی تشکیک سے) زائل ہونے والا نہ ہو، (جیسے: مسلمانوں کو اللہ کی وحدانیت اور رسول کی رسالت کا یقین ہوتا ہے)۔

سُبحَان اللّٰهِ وبِحمْدِه سُبحَانك اللّٰهُمَّ وبحَمدِك ونَشهَد أنْ لا إلهَ إلَّا أنتَ نَستَغفِرك ونَتوُب إليْك.

تم بحمد اللّٰه

عزائم برائے طلبہ

مدارسِ عربیہ کے طلباء سے جب کبھی علمی مذاکرہ کا موقع ملتا، تو اُن کے عزائم اور طریقۂ کار کے متعلق اِستفسار پر پتہ چلتا کہ، طلبا کی معتد بہ تعداد وہ ہے، جو اپنی زندگی کے لمحات سے مکمل فائدہ اُٹھا کر اپنا مستقبل تابناک دیکھنا چاہتے ہیں؛ مگر اُن باہمت طلبا کے سامنے محنت کرنے کی صحیح ترتیب نہ ہونے یا اپنے مشفق اساتذہ کی رہنمائی پر عمل نہ کرنے اور اُن سے ربط نہ رکھنے کے باعث کماحقہٗ علمی پختگی پیدا نہیں کر پاتے؛ حالاں کہ مفکرِ اسلام مولانا سید ابوالحسن علی میاں ندویؒ اساتذہ سے رَبط کی تاکید کرتے ہوئے فرماتے ہیں: ''خوب سمجھ لیجیے، کہ اِن ہی اساتذہ کی محفلوں میں شرکت کر کے آپ صحیح ذوق وشوق پیدا کر سکتے ہیں''۔

ایک دوسری جگہ فرماتے ہیں: ''مطالعہ وسیع کیجیے، اور اِس کے لیے اپنے اساتذہ، خاص طور پر مربی الاصلاح سے اور اُن اساتذہ سے جن سے آپ کا ربط ہے، مشورہ لیجیے''۔

نیز یہ بھی مسلّمات میں سے ہے کہ، طالب علم کی ترقی اور پرواز کرنے میں عزائم کی حیثیت وہی ہے جو حیثیت پروں کی پرندوں کے لیے ہوا کرتی ہے؛ لہٰذا طُلَباء کے عزائم اور اُن کے دل کی آواز کے پیشِ نظر اپنی کم علمی کے باوجود اکابر کے مشورے سے ہر درجے کے لیے محنت کی راہ متعین کرنے کی ادنیٰ کوشش کی ہے۔ ع

گر قبول اُفتد زہے عز وشرف!

میری قسمت سے الٰہی پائیں یہ رنگِ قبول
پھول کچھ مَیں نے چُنے ہیں اُن کے دامن کے لیے

عربی اول : نحو، صرف کے مسائل کا ضبط کرنا، مختصر عربی جملے بنانا، اَمثال و مختصر احادیث یاد کرنا، لغات دیکھنے کی مشق کے ساتھ کم از کم پانچ لغات روزانہ یاد کرنا، ششماہی کے بعد قصص النبیین یا کسی ادبی کتاب میں تراکیبِ اربعہ(۱) واضح کرنا اور مسائلِ نحو وصَرف کے تین چار کتابچے نظر سے گذارنا، روزانہ شرح مأۃ عامل کے دو اسم، دو فعل اور دو حرف پر اُن کے سوالات کا اجراء کرنا، مثلاً: الانبیاء میں علامتِ اسم کیا ہے؟ معرب مبنی، منصرف غیر منصرف، واحد تثنیہ جمع، جمع سالم ومکسر، عامل وغیر عامل وغیرہ میں سے کیا ہے؟ الخ۔

عربی دوم: مسائل فقہیہ کو مستحضر کرتے رہنا، منطق کی کسی ایک کتاب کو ایک بیٹھک میں سنا سکے ایسی از بر کرنے کے بعد دو تین رسائل نظر سے گذارنا، نور الایضاح کا سبق ہو جانے کے بعد استاذ کی زیرِ نگرانی حواشی کو حل کرنے کی مشق کرنا، حل شدہ حواشی پر لکیر کرنا، ادبی کتاب کی لغات یاد کرنا، ہر کلمہ کا وجہِ اعراب بیان کرنا، اور ہر کلمہ کے ماقبل و مابعد سے کیا تعلق ہے؟ اِس پر گہری نظر رکھنا، خوشخطی کو مدنظر رکھتے ہوئے بڑے جملوں کا اردو عربی بنانے کی مشق کرنا، منطقی نقشہ (مقسَم، قَسیم اور قِسم) کا استحضار کرتے رہنا، مسائلِ نحو وصَرف اور اُن کے نِکات کو مستحضر رکھتے ہوئے ہر وقت ترکیبِ نحوی وتحقیق صرفی پر عُقابی نظر رکھنا۔

عربی سوم: اصطلاحاتِ اصولِ فقہ کا از بر کرنا، اختلافاتِ اَئمہ کو مستحضَر کرنا، ترجَمۂ قرآن کو مع لغات پختہ یاد کرنے کے بعد استحضارِ معانی کے ساتھ روزانہ اپنے سبقی پارے کی تلاوت کرنا، کتبِ متداوِلہ کی عبارت کو معانی کے استحضار کے ساتھ روانی سے پڑھنے کی

---

(۱) یعنی [۱] کلمات ثلاثہ کی شناخت اور معرب، مبنی منصرف غیر منصرف وغیرہ کی تعیین [۲] وجوہِ اعراب اور عامل ومعمول کی تعیین [۳] کلمے کا سیاق وسباق سے ربط اور تعلق [۴] پورے جملے کی ترکیبی حیثیت۔ تفصیل کے لیے ''اجراء نحو وصرف'' [مطبوعہ ادارۃ الصدیق ڈابھیل] کا مطالعہ فرمائیں۔

کوشش کرنا، فنی کتابوں کی تکرار کرنے کی مشق کرنا، اصولِ فقہ کے نقشے کا استحضار رکھتے رہنا، ادبی کتاب کے ساتھ تکلُّمِ عربی کی مشق کرنا، جس کے لیے داخلِ نصاب کتاب کے مضمون کو دو تین مرتبہ غور سے پڑھنے کے بعد اپنی طرف سے عربی زبان میں تعبیر کرنا، کتاب میں موجود تعبیراتِ منتخبہ کو ضرور استعمال میں لانا، کتبِ سیَر، سوانح اور تاریخ میں سے کسی بھی ایک کتاب کے کم ازکم پانچ صفحات کا مطالعہ شروع کرنا اور اِس کو اخیر تک نبھائے رکھنا۔

عربی چھارم: فنِّ بلاغت کا استحضار کرنا، ریاض الصالحین کے ہر باب کی دو تین حدیثیں زبانی کرنا، ترجمۂ قرآن کو مع لغات پختہ یاد کرنے کے بعد استحضارِ معانی کے ساتھ روزانہ اپنے سبقی پارے کی تلاوت کرنا، اشعارِ عربیہ کو حفظ کرنا، اُن احادیث، اَشعار واَمثال کو ساتھیوں کے ساتھ مُسابقہ میں استعمال میں لانا، ادبی کتاب کے ضِمن میں تکلُّمِ عربی کی مشق کرنا، کسی بھی متعیَّن دو کتابوں کے پڑھے ہوئے اسباق کے حواشی وبَینَ السُّطور کو سو فیصد حل کرنے کی مشق کرنا، گذشتہ پڑھی ہوئی فنی کتابوں میں سے ہر فن کی کم ازکم ایک کتاب کو مہینے میں ایک مرتبہ نظر سے گذارنا۔

عربی پنجم: علمِ فرائض، عقائد وفلسفہ کو مستحضَر کرنا، اختلافاتِ ائمہ کو مع دلائلِ عقلیہ ونقلیہ زبان سے ادا کرنا، اور موقع پر اُن کا اِستحضار کرنا، ہدایہ کے حواشی کو سو فیصد حل کرنا، اشعارِ عربیہ کو حتَّی الوَسع حفظ کرتے رہنا، اپنے آپ کو قرآن کریم کا مخاطَبِ اول سمجھ کر معانی کے اِستحضار کے ساتھ سبقی پارے کی روزانہ تلاوت کرنا، فتاویٰ میں سے کسی ایک سیٹ کو بالاستیعاب نظر سے گذار لینا، تمام کتابوں کے پڑھے ہوئے اسباق کو بالاستیعاب بہ قدرِ ضرورت حواشی کے ساتھ دیکھنا۔

عربی ششم: اصولِ حدیث وتفسیر کو مستحضَر کرنا، درسِ قرآن وحدیث (علومِ عالیہ) مقصود بالذات کو مکمل ادب و احترام کے ساتھ اپنے آپ کو اللہ و رسول کا

مخاطَب سمجھتے ہوئے پڑھنا، مشکوٰۃ شریف ثانی کی احادیث کو معمول بہا بناتے ہوئے اَزبر کرتے رہنا، جلالین شریف کے تین دن کے اسباق کی حواشی پر نظر رکھتے ہوئے تلاوت کرنا، ہدایہ ثالث ورابع کے حواشی کو مکمل مدِ نظر رکھنا، دلائلِ نقلیہ وعقلیہ کو ضبط میں لاتے ہوئے (تکرار میں یا تنہا) زبان سے ادا کرنا، درود شریف واستغفار کی کثرت رکھنا۔

ملحوظہ: یاد رہے کہ، مذکورہ بالا ترتیب میں اِس بات کا خصوصیت سے لحاظ کیا گیا ہے کہ، عامۃً جس درجے میں جس فن کی ابتدا ہوتی ہے اُس میں پختگی ہو، اور جس درجے میں -درسی اعتبار سے- فن کی انتہاء ہوتی ہے، اُس میں عبور حاصل ہو؛ لہٰذا اگر نصاب میں ترمیم ہو تو اِس کے مطابق عمل کرنا چاہیے۔

إن أريد إلا الإصلاح
وما توفيقي إلا بالله
محمد الیاس عبداللہ گڈھوی

کتاب کی فریاد اپنے حاملین سے

بہ قلم: مولانا رشید احمد صاحب سیلودوی

- مجھے بلا طہارت یا بلا نظافت نہ چھوئیں، خاص کر اُس وقت جب کہ مَیں متلو یا غیر متلو وحی کی شکل سے آراستہ ہوں۔
- مجھے غلط یا بدنُما خط میں لکھ کر میرے حسین چہرے کو مُثلہ نہ بنائیں۔
- مجھے بچوں کی دسترس سے بالاتر رکھیں، مَیں کوئی بچوں کا کھلونا نہیں ہوں۔
- میری پنکھڑیوں کو ملاطَفت اور رِفق کے بغیر نہ چھوئیں، میرا جسم پھولوں سے بھی نازک تر ہے۔ ہاں! اُس کا اِفادہ وقتی اور عارضی ہے؛ مگر میرا دائمی، لازوال اور غیر فانی۔
- مجھے بیل بوٹوں، تصویروں، دستخطوں، تمرینوں، حسابی شکلوں اور جغرافیائی نقشوں کی نمائش گاہ نہ بنائیں۔
- مجھے تکیہ نہ بنائیں، یا مجھ پر کوئی چیز نہ رکھیں؛ یہی میری شرافت کا مُقتضا ہے۔
- مجھے قلم دان، صندوق البرید یا کاپی کاغذ کی فائل نہ سمجھیں، مَیں کوئی ”سلة المهملات“ (کوڑادان) نہیں ہوں۔
- اگر میری حیثیت مملوکیت کی ہے، تو بھی مجھ پر اپنے ولدیت اور سکونت سے زیادہ کچھ نہ لکھیں بہ شرطے کہ آپ کا اِملا خوبصورت ہے؛ ورنہ ربڑ کی مُہر مجھے بہت محبوب ہے۔
- اگر میری حیثیت مُستعار کی ہو تو اپنا نام مجھ بے زبان پر لکھ کر ظلم نہ کریں، اور وقتِ موعود پر میرے مالک سے ملا کر مجھے قرار اور تسکین بخشیں۔ ہاں! یہ بھی خیال

رہے کہ مَیں کہیں نظر بد کا نشانہ بھی نہ بنوں۔

- مجھے بے پردہ چھوڑ کر رُسوا نہ کریں، جِلد کا نقاب پہنا کر میرے حُسن وجمال کو محفوظ رکھیں۔
- اگر مَیں تجلید کے مرحلے سے گزروں تو میرے حواشی کو زیادہ کاٹ کر ’’بڑھیا کا باز‘‘ نہ بنائیں۔
- مجھے مستعار نہ مانگو، کیا کوئی محبوب عاریت پر دیا جاتا ہے؟۔
- مجھے مفت حاصل کرنے کی تمنا نہ کرو، کیا کبھی متاعِ عزیز کی خریداری میں بُخل رَوا ہوتا ہے!!!۔
- مجھے کِرم خانہ نہ بناؤ، صبرِ ایوبی مجھے کہاں نصیب!۔

اہم مراجع ومصادر

اسمِ کتاب	مصنف	مطبع
المعجم المفصل في علمِ العروض	امیل احمد البدیع	دار الكتب العلمية
ميزان الذهب في صناعة شعر العرب	سید احمد ہاشمی	دار الجيل
كشاف اصطلاحات الفنون	محمد علی بن علی تھانوی	دار الكتب العلمية
دستور العلماء	عبد النبی بن عبد الرسول احمد نگری	دار الكتب العلمية
التعريفات الفقهية	سید عمیم الاحسان مجددی	دار الكتب العلمية
كتاب التعريفات	جرجانی	مکتبہ فقیہ الامت
كشف الظنون	کاتب چلپی	نور محمد کارخانہ کراچی
تيسير مصطلح الحديث	محمود الطحان	اتحاد بک ڈپو دیوبند
موسوعة النحو والصرف والاعراب	امیل بدیع یعقوب	دار العلم للملايين
مختصر المعانی	سعد الدین تفتازانی	مکتبہ رشیدیہ دیوبند
رشیدیہ محشیٰ	محشی علامہ عبد الحی لکھنوی	المطبع اليوسفی
رد المحتار على الدر المختار	ابن عابدین شامی	دار الكتب العلمية
شرح العقائد	سعد الدین تفتازانی	یاسر ندیم اینڈ کمپنی
الموجز فی أصول الفقه	محمد عبید اللہ الاسدی	دار السلام
علم العروض والقافية	عبد القادر محمد مایو	دار القلم العربي
مرقات	مولانا فضلِ حق خیرآبادی	کتب خانہ محمودیہ

الأشباه والنظائر فی النحو	جلال الدین سیوطی	عباس احمد الباز
الفروق اللغویة	أبو ہلال عسکری	دار الکتب العلمیة
مبادئ الفلسفه	مفتی سعید صاحب پالن پوری	مکتبہ دار العلوم دیوبند
ضیاء العلوم حاشیه سلم العلوم	علامہ ابراہیم بلیاوي	مکتبہ امدادیہ دیوبند
النبراس شرح شرح العقائد	علامہ محمد عبد العزیز الفرہاری	مکتبہ تھانوی دیوبند
بیان القرآن	حکیم الامت تھانویؒ	اتحاد بک ڈپو دیوبند
شرح تہذیب	مولانا عبد الحق پشاوری	یاسر ندیم اینڈ کمپنی
جواهر البلاغة فی علوم البلاغة	سید احمد ہاشمی	دار الکتب العلمیة
انوار المَطالع فی هدایات المُطالع	علامہ حافظ محمد حسین	ادارۃ الصدیق ڈابھیل
المنطق القدیم نقد وعرض	استاذ العقیدة: محمود محمد مَزْرُعہ	مکتبة کنوز المعرفة
موسوعة مصطلحات علم المنطق	فرید حبر، رفیق العجم، سمیع دغیم	مکتبة لبنان
الفوائد البهیة في تراجم الحنفیة	علامہ عبد الحی لکھنوی	اتحاد بک ڈپو
بدائع الصنائع	علاء الدین ابوبکر کاسانی	عباس احمد الباز

ادارة الصدیق ڈابھیل کی گراں قدر مطبوعات

نمبر شمار	اسمائے کتب
۱	حدیث کے اصلاحی مضامین (اول تا ہفتم)
۲	تسہیل السراجی (افادات: حضرت مفتی احمد صاحب خانپوری مدظلہ)
۳	حضرت مولانا ابوالحسن علی میاںؒ کی عظمت ومقبولیت کا راز مع خطبۂ صدارت
۴	مکتوبات فقیہ الامت
۵	فُضلاء سے اہم خطاب
۶	دلائل الخیرات
۷	چہل درود وسلام
۸	الحزب الاعظم مع تصحیح وتخریج خورد
۹	الحزب الاعظم مع تصحیح وتخریج (رنگین) خورد
۱۰	الحزب الاعظم مع تصحیح وتخریج (رنگین) کلاں غیر مجلد
۱۱	الحزب الاعظم مع تصحیح وتخریج (رنگین) کلاں مجلد
۱۲	اردو زبان کا قاعدہ مع اردو زبان کی پہلی کتاب تسہیل شدہ (رنگین)
۱۳	اردو کی دوسری تسہیل شدہ (رنگین)
۱۴	اردو کی تیسری تسہیل شدہ (رنگین)
۱۵	اردو کی چوتھی تسہیل شدہ (رنگین)
۱۶	عربی صفوة المصادر مع لغات جدیدہ
۱۷	آدھی رات کا سورج

۱۸	پانچ کلمے اور نماز کے اذکار
۱۹	علم الصیغہ (فارسی مع تصحیح وعناوین)
۲۰	علم الصیغہ (عربی)
۲۱	ختم بخاری شریف (مفتی محمد تقی صاحب عثمانی)
۲۲	توضیح القرآن آسان ترجمۂ قرآن (مفتی محمد تقی صاحب عثمانی)
۲۳	صفوۃ البیان لمعانی القرآن
۲۴	آمدن سی لفظی (تصحیح شدہ)
۲۵	الخلاصة البهية في مذهب الحنفية
۲۶	حج میں قصر واتمام کی تحقیق
۲۷	فتاویٰ محمودیہ
۲۸	ہدیۂ خواتین
۲۹	کتاب النحو مع تحقیق وتعلیق
۳۰	اجراء نحو وصرف
۳۱	معین السراجی
۳۲	انوار المَطالع فی ہدایات المُطالع
۳۳	ظہور مہدی (اردو)
۳۴	مختصر نفحة العرب (رنگین)
۳۵	اسلام ہی ہمارا انتخاب کیوں؟
۳۶	سیرت سید البشر ﷺ
۳۷	الشمائل المحمدية المعروف بہ شمائل ترمذی

٣٨	قواعد ہجاء القرآن مع طریقۃ تعلیم الصبیان
٣٩	الجداول المقربة لطرق الطيبة
٤٠	متن الشاطبية (رنگین)
٤١	تیسیر القراءات
٤٢	فوائد مکیہ معنون
٤٣	القرۃ المرضیۃ
٤٤	التيسير للداني
٤٥	کاشف العسر
٤٦	الرعایۃ
٤٧	جهد المقل
٤٨	قرآن مجید (متشابہات کی نشان دہی کے ساتھ)
٤٩	دفاعِ قراءات
٥٠	(تصحیح شدہ) سیرت خاتم الانبیاء (مع حلِ لغات وتقاریظِ اکابرین)
٥١	سوانح اکابر: مفتیٔ اعظم ہند مفتی کفایت اللہ صاحبؒ، شیخ الہند مولانا محمود حسن صاحب دیوبندیؒ، شیخ الاسلام مولانا حسین احمد مدنیؒ، سحبان الہند مولانا احمد سعید صاحبؒ، مجاہد ملت مولانا حفظ الرحمٰن صاحبؒ، خطیب شہیر مولانا ابوالکلام آزادؒ۔
٥٢	مسائل ومعلوماتِ حج وعمرہ
٥٣	دستورُ الطُلباء
٥٤	نسبت واحسان
٥٥	النبی الخاتم (زیرِ طبع)